اَلْاِیْمَانُ ذَوْقٌ وَّشَوْقٌ وَّاَنَا فِیْہِ غَرْقٌ

قانونِ عشق

یعنی

حلوائے پنجاب (مکمل)

شرح کافی ہائے حضرت بلھے شاہ صاحب قادری قصوری شطاری رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

أَلْإِيْمَانُ ذَوْقٌ وَشَوْقٌ وَأَنَا فِيْهِ غَرْقٌ

الحمدللہ کہ تجلّی حضرت عشق سے کہ عاشق ومعشوق اسی کے ظہور ہیں کتاب مستطاب

اَلْمُسَمّٰی بِہٖ

قانونِ عشق

یعنی

حلوائے پنجاب (مکمل)

شرح کافی ہائے حضرت بُلھے شاہ صاحب قادری قصوری شطاری رحمۃ اللہ علیہ

لبّیک کُتب خانہ • درگاہ بازار، پاک پتن شریف

Marfat.com

صَلَّی اللہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَآلِہٖ

صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللہِ

نام کتاب ----- قانونِ عشق یعنی حلوائے پنجاب (مکمل)

موضوع ----- شرح کافی ہائے حضرت بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ

کمپوزنگ ----- words maker Lhr.

صفحات ----- 456

تاریخِ اشاعت ----- نومبر 2003

ناشر ----- لبیک کتب خانہ پاک پتن

قیمت ----- /250 روپے

شبیر برادرز

۴۰۔ اردو بازار۔ زبیدہ سنٹر ○ لاہور

ملنے کا پتا

لبیک کتب خانہ

درگاہ بازار پاک پتن شریف

Marfat.com

فہرست مضامین

عنوانات	صفحہ
عراقی علیہ الرحمۃ	۱۱
مغربی علیہ الرحمۃ	۱۱
رباعی جامی علیہ الرحمۃ	۱۵
غزل مغربی علیہ الرحمۃ	۱۵
بیت	۱۹
مولانا جامی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں	۲۱
مغربی	۲۲
دوہڑہ	۲۵
بیت-مثنوی	۲۸
مغربی	۲۹
اعتذار	۳۱
کافیوں کی ترتیب کے بیان میں	۳۱
مسئلہ غفلت اور آگاہی	۳۲
اقسام غفلت	۳۴
قطعہ-عجب حال ہے عاشقوں کا	۳۹
بیت	۴۱
بیت - میر سادات حسینی قدس سرہ فرماتے ہیں	۴۳
رباعی	۴۴
شعر	۴۵
شعر-بیان منازل ومقامات عشق	۴۸
بیان اقسام محبت	۵۹
محبت آثاری کا بیان	۵۹
محبت افعالی کا بیان	۶۰
محبت صفاتی کا بیان	۶۱
محبت ذاتی کا بیان	۶۱
مسئلہ اوپر کے مقام میں نیچے کا مقام درج ہونا اور نیچے کے مقام میں اوپر کا مقام درج ہونا	۶۲
محبت حقیقی کا بیان	۶۳
بیان محبت انسان	۶۶
محبت مجازی پیدا کرنے کی حکمت	۶۷

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
محبت حقیقی پیدا کرنے کی حکمت یا پیدا ہونے کی صورت	٦٩
سوال پسر کا مرد عارف سے کہ تیرا عشق کیوں کم ہوگیا؟	۷۳
جواب مرد عارف کا نقصان عشق کے وجوہات بیان کرنا	۷۴
بیان حال اِن لوگوں کا جنہوں نے شرابِ عشق کا جام صورت سے پیا ہے اور معنی کی اِن کو اصلاً آگاہی نہیں ہے	۷۴
بیانِ حال اِن لوگوں کا جن کو معنی مجازی کا کچھ کھوج ملا ہے مگر اس کے عشق کی شراب سوائے جام صورت کے اور کسی طرح نہیں پیتے اور ہمیشہ اسی کشاکش میں ہیں کہ ایک صورت سے خلاصی پاتے ہیں تو دوسرے میں گرفتار ہو جاتے ہیں رہائی اس سے نہیں ہوتی	۷۵
بیانِ حال اِن لوگوں کا جو اگر چار مشاہدۂ جمال صورت میں گرفتار ہیں مگر اس میں رہے نہیں ہیں بلکہ مشاہدۂ جمال معنی جو اس میں ہوتا ہے وہ سبب ان کی ترقی کا ہوتا ہے	۷۵
بیان حال اِن لوگوں کا جن کو مظاہر صورت اور معنی میں شہود سوائے جمال مطلق حضرت حق سبحانہٗ تعالیٰ کے اور کچھ نہیں ہے	۷٦
بیان اس کا کہ طالبان راہِ حق کی خاطر کا تعلق آثار کے ساتھ اور ان میں تامل کرنا اور معرفت ذات اور صفات حق سبحانہٗ تعالیٰ میں توصل اس سے ڈھونڈھنا اسی قبیل سے ہے	۷۷
بیان اس کا کہ خلاف ارباب فکر ونظر کے جو اثر سے مؤثر کی طرف جاتے ہیں، روش عارف کی مؤثر سے اثر کی طرف جاتی ہے	۷۸
بیان نظر اصحاب مکاشفہ کا	۷۹
بیان نظر اربابِ مشاہدہ تجلّی ذات سے	
بیان قربات اربع - پہلا قرب نوافل	۸۰
دوسرا قرب فرائض	۸۱
مقام جمع الجمع کہ مرتبہ قاب قوسین کا ہے	"
مقام جمع احدیت کہ مرتبہ او ادنیٰ ہے اور خاصہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور جمع ورثاء اس کے کا ہے	"
تعریف عارف عالی مقام	۸۲
بیان حیرت کا دو قسم کا ہونا ایک محمود دوسرے مذموم	"
حیرت مذموم کا بیان	۸۳

Marfat.com

عنوانات	صفحہ	عنوانات	صفحہ
بیان اس کا کہ یقین کے تین امور دلیل		کافی نمبر۱۴	۱۲۴
ہوتے ہیں	"	کافی نمبر۱۵	۱۲۵
۱-عقل وحواس، ۲-پیروی راہ شناس		کافی نمبر۱۶	۱۲۶
۳-الہام وکشف رہائی	"	کافی نمبر۱۷	۱۲۷
حیرت محمود	۸۴	شعر	۱۲۹
کافی نمبر۱	۸۵	کافی نمبر۱۸	۱۳۰
کافی نمبر۲-۳	۸۷	کافی نمبر ۱۹	۱۳۱
کافی نمبر۴	۸۸	کافی نمبر۲۰	۱۳۲
کافی نمبر۵	۸۹	کافی نمبر۲۱	۱۳۳
کافی نمبر۶	۹۰	کافی نمبر۲۲-۲۳	۱۳۴
کافی نمبر۷	۹۱	کافی نمبر۲۴	۱۳۵
کافی نمبر۸	۹۲	کافی نمبر۲۵	۱۳۶
کافی نمبر۹	۹۶	کافی نمبر۲۶	۱۳۶
کافی نمبر۱۰-۱۱	۹۹	اٹھوارہ حضرت پیر بلھے شاہ صاحب	۱۳۹
طالب کاذب اور اس کی مثال	۱۰۱	چھنچھر وار-آیت وار	۱۳۹
مغربی	۱۰۵	سوموار-منگل وار	۱۴۰
رباعی	۱۱۴	بدھ وار-جمعرات	۱۴۰
رباعی-شعر-مسئلہ تاثیر ذکر	۱۱۴	جمعہ-کافی نمبر۲۷	۱۴۲
رباعی-مسئلہ استداد اور قابلیت	۱۱۵	کافی نمبر۲۸	۱۴۳
طالب صادق کو ذکر اور توجہ مرشد سے		کافی نمبر۲۹	۱۴۴
عشق الٰہی پیدا ہونے کا بیان	۱۱۷	بارہ ماہ حضرت بلھے شاہ علیہ الرحمۃ	۱۴۷
کافی نمبر۱۲	۱۱۸	اسوج-کاتک	۱۴۸
کافی نمبر۱۳	۱۲۰	مگھر-پوہ	۱۴۹
رباعی	۱۲۱	ماگھ-پھاگن	۱۴۹

Marfat.com

عنوانات	صفحہ	عنوانات	صفحہ
چیت - بیساکھ	۱۵۰	کافی نمبر ۵۵	۱۷۳
جیٹھ - ہاڑ	۱۵۱	منزل فنافی الرسول کا بیان	۱۷۶
ساون - بھادوں	۱۵۲	پہلا درویش عربی	۱۷۷
کافی نمبر ۳۰	۱۵۳	نعت دیگر	۱۷۸
کافی نمبر ۳۱	۱۵۵	دوسرا درویش فارسی	۱۷۸
کافی نمبر ۳۲	۱۵۶	نعت دیگر	۱۷۹
کافی نمبر ۳۳	۱۵۶	نعت دیگر	۱۸۰
کافی نمبر ۳۴ - ۳۵	۱۵۷	تیسرا درویش ہندی	۱۸۱
کافی نمبر ۳۶	۱۵۸	نعت دیگر	۱۸۲
کافی نمبر ۳۷	۱۵۹	چوتھا درویش پنجابی (کافی نمبر ۵۶)	۱۸۴
کافی نمبر ۳۸	۱۶۰	بیت	۱۸۷
کافی نمبر ۳۹	۱۶۱	رباعی	۱۹۰
کافی نمبر ۴۰	۱۶۲	رباعی اعماد - رباعی ایضاً	۱۹۲
کافی نمبر ۴۱	۱۶۳	مسئلہ محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم	۱۹۲
کافی نمبر ۴۲	۱۶۳	تمت بالخیر حصہ اوّل	۱۹۲
کافی نمبر ۴۳	۱۶۴	حصہ دوم	۱۹۵
کافی نمبر ۴۴	۱۶۵	کافی نمبر ۵۷ - منزل فنافی اللہ کا بیان	۱۹۶
کافی نمبر ۴۵	۱۶۶	کافی نمبر ۵۸	۲۰۳
کافی نمبر ۴۶ - ۴۷	۱۶۷	کافی نمبر ۵۹	۲۰۶
کافی نمبر ۴۸ - ۴۹	۱۶۸	پوتھی لا الہ الا اللہ	۲۱۲
کافی نمبر ۵۰	۱۶۹	کافی نمبر ۶۰	۲۱۷
کافی نمبر ۵۱	۱۷۰	بیت - رباعی جامی علیہ الرحمۃ	۲۲۰
کافی نمبر ۵۲ - ۵۳	۱۷۱	رباعی جامی علیہ الرحمۃ	۲۲۱
کافی نمبر ۵۴	۱۷۲	شاہ نیاز احمد بریلوی	۲۲۲

Marfat.com

عنوانات	صفحہ	عنوانات	صفحہ
بیت	۲۲۲	رباعی	۲۶۰
بیت	۲۲۳	کافی ۷۸	۲۶۱
کافی نمبر۶۱	۲۲۴	رباعی	۲۶۲
کافی نمبر۶۲	۲۲۶	رباعی جامی	۲۶۳
کافی نمبر۶۳	۲۳۱	کافی نمبر۷۹	۲۶۳
کافی نمبر۶۴	۲۳۳	دوہڑا	۲۶۵
کافی نمبر۶۵	۲۳۴	بیت	۲۶۶
کافی نمبر۶۶	۲۳۵	دوہڑا	۲۶۷
کافی نمبر۶۷	۲۳۶	قطعہ-رباعی	۲۶۸
کافی نمبر۶۸	۲۳۸	رباعی	۲۶۹
کافی نمبر۶۹	۲۳۹	کافی نمبر۸۰	۲۷۰
کافی نمبر۷۰	۲۴۱	کافی نمبر۸۱	۲۷۱
بیت	۲۴۵	کافی نمبر۸۲	۲۷۳
قطعہ شارع گلزار-رباعی	۲۴۶	بیت	۲۷۴
رباعی جامی علیہ الرحمۃ	۲۴۸	مصرع	۲۸۷
طالب صادق کی ملاقات	۲۴۹	حکایت اوّل-دوم-سوم	۲۸۹
عالم ظاہری سے اوراس کی کچھ گفتگو	۲۴۹	طالب صادق پر قبض وارد ہونے کا	
کافی نمبر۷۱ - ۷۲	۲۵۰	بیان	۲۹۱
کافی نمبر۷۳	۲۵۱	کافی نمبر۸۳	۲۹۲
کافی نمبر۷۴	۲۵۲	کافی نمبر۸۴	۲۹۳
کافی نمبر۷۵	۲۵۳	کافی نمبر۸۵	۲۹۳
کافی نمبر۷۶	۲۵۴	کافی نمبر۸۶	۲۹۵
کافی نمبر۷۷	۲۵۸	کافی نمبر۸۷	۲۹۶
رباعی	۲۵۹	کافی نمبر۸۸	۲۹۷

Marfat.com

عنوانات	صفحہ	عنوانات	صفحہ
کافی نمبر۸۹	۲۹۸	کافی نمبر۱۰۸	۳۲۹
کافی نمبر۹۰	۳۰۰	کافی نمبر۱۰۹-۱۱۰	۳۳۱
کافی نمبر۹۱	۳۰۲	کافی نمبر۱۱۱	۳۳۲
کافی نمبر۹۲	۳۰۲	کافی نمبر۱۱۲	۳۳۳
کافی نمبر۹۳	۳۰۴	کافی نمبر۱۱۳	۳۳۴
کافی نمبر۹۴	۳۰۸	رباعی	۳۳۵
کافی نمبر۹۵	۳۱۰	بیعت لمعہ-رباعی جامی علیہ الرحمۃ	۳۳۶
کافی نمبر۹۶	۳۱۱	کافی نمبر۱۱۴	۳۳۷
کافی نمبر۹۷	۳۱۲	کافی نمبر۱۱۵	۳۳۸
کافی نمبر۹۸	۳۱۳	کافی نمبر۱۱۶	۳۳۹
کافی نمبر۹۹	۳۱۴	لمعہ از لمعات عراقی	۳۴۱
کافی نمبر۱۰۰	۳۱۵	رباعی عماد-رباعی جامی علیہ الرحمۃ	۳۴۱
بیت	۳۱۷	ابیات رُجھکی	۳۴۱
قطعہ	۳۱۷	رباعی عماد	۳۴۲
حاشیہ	۳۱۹	رباعی عماد	۳۴۳
کافی نمبر۱۰۱	۳۲۱	رباعی جامی	۳۴۴
کافی نمبر۱۰۲	۳۲۱	فروجامی	۳۴۴
کافی نمبر ۱۰۳	۳۲۲	مولانا روم علیہ الرحمۃ	۳۴۴
کافی نمبر۱۰۴	۳۲۳	حافظ رحمۃ اللہ علیہ	۳۴۵
رباعی	۳۲۴	مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ	۳۴۵
کافی نمبر۱۰۵	۳۲۵	پہلا کام لا الہ الا اللہ	۳۵۳
کافی نمبر۱۰۶	۳۲۶	رباعی	۳۵۶
رباعی	۳۲۷	مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ	۳۵۷
کافی نمبر۱۰۷	۳۲۸	مصرعہ-رباعی	۳۶۱

Marfat.com

عنوانات	صفحہ	عنوانات	صفحہ
رباعی-بیت	۳۶۱	حافظ رحمۃ اللہ علیہ	۳۸۹
(۱) کفر ظاہر	۳۶۴	بیت	۳۹۰
(۲) کفر نفس	۳۶۴	بیت	۳۹۱
(۳) کفر قلب	۳۶۵	رباعی	۳۹۲
(۴) کفر حقیقت	۳۶۷	رباعی-احمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ	۳۹۶
رباعی	۳۶۸	مغربی رحمۃ اللہ علیہ	۳۹۹
بیت	۳۷۰	مسئلہ فنا الفنا	۳۹۹
کفر کا مسئلہ	۳۷۱	رباعی حضرت عین القضات	۴۰۱
مثنوی	۳۷۲	مغربی رحمۃ اللہ علیہ	۴۰۱
بیت	۳۷۵	مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ	۴۰۲
بیت عطار علیہ الرحمۃ	۳۷۶	رباعی مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ	۴۰۲
بیت حلاج علیہ الرحمۃ	۳۷۶	رباعی جامی	۴۰۴
مغربی علیہ الرحمۃ	۳۷۶	بیان معنی فنا و بقا	۴۰۵
گلشن راز رحمۃ اللہ علیہ	۳۷۶	بیت	۴۰۶
خسرو رحمۃ اللہ علیہ	۳۷۶	مثنوی	۴۰۷
مولانا روم علیہ الرحمۃ	۳۷۷	رباعی جامی رحمۃ اللہ علیہ	۴۰۹
خسرو رحمۃ اللہ علیہ	۳۸۱	رباعی جامی رحمۃ اللہ علیہ	۴۱۰
شارح گلشن راز رحمۃ اللہ علیہ	۳۸۱	مرزے چوڑ پرائے دھن پر	۴۱۱
مغربی رحمۃ اللہ علیہ	۳۸۲	رباعی	۴۱۳
جامی رحمۃ اللہ علیہ	۳۸۳	بیت	۴۱۳
شارح گلشن راز رحمۃ اللہ علیہ	۳۸۳	پہلا درجہ فنائے افعال ہے	۴۱۴
ہندی	۳۸۳	دوسرا درجہ فنائے صفات ہے	۴۱۴
بیت	۳۸۳	تیسرا درجہ فنائے ذوات ہے	۴۱۵
رباعی	۳۸۴	چڑی اور دو دو	۴۱۶

Marfat.com

عنوانات	صفحہ
حکایت	۴۱۷
گئے تھے چوبے ہونے دوبے ہی رہ گئے	۴۱۹
مصرعہ	۴۲۰
رباعی	۴۲۰
غزل	۴۲۰
شعر	۴۲۴
بیان معنی فقر	۴۲۷
صاحب گلشن راز رحمۃ اللہ علیہ	۴۲۷
عطار رحمۃ اللہ علیہ	۴۲۷
نظم	۴۲۸
نظم	۴۳۰
رباعی	۴۳۲
رباعی	۴۳۳
دوسرا کام محمد رسول اللہ (ﷺ)	۴۳۶
پہلا قول محمد رسول اللہ (ﷺ)	۴۳۶
دوسرے عقیدہ	۴۳۶
تیسرے عمل	۴۳۶
قول محمد رسول اللہ کا بیان	۴۳۶
عقیدہ محمد رسول اللہ کا بیان	۴۳۷
حکایت	۴۳۷
بیان عمل محمد رسول اللہ (ﷺ)	۴۴۵
بیت	۴۴۵
رباعی	۴۴۶
حافظ رحمۃ اللہ علیہ	۴۴۸
ضابطہ عشاق	۴۴۸
دوہرا نمبر ۱۸۷	۴۴۸
پوتھی لا الہ الا اللہ	۴۴۸
حضرت سعدی رحمۃ اللہ علیہ	۴۵۱
مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ	۴۵۲
ذکر حضرت بلھے شاہ صاحب قصوری رحمۃ اللہ علیہ	۴۵۳
خاتمہ	۴۵۴
رباعی جامی رحمۃ اللہ علیہ	۴۵۵
الحمدللہ کہ قانون عشق تمام شد	۴۵۵

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قانون عشق

اے حضرت عشق! جو کچھ ہے۔ تیرا ہی نور ہے۔ جہاں کہیں دیکھو۔ تیرا ہی ظہور ہے۔ عالم بطون میں تو ہی تو عاشق تھا۔ کُنۡتُ کَنۡزًا مَّخۡفِیًّا فَاَحۡبَبۡتُ اَنۡ اُعۡرَافَ، اس کا گواہ ہے۔ اور عالم ظہور میں تو ہی تو معشوق ہوا۔ یُحِبُّهُمۡ وَیُحِبُّوۡنَهٗ اس کا شاہد ہے۔ واہ تیری تجلیاں اور جلوہ نمایاں۔ واہ تیری مجبوریاں اور رعنایاں۔ عاشق بن کر ظہور کیا۔ اور معشوق بن کر اپنی طرف کھینچا کیا خوب۔ ناز بھی تو ہے اور نیاز بھی تو ہے۔ سوز بھی تو ہے۔ اور ساز بھی تو ہے۔

عراقی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں

عشق است کہ ہر دم بدگر رنگ آید ناز است یکے جادوگر جائے نیاز است
درصورت عاشق چودر آید ہمہ سوز برآمد درکسوت معشوق چوں آید ہمہ ساز است

مغربی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں

عشق پیش از جہان کُن فیکون در سرائے منزہ از چہ و چون
بود آزا داز حدوث و قدوم بود مستغنیٰ از ظہور و بطون
پانہاداز درون خلوت دل بہر اظہار حسن خود بیرون
داو برچشم خویشتن جلوہ حسن خود در لباس گوناگون
روئے خود دید در ہزاراں بود چو نظر کرد چشم او زغنون
گاہ دامق شدہ گہے عذرا گاہ لیلیٰ شدہ گہے مجنون

Marfat.com

صفت آں یکے ظہور بروز
صفت آں وگر خفا وکمون

نامِ او گشت عاشق و معشوق
چونکہ شد بر جمال خود مفتون

وصف آں یک شدہ غنی وقوی
نام آں یک شدہ فقیر و زبون

ور ہر آئینہ روئے خود رادید
شاہد شنگ دلبر موزوں

رنگ ہائے عجیب تعبیہ کرد
عشق بے رنگ ساز بوقلمون

وصف معشوق رابعاشق داد
تافتہ صناق شد دل مجنون

نقطہ راکرو در الفت ترکیب
نام اوگشت زاں سبب گردوں

ساخت معجون از وجود ہمدم
دو جہاں ممترج درآں معجون

جامع عزوذل فقیر و غنی
شامل وجہل و عقل وجنون

بر جہان وجہانیاں پاشید
درخزائن ہرآنچہ بد مخزون

بدر انداخت موج قلزم عشق
ہر چہ در قعد بحر بد مکنون

گشت موجود ہر کہ بدمعدوم
گشت در ہر آنچہ بدہامون

مدتے بود عقل دوں ہمت
ماندہ دو ر رخت بہمت دون

حسنِ دلدار چوں تجلی کرد
ہوش او گم شدہ جنون مجنون

چشم سر مست ساقی باقی
بہ ہزاراں فریب ومکر رفسوں

قدح پر شراب افیون کرد
عقل رادادباشراب افیون

بند بکشاد پر دہ ہا بدرید
شد سراسیما الجون و فنون

مدد عشق چوں پیاپے شد
در بودش زردیت مادوں

عین توحیدوست گشت عیاں
تابعین عیاں بدیدکنوں

کہ جزائے نیست درسرائے وجود
حقیقت کسے دگر موجود

Marfat.com

اے حضرت عشق! تو ہی ہے۔اور غیرا تیرا نہیں۔تو پھر یہ پردہ کس سے ہے؟ تیرا ڈھنگ سب سے نرالا ہے۔اور تو نے جو چالا نکالا ہے۔ پردہ محرموں سے کرتے ہیں۔تو اپنے آپ سے کرتا ہے۔

مغربی

زچشم من تو لی بر جمالِ خود نگراں | پڈا جمال تو از خود ہے شود پنہاں
چو حُسن رُوئے تو ابس ندید جز چشمت | پس از چہ روئے من خستہ گشتہ ام حیراں

دیگر

چوں ناظر و منظور تو ئی غیر تو کس نیست
تجھ کو اپنے اس پردہ اور حیا کی قسم

شعر

پردہ دار کہ صاحب نظراں منتظر اند | حیف باشد کہ ترا خواہند و نادیدہ وند
بے حجابانہ درآ بر کاشانہ ما | کہ کسے نیست بجز دردتو در خانہ ما

ابھی یہ ولولہ اور وحشت زور وشور پر تھی۔کہ پاس سے ایک رفیق نے یہ مژدہ سنایا۔

کہاں ہے پردہ کدھر ہے مخفی کب اس کا مکھڑا نقاب میں ہے
قصور اپنی نگاہ کا ہے وگرنہ وہ کب حجاب میں ہے

دیگر

یار بردار پردہ از رخسار | ایں نشوں یا اولی الابصار
ہمہ آفتاب طلعتِ او | طلعت من مشارق الاظہار

Marfat.com

همہ اشیاء ہلاک ایں اشراق | همہ ذرات محو ایں انوار
همہ راصاف ساختہ است ایں نور | همہ راپاک سوختہ است ایں نار
لمعہ اوست در مکیں و مکاں | جلوہ اوست در یمین و بسیار
جملہ ذرات کون آئینہ ہا است | کہ در آں جلوہ ہے کند رخ یار
در ہر آئینہ بآئینے | مے نمایاں بعاشقاں دیدار
گاہ مستور در پسِ پردہ | گاہ مشہور بر سر بازار
گاہ در پردہ مے نواز و ساز | گاہ بے پردہ مے درآمد تار
پردگی اوست باہمہ پردہ | پردہ ساز اوست باہمہ اوتار
بہر اغیار نقشبند ازل | پردہ پرزنقش و پرزنگار
تاشود نقبش پردہ شاں حائل | از تماشائے نورآں رخسار
اے زپندار غیر در پردہ | خیز و بردار پردہ پندار
کہ جز اونیست در سرائے وجود | بہ حقیقت کسے دگر موجود
عشق چندیں حیات ظلمت ونور | بررخ آویخت شد ازاں مستور

مغربی

تاکہ عاشق بجدوجہدِ تمام | کند از روئے عشق یک یک وزر
پس بتدریج خوئے ادگیرد | یا بداز ہرچہ غیر اوست نفور
چوں بیاد آوری بوقت شوق | یا بداز پردہ ہائے شوق عبور
بعد از آتش جمال نماید | وحدتِ عشق و بے نیاز و غیور
بستاند ز دست اغیاررش | کندش قرب عشق از ہمہ دور
برہاند زجور معشوقش | وصل عشقش اگر کند مہجور

Marfat.com

خرقہ نیستش در پوشد چونکہ گشت از لباس ہستی دور

اور یہ پردہ کبھی دور نہیں ہو سکتا۔ جب تک کہ معشوق کے معشوق کی فرمانبرداری اور پیروی اور تابعداری نہ کی جائے۔ وہ کون یعنی جان جہاں سردار خوباں سرتاج محبوباں شاہ معشوقاں احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحبہ وسلم۔

رباعی جامی رحمۃ اللہ علیہ

شاہ عربی قبلہ ارباب نجات کائینہ ذات آید ومرآت صفات

در پیروی اوست علو درجات لا یزال حلیہ زاکیات الصلوٰت

یہ سن کر ہوش میں آیا اور اس طرح جوش میں آیا کہ معشوق حقیقی ادرائے مطلوب حقیقی صدقہ اپنے معشوق اور مطلوب کے۔

غزل مغربی علیہ الرحمہ

زروئے ذات برافگن نقاب ہمارا نہاں باسم مکن چہرہ مسمارا

نقاب برفگن از رود عزم صحرا کن زکنج خلوت وخدت دمے تماشارا

اگر چہ پرتو انوار ذات محو کند چوں ایں نقاب برافتد جمع لسمارا

اگر چہ ماومنی نیز جز توئی تو نیست زراومن بستاں یک زماں من و مارا

اگرچہ سایہ عنقائے مغرب است جہاں ولیک سایہ حجاب آمدست دریارا

نقوش کثرت وا امواج ظاہر دریا حجاب وحدت باطن شدت دریارا

فروغ چہرہ عذر جہاں ہے دارد زچشم وامق بیدل عذار عذرا را

نمے سزد کہ نہاں کردی از اولی الابصار کہ نور دیدہ تو چشم ہائے بینا را

زمغربی چہ توئی ناظر رخ زیباست نہاں زدمکن اے دوست رئے زیبارا

Marfat.com

غزل دیگر

بیا بر چشم کن عاشق تجلی از روئے زیبارا — کہ جز وامق نداند کس کمالِ حسن عذرارا
بصحرائے دل عاشق بیا جلوہ کناں بگذر — بروئے عالم آرایت بیارا روئے صحرارا
دمے از خلوت وحدت تماشارا بصحرا شو — نظر بر ناظراں افگن بہ بین اہل تماشارا
دماغِ جانِ اہلِ دل بوئے خود معطر کن — زردئے خویش نور بخش ہر دم چشم بینارا
الا اے یوسفِ مصری ملاحت تا بکے داری — حزیں یعقوب بیدل را غمیں جان زلیخارا
تو جلوہ کردہ پنہاں مگس ہا گشتہ سرگرداں — اگر جوشِ مگس خواہی بصحرا آر حلوارا
الا اے ترک یغمانی بیا جاں را بیغما بر — نہ خواہد کہ دلِ تورانہ تو کن ترک یغمارا
جہاں پر شورا ازاں دارولب شیریں ترک من — کہ ترکاں دوست میدارند دائم شوروغوغارا
سخن با مردِ صحرائی الا اَے مغربی کم گو — کہ صحرائی نمید اند زبان اہل دریارا

اما بعد یہ خاک پائے درویشاں انور علی رہتکی عفی عنہ اپنے مہربانوں اور مشفقوں کی خدمت میں عرض کرتا ہے۔ صاحبو! آج کل دیکھنے میں آتا ہے کہ پنجاب اور اس کے نواح میں ہر خاص و عام کی توجہ حضرت قدوۃ العارفین زبدۃ العاشقین انسان کامل بلھے شاہ صاحب قادری شطاری قصوری قدس سرہ کی کافیوں کے پڑھنے اور گانے پر ہے۔ چونکہ وہ کلام معرفت حقائق توحید کا ہے۔ اور حضرت شاہ ممدوح نے پنجاب کی پیاری بولی میں معرفت اور توحید کو پرو دیا ہے۔ اور عاشقانہ حال کا کلام پرتاثیر ہے۔ طالبانِ حق اور عاشقانِ ذاتِ مطلق پر ایک کیفیت پیدا کرتا ہے۔ جو کسی عبارت سے بیان نہیں ہوسکتی شوق اور اشتیاق محبوب حقیقی کو وہ بڑھاتا ہے۔ عشق کی آگ کو بڑھاتا ہے تن من میں آگ لگاتا ہے پس وہ ان کے روح کی غذا ہے۔ اور وہ اس کے اہل ہیں۔ مگر عوام جو عشق الٰہی سے مس نہیں

Marfat.com

رکھتے۔خواہشات نفسانی میں پھنسے ہوئے ہیں۔انسان صورت بہائم سیرت ہوتے ہیں۔جب ان کو پڑھتے یا سنتے ہیں تو وہ خرابیوں میں پڑ جاتے ہیں۔یا اگر وہ سمجھ نہیں آیا۔جیسے یہ کلام ہے

نہ رب رسول ﷺ نہ اللہ سی　　جدوں دا احد اکلا سی

اس کے منکر ہو جاتے ہیں۔اور یہ نہیں جانتے کہ قصور ہماری سمجھ کا ہے۔ اپنی نافہمی اور خام خیالی سے نعوذ باللہ منہا اس کو لغو یا مہمل یا کلمہ کفر بتاتے ہیں۔اور زبان طعنہ دراز کرتے ہیں۔مولٰینا جامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

زد شیخ شہر طعنہ بر احوال اہل دل　　المرء لایزال عدو بما جہل

اور حضرت مولٰینا روم فرماتے ہیں

چوں خدا خواہد کہ پردہ کس درد　　میلش اندر طعنہ پاکاں زند

کار پاکاں را قیاس از خود یگر　　گرچہ باشد در نوشتن شیر و شیر

پہلے بھی صوفیائے کرام اور اولیائے ذوالاحتشام نے اپنی عالی مقامی کی وجہ سے ایسے کلام فرمائے ہیں۔جو عوام بلکہ خواص کی سمجھ میں نہیں آئے جن کو ان کے مقام تک رسائی نہ تھی۔جیسے شیخ شبلی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔التصوف شرک یا الصوفی لا مذھب لہ یا حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول ہے کہ من الذنوب و توبتی من قول لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ جس کے معنی یہ ہیں۔کہ لوگوں کی توبہ گناہوں سے ہے۔اور میری توبہ کا قول لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ سے ہے۔ اصول اصل دین حق پرستاں یہ ہے۔کہ جب کوئی کلام کسی کامل کا اپنی سمجھ میں نہ آئے۔تو الزام اپنی سمجھ پر رکھنا چاہئے۔نہ کہ اعتراض اس مقام کے کلام پر جہاں تک رسائی نہ ہوتی ہو۔کیونکہ ہر مقام سیر الی اللہ یا سیر فی اللہ سے متعلق ہوتا

Marfat.com

ہے۔ پس اگر سننے والا اس مقام تک نہیں پہنچا ہے۔ جس مقام کا وہ کلام ہے۔ تو کبھی سمجھ میں نہ آئے گا۔ اگر پہنچ گیا ہے۔ تو خود بخود سمجھ جائے گا۔ جیسے رشحات میں نقل ہے۔ کہ دو شخص حضرت خواجہ خواجگان خواجہ بزرگ بہاؤ الدین نقشبندی قدس سرہ کی خدمت بابرکت میں لفظ ایمان پر بحث کرتے ہوئے آئے آپ نے فرمایا: چپ رہو۔ یہاں ایمان کی کیا بحث ہے۔ یہ بات سن کر وہ بہت حیران ہوئے۔ مگر جب وہ فیض صحبت بابرکت حضرت خواجہ قدس سرہ سے اس مقام پر پہنچے۔ جس مقام کا کلام تھا۔ تو حقیقت اس کی ان پر منکشف ہو گئی واضح ہو کہ چونکہ صوفیائے کرام اولیائے اللہ اور عاشقان الٰہی ہوتے ہیں۔ ان کا کلام دو حال سے خالی نہیں۔ یا حالت سکر کا ہے۔ جس میں جذبہ اور غلبہ عشق الٰہی ان پر ہوتا ہے۔ عقل کو راہ نہیں ہے۔ اس سے وہ معذور ہیں۔ کہ ''گفتگوئے عاشقان در عشق رب'' ''جوشش عشق نے ترک رب'' یا حالت سہو کا ہے۔ جس میں عشق کے ساتھ عقل بھی موجود ہے۔ ایسی حالت کا کلام جو سمجھ میں نہیں آتا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ سامع اس کلام کو اپنی عقل عزیزی اور جزوی نابالغ سے سمجھنا چاہتا ہے۔ اور وہ کلام عقل کلی اور بالغ کا ہوتا ہے۔ عقل عزیزی اور جزوی کا مقام ناسوت اور عقل اصلی اور کلی کا مقام ملکوت اور وحدت ہے۔ پس عقل عزیزی اور جزوی کی سمجھ میں وہ کیونکر آئے۔ اور صوفیائے کرام اور اولیائے عظام جو ایسا نازک کلام فرماتے ہیں۔ وہ یا محض جذبۂ عشق الٰہی میں راز و نیاز سے پیار کی باتیں ہوتی ہیں۔ یا رموز میں اسرار کو ظاہر کرنے کی غرض ظاہر ہوتی ہے۔ تا کہ وہ ہر اہل پر ظاہر ہو جائے۔ اور نا اہل پر پوشیدہ رہے۔ یہ یاد رکھئے گا کہ ان کو ایسے کلام کی اجازت ہے۔ اگر کوئی شخص جس پر وہ حال روشن نہ ہو۔ ایسا کہے۔ تو کفر آید ہوتا ہے۔ صاحب گلشن راز فرماتے ہیں۔

Marfat.com

بیت

کہ رخصت اہل دل رادرسہ حالت فناوسکر دیگر ہم دلاست

ترا گر نیست احوال مؤاجید مشو کافر بنادانی زتقلید

جب یہ بات ہے۔تو یقیناً جانئے اس کو کہ حضرت بلھے شاہ صاحب قادری شطاری قصوری قدس سرہ اولیائے کاملین اور پیشوائے عارفین سے تھے۔عشق الٰہی میں سرمست وسرشار تھے۔ثبوت اس کا ظاہر ہے۔کہ ان کا کلام کیسا پرتاثیر ہے۔کہ ہرایک کو پیارا ہوتا ہے۔پس یہ کلام اس قبیل سے ہے کہ اس میں مجال گفتگو نہیں ہے۔اس کلام کوراست اور حق سمجھنا چاہئے۔کہ اولیاء اللہ کا کلام بے معنی یا خلاف شرع نہیں ہوتا۔ جب سمجھ میں نہیں آئے۔تو اپنی فہمید کو الزام دینا چاہئے۔اور تزکیہ نفس اور تصفیہ قلب حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔تاکہ وہ سمجھ حاصل ہو۔جس سے کلام ممدوح سمجھ میں آئے اور اولیائے کرام پر زبان طعن دراز کرنے سے شرمانا چاہئے۔اور یہاں تک ترک اعتراض کرنا چاہئے۔کہ اگر عرض وقافیہ شعر کا بھی درست نہ ہو۔تو اس پر حرف نہ رکھنا چاہئے۔کہ بعض وقت وہ معذور ہیں۔ مولانا روم فرماتے ہیں ۔

قافیہ اندیشم و دلدار من گویدم مندیش جز دیدار من

دوسرا امر یہ ہے۔کہ اِن کافیوں میں معرفت اور توحید کے مسئلوں کے موتی پردئے ہوئے ہیں۔یہ بات تحقیق ہے۔کہ انسان معرفت کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ کی تفسیر لِیَعْرِفُوْنَ خواجہ درد فرماتے ہیں۔فرد

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ اطاعت کیلئے کچھ کم نہ تھے کروبیاں

پھر معرفت یعنی پہچاننا حضرت حق کا اور ذات مطلق کا جیسا کہ وہ ہے۔ اور توحید اس کی یعنی ایک جاننا اس کا دل سے متعلق ہے نہ زبان سے اور خیال ناقص سے۔ زبان اور وں میں فرق ہے۔ وہ اظہر ہے۔ زبان کی تعریف عوام اور خاص کے نزدیک ایک ہے۔ مگر دل کی تعریف میں فرق ہے۔ عوام دل اس گوشت کے ٹکڑے کو کہتے ہیں۔ جو بائیں پستان کے نیچے ہے۔ لیکن خاص یعنی صوفیائے کرام اس کو دل نہیں کہتے۔ جیسے مولانا جامیؒ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ

نیست ایں پیکر مخروطی دل   بلکہ ہست ایں قفس طوطی دل
گر تو طوطی زقفس نشناسی   بخدا ناسن نہ نسناسی

یعنی وہ حیوان ہے۔ جو آدم صورت ہوتا ہے۔ امیر خسرو فرماتے ہیں:۔

دل اگر ایں مہرہ آب وگل است   جز نا ہم از اقبال تو صاحب دل است

ان کی مراد دل سے وہ لطیفہ ہے۔ جو نفس انسانی یعنی روح حیوانی اور روح انسانی کے اخلاط سے پیدا ہوتا ہے۔ جیسے شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے ترجمہ فتوح الغیب کے مقالہ ستترویں ۷۷ کی شرح میں لکھا ہے۔ کہ اصلاح تصوف میں مبدائے شہوات اور لذات حسی کو کہتے ہیں۔ اور وہ ایک بخار لطیف ہے۔ جو جوف قلب سے حرارت عزیزی کی تصعید کے ساتھ متصاعد ہو کر مجازی عروق کی راہ سے جمیع اعضاء اور اجزائے بدن میں جاری ہوتا ہے۔ اور حس و حرکت بدن کی اس کے ساتھ ہوتی ہے۔ اور بھوک اور پیاس اور حرص اور ہوا اور دیگر جمیع صفات نفسانی انہی کے ساتھ قائم ہوتے ہیں۔ اسی کو اصلاح اطبا میں روح حیوانی کہتے

Marfat.com

ہیں۔ بدن کے ساتھ روح انسانی کے تعلق کا واسطہ یہی نفس ہے۔ اور یہی نفس ان دو نوں کے درمیان یعنی روح اور بدن کے درمیان ایک برزخ ہے۔ اس جہت سے کہ دونوں جانب یعنی لطافت اور کثافت میں ایک مناسبت رکھتا ہے۔ تعلق روح کا نفس کے ساتھ ایسا ہے۔ جیسا مرد کا اپنی عورت کے ساتھ ہوتا ہے۔ ان دونوں کے ازدواج سے ایک اور لطیفہ پیدا ہوتا ہے۔ جس کو قلب کہتے ہیں۔ اور وہ ان دونوں میں معلق اور منقلب ہے۔ جس کے احکام کا غلبہ ہوتا ہے۔ اسی کا وہ تابع ہوتا ہے محسوسات کا مدرک نفس ہے۔ اور معقولات کی مدرک روح ہے۔ اور جو اشیاء کہ محسوس اور معقول سے مرکب ہیں۔ انکا مدرک قلب ہے۔ یہاں یہ لازم آتا ہے۔ کہ وہ اشیاء جو نہ محسوس ہیں۔ نہ معقول یعنی اور صفات اللہ کی ان کا مدرک کوئی اور لطیفہ ہو۔ پس ایک اور اعلیٰ اور اصفیٰ جو قلب اللہ سے تعلق رکھے۔ عطا کیا گیا۔ اور اس کو سر کہتے ہیں اور اس سے بڑھ کر بعضوں نے ایک اور لطیفہ بیان کیا ہے۔ جس کو اخفیٰ کہتے ہیں۔ منتہٰی کلام شیخ عبدالحق قدس سرہ کی اس تقریر سے ظاہر ہو گیا۔ کہ صوفیائے کرام کے نزدیک دل ایک لطیفہ ہے۔ جو مورد انوار الٰہیٰ ہوتا ہے۔ ان انوار سے عرش سے فرش تک نظر آتا ہے۔ اور معرفت الٰہی اس سے حاصل ہوتی ہے۔ اس دل کی تعریف جتنی کیجئے تھوڑی ہے۔

مولانا جامی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں

دل یکے منظر یست ربانی
خانہ دیوار را چہ دل خوانی
آنکہ دل نام کردہ بمجاز
روبہ پیش سگاں گو انداز

Marfat.com

رباعی ایضاً

ایں گوہر بحر آشنائیست نہ دل — سرچشمہ فیض کبریائیست نہ دل
القصہ بطولہا تخن و در کشید — مجموعہ اسرار خدائیست نہ دل

مغربی

نخست دیدہ طلب کن پس آں گہ دیدار
ازآں کہ یار کند جلوہ بر اولی الابصار

یہاں دیدہ سے مراد دیدۂ سر یعنی دیدۂ دل ہے۔ نہ دیدۂ سر کیونکہ نورالٰہی کو نورالٰہی سے دیکھ سکتے ہیں۔ جس کا مظہر دل انسانی ہوتا ہے۔ رمز عَرَفتُ رَبّی بِرَبّی شاہد ہے اس کی دیدۂ سر کی مجال ہے۔ جو اس کو اس جہان سے دیکھ سکے۔ پہچان سکے۔ وہ عالم کی اشیاء کو ہی نہیں پہچان سکتا۔ ان کی حقیقت حال کے احساس میں اکثر غلطیاں کرتا ہے۔ جیسے سایہ کا غیر متحرک ہونا بتاتا ہے، حالانکہ وہ متحرک ہے۔ اور چلتا ہے۔ جو تھوڑی دیر بعد تجربہ سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ ایک جا سے سرک کر دوسری جگہ چلا گیا۔ یہ غلطی اس کی ذاتی ہے۔ عارضی نہیں کسی طرح اس کی ذات سے دور نہیں ہو سکتی۔ دل انسانی ہر شخص کے باطن میں خواہ وہ گورا ہو یا کالا ہوشیار ہو یا باؤلا۔ مودع ہوتا ہے جب انسان پیدا ہوتا ہے۔ تو اپنی اصلی حالت پر ہوتا ہے۔ مگر ایک خواہش نفسانی کے پورا ہونے سے ایک دھبہ سیاہی کا اس پر لگ جاتا ہے۔ جب شب و روز نانسانی خواہشات کو پورا کرنے میں مصروف رہے۔ تو کیا ٹھکانہ ہے۔ سیاہی کے دھبے لگتے لگتے کالا سیاہ ہو جاتا ہے۔ دل کی آنکھوں پر سیاہی کا پردہ آجاتا ہے۔ اور اس کو کچھ دکھائی نہیں دیتا۔ جو کوئی صاحب چاہیں کہ ہم اپنی دل کی

Marfat.com

آنکھوں کو دیکھیں۔ کہ کھلی ہیں یا بند۔ اگر سیاہی کے سوا اگر کچھ نظر نہ آوے۔ تو جان لیں۔ کہ دِل کی آنکھیں جاتی رہی ہیں۔ جو روشن ضمیری نہیں ہے اور یقین جان لیں کہ یہ مرض خواہشات نفسانی میں استغراق سے پیدا ہوتا ہے۔ اور یہ نہ سمجھیں۔ کہ جب ہمارا ایسا حال ہے۔ تو تمام جہان کا حال ایسا ہی ہوگا۔ یہ خام خیالی ہے۔ کیا آں شے کہ ترا نیست کسے را بود۔

حضرت جامی قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں کہ حضرت بے چون نے جو تجھ کو نعمت ہستی عطاء کی ہے۔ تو تیرے باطن میں صرف ایک دل رکھا ہے تا کہ اس کی محبت میں ایک دل ہو۔ اور اس کے غیر سے معرض اور اس کا مستقبل نہ ہو۔ یہ ایک دل کے سو پارہ کر کے اور ہر ایک پارے کو ہر مقصد کے پیچھے آوارہ کرے۔

رباعی

اے آنکہ بقبلہ بتاں روست ترا — بر مغز جزا حجاب شد پوست ترا

دل در پے این وآں نہ نکوست ترا — یک دل داری بس است یکدوست ترا

اور فرماتے ہیں کہ

یک دل دارم بس است یکدل دارم

دلآرمے کہ داری دل درو بند — وگر چشم از ہمہ عالم فرو بند

پس آنکھ سے دیکھنے اور زبان سے کہنے میں خیال اور وہم سے جاننے میں دل سے ماننے اور پہچاننے میں بڑا فرق ہے۔ کہ درجے اس کے ذیل میں معلوم ہوتے ہیں۔ دیکھنا آنکھ سے کہنا زبان سے۔ جاننا خیال اور وہم سے۔ ماننا اور پہچاننا دل اور دماغ سے۔ بہت سی باتیں ایسی ہیں کہ خیال میں آتی ہیں۔ زبان ان کو کہہ نہیں سکتی۔ یا زبان ان کو کہہ سکتی ہے۔ مگر خیال میں آتی ہیں۔ اور اگر خیال میں

Marfat.com

آئیں بھی۔ تو دل ان کو یقین نہیں کرتا۔ پس ان میں ایک ہی حال میں ایک کا دوسرے سے مختلف کیفیت سے ہونا ظاہر ہے چونکہ اعلیٰ ان میں کیفیتِ دل ہے۔ اس لئے وہی معتبر ہے۔ اور مقبول ہے اور سب نا قابل اعتبار اور مردود ہیں۔ اب غور کیجئے۔ کہ اس ذات مطلق کو آنکھ سے نہیں دیکھ سکتے۔ زبان۔ اس کا حال جیسا کہ وہ ہے۔ کہہ نہیں سکتی خیال اور وہم اس تک پہنچ نہیں سکتا۔ پس معرفت الٰہی ہر شخص کو علی القدر استعداد جو کچھ حاصل ہوتی ہے۔ وہ دل سے ہے۔ مگر چونکہ شروع ایام بلوغت میں خواہشت نفسانی میں مصروف ہونے کی وجہ سے دل کی آنکھیں پھوٹی ہوتی ہیں۔ تو جب دل کی آنکھیں پھوٹی ہوتی ہیں۔ تو جب تک دل کی آنکھیں نہ کھلیں۔ انوار الٰہی وارد ہو کر نور بصیرت حاصل نہ ہو۔ طالبوں کیلئے جاننا اس کا خیال اور عقیدہ سے ضرور ہے۔ وہ جاننا علم معرفت نہ معرفت۔ اور یہ دونوں لازم وملزوم ہیں۔ کہ معرفت بے علم محال اور علم بے معرفت وبال ہے۔ اور توحید ایک کہنا نہیں ہے۔ بلکہ ایک جاننا اور پہچاننا ہے۔

مولانا جامی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

از ساخت دل غبار کثرت رفتن — بہتر کہ بہرہ درو حدت سفتن
مغرور سخن مشو کہ توحید خدا — واحد دیدن بود نہ واحد گفتن

یہاں دیدن سے مراد چشم دل دیدن ہے نہ بچشم سر۔

اسی کے بموجب حضرت بلھے شاہ صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں۔

بُلھا دوئی دل سے دھو — سکھ کی نیند بھر کے سو
موںہوں ناں ان الحق گو — چڑھ سولی ڈھولا گاویں گا
پیارا سنبھل کے نہئیوں نہ لامڑ کے پچھوتاویں گا

طالبانِ حق کو جو ممانعت زبان سے توحید کی بات کہنے کی ہے اس لئے ہے۔ کہ توحید سے غرض تو دل سے ہے۔ ایک پہچاننے کی اور زبان اور دل کے درمیان بڑا فاصلہ ہے۔ ایسا نہ ہو۔ کہ طالب زبان کے کہنے پر اکتفاء نہ کرے۔ اس مقام میں پھنس جائے۔ اور منزل دل تک جو مقصود اصلی ہے۔ نہ پہنچے۔ اور جب دل غافل رہے۔ تو زبان سے کہنا لاحاصل ہے۔ اگرچہ اہل دل ان تین حالتوں میں یعنی فنا اور سکر اور دلال میں جن کا ذکر صاحبِ گلشن راز کے شعر مذکور الصدر میں ہے۔ زبان سے کہنے کی رخصت ہے۔ مگر اوروں کو جیسے عوام اور سالک مبتدی ہے۔ بالکل رخصت نہیں ہے۔ کہ اس کا سراسر نقصان اور زبان ہے۔ اور موجب خرابی اور بہت سے امراض نفسانی میں جیسے عجب۔ ریا وغیرہ میں گرفتار ہو جانے کا اندیشہ ہے۔ حضرت شاہ بھیکھ صاحب چشتی فرماتے ہیں۔

دوہڑہ

بھیکھا بات اگم کی کہن سنن میں نانہہ
جو جانے سو نہ کہے کہے جو جانے نانہہ

اس دوہے کے پچھلے حصہ میں عوام اور خواص ناقص اور کامل دونوں کا بیان فرمایا ہے۔ عوام اور ناقص سے مراد وہ لوگ ہیں۔ جو مسائلِ توحید اور توقف کے کہتے پھرتے ہیں۔ اور اپنے تئیں موحد کہلاتے ہیں۔ اور حقیقت میں وہ کچھ نہیں جانتے۔ ناقص ہیں۔ خام خیالی میں پھنسے ہوئے ہیں۔ ادر خواص سے وہ عاملین کاملین مراد ہیں۔ جن کو معرفت الٰہی بفضلہ تعالیٰ حاصل ہو گئی ہے۔ مگر وہ منہ سے نہیں کہتے۔ یہاں منہ تے نہ کہنے سے مرد عوام کے سامنے ہے جو اہل اس کے نہیں ہیں۔ نہ کہ طالبان حقیقت اور برادرانِ طریقت کے .وبرو کہ وہ اہل اس کے

Marfat.com

ہیں۔ کہ اَنْ تُوَادُّ الْاَمَانَاتِ اِلٰی اَھْلِھَاط

نظم

(دیکھو لطائف اشرفی صفحہ ۱۲۴ جلد ثانی)

بنا محرم نباید سر گفتن نہ از محرم نیاید ور نہفتن
سراز محرم نہاں کردن چناں نست کہ گفتن راز بانامحرمان ست
کسے کو زیں دو حد گامے بروں زد
سر از معنی بروں کردہ بروں زد

اور ظاہر ہے کہ عوام کے سامنے مسائل معرفت اور توحید کا کہنا لا حاصل ہے۔ نہ ان کو اتنی سمجھ جو اس کو پہنچیں۔ نہ ان کو اتنا شوق کہ مراداتِ دنیوی کو لات مار کر اس کی طلب میں قدم اٹھائیں۔ کس لئے کہ وہ گرفتار ہوا و ہوس ایسے ہو رہے ہیں کہ ان سے چھوٹ نہیں سکتے۔ حضرت سید میر حسینی قدس سرہ نزہت الارواح میں فرماتے ہیں۔

حرف معنی گراں بہا گوہریست چوں بناداں رسی مگوی خموش
قیمت لعل جوہری داند چہ نہی در دکان خوردہ فروش

اور اس باب میں حضرت پیر دستگیر غوث الثقلین محی الدین عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے۔ اور اس کی شرح فتوح الغیب کے چھبیسویں مقالہ میں جو مرقوم ہے۔ اس کا لب لباب یہ ہے کہ جب تک حلق سے تو نہ نکلے۔ اور تعلقات دنیاوی فانی نہ ہو جائیں اور نفع اور ضرر میں اور مدح اور ذم میں اضافت تو خلق کی طرف کرتا تھا۔ وہ ساقط نہ ہو جائے۔ اور اپنے دل کے منہ کو جمیع احوال میں ان کی طرف سے نہ پھیرے اور ان کی طرف پشت اس کی نہ کردے۔ اور تیری ہوائیں زائل نہ ہو جائیں۔ پردہ اور برقعہ اپنے منہ سے نہ اٹھا۔ جب تیری خواہشیں اور

Marfat.com

آرزوئیں دور ہو جائیں گی اور دنیا اور آخرت کی ساری ہستیوں اور تعلقوں سے تو فانی ہو جائیگا۔ اور ایسا ہو جائیگا۔ کہ نور پروردگار سے بھر جائیگا۔ اور تیرے قلب میں غیر حق کو ٹھہرنے کی جگہ یا دخل کی جگہ نہ رہے گی۔ اور تو اپنے دل کا آپ دربان کر دیا جائے گا۔ تا کہ غیر حق کو دل میں نہ آنے دے۔ تب تجھ کو توحید اور عظمت اور جبروت کی سبقت کی جائے گی۔ تا کہ غیر حق کو جو کچھ ہو۔ تو اس کا سر اڑا دے۔ اور تیری نظروں میں سوائے حق کے اور سب نابود اور ذلیل اور خوار نظر آئے۔ اس حال میں تیرے نفس میں کوئی میل اور شہوت نہ ہوگی۔ ساری خواہشیں اور آرزئیں تیری دنیا اور آخرت کی مغلوب اور مسلوب ہوں گی۔ پس سوائے اتباع امر الٰہی کے اور ان کے بجالانے کے اور رضاء بقضاء کے بلکہ اس کے قضاء وقدر میں فنا ہونے کے نفس در ہوا اور خواہش اور آرزوز کا کوئی حلم یا تسلط تجھ پر نہ رہیگا۔ پس اس حال میں عبدالخلق اور معتقدان کی رایوں کا نہ ہوگا۔ بلکہ عبدالرب اور تابع اس کے امر کا ہوگا۔ منتہی اس ارشاد سے ظاہر ہے۔ کہ مرتبہ فنا حاصل ہونے کے بعد توحید اور عظمت اور جبروت کی سیف بندہ کے ہاتھ میں دیتے ہیں۔ تا کہ وہ ماسوٰی کا سر کاٹے۔ اور نفس اور ہوا کی خواہشیں اور آرزوئیں بالکل زائل ہو جائیں۔ اور جب یہ کاروبار فنا کے دائم مستحر اور متمکن مقام ہو جائیں گے۔ تو نتیجہ یہ ہوگا۔ کہ انتقاماً سوائے حق اور زوال نفس اور ہوا اور اس کی خواہشوں اور آرزوؤں کا بھی مستحکم اور استوار ہو جائیگا۔ ایسے شخص اور پختہ کار کو کلام توحید درست ہے۔ نہ ہر ناقص اور خام کو ے

سخن وحدت آنکہ از جامی
زانچہ خیز دو تعبیرِ بدنامی

Marfat.com

بیت

درکسوت خاص آمدہ عامی چند　　بدنام کنند نکو نامی چند

مثنوی

حرف درویشاں بدزدے مردوں　　تا بخوا ہد بر سلیمے او فسوں

کارِ مرداں روشنی و گرمی است　　کاردوناں حیلہ و بے شرمی است

اور پختہ کار اور کامل بھی بجز اپنے حال معلوبیءعشق کے یا ارشاد کے اس کا ظاہر نہیں کرتے۔ اور اس حال میں وہ معذور نامور ہیں۔ حضرت بلھے شاہ صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں۔

جے ظاہر کراں یار تائیں　　سب بھل جاویں تکرار تائیں

پھر مارن بلھے یار تائیں　　ایتھے مخفی گل سوہندی اے

منہ آئی بات نہ رہندی اے

اور حالت مغلوبی میں دوسری کافی میں فرماتے ہیں۔

ایہہ پڑھنا علم ضرور ہویا　　پر دسنا نا منظور ہویا

جن دسیا اوہ منصور ہویا　　اس سولی پکڑ چڑھایا اے

لک بوجھ کوں چھپ آیا ہے

نتیجہ اس ساری تقریر کا یہ ہے۔ کہ کافیاں حضرت بلھے شاہ صاحب قصوری قدس سرہ العزیز کی جو معرفت اور توحید میں ہیں۔ عارف کے لئے غذائے روح ہیں۔ اور عامی کے لئے زہر قاتل۔ وہ رہے سہے ایمان سے بھی جاتا رہتا ہے۔ اور اس کی مثال ایسی ہے۔ جیسے طعام مرغن۔ تندرست کے لئے موجب توانائی اور

Marfat.com

طاقت ہے۔ اور بیمار کے لئے باعث زیادتی مرض اور ہلاکت۔ جب یہ حال ہے۔ تو ناظرین ان اوراق کی خدمت میں التماس ہے۔ کہ وہ براہِ انصاف اپنے حال پر نظر فرمائیں۔ اور اپنے مقدمہ کے آپ ہی منصف ہوں۔ اور دیکھیں کہ ہم اس کے اہل ہیں۔ یا نہیں۔ اگر اہل ہوں۔ تو کیا کہنا ہے۔ شوق سے ان اوراق کو آگے دیکھیں۔ اور فیض ارشادات صوفیہ کرام اور فیض باطنی روح پرفتوح حضرت بلھے شاہ صاحب قدس سرہ سے مالا مال ہوں۔ ورنہ پہلے اہلیت پیدا کریں۔ پھر دیکھیں۔ بدوں اہلیت کے کچھ لطف نہ آئے گا۔ جو کچھ لطف ہے۔ وہ اہلیت میں ہے۔ مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

در دفع حجب کوش نہ در جمیع کتب — کز جمع کتب نمی شود رفع حجب
در جمع کتب کجا بود نشہ حجب — طے کند ہمہ راہ و عد الی اللہ مرتب

پس چونکہ مسائل وحدت کا حلال لاھلہٖ وحرام بغیرہٖ ہے۔ بدوں اہلیت ان اوراق کا نہ دیکھنا دیکھنے سے بہتر ہے۔

مغربی علیہ الرحمۃ

محرم کو کہ تا بگویم راز — کہ حقیقت چگونہ گشت مجاز

جامی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

سر وحدت منطق الطیر ست جامی لب بہ بند
جذ سلیمانی نشاید فہم ایں گفتار را

رباعی

جامیؔ غم دوست را بعالم ندہی — باہر کہ داد است شرح اہل غم ندہی
مرغ غم کو بحیلہ بابا شد رام — خاموش کہ مرغ رام را رم ندہی

رباعی

وز زندہ مختصر عیب پوشی بہتر روںکتہ زعش تیز ہوشی بہتر
چو برزخ مقصود نقالیست سخن از گفت و شنود، خموشی بہتر

رباعی

تا کے چو درائی کردن افغاں فروش
یکدم شو. ازیں ہزہ درائی خموش
گنجینہ در ہائے حقائق نشنوی
مادام کہ چوں صدف نگر دی ہر گوش

رباعی

جامی تن زن سخن طرازی تا چند
افسوں گری و افسانہ سازی تاچند
اظہار حقائق سخن ہست خیال
اے سادہ دل ایں خیال بازی تاچند

قطعہ

خواہم از جسنش بگویم آشکارا نکتہ
مایہ عشرت مئے دلہائے نا ستاد اورم
باز گوید غیرت عشقم کہ جامی لب بہ بند
ورنہ برجانت گم صد تیغ بیداد آدردم

Marfat.com

اعتذار

اے طالبان حقیقت اور اے برادران طریقت!! آپ پر واضح ہو کہ اس ناقص ہیچ مدان گرفتار قفس پابند ہوا و ہوس کو ان مضامین اور مسائل کی تحریر میں سوائے منصب ترجمانی کے اور کچھ لیاقت نہیں ہے۔ پس آپ صاحبان وقت ملاحظہ ان اوراق کے یہ خیال نہ فرمائیں کہ مے گوید۔ بلکہ یہ خیال فرمائیں کہ چے مے گوید۔ اور غرض ان اوراق کی تحریر سے کہ اس میں اس ناچیز اور خوار کو کوئی افتخار اور اعزاز حاصل ہو۔ شارحوں یا موءلفوں میں نام لکھا جائے۔ اللھم احفظنا من ھذا الخطوٰت بلکہ غرض یہ ہے۔ کہ اقوال صادق مقال مرشدان عظام اور اولیائے کرام سے میرے نفس سرکش اور امارہ کی سرکوبی ہو۔ راہ راست پر آئے۔ اور یاران طریقت اور طالبان حقیقت اس سے فائدہ اور حظ اٹھائیں۔ آمین۔ اور یہ بھی التماس ہے کہ کافی ہائے حضرت بلھے شاہ صاحب قصوری قدس سرہ کی جو اس میں لکھی گئی ہیں۔ وہ قلمی صحیح لکھی ہوئی کہیں سے نہیں ملیں۔ مطبوعہ کافیوں سے یا قوالوں یا اور لوگوں سے سن کر لکھی گئی ہیں۔ اگر کسی جگہ ان میں غلطی ہو گئی ہو۔ تو معاف فرمادیں۔ اور قلم اصلاح سے ان کو بنالیں۔

کافیوں کی ترتیب کے بیان میں

جس قدر کافیاں اب تک چھپ چکی ہیں۔ ان میں ترتیب مضامین اور مقامات کا لحاظ نہیں رکھا گیا۔ اور ترتیب مضامین بلحاظ مقامات سلوک کے ساتھ ایک اثر عجیب رکھتی ہیں۔ اور ابتری اس کی شیرازہ جمعیت خاطر کو پریشان کرتی ہے۔ اس لئے مناسب معلوم ہوا کہ شرح اس طرح کی جائے۔ کہ مقام ابتدا یعنی غفلت سے

Marfat.com

مقام انتہا یعنی توحید اور معرفت تک کافیاں اور ان کے اپنے اپنے مقام پر آتے جائیں۔ تاکہ ہر مقام پر اپنا رنگ نیا دکھائیں۔ اور عاشقان حقیقت کے شوق وذوق کو بھڑکائیں۔ اور ان کے دلوں میں آتش عشق کو بھڑکائیں۔ دونی آگ لگائیں۔

اور؎

خوش تر آں باشد کہ سرِّ دلبراں گفتہ آید در حدیث دیگراں

مسئلہ غفلت اور آگاہی

یہ سب سے پہلا مسئلہ ہے واقفیت اس کی ضروری ہے اس باب میں حضرت بلھے شاہ صاحب قصوری قدس سرہ فرماتے ہیں۔

بلھا شوہ دی پیریں پڑیئے غفلت چھوڑ کجھ حیلہ کریئے
مِرگ جتن بن کھیت اجاڑے اب تو جاگ سوداگر پیارے

صاحبو! غفلت اور آگاہی دو بڑی حالتیں ہیں۔ اور یہ دو منجانب اللہ ہیں۔ غفت سے کار دنیا چلتا ہے۔ اور آگہی سے کار عقبیٰ۔ غور سے دیکھو تو یہ دونوں حالتیں اور کیفیتیں بڑی حکمت حکیم مطلق کی ہیں۔ اس کے دل پر غفلت کا پردہ ڈال کر دنیا میں پھنسا دیتا ہے۔ اور جس کو عقبیٰ میں پہنچانا اور اپنا دیدار دکھانا منظور ہوتا ہے۔ اس کے دل کو کیفیت آگاہی بخشتا ہے۔ پس منازل سلوک میں اوّل بڑی کوشش رفع غفلت اور حصول آگاہی کیلئے کی جاتی ہے۔ اور اسی کیلئے جانکاہی ہوتی ہے۔ ذکر ہے۔ تو اس کے لئے فکر ہے۔ تو اسی کیلئے جب آگاہی جیسی کہ چاہئے۔ حاصل ہوگئی۔ تو پھر نہ ذکر ہے۔ نہ فکر حیرت در حیرت۔

مولانا روم فرماتے ہیں:

Marfat.com

حیرتے باید کہ ردید فکررا خوردہ حیرت فکر را در ذکر را

خامش اند دنعرہ تکران شان مے رد دتا عرش تخت پاوشان

اور حضرت عراقی فرماتے ہیں۔

چوں فراموش شود و مادوں او

ذاکری گرچہ نہ جنبانی زبان

مولانا علاؤ الدین عنبری قدس سرہ فرماتے ہیں کہ طریقہ خواجگان قدس سرہم میں ہوش درہم ایک اصل یہ ہے۔ اگر کسی کا ایک دم بھی غفلت میں گزرے۔ تو بہت ہی بڑا گناہ اس کو جانتے ہیں۔ یہاں تک کہ بعضے اس کو کفر کہتے ہیں۔ جیسے حضرت عطار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

ہرآں کہ غافل از دے یک زبان ست

درآں دم کافر است امان ہا ست

اگر آں عافلے پیوستہ بودے

در اسلام بردے بستہ بودے

اور حضرت مولانا روم قدس سرہ فرماتے ہیں۔

چفست دنیا از خدا غافل بدن

نے قماش و نقرہ فرزند و زن

اور یہ امر کہ غفلت منجانب اللہ ہوتی ہے۔ ہر صاحب خبرت پر ظاہر کرتی ہے۔ کہ جب کوئی نزدیکی مرجاتا ہے۔ تو اس واقعہ سے جو کسی قدر غفلت کے پردے اٹھ جاتے ہیں۔ تو خدا کیسا یاد آتا ہے۔ اور یہی خیال گزرتا ہے۔ کہ اخیر منزل ہر انسان کی یہ ہے۔ اور ہم پر بھی یہ جال گزرنا ہے۔ دنیا سب کا جھوٹا کارخانہ ہے۔ اور

Marfat.com

یہاں تک کہ دل سرد ہوتا ہے۔ اور دنیا کے کاموں سے دل کھڑا ہو جاتا ہے۔ کہ کسی کام کے کرنے کو جی نہیں چاہتا۔ پیاروں کی باتیں جو مصری کی ڈلیاں قندنیات سے زیادہ میٹھی تھیں۔ اس وقت کڑوی زہر معلوم ہوتی ہیں۔ مگر چونکہ خدائے تعالیٰ کو جب تک اس کی مرضی ہے۔ دنیا کو قائم رکھنا ہے۔ اور اپنی حکمت کاملہ سے دنیا کی ریل کا انجن غفلت کی بھاپ سے چلانا ہے۔ تو پھر غیب سے دلوں پر غفلت وارد ہونی شروع ہوتی ہے۔ جس قدر اس واقعہ کو وقفہ اور عرصہ ہوتا جاتا ہے۔ غفلت آتی جاتی ہے۔ وہ کچھ کچھ کام دنیا کے کرتا جاتا ہے۔ پھر یہاں تک غفلت وارد ہوتی جاتی ہے۔ کہ دنیا کے کاموں میں وہ ایسا غرق ہوتا جاتا ہے۔ کہ موت کو بھولے سے بھی یاد نہیں کرتا۔

اقسام غفلت

غفلت دو قسم کی ہوتی ہے: ایک ذاتی۔ دوسرے عارضی۔ ذاتی وہ ہے۔ جو کسی کے خمیر میں روز اوّل سے گوندھی گئی ہے۔ اور جو کسی واقعہ سے بھی رفع نہیں ہوتی۔ خواہ کیسا ہی موثر ہو۔ اور عارضی وہ ہے۔ جو ذاتی تو نہیں۔ مگر کسی عارضہ کے سبب سے عارض ہوگئی ہے۔ وہ کسی واقعہ پر تاثیر کے وقوع سے اعلیٰ قدر حال دفع ہو جاتی ہے۔ غفلت ذاتی کے مثال وہ کفار ہیں۔ اور جنہوں نے حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت اسلام کو قبول نہ کیا۔ اور کافر رہے۔ ان کے حال سے اللہ تعالیٰ نے خبر دی خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ وَعَلٰی سَمْعِھِمْ وَعَلٰی اَبْصَارِھِمْ غِشَاوَۃٌ" غور کا مقام ہے۔ کہ ایسا واقعہ موثر و وقوع میں آئے۔ یعنی حضرت خیر الزمان خیر الخلائق رحمۃ للعالمین خاتم النبیین اشرف

المخلوقات افضل موجودات مبعوث ہوں اور پھر وہ ان کو دعوت اسلام کریں۔ معجزات دکھائیں۔ اور پھر بھی ان کے دلوں پر اثر نہ ہو۔ اس کی وجہ وہی ذاتی غفلت ہے۔ جو ان کے خمیروں میں گوندھی ہوئی تھی۔ اور جس کی طرف اشارہ خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ میں ہے۔ اس غفلت ذاتی کا کچھ علاج نہیں۔ غفلت عارضی کی مثال صحابہ کبار حضرت خیر الانام رضی اللہ عنہم اجمعین ہیں۔ کہ پہلے کیا حال تھا۔ اور پھر واقعہ موثر بعثت بنی خیر سے کیسے موثر ہوئے۔ غفلت کا نام نہ رہا۔ آگاہی جو ان کے خمیروں میں تھی۔ جلوہ گر ہوئی۔ وہ ایسے پیارے خدا کے ہوئے کہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی شان میں ہے۔ اور بہت سی مثالیں غفلت عارضی کے رفع ہونے کے ان حکایات میں ملتی ہیں۔ جو اولیائے کرام امت الخیر الانام کی لکھی ہیں۔ چنانچہ نقل ہے۔ کہ حضرت زبدۃ العارفین قدوۃ السالکین ابراہیم ادھم قدس سرہ ایک بار کسی کشتی میں سوار تھے۔ اور نہایت ژولیدہ اور خستہ حال کشتی کے ایک کونے میں بیٹھے ہوئے تھے۔ اور کشتی میں ایک امیر بھی تھا۔ جس کے سامنے نقال نقلیں کرتے تھے۔ اور فضول بکتے تھے۔ نقال اپنی نقلیں پوری کرنے کیلئے آپ کو وہاں سے اٹھا کر لائے اور ہر نقل میں آپ کے ساتھ بے ادبی کرنے لگے۔ آپ کو امر غیبی ہوا کرے۔ اے ابراہیم! اگر تو اشارہ کرے۔ تو ابھی ان کو ڈبو دیں۔ آپ نے عرض کیا۔ الٰہی ان کا قصور کیا ہے؟ ان پر غفلت کا پردہ پڑا ہوا ہے۔ جس سے ان کو کچھ سوجھتا نہیں۔ پردہ ان کے دل کی آنکھوں سے دور کردے۔ پھر اگر یہ ایسا کریں۔ تو قصور وار ہیں۔ یہ عرض قبول ہوئی۔ اسی وقت پردے غفلت عارضی کے ان کے دلوں سے اٹھائے گئے۔ کیا دیکھتے ہیں۔ کہ ایک آفتاب جس کی چمک زمین

Marfat.com

سے آسمان تک ہے۔ سامنے بیٹھا ہوا ہے۔ اسی وقت سب قدموں میں گر پڑے۔ اور اولیائے کاملین سے ہوئے۔

سبحان اللہ! کیا عجب پرتاثیر واقعہ ہے۔ جس نے زنگ عفلت عارضی کو جلا کر کندن بنا دیا۔ پس واقعہ وعظ اور نصیحت اسی پر تاثیر کرتا ہے جس میں اس کے قبول کی استعداد موجود ہو۔ اور جس میں اس کے قبول کرنے کی استعداد موجود نہیں ہے۔ اس پر کچھ اثر نہیں ہوتا۔ بقول آنکہ

نیم نہ میٹھا ہو چاہو سینچو گڑ گھیو سے

غفلت عارضی کا سبب پیروی خواہشات نفسانی اور نافرمانی احکام الٰہی ہے۔ اور آگاہی کا باعث ترک نفسانی خواہشات اور اتباع امر الٰہی ہے۔ پس اہل اسلام میں غفلت اور آگاہی کے لحاظ سے چار فرقہ ہیں۔ جن کے نام یہ ہیں۔

(۱) فساق اور عاصی (۲) عباد (۳) زہاد (۴) عشاق۔

یعنی جنہوں نے احوال آخرت سنا۔ اس سے کچھ ان کے دلوں پر اثر ہوا۔ کچھ غفلت دور ہوئی۔ عبادت بھی کی اور گناہ بھی کیے وہ فساق اور عاصی کہلائے۔

اور جنہوں نے برائیاں دنیا کی سنیں۔ اس سے کچھ آگاہی حاصل ہوئی۔ اور پہلے کی نسبت ان کی غفلت زیادہ دور ہوئی۔ باوجود دنیا کے انہوں نے عبادت اختیار کی۔ اور تابمقدار گناہ کے پاس نہ گئے۔ اویہ سب باتیں اس نیت سے کیں کہ بہشت ملے۔ اور دوزخ سے بچیں۔ یہ عباد کہلائے۔

اور جنہوں نے اس سے بڑھ کر کام کیا کہ آخرت کے واسطے یعنی بہشت ملنے کیلئے۔ دوزخ سے بچنے کیلئے دنیا کو چھوڑ دیا۔ اکل و شراب وغیرہ لابدی کاموں پر اکتفاء کیا۔ اور تابمقدور گناہ بھی نہ کیا۔ اور شب و روز عبادت کی۔ وہ زہاد کہلائے۔

Marfat.com

اور جنہوں نے اپنا قدم ان سے آگے بڑھایا۔ اپنے مولا کا حال سن کر طلب مولا میں قدم رکھا۔ اور جو کام کیا۔ خالصۃ اللہ کیا۔ ان کے دلوں میں آگاہی ذاتی اور عشق الٰہی نے زور مارا۔ اور اس کے ولولہ میں دنیا و عقبیٰ کو فراموش کیا۔ اور وہ عشاق کہلائے۔

کسی عاشق کا قول ہے۔

دوزخ سے کچھ نہ کام نہ جنت سے کچھ غرض
جائیں گے ہم ادھر کو جدھر یار لے چلے

حضرت شرف الدین بوعلی قلندر فرماتے ہیں۔

نہ ترسم ز آتش دوزخ نہ غرض جنتے دارم
منم شوردہء جاناں چہ خواہم کرد حوراں را

حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

مئے حرف وحدت کسے نوش کرو
کہ دنیا و عقبیٰ فراموش کرو

زاہد کو جنت حور و قصور کی طلب ہوتی ہے۔ اور عاشق کو جنت ذات کی۔ اس کے نزدیک جنت وہی ہے۔

بہ بین تفاوت راہ از کجاست تا بکجا

مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔
دیکھو سلسلہ الذہب مطبوعہ صفحہ نمبر ۳۷

اصل جنت جنت الذات است — عرض ہا لارض والسماء ذات است
ارض چہ بود حقائق عیاں — مستند در نشیمنِ امکاں

Marfat.com

آسماں چہ صفات یا اسماء — متاثر ز حکم شاں اشیاء
بود اعیاں یا سرہا وصفات — مندنج در نخست رتبہ ذات
وحدت صرف ھستی سا ذج — بوداینہا ہمہ درد مند رج
امتیازی نہ اختلاقی نہ — اتفاقی و ایتلافی نہ
ذات خود را چو کرد بر خود عرض — غرضش آسماں شدو ایں عرض
ہم درآمد بکسوت اسماء — ہم برآمد بصورت اشیاء
لیک در علم خویش نے درعین — بود در علم مند نج کونین
یار دیگر چو عرض کُرد آغاز — کرد ارض و سماء و دیگر ساز
ارض شد فلک آسماں ملکوت — ہر دو در تخت سطوت جبروت
شد چوبار نخست در دوبین — عرض او عین آسمان و زمین
ہر چہ در غیب ذات باطن بود — در شہادت ظہور کرد سمود
آنچہ جرجے بخشر دو تاثیر — گشت ظاہر شد آسمان اسیر
آسمانی ولیک روحانی — نہ ہیو لانی و نہ جسمانی
آنچہ آمد مخالف ارواح — ارض و اجساد و باشد اشباح
طبقات است زمین و ازاں — باشد اطباق آسمان جناں

ذات حق را کہ جنت این ست
عرضہا لارض اسماء این ست

کسی نے کیا اچھا کہا ہے۔

ہر کہ در جنت دل مثل تو حورے دارد
گر کند میل بفردوس قصورے دارد

قطعہ

دنیا است بلاخانہ و عقبےٰ ہوس آباد
ما حصل این ہر دو بیک جو نہ ستانم
ایں فتنہ دنیا شد دا د غرہ عقبےٰ
ما فارغ ایں ہر دو نہ اینیم د نہ آنم

سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

یکے پیش شوردہ حالے نوشت — کہ دوزخ تمنا کنی یا بہشت
بگفتا مپرس از من ایں ماجرا — پسندیدیم آنچہ او پسند مرا

عجب حال ہے عاشقوں کا

نے غم دوزخ د بہشت اند — ایں طالفہ را چنیں سر شتمند

حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ الدنیا حرام علیٰ اهل الاخرة والاخرت حرام علی الدنیا وهما حرامان علی اهل اللہ ۔ دنیا حرام ہے۔ اہل آخرت پر و آخرت حرام ہے۔ اہل دنیا پر اور یہ دونوں حرام ہیں اللہ پر۔

خواجہ حافظ علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

گر آں ترک شیرازی بدست آرو دل مارا
بخال ہندوش بخشم سمر قند و بخارا را

یہاں سمرقند اور بخارا سے مراد دنیا اور آخرت ہے۔ کسی بزرگ کا شعر ہے۔

اے موسیٰ طور عشق خذ ما بیدیک
ایں وادی اقدس است فاخلع نعلک

Marfat.com

یہاں نعلیک سے مراد دنیا اور آخرت ہے۔ پس اس بیان سے ظاہر ہے۔ کہ فساق سے بڑھ کر رتبہ عباد ہے۔ اور عباد سے بڑھ کر رتبہ زہاد ہے۔ اور زہاد سے بڑھ کر رتبہ عشاق ہے۔ اور عشاق محبوبان الٰہی ہیں۔ کیونکہ یہ حکم آیت یُحِبُّھُمْ وَیُحِبُّوْنَہٗ کے پہلے وہ محبت کرتا ہے۔ جب وہ محبّ ہوتے ہیں۔ اور زاہد اور عاشق میں فرق ظاہر ہے۔ زاہد کو طلب آخرت ہے۔ اور عاشق طالب مولا ہے۔

بہ بیں تفاوت راہ از کجا ست تا بکجا

استاد ذوقؔ فرماتے ہیں۔

زاہد کو تم نہ یوں کہو وہ حق پرست ہے
حوروں پر مر رہا ہے وہ شہوت پرست ہے

حضرت مولانا جامیؔ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

زاہد آں از ترس مے تاز دیا
عاشقاں پراں تر از برق و ہوا
صبر زاہد بر مہے یک روزہ را
سیر عاشق ہر دمے تک تخت شاہ

اور حضرت پیر دستگیر غوث الاعظم محی الدین عبدالقادر جیلانی قدس سرہ فتوح الغیب کے مقالہ چون میں یوں ارشاد فرماتے ہیں۔

کہ من ارادۃ الآخرۃ فعلیہ بالزھد فی الدنیا ۔یعنی جو کوئی چاہے کہ اس کو آخرت اور اس کے درجات ولذات حاصل ہوں۔ پس اس کو دنیا کو ترک کرنا چاہئے۔ اور اس کی متاع اور شہوت سے نفرت اور بے رغبتی کرنی چاہئے۔ وہ من ارادۃ فعلیہ بالزھد فی الآخرت۔ اور جو کوئی خدا اور اس کی رضا اور قرب کو

Marfat.com

چاہے۔اس کو آخرت سے رغبت جو بطریق شہوت نفس اور اس کی لذات کے میل کی ہوس چھوڑنی چاہئے۔فترک دنیا الآخرۃ و آخرت لربہ۔پس تجھ کو چاہئے۔کہ تو اپنی دنیا کو اپنی آخرت کے لئے چھوڑ دے اور اپنی آخرت کو اپنے رب کے لئے چھوڑ دے۔کس لئے کہ تو اپنے پروردگار کی یاد سے متعلق اور اس کی محبت میں مستغرق ہوتا ہے۔اس کے دل کا میل دوسری جانب نہیں ہوتا۔

کسی نے کیا اچھا کہا ہے۔

العابد غریبٌ فی الدنیا والعاشق غریبٌ فی الآخرۃ

یعنی عابد دنیا کا غریب ہے۔اور عاشق آخرت کا غریب ہے۔کیونکہ موطن روحانیت مرد کا اسی جگہ ہوتا ہے۔جہاں اس کا دل ہوتا ہے۔جیسے ایک شخص کسی جماعت کا ہم نشین ہے۔اور دل اس کا کسی دوسری جگہ ہے۔تو اس جماعت میں وہ غریب ہے۔اسی طرح عابد جس کا دل متعلق بالآخرۃ ہے۔اگرچہ بظاہر دنیا میں اور اہل دنیا میں ہے۔مگر حقیقت میں وہ ان میں نہیں ہے۔اور اگر ہے۔تو غرباء کی صف پر ہے۔اور اسی طرح عاشق جس کا دل ذات حق سے متعلق اور اس کے ذکر میں مستغرق ہے۔اگرچہ آخرت اور اہلِ آخرت میں ہوگا۔مگر غریب اور بےگانہ ہوگا۔

بیت

ہرگز وجود حاضر و غائب شنیدہ

من درمیاں جمع دو عالم جائے دیگر است

انتہیٰ کلام حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

اور واضح ہو کہ بزرگان دین صوفیہ کرام کے کلام مستانہ میں جو زاہد کی نسبت کچھ لکھا ہوا ہوتا ہے۔وہ ازراہ طعن و تشنیع کے ہوتا ہے۔ان کی نفوس پاک ایسی

Marfat.com

صفت مذمومہ نفسانی سے مزکی اور مطہر ہوتی ہیں۔ مگر اظہار کم ہمتی زاہد پر اشارہ ہوتا ہے۔ کہ اس نے بہشت اور اس کی نعماء اور وہاں کے کبھی کبھی کے دیدار پر اکتفاء کر لیا ہے۔ اور عاشق کے نزدیک یہ دون ہمتی ہے۔ کہ معشوق کے دیدار دائمی کو ثمنا چھوڑ کر اس کے باغات اور محلات میں رہنا پسند کرے۔ حضرت شاہ نیاز احمد بریلوی فرماتے ہیں۔

زہد و تقویٰ در فگندم زیر پائے آں صنم
نہ ہم عشقت در رندی مشرہم جوش و خروش
زاہد ابشنو خدارا آنچہ مے گوئم ترا
زہد بے معنی گزار و جامِ مے از من بنوش

یہاں مے سے مراد عشق الٰہی ہے۔ جس کا نشہ سب نشوں سے بڑھ کر ہے۔ اور جو اس کے نشہ میں سرور ہے۔ اور کسی میں نہیں

حافظ علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

ایں خرقہ کہ میدارم در رہن شراب اولیٰ
دیں دفتر بے معنی غرق مے ناب اولیٰ

یہاں خرقہ سے مراد وہ زاہدی پائی جاتی ہے۔ جو حصولِ نعمائے آخرت کے لئے ہو۔ کہ عاشق کے نزدیک وہ دفتر بے معنی ہے۔ اور شراب سے مراد یہاں عشق الٰہی ہے۔ کہ اس میں اس کا رہن رہنا اولیٰ ہے۔ پس فرق مذکورہ میں کفار اور فساق طالبان دنیا اور عباد او زہاد طالبان آخرت اور عشاق طالبان مولیٰ ہیں۔

حدیث شریف میں ہے کہ طالب الدنیا مخنث طالب العقبیٰ مونث طالب المولیٰ مذکر۔

Marfat.com

اس سے ظاہر ہے۔ کہ سب سے بڑھ کر رتبہ طالب مولا۔ یعنی عاشق کا ہے۔ دنیا سے بہتر آخرت اور آخرت سے بہتر مولیٰ ہے۔ شرائط اور اعمال عبادت اور زہد کے جو وصول اور حصول آخرت کے موجب ہیں۔ ان کتابوں میں جو طریق اور احوال آخرت لکھے گئے ہیں مفصل لکھے ہوئے ہیں۔ مگر عشق کا حال عاشقوں کے سینے میں ہے۔ سفینوں میں نہیں۔

میر سادات حسینی قدس سرہ فرماتے ہیں

بو العجب سورہ است سورہ عشق ــ چار مصحف درد یک آیت نیست
عشق را بو حنیفہ درس نگفت ــ شافعی را در د روایت نیست

صاحبو! عشق ایک بڑی آگ ہے۔ اس میں چلنا ہر ایک ابوالہوس کا کام نہیں۔ اس لئے کچھ فرق ہوتے ہیں۔ پہلے اس میں خواری ہے۔ پھر ماری۔ آہ آہ۔ خواجہ حافظ علیہ الرحمۃ جیسے عاشق جب اس عشق کی حالت سے فریاد کرتے ہیں۔ اور اپنے مرشد کو یاد کرتے ہیں۔ کہ

الا یا ایہا الساقی اور کا سا و نادل ہا
کہ عشق آساں نمود اوّل دے افتاد مشکلہا

تو ایسے ویسے الولہوس سے اس کی آنچ کب سہی جاتی ہے۔

حضرت امیر خسرو علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

عاشقی چیست بجاں بندہ جاناں بودن
دل بدست دگرے دادن و حیران بودن
سوئے زلفش نظرے کردن درویش دیدن
گاہ کافر شدن و گاہ مسلمان بودن

Marfat.com

واضح ہو کہ یہاں کفر سے مراد کفر بمعنی اصلاحی ہے۔ جس کا اوپر مذکور ہوا۔ نہ بمعنی شرعی۔ اس لئے کہ زلف سے مراد یہاں عالم یا غفلت ہے۔ اور روئے سے ذات الٰہی یا آگاہی ہے۔

بیت

مرغان چمن بہر صباحی خوانند ترا با صطلاحی

اور واضح ہو کہ یہاں عشق بیان کیا گیا ہے۔ اور وہ عشق نہیں ہے۔ جو خواہشات نفسانی پورا کرنے کا ہوتا ہے۔

مولانا روم فرماتے ہیں۔

ایں نہ مشقت آنکہ در مردم بود
ایں فساد از خوردن گندم بود

یہاں عشق سے مراد وہ عشق ہے۔ جس کو عشق الٰہی کہتے ہیں۔ اور وہ کمال نسل آدم کو حاصل ہے۔ مولانا جامی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

عشق از نہ کمال نسل آدم بودے
آوازہ عشق در جہاں کم بودے
در شہوت نفس عشق بودے خرگاہ
سر دفتر عاشقاں عالم بودے

رباعی

قومے کہ نیازند در عشق تمام
خوانند ہوائے نفس را عشق بنام

Marfat.com

کے شاید شان در حرم عشق مقام
خود مست بر ایشاں سخن عشق حرام

مشکل یہ ہے کہ ایک عاشق حقیقی کا حال دوسرے کے مطابق نہیں۔ عاشقوں کے اقسام احاطہ انحصار سے باہر ہیں۔ مرشدان کامل اس کو جانتے ہیں۔ اور موافق ان کی استعداد عشق کی تعلیم کرتے ہیں۔ اور مطلوب تک پہنچاتے ہیں۔ اور مرشدوں نے اپنے تجربوں سے جو طریقے عشق کے پیارا ہونے کے اور وصول الی اللہ کے بیان فرمائے ہیں۔ ان پر چلنا طریقت ہے۔ یہ طریقت شریعت سے باہر نہیں ہے۔ بلکہ اس کا لب لباب یہ ہے۔ جیسے حضرت جنید بغدادی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔ الطریقة هی لباب الشریعة الکن فی الطریقة منازل و مقامات لکل منزل و مقام بدایة و نهایة لا یصل احل الی النهایت الابة تصحیح البدایة یعنی طریقت لب لباب شریعت کا ہے۔ طریقت کے مقامات اور منازل ہیں۔ اور ہر منزل اور مقام کے لئے ہدایت اور نہایت ہے۔ اور کوئی نہایت کو نہیں پہنچ سکتا۔ جب تک کہ ہدایت کی تصحیح نہ ہو جائے۔

پھر حضرت جنید بغدادی نے ان منازل اور مقامات کی تشریح یوں فرمائی ہے۔
(۱) اولها التوبه۔ یعنی پہلے توبہ۔ (۲) ثم الانابة۔ پھر انابت ہے۔ (۳) ثم الورع۔ پھر ورع ہے۔ (۴) ثم التقوىٰ۔ پھر تقویٰ ہے۔ (۵) ثم الزهد۔ پھر زہد ہے۔ (۶) ثم الارادة۔ پھر ارادت ہے۔ (۷) ثم الفقر۔ پھر فقر ہے۔ (۸) ثم الصدق۔ پھر صدق ہے۔ (۹) ثم الصبر۔ پھر صبر ہے۔ (۱۰) ثم الرضاء۔ پھر رضا ہے۔ (۱۱) ثم الاخلاص۔ پھر اخلاص ہے۔

Marfat.com

(۱۲)ثم توکل علی اللہ۔ پھر توکل ہے اللہ پر۔
حضرت قدوۃ الکاملین زبدۃ العارفین شیخ ابوالاکبر ابوالحسنات نجم الدین کبریٰ قدس سرہ فرماتے ہیں۔ کہ الطریق الی اللہ بعد و انفاس خلائق یعنی اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کیلئے راستہ اِس قدر ہیں۔ جس قدر انفاس خلائق کے ہیں۔ اور پھر فرمایا۔ کہ باوجود اتنی کثرت کے طریقے تین انواع میں مخصوص ہیں۔
پہلا طریقہ ارباب معاملات کا کثرت صوم وصلوٰۃ اور تلاوت قرآن اور حج اور جہاد وغیرہ اعمال ظاہرہ ہے۔ یہ طریق اخیار کا ہے۔ مگر اس طریق میں مدت دراز میں مدت میں بہت تھوڑے لوگ واصل ہوتے ہیں۔
(۲) دوسرا طریقہ ارباب مجاہدات اور ریاضت کا تبدیل اخلاق اور تزکیہ نفس اور تصفیہ قلب اور تجلّیہ روح ہیں اور اس کے باب میں ہے۔ جو عمارت باطن سے تعلق رکھے۔ اور یہ طریقہ ابرار کا ہے۔ اور اس طریقے سے بہ نسبت پہلے طریق والوں کے زیادہ واصل ہوتے ہیں۔ مگر وجود ایسے کا نادر ہے۔ جیسے ابن منصور نے ابراہیم خواص سے پوچھا۔ کہ کس مقام میں نفس کو ریاضت دیتے ہو۔ انہوں نے کہا۔ تیس سال ہوئے ہیں۔ کہ مقام توکل میں نفس کو ریاضت دیتا ہوں۔ یہ سن کر ابن منصور نے کہا کہ آپ نے اپنی عمر تو عمارت باطن میں کھودی۔ خدا میں فنا ہونا کہاں۔
(۳) تیسرا طریقہ اصحاب جذبہ اور محبت کا ہے۔ جو سائرین الی اللہ اور طاہرین باللہ ہیں۔ اور یہ طریق شطاری ہے۔ یعنی شاخوں اور بیباکوں کا ہے۔ جن پر محبت مستولیٰ ہوتی ہے۔ اور کشش سے جاتے ہیں۔ اور اس طریق میں اکثر ابتدا ہی میں واصل ہوتے ہیں۔ اور ان سے بڑھ جاتے ہیں۔ جو پہلے دو طریقوں میں

Marfat.com

نہایت واصل ہوتے ہیں۔ اور یہ تیسرا طریق جو اختیار کیا گیا ہے۔ موت بالارادہ بر حکم موتو اقبل ان تموتوا کے منی ہے۔ اور یہ منحصر ہے دس اصولوں پر۔ اوّل توبہ یعنی ارادہ سے اللہ کی طرف ایسا رجوع کرنا۔ جیسا کہ موت طبعی کے وقت بغیر ارادہ کے بحکم اِرْجِعِیْ اِلٰی رَبِّکَ کے ہوتا ہے۔ اور یہ خروج ہے تمام گناہوں سے۔ اور ان گناہوں سے جو مراتب دنیا اور آخرت ہیں۔ اور تجھ کو اللہ تعالیٰ سے حجاب میں رکھتے ہیں۔ پس طالب کو واجب رہے کہ وہ ہر مطلوب سے جو غیر اس کا ہو۔ خروج کرے۔ یہاں تک کہ اپنے وجود ہستی سے بھی خروج کرے۔ کہ وجودک فذنب لایقاس به ذنب ۔ ہے۔ یعنی ہستی تیری ایسا بڑا گناہ ہے۔ کہ اس کے برابر کوئی نہیں ہے۔

دوسرا اصل زہد یعنی بے رغبتی دنیا سے ہے۔ اور زہد کہتے ہیں۔ ایسی بے رغبتی اور خروج کو کہ تمام متاعون سے یعنی ان سے جن سے فائدہ اٹھائیں۔ اور تمام شہوتوں سے۔ خواہ وہ قلیل ہوں۔ یا کثیر اور تمام مالوں سے اور چاہوں سے کچھ رغبت نہ رہے۔ اور ان سے باہر آئے۔ یعنی اِن کی رغبت ایسی نہ رہے۔ اور ترک ہو جائے۔ جیسی کہ موت طبعی کے وقت نہیں رہتی۔ اور ان سے باہر نکلتے ہیں۔ اور ان لو ترک کرتے ہیں۔ اور حقیقت زندگی یہ ہے۔ کہ دنیا اور آخرت سے رغبت نہ رہے۔

قال علیه السلام الدنیا حرام اهل الآخرت و الآخرت حرام علیٰ اهل دنیا و هما حرام مان علیٰ اهل الله تعالیٰ۔

تیسرے اصل توکل یعنی بھروسہ کرنا اللہ تعالیٰ پر ہے۔ توکل کہتے ہیں۔ اسباب اور کسب سے خدا تعالیٰ پر اعتماد کلی ہونے کی وجہ سے یک بارگی ایسے باہر آنے کو جیسے موت طبعی کے وقت اسباب اور کسب سے کوئی شخص باہر آتا ہے۔ اور

Marfat.com

اعتماد کلی اس کا ہر امر میں خدا تعالیٰ پر ہوتا ہے۔
بھی دل میں نہ آنے دے۔ اور یہی بڑا کام مرشد کا ہے۔ کہ اس طرح طالب کو توحید سمجھائے۔ اور حلول اور اتحاد اور کلی طبعی سے بچا رہے۔ اور ان کی بو بھی اس کے خیال میں نہ آنے پائے۔ اگر ان تینوں میں سے ایک گڑھے میں گر پڑا۔ تو کفر اس پر صادق آ گیا۔ کہ حقیقت الامر وحدت حقیقی کو اس نے دوئی کے کذب سے چھپایا۔ اور اس طرح کافر ہوا۔ اور یہ مقام اس وجہ سے بہت نازک ہے۔ اور سمجھنا اس کا طالب پر بہت مشکل ہے۔ کہ ہر کلام کے مطلب کو وہ اپنی سمجھ ناقص کے موافق سمجھتا ہے۔ اور نہیں کرتا کہ قائل کی مراد کے موافق سمجھے۔ اسی وجہ سے وہ ایسی مار کھاتا ہے۔ جیسے کسی ہندوستانی نے مار کھائی۔ کہتے ہیں کس پنجابی کی مجلس میں کسی ہندوستانی بانکے ٹیڑھے خان کا گذر ہوا۔ اہل مجلس میں سے کسی نے اپنے ملازم سے کہا۔ کہ ٹوپی اتار دو۔ ہندوستانی سمجھا۔ کہ میری ٹوپی اتارنے کو کہتے ہیں۔ حالانکہ اہل مجلس کی مراد ٹوپی اتارنے سے چلم اتارنے یعنی حقہ بھرنے کی تھی۔ اس ہندوستانی نے اہل مجلس کو گالی دی۔ نوکروں نے اسے مارا۔ اگر وہ ہندوستانی سمجھدار ہوتا۔ اور یہ سوچ لیتا کہ شاید ٹوپی اتارنے کے یہاں کچھ اور معنی ہیں۔ اور ان کو پوچھ لیتا کہ ٹوپی اتارنا کس کو کہتے ہیں۔ تو کیوں مار کھاتا۔ پس اس کہانی کو نہ بھولنا چاہیے۔ اور اولیاء کاملین کے کلام کو اپنی سمجھ ناقص کے موافق نہ سمجھنا چاہیے۔ بلکہ جب ان کے کسی قول کے معنی نہ سمجھ میں آئیں تو کسی واقف کار سے خصوصاً اپنے مرشد سے پوچھ لینے چاہئیں۔ یہاں "ہر ہردے وچہ سمائی" سے مراد قائل کی یہ ہے۔ کہ ہر ایک اسی کا نور ہے۔ اور اس نور میں اس کے نور ہستی کا ظہور ہے۔ یعنی ہر ایک شے کی ماہیت حق سبحانہ کا وہ نور عالم ہے جس کو عین ثانیہ کہتے ہیں۔ اور جو تجلی دوم میں ظاہر ہوئی ہے۔ اور جو محض ایک قابلیت اور استعداد ہے۔ اور ایسی قابلیت

Marfat.com

اور استعداد ہے۔ کہ دوسرے کل جہان کی چیزوں کی ماہیت سے مختلف ہے۔ اور جو وجود کی یہ نسبت عدم اضافی کہنے میں آتی ہے۔ اور نورِ علم سے جب حضرت حق چاہتا ہے۔ اپنے نور ہستی یعنی وجود اضافی کو منضم اور مقترن ایسا بنا کر جس کی حقیقت انضمام اور اقتران سے کوئی واقف نہیں ہے۔ اس نور عالم کے احکام اور آثار کا لباس اس کو پہنایا ہے۔ تب ہر شے عالم ظہور میں آتی ہے۔ اس سے ظاہر ہے۔ کہ ماہیت ہر شے کی جو صورت علمیہ الٰہیہ کے احکام اور آثار سے منصبغ اور متلبس عالم ظہور میں ہوتا ہے۔ وہ بھی اس کا نور ہے۔ جو ہستی صرف وجود مطلق ہے جس کو دوسرے لفظوں میں اللہ اور خدا کہتے ہیں۔ پس ''ہر ہر دے وچہ'' یعنی ہر صورت علمیہ الٰہیہ میں اس کا نور وجود سمایا ہوا ہے جس سے وہ مست ہے۔ اور جو مابہ الموجودیت اس شے کا ہے۔ اور اسی کا نور وجود صورت علمیہ الٰہیہ کے احکام اور آثار کا یہ لباس اور پوشاک پہنے ہوئے ہے۔ جس کی نسبت یوں فرمایا کہ۔

پیارا پہن پوشاکاں آیا آدم اس دا نام دھرایا

پس اے سیّو اور اے رفیقو! ''اب ساجن میں پایئو نی'' یعنی پہلے میں بھولی پھرتی تھی۔ اور جو اپنی ہستی کو اس کی ہستی کے درائے ایک ہستی مستقل سمجھتی تھی۔ معلوم ہوا کہ یہ خیال غلط تھا۔ اور یہ عقیدہ فاسد تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ وہی ساجن یعنی وجود مطلق ہر ہر میں سما رہا ہے۔ اور اسی نے ہر ایک شے کی ماہیت کے احکام اور آثار کا لباس پہنا ہوا ہے۔ اس کو مختصر طور پر ایک تمثیل سے سمجھا جاتا ہے۔ غور کر کے سنئے۔ یہ بات یقینی ہے۔ کہ جتنے آدمی کہ آئندہ پیدا ہوں گے۔ اور جن کی گنتی خدا ہی کو معلوم ہے۔ کہ کروڑوں ہونگے ارب ہوں گے یا پدم ہوں گے۔ یا سنکھ یا آدمی کے شمار سے باہر ہوں گے۔ وہ سب علم حق سبحانہ تعالیٰ میں ہیں۔ اور ان میں جو جو

Marfat.com

اختلاف ہوں گے۔ مثلاً کوئی رنگی ہوگا۔ کوئی فرنگی۔ کوئی بادشاہ ہوگا۔ کوئی امیر۔ کوئی ساہ ہوگا۔ کوئی چور۔ کوئی مومن ہوگا۔ کوئی کافر۔ وہ سب اس کے عِلم میں ہیں۔ یعنی آئندہ جو بادشاہ یا امیر پیدا ہوگا جو ساہ اور چور پیدا ہوگا۔ وہ اب محض علم الٰہی میں ہیں۔ اور وہ علم ایک نور اور ایک تجلّی علمی ہے۔ اور کچھ نہیں۔ اور وہ تجلّی علمی ہر ایک کی قابلیت اور استعداد خاص ہے۔ جس قابلیت اور استعداد میں اس کے احکام خاص اور آثار خاص کا لباس نور وجود پہن کر ظہور میں آئے گا۔ یعنی آئندہ جو بادشاہ ہوگا چور ہوگا۔ اور جب اس کے ظہور کا وقت آئے گا۔ تو اس کی عین ثابت یعنی قابلیت اور استعداد کے ساتھ نور وجود منضم اور مقترن ہوگا۔ یعنی اس پر نور وجود معہ کمالات تابعہ اپنی کے چمکے گا۔ اور اس کے احکام اور آثار کو قبول کر کے یعنی اگر وہ کالا ہونے والا ہے۔ تو گورے رنگ میں علیٰ ہٰذا۔ اور جو بہت سے اس کے احکام اور آثار ہیں۔ ان حکموں اور آثاروں میں ظاہر ہوگا۔ تب اس کی موجودیت کا حکم کیا جائے گا۔ یعنی اس کا موجود ہونا کہا جائے گا۔ پس ظاہر ہے کہ اس وقت بادشاہ یا امیر یا ساہ یا چور فی الحقیقت دو نوروں کا ایک معجون ہوگا۔ یعنی نورِ علم اور نورِ وجود کا مجموعہ ہوگا۔ اور اس میں شک نہیں ہے۔ کہ وہ دونوں یعنی نور علم اور نور وجود ہستی صرف وجود مطلق کا ضمیمہ ہیں۔ جیسے عاشق کا ضمیمہ عاشق اور معشوق ہیں۔ پس نور علم عاشق ہے۔ جس کو دوسرے لفظوں میں ممکن کہتے ہیں۔ اور نورِ وجود معشوق ہے۔ جس کو دوسرے لفظوں میں واجب کہتے ہیں۔ یا یوں سمجھو کہ نورِ وجود عاشق ہے اور نور علم معشوق کو نور وجود اس سے مقترن اور منظّم ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ اسی کے احکام اور آثار کے لباس میں ظاہر ہوتا ہے۔ اور نورٌ علیٰ نور کے معنی ظاہر کرتا ہے۔ اور باوجود اس کے پھر ان دونوں کی حقیقت وجود مطلق ہستی صرف ہے۔

Marfat.com

سیو ہن میں ساجن پائیونی ہر ہر دے وچہ سمائیونی

یعنی ایک نور دوسرے نورِ علم سے کہتا ہے کہ:

اے سیّو! اب میں نے ساجن کو یعنی نورِ وجود کو پایا ہے۔ جو حق اور معشوقِ حقیقی ہے۔ اور ہر نورِ علم یعنی ہر تجلّی علمی میں وہی سما رہا ہے۔ اور اس نے اس کے احکام اور آثار کا لباس پہن رکھا ہے۔ اور وہی ہے جس نے پردہ میں ایک میم کو مایا ہے۔ اور نام رسولؐ دھرایا ہے۔ فَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ سنایا ہے۔ سیو ہن میں ساجن پائیونی۔ ساجن! تیرے ناز اور ادائیں بھی نرالی ہیں۔ کہ پہلے تو ہی تھا۔ اور میں نہیں تھی۔ فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ کی مرلی بجائی۔ اور کہا اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ کیا میں تمہارا معشوق نہیں ہوں۔ اور پھر آپ ہی سکھایا۔ کہ بلٰی کہ ہاں! تو ہمارا معشوق ہے۔ اے ساجن! تو نے ہی فرمایا ہے۔ کہ میں تمہاری جان سے نزدیک ہوں۔ اور یہ سبق پڑھایا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں۔ اور پتہ کی بات کہی۔ کہ تمہار رخ حجلۂ جان میں بیٹھا ہوں۔ پھر اپنے رخ پر نور پڑ گیا۔ گھونگھٹ ڈالا ہے۔ اور عالم کو یعنی احکام اور آثار ہمارے کو اپنا نقاب کیوں بنایا ہے۔

پوتھی لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ

۱۳۳ اس کا مکھ جوت ہے گھونگھٹ ہے سنسار
دوہڑا گھونگھٹ میں وہ چھپ گیا مکھ پر آنچل ڈار
۱۳۴ ان کو مکھ دکھلائے ہے جن سے اس کی پیت
ان کو ہی ملتا ہے وہ جو اس کے ہیں میت
۱۳۵ منہ دکھلاوے اور چھپے جھل مل ہے جگ دیس
پاس رہے اور نہ ملے اس کے بسوئے بھیس

اور واضح رہے کہ یہ ایک بول چال کا محاورہ ہے کہ اس کے منہ پر گھونگھٹ کہا جاتا ہے۔ وگرنہ بیت

کہاں ہے پردہ کدھر ہے مخفی کب اس کا مکھڑا نقاب میں ہے۔
قصور اپنی نگاہ کا ہے وگرنہ کب وہ حجاب میں ہے

یعنی وہ اپنے رخ پرنور جہان افروز سے بحکم کُلَّ یَوْمٍ هُوَ فِیْ شَأْنٍ. اپنے جلوے اور تجلیاں دکھا رہا ہے۔ یہ جلوے اور تجلیاں اس کی جو ہم کو نظر نہیں آتی ہیں۔ وجہ ان کی یہ ہے کہ ہمارے دل کی آنکھوں پر خواہشات نفسانی کے پردے پڑے ہوئے ہیں۔ اگر خواہشات نفسانی دور ہو جائیں۔ تو ظاہر ہو جائے۔ کہ کوئی شے ایسی نہیں۔ جس میں اس کا جلوہ نہیں۔ ہر شے اس کی جلوہ نمائی کا ایک آئینہ ہے۔

قد تجل العشق فی کل محالی فانظروا
از پس ہر ذرہ تاباں گشت مہر روئے او
من مرایا کل عین قد رایتا عینہ
فا فتحوا اعینا کم حتّٰی ترو مام تبتعوا

اے ساجن! تیرے قربان فثم وجہ اللہ مذکور تساڈا یعنی ان ذرات وجودات کے آئینوں میں جو مراد اعیان ثانیہ عالم سے ہے۔ تیرا ہی منہ نظر آتا ہے۔ اس لئے تیرا ہی نور وجودان میں بھرا ہوا ہے۔ س ہر ہر میں تیرا ہی ظہور ہے۔ اور خصوص انسان کی تو کیا تعریف ہو۔ کہ اس میں تو الانسان سری و انا سرہ تیرا ہی مذکور ہے۔ اور تو نے اپنے سر کو انسان میں چھپایا ہے۔ یعنی اگر چہ عالم کی اور چیزیں بھی تیرے جمال جہاں آراء کا آئینہ ہیں۔ مگر انسان کامل میں تو تو خود ہی جلوہ

Marfat.com

نما ہے یعنی عالم کی اور چیزیں مجالی اور مظاہر تیری صفات کی ہیں اور انسان کامل تیری ذات اور صفات دونوں کا مظہر ہے۔ جس کو چاہتا ہے تو انسان کے آئینہ میں منہ دکھاتا ہے۔ یعنی عالم کی اور چیزوں میں تو اپنا منہ پردہ صفات سے دکھاتا ہے۔ اور انسان میں پردہ اٹھا کر جلوہ فرماتا ہے۔ اے ساجن جب تو نے گھونگھٹ اٹھا کر مجھ کو انسان نے جمال دکھایا۔ تو عین الیقین سے یہ ثابت ہوگیا۔ کہ شاہ عنایت تو ہی بن کر آیا ہے۔ اور بلھا تو نے اپنا نام دھرایا ہے۔ ''سیو ہن میں ساجن پایونی'' ہائے ہائے۔ اے ساجن! تیری لگاوٹ انوٹ۔ تیرا غمزہ آپ ہی تو تو نے منصور کو جام شراب وحدت کا پلایا۔ اور اس کو اس سے مست کیا کہ انا الحق کہلایا۔ پھر آپ ہی تو نے اس کو سولی پر چڑھایا۔

بے حد رمزاں دسدا نی ڈھولن ماہی
میم دی اوٹ وچہ وسدا نی ڈھولن ماہی

اولیاء منصورؒ کہاوے رمز انا الحق آپ سناوے
آپے آپ نوں سولی چڑھاوے تے کول کھلو کے ہسدا نی میرا ڈھولن ماہی

بے حد رمزاں دسدا نی میرا ڈھولن ماہی
میم دی اوٹ وچہ وسدا نی میرا ڈھولن ماہی

میم کی اوٹ اور پردہ میں ہے۔ وسدا یعنی بستا ہے۔ اور میم میں ظاہر ہوا ہے۔
بقول صاحب گلشنؒ راز:

احد در میم احمدؐ گشتہ ظاہر
دریں دور راوّل آمد عین آخر

یعنی احد تو ذات حق کا نام اس وقت ہے۔ جب کہ اس میں تعداد اسماء اور

Marfat.com

صفات نسبت اور تعینات کا اعتبار نہیں ہوتا۔ وہ میم احمدؐ میں کہ تعین محمدی صلی اللہ علیہ وسلم سے ظاہر ہوا ہے۔ اس لئے یہ ظاہر ہے کہ احمد کا امتیاز احد سے صرف میم سے ہے۔ اور میم وہ تعین ہے جو ظاہر ہوا ہے۔ پس اس احد کا مظہر حقیقی حقیقت احمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اور باقی مراتب موجودات کے مظہر حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اور نیز میم احمد صلی اللہ علیہ وسلم سے مراد دائرہ موجودات بھی ہے۔ جو مظہر حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ جیسا کہ مولانا جامیؔ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ز احمد تا احد یک میم فرق است

جہانے اندر آں یک میم غرق است

اور نیز واضح ہو کہ حرف میم کے چالیس عدد ہیں اور مراتب موجودات بھی اگرچہ از روئے جزدیت کے لاتعداد و لاشخصی ہیں۔ مگر از روئے کلیت کے چالیس ہی ہیں۔ اور مجموعہ ان چالیس مرتبوں کلی کا مجلی اور مظہر حقیقت محمدیؐ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے۔ پس آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم من حیث الحقیقت ظاہر او متجلّٰی سب پر ہے۔ اور میم احمدؐ اس لئے کہتے ہیں۔ کہ جمیع مراتب کونیہ اجزاء حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اور سب کی صورت میں معنی مرتب آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہور پایا ہے۔

وہ چالیس مرتبے مراتب کونی کے یہ ہیں۔

(۱) عقل جس کو روح اعظم تعین اول۔ ام الکتاب بھی کہتے ہیں۔

(۲) نفس کل جس کو لوح محفوظ اور کتاب مبین بھی کہتے ہیں۔

(۳) ہیولی جس کو سیادت بیضا جوہری محمدیؐ کتاب مسطور۔ رق منشور بھی کہتے ہیں۔ (۴) طبیعت کلیہ جو مبداء آثار اسماء اور افعال ہے۔ (۵) فلک اطلس جو عرش اعظم ہے۔ (۶) کرسی جو فلک ثوابت

ہے (۷) فلک ہفتم (۸) فلک ششم (۹) فلک پنجم (۱۰) فلک چہارم (۱۱) فلک سوم (۱۲) فلک دوم (۱۳) فلک اوّل (۱۴) زحل جس کو کیواں بھی کہتے ہیں (۱۵) مشتری جس کو برجیس بھی کہتے ہیں۔ (۱۶) مریخ جس کو بہرام بھی کہتے ہیں (۱۷) آفتاب جس کو نیر اعظم بھی کہتے ہیں (۱۸) ناہید جس کو زہرہ بھی کہتے ہیں (۱۹) تیر جس کو عطارد بھی کہتے ہیں (۲۰) قمر جس کو نیر اصغر بھی کہتے ہیں (۲۱) حمل (۲۲) ثور (۲۳) جوزا (۲۴) سرطان (۲۵) اسد (۲۶) سنبلہ (۲۷) میزان (۲۸) عقرب (۲۹) قوس (۳۰) جدی (۳۱) دلو (۳۲) حوت (۳۳) کرہ نار (۳۴) کرہ آب (۳۵) کرہ ہوا (۳۶) کرہ خاک (۳۷) جماد (۳۸) نبات (۳۹) حیوان (۴۰) انسان راس دور یعنی دائرہ موجودات عقل مذکورہ میں اوّل جو عقل کل ہے۔ وہ عین آخر کہ انسان ہوئی یعنی حقیقت عقل جو بصورت انسان کامل تمام ظاہر ہوئی۔ مظہر اور ظاہر ایک ہو گئے۔ نقطہ اول آخر سے مل گیا۔ اور کمال و تمام نشانات انسان کامل واصل میں ظاہر ہوا۔ (کذافی شرح گلشن راز)

پس:

بے حد رمزاں دسدانی ڈھولن ماہی
میم دی اوٹ وچہ وسدا نی ڈھولن ماہی

Marfat.com

کافی نمبر ۶۰

ڈھولا آدمی بن آیا

آپے آہو آپے چیتا آپے مارن دھایا
آپے صاحب آپے بردا آپے مول وکایا

ڈھولا آدمی بن آیا

کہوں ہاتھی تے اسوار ہویا کہوں ٹھوٹھا ڈانگ پھڑایا
کہوں راول جوگی بھوگی ہے ہوں سوانگی سانگ بنایا

ڈھولا آدمی بن آیا

بازی گر نے بازی لائی مینوں پتلی کر کے نچایا
میں اس پر تالی نچنا ہاں جس گت مت یار لکھایا

ڈھولا آدمی بن آیا

ہابیل قابیل آدم دے جائے آدم کس دا جایا
بلھا انہاں تو بھی اگے آیا دادا گود کھلایا

ڈھولا آدمی بن آیا

ڈھولا یعنی معشوق حقیقی آدمی بن آیا۔ یعنی آدمی کیا چیز ہے۔ بحکم اَللّٰہُ نُورُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اسی کا نور ہے۔ اور وہی آدمی بن کر آیا ہے۔

مغربی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

دلا گر دیدہ داری بیا بکشا بد یدارش
زرر خسار پری رویاں بہ بیں خوبی رخسارش

Marfat.com

بازار آمد آں دلبر ز خلوت خانۂ وحدت
تماشا را ببازار آید ببیں بازی بازارش
تو گر دیدہ بدست آرے توانی یار را دیدن
گہے در گیسوت یار و گہے در سلک اغیارش

کہیں وہ نور ہرن بنا اور کہیں چیتا بنا۔ اور کہیں صیاد بن کر آپ ہی اس کو مارنے آیا۔ اور کہیں آپ ہی صاحب بنا۔ اور کہیں آپ ہی غلام بنا۔ اور آپ ہی مول بکا۔ وہ نور آپ ہی ہاتھی بنا۔ اور آپ ہی اس پر سوار ہوا۔ اور آپ ہی سونٹا اور لاٹھی بنا۔ اور آپ ہی اس کو پکڑ کر پھرایا اور وہ نور آپ ہی کہیں جوگی ہوا۔ اور آپ ہی بھوگی ہوا۔ کیا کھیل مچایا ہے۔ جہاں عقل اور فکر سب گم ہیں۔ اور کیا سانگ اس سوانگی نے بنایا ہے۔ جس کے سانگ ہم تم ہیں۔ حقیقت الامر یہ ہے کہ بازی گرنے کیا بازی کھیلی ہے کہ مجھ کو پتلا کر کے نچایا ہے۔ اور میں اس کی تالی پر ناچتا ہوں۔ جس نے مجھ کو وہ یار دکھایا ہے۔

اس کافی میں فنا فی الافعال اور فنا فی الصفات اور فنا فی الذات تینوں منزلوں کو بتایا ہے۔ مثل کاٹھ کی پتلی اپنے تئیں سمجھنا۔ اور فعل کی اضافت اپنی ذات کی طرف کرنا قطعاً بھول جانا۔ اور دل سے ایسا مٹ جانا کہ اگر پھر تکلیف بھی کرے، تو یاد نہ آئے۔ اور جو افعال ان سے صادر ہو رہے ہیں۔ یعنی جو ناچ یہ ناچ رہے ہیں۔ اس کو اس بازی گر پتلی والے کا فعل سمجھنا جو نچا رہا ہے۔ فنا فی الافعال ہے۔ اسی طرح صفات اور کل عالم کی جمیع اور صفات کو حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ کی صفات جاننا اور اس حال میں ایسا مستغرق ہو جانا کہ یہ وہم جو ہو رہا ہے۔ کہ ہم میں اور عالم میں جو صفات ہیں۔ وہ ہمارے ہیں۔ فنا ہو جائے۔ فنا فی الصفات ہے۔ ایسی ہی اپنی

Marfat.com

ذات اور عالم کی ذات کو حضرت حق سبحانہ کی ذات اس طرح جاننا، کہ حضرت حق نے ہی مرتبہ اطلاق سے نزول فرما کر ان صورتوں اور شکلوں میں ظہور کیا ہے۔ سب کچھ وہی ہے۔ غیر حقیقی اس کا موجود نہیں ہے۔ اور اس میں ایسا غرق ہونا۔ کہ یہ وہم جو ہو رہا ہے کہ ہماری ذات اور عالم کی ذات ورائے ذات حضرت حق سبحانہ کی ہے۔ اور اس میں ایسا غرق ہونا۔ فنا ہو جائے۔ فنافی الذات ہے۔ ہر ایک شخص کو یہ مقامات صرف ایسا ہی خیال کرنے سے کہ سب افعال اسی کے ہیں۔ اور سب صفات اسی کے ہیں۔ اور اسی کی ذات کا نور ہے۔ یہ حاصل نہیں ہوتا ہے۔ کیونکہ پہلے اس سے جو وہم دل میں راسخ ہوتا ہے۔ کہ جو کچھ کرتے ہیں وہ ہم کرتے ہیں۔ اور جو صفتیں ہمارے میں ہیں۔ وہ ہماری ہیں۔ اور جو ذات ہماری ہے۔ وہ ورائے نور ذات حق کے ہے۔ صرف اس خیال سے وہ دور نہیں ہوتا۔ اور جڑ اس وہم کی دل سے نہیں کٹتی۔ اوّل تو ہم اس یقین کو کہ ہمارے فعل اور ہمارے صفات اور ہماری ذات اسی کے فعل اسی کے صفات اسی کی ذات میں ہیں۔ پاس نہیں آنے نہیں دیتا۔ احوال ظاہر جو برعکس اس کے ہو رہا ہے۔ وہ اسی طرح کے شبہات اس میں ڈالتا ہے۔ اور اگر کسی سعید ازلی کو اس کا یقین بھی آجاتا ہے۔ تو وہ صرف خیال سے جمتا نہیں۔ وہ خیال مثل بجلی کے آتا ہے۔ اور چلا جاتا ہے۔ قیام اس کو نہیں ہوتا۔ ان اعمال کو جن سے یہ خیال جمے اور قائم ہو۔ اور وہم کی جڑ دل سے ایسی کٹ جائے۔ کہ پھر اگر تکلیف بھی کریں تو وہم پیدا نہ ہو۔ سلوک کہتے ہیں۔ سلوک فنافی الافعال اور فنافی الصفات کا کسی قدر آسان ہے۔ کہ اس کو اکثر اشخاص رات دن کی توجہ خاص سے حاصل کر لیتے ہیں۔ مگر فنافی الذات کا حاصل کرنا مشکل ہے۔ مرشدوں نے اس کا اس طرح راہ بتایا ہے۔ (دیکھو رسالہ حضرت سید محمد کانپوری قدس سرہ اور

Marfat.com

اشعۃ اللمعات اور سلسلۃ الذہب مولانا جامؔی قدس سرہ) کہ تمام عالم کو ایک آئینہ فرض کرو۔ اور اس میں جمال حق کا ہمیشہ دیکھتے رہو۔ اور اس کسب میں ایسے مقید ہو کہ ایک لحظہ اور لمحہ دل اور دیدہ سے یہ دور نہ ہووے۔ اور ہمیشہ اسی خیال میں رہے۔

بیت

اے خنک جانے کہ در ہر آئینہ
دید روئے یار خود در آئینہ

جب یہ خیال نہایت کو پہنچ جائے گا۔ تو کچھ چیزیں نمودار ہوں گی۔ اور لذتیں پائی جائیں گی۔ پھر اس سے ترقی کرے اور آگے بڑھ کر تمام عالم کو حق جانے جو ان شکلوں اور صورتوں میں ظاہر ہے۔ یہاں تک کہ آدمی کو یوں کہے:

ڈھولا آدمی بن آیا
آپے صاحب آپے بردا آپے مول وکایا

غرض غیریت حقیقی کا خیال نہ آنے دے اور کہے:

رباعی جامؔیؒ

اے غیر ترا بسوئے تو سیرے نے
خالی از تو مسجدے نہ دیرے نے
دیدم ہمہ طالباں و مطلوباں را
آنجملہ توئی و درمیاں غیرے نے

اور اس خیال میں ایسی مداوت اور مواظبت کرے کہ کوئی ساعت کوئی وقت

Marfat.com

اس خیال اور تصور سے خالی نہ ہو۔ اور اس بات میں بڑی سعی ایسی چیز ہے۔ کہ آدمی کو مقصود تک پہنچاتی ہے۔ اس تصور کے انتہا میں کچھ دیکھے گا۔ اور طرح طرح کی لذتیں پائیگا مگر اس بات کا خیال رہے کہ اس تصور میں احکام شریعت کو نہ چھوڑے کہ وہ حفظ مراتب ہے۔

گر حفظ مراتب نہ کنی زندیقی

پھر اس سے بھی ترقی کرے اور آگے چلے۔ اور اپنے تئیں بیچ میں سے اٹھالے۔ اور اپنے وجود وہمی کی نفی کرنے میں اور وجود حق کے اثبات میں کوشش کرے۔ یعنی آنکھیں بند کر کے ایسا تصور کرے کہ جس کو میں جانتا تھا۔ وہ میں نہیں ہوں۔ حق ہے کہ اس صورت میں ظاہر ہوا ہے۔

رباعی جامیؒ

از ہمہ عجز و نیستی مطلوب است
ہستی و تو ابعش زما مسلوب است
ایں اوست پدید آمدہ در صورت ما
ایں قدرت وفعل ازاں بما ملقوب است

ایضاً

کنا شیون ذاتک فی وحدت البطون
مرنا سوال حیث فقلیت فی الشیون
مارا از ذات وفعل و صفت ہیچ بہرہ نیست
جز آنکہ تو بصورت ما آمدی بروں

Marfat.com

شاہ نیاز احمد بریلوی

ہمہ ایں صفات و ذاتم کہ بعالم مشہود است
بخدا کہ اوست پیدا بلباس ماسوائے

اس تصور کی مداومت اور مواظبت یہاں تک کرے کہ اپنے تئیں بھول جائے۔ اور اپنے تئیں تمام عالم کو حق دیکھے اور حق جانے۔ جب یہ تصور غالب آئے گا۔ یہاں تک کہ اپنے تئیں بھول جائے۔ دیکھنے والا جس کو دیکھا گیا۔ ایک ہو جائے گا۔ حجاب اُٹھ جائے گا۔ وصول حاصل ہو جائیگا۔

بیت

کہ ہموں شاہد و ہموں مشہود
غیر اونیست در جہاں موجود

اے وہمی! کہ تو اس بات کو کہ ڈھولا آدمی بن آیا۔ یقین نہیں کرتا۔ اور اس کو خلاف ہدایت عقل اور خلاف قیاس بتاتا ہے۔ اور کہتا ہے۔ کہ ایسا نہیں ہو سکتا۔ سوچ تو سہی کہ اگر اس کو مانا جائے۔ کہ ہابیل و قابیل آدم کے جائے ہیں۔ پھر بتا کہ آدم کس کا جایا ہے۔ یعنی اگر تو اپنے سے آدم تک سلسلہ قائم بھی کرے گا۔ تو وہ سلسلہ آدم تک ختم ہو جائے گا۔ اور آگے نہ جائیگا۔ اس بات کے سننے سے کہ ڈھولا آدمی بن کر آیا ہے۔ تجھ کو کیا تعجب ہوتا ہے۔ میں ایک بات اس سے بھی زیادہ تعجب کی کہونگا کہ میں ہابیل اور قابیل اور آدم سے بھی پہلے ہوں۔ اور میں نے دادا گود کھلایا ہے۔ یہ ایک بڑے اسرار کی بات ہے۔ ہر کندہ ناتراش غبی الذہن ناواقف زبان خاص صوفیہ کرام اس کو سمجھ نہیں سکتا۔ کہ دادا کس طرح گود میں کھلایا ہے۔ اس

Marfat.com

کو یوں کہ دادا یہاں اصطلاح خاص ہے۔ اور دادا تیسرے درجے مافوق پر ہے۔ جو بمنزلہ داد ہے۔ اور اعیان ثانیہ بمنزلہ پوتے کے ہے اور عالم ظہور میں حضرت وجود کا احکام اور آثار ہر عین ثانیہ کا لباس اور پوشاک پہن کر ظاہر ہوتا ہے۔ تو عین ثانیہ گویا دادا کو گود کھلاتی ہے۔ پس اس بات کو جان لو کہ الفاظ باپ اور دادا اور ماں اور فرزند جو کہیں صوفیہ کے کلام میں آتے ہیں۔ ان سے مراد وہ باپ دادا اور ماں اور فرزند نہیں ہوتے ہیں۔ جو ہماری زبان میں باپ دادا اور ماں کہلاتے ہیں۔ بلکہ وہ ایک خاص اصطلاح ہے۔ اس لئے لازم ہے کہ ان الفاظ کے معنی اصطلاح صوفیہ کرام کے لئے جاویں اور اپنی اصطلاح کے معنی سمجھ کر حیرت میں نہ پڑیں۔ ورنہ وہی حال ہوگا۔ جو درمیان بانکے ٹیڑھے خاں کا ہوا۔ اور جس نے نوکروں سے مار کھائی۔ کسی صوفی بزرگ نے ان الفاظ کی اصطلاح کو ایک شعر میں اس طرح فرمایا ہے:

بیت

(دیکھو شرح لمعات شیخ عبدالغنی شطاری رحمۃ اللہ علیہ)

وجود ہست پدر عین ثانیہ مادر
جہاں شناس چو فرزند و وائگاں اسماء

حضرت منصور حلاج رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

ولدت امی ابا ھا و ان زا من اعجبات
و انا شیخ کبیر فی حجور المرضعات

یعنی میری ماں نے اپنے باپ کو جنا۔ اور یہ بڑی ایک اچنبھے کی بات ہے اور

Marfat.com

میں ایک بوڑھا دائیوں کی گود میں ہوں۔ کسی نے یوں بھی اس کو کہا ہے کہ انا طفل صغیر فی حجور الرضعات کہ میں ایک چھوٹا سا بچہ دائیوں کی گود میں ہوں اس شعر میں باپ سے مراد وجود اور ماں سے مراد عین ثانیہ اور دائیوں سے مراد اسماء الٰہی ہے۔

مولانا روم قدس سرہ بھی اس میں فرماتے ہیں:

(دیکھو لطائف اشرفی جلد ثانی مطبوعہ صفحہ نمبر ۴۲)

ازاں مادر کہ من زادم وگر بارہ شدم جفتش

از انم گیر مے خوانند با مادر زنا کردم

اس کی تشریح اگر زیادہ دیکھنی ہو۔ تو پوتھی لا الہ الا اللہ کی دوہری نمبر ۱۳۰ کی شرح کو پڑھئے۔ یہاں اسی پر اکتفاء کیا گیا ہے۔ جب اولیاء کرام صوفیائے عظام عین ولایت سے دیکھ کر یہ فرماتے ہیں۔ کہ جو کچھ عالم شہادت اور غیب میں ہے۔ سب اسی کے نور کا ظہور ہے۔ تو یقیناً اس کو جانو۔ کہ الفاظ ڈھولا اور رانجھا۔ جو زبان پنجابی میں اولیائے کرام کی کلام میں آتے ہیں۔ ان سے مراد معشوق حقیقی کی ہوتی ہے۔ اور یہ فرمانا سچ ہے کہ:

کافی نمبر ۶۱

رانجھا جوگیڑا بن آیا

ایس جوگی دے نین کٹورے | بازاں وانگوں لیندے ڈورے

مکھ ڈٹھیاں دکھ جاون جھورے | انہاں اکھیاں لعل ونجایا

رانجھا جوگیڑا بن آیا

ایس جوگی دی ایہ نشانی　　کن وچہ منداراں گل وچہ گانی
صورت ایس دی ہے لاثانی　　ایہ الفوں احد بنایا
رانجھا جوگیڑا بن آیا
رانجھا جوگی تے میں جوگیانی　　اس دی خاطر بھرساں پانی
اینویں پچھلی عمر وہائی　　اس ہن آن مینوں بھرمایا
رانجھا جوگیڑا بن آیا
بلھا شوہ دی ایہ اگت پائی　　پیت پرانی شور مچائی
ایہ گل کیونکر چھپے چھپائی　　نی تخت ہزاریوں آیا
رانجھا جوگیڑا بن آیا

رانجھا یعنی معشوق حقیقی جوگیڑا بن گیا۔ جیسے رانجھے نے اپنے آپ کو چھپایا تھا۔ اور ہیر کے پاس جوگی کا بھیس بدل کر آیا تھا۔ ویسا ہی حضرت الوجود عالم الاطلاق سے عالم تقلید میں بھیس بدل کر آیا ہے۔ جن کی آنکھوں پر پردہ ہے۔ وہ اس بھیس میں ان کو نہیں پہچانتے۔ جوگی ہے۔ یعنی غیر اس کا جانتے ہیں۔ ہاں ہیر ہی اس کو پہچانتی ہے۔ کہ یہ جوگی نہیں رانجھا ہے۔ ایسے ہی عاشقان خدا عارفان حق پہچانتے ہیں۔ کہ ہر شے غیر حقیقی اس کی نہیں ہے۔ حضرت حق معشوق حقیقی ہے۔ جو ان صورتوں میں ظاہر ہوا ہے۔ اور جیسے ہیر کو اس جوگی کی صورت سے محبت ہوتی ہے۔ اور جیسے وہ جوگی اس کو پیارا لگتا ہے۔ ایسے یہ عارف کو ہر شے پیار لگتی ہے۔ یہاں تک کہ بالخصوص جوگی کی شان نہایت ہی پیاری معلوم ہوتی ہے۔ کہتا ہے کہ:

ایس جوگی دے نین کٹورے
بازاں دا نگر لیندے ڈورے

Marfat.com

مکھ ڈٹھیاں دکھ جاون جھورے
ایہناں اکھیاں لعل ونجایا
رانجھا جوگیڑا بن آیا
ایس جوگی دی ایہ نشانی
کن وچہ منداں گل وچہ گانی
صورت اس دی ہے لاثانی
اس الفوں احد بنایا
رانجھا جوگیڑا بن آیا
''رانجھا جوگی تے میں جوگیانی''

یہ رانجھا اگر جوگی ہے۔ تو میں جوگن ہوں۔ یہ میرا عاشق ہے۔ تو میں اس کی عاشق ہوں۔ آئندہ اس کے فرمان کی تابع رہوں گی۔ کہ اس کا پانی بھرا کرونگی۔ پچھلی عمر تو ہجر کی گزری۔ مگر الحمد للہ کہ اب اس نے مجھ کو بھرمایا ہے۔ اور اپنا دیوانہ بنایا ہے۔ اور اس بات کو میں نے جانا ہے کہ یہ پرانی پیت نے شور مچایا ہے۔ اور یہ بات اب چھپانے سے نہیں چھپتی۔ وہ تو تخت ہزارے سے یعنی عالم اطلاق سے آیا ہے۔ اور جوگیڑا بن آیا ہے۔

کافی نمبر ۶۲

ٹک بوجھ کون چھپ آیا ہے
کس بھیکھی بھیکھ ڈرایا ہے
جس نہ درد دی بات پائی
اس پریم نگر وچہ جھات پائی

او بھال ہوئے اوہ ڈب موئے
او کیونکر چندری جایا ہے
ٹک بوجھ کون چھپ آیا ہے
مانند پلاس بنایوئی
میری صورت چا لکھایوئی
مکھ کالا کر دکھلایوئی
اس سیاہی رنگ لگایا ہے
ٹک بوجھ کون چھپ آیا ہے
اک رب داناں خزانہ ہے
ٹھگ چوراں یاراں دانہ ہے
اس رحمت دا خصمانہ ہے
سنگ خوف رقیب بنایا ہے
ٹک بوجھ کون چھپ آیا ہے
دوئی دور کرو کوئی شور نہیں
ایہ ترک ہندو کوئی ہور نہیں
سب سادھ لہو کوئی چور نہیں
ہر گھٹ وچہ آپ سمایا ہے
ٹک بوجھ کون چھپ آیا ہے
اینویں قصے کاہنوں کرنائیں
اینویں گلستان بوستاں پڑھانائیں

Marfat.com

اینویں بے موجب کیوں لڑنائیں
کس الٹا بھید پڑھایا ہے
ٹک بوجھ کون چھپ آیا ہے
شریعت ساڈی دائی ہے
طریقت ساڈی مائی ہے
اگوں حق حقیقت پائی ہے
تے معرفتوں کجھ پایا ہے
ٹک بوجھ کون چھپ آیا ہے
کس بھیکھی بھیکھ وٹایا ہے
ہے ورلی بات بتاون دی ر
تسیں سمجھو دل تے لاون دی
کوئی گت وسواس پاون دی
ایہ کیوں بھیت بنایا ہے
ٹک بوجھ کون چھپ آیا ہے
کس بھیکھی بھیکھ وٹایا ہے
ایہ پڑھنا علم ضرور ہویا
پر دسناں نا منظور ہویا
جس دسیا سو منصور ہویا
ایس سولی پکڑ چڑھایا ہے
ٹک بوجھ کون چھپ آیا ہے

Marfat.com

مینوں کسب نہ فکر تمیز کیتا
دکھ تن عارف بازید کیتا
کر زہد کتاب مجید کیتا
کسے بے محنت نہیں پایا ہے
ٹک بوجھ کون چھپ آیا ہے

اس دکھ تے کچر بھاگیں گا
رہیں ستا کد توں جائیں گا
پھر اٹھدا رون لاگیں گا
کسے غفلت مار سلایا ہے
ٹک بوجھ کون چھپ آیا ہے

عین غین دی صورت اک ٹھرا
اک نقطے دا ہے فرق بڑا
جد نقطہ دل تھیں دور کرا
پھر غین و عین جتایا ہے
ٹک بوجھ کون چھپ آیا ہے

جیہڑا من وچہ لگا دوارے
ایہ کون کہے من موا رے
عنایت سب تن ہوا رے
پھر بلھا نام دھرایا ہے
ٹک بوجھ کون چھپ آیا ہے

Marfat.com

یعنی ذرا سوچ اور غور کر کہ کون چھپ آیا ہے۔ اور کس بھیکھی یعنی بہروپیہ نے بھیکھ وٹایا ہے۔ یعنی لباس بدلا ہے۔ اور روپ بنایا ہے۔ مگر عاشقوں اور درد مندوں کا سوچ اور فکر اس بات کو پہنچتا ہے۔ کہ اسی کا نور ہے جس کا یہ سب ظہور ہے۔ بے درد اور بے عشق کو یہ بات حاصل نہیں ہوتی۔ جس نادرد کی بات پائی۔ یعنی جس نے درد کی لذت نہیں پائی۔ اس پریم نگر نہ جھات بات پائی۔ یعنی اس کا شہر عشق میں گزر نہیں۔ بے درد اور بے عشق حقیقی کے کتنا ہی اس بات کے حاصل کرنے کیلئے دوڑ دوڑ کر مرے۔ اور ڈوبے۔ کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ نہیں معلوم یعنی چندری نے ایسے کو کیونکر جنا تھا۔ پس اے دردمندان درد حقیقی۔ اے عاشقان معشوق تحقیقی دوئی کو دور کر۔ اور دوئی کو ہرگز نہ مانو! پھر کوئی شور نہ رہے گا۔ اور جب دوئی کو دور کر دو گے۔ اور وجود کی وحدت کو مانو گے۔ تو پاؤ گے۔ کہ یہ ترک ہندو کوئی اور نہیں ہے۔ وہی اس کا نور ہے۔ جو ترک ہے۔ اور وہی اس کا نور ہے۔ جو ہندو ہے۔ پس از روئے حقیقت سب کو سادھ کہو۔ چور کسی کو نہ کہو۔ ہر گھٹ میں وہی ایک سما رہا ہے۔ اور اے عامی عقل اور وہم کے بہکانے سے اس امر میں طرح طرح کے قصے کس لئے بناتا ہے۔ اور ان قصہ ہائے بے معنی کی گلستان بوستان کو کیوں پڑھتا ہے۔ اور جو بات سمجھ میں نہ آوے اس پر ناحق لڑتا ہے۔ معلوم ہوا کہ اس نے الٹا وید پڑھا دیا ہے۔ ہست کو نیست اور نیست کو ہست بنا دیا ہے۔ اس بات کو سوچ کہ عالم میں کون چھپ کر آیا ہے۔ یہ علم حقیقت اور سبق محبت پڑھنا تو ضرور ہوا مگر اس معشوق حقیقی کو یہ معلوم نہیں ہے۔ کہ اس کو ظاہر کیا جاوے۔ اور عوام کو اس کا پتہ دیا جاوے۔ جس نے زبان سے نکالا۔ وہی منصورؒ ہوا۔ اور اس معشوق حقیقی نے اس کو سولی پر چڑھایا۔ وہ ایسا غیور ہے کہ یہ اس کو بالکل منظور نہیں ہے کہ اس راز کو کس

Marfat.com

طرح عام میں فاش کرتا ہے۔ وہ مثال منصورؒ کے سولی پاتا ہے۔ تجھ کو چاہئے کہ عین اور غین کی صورت ایک ٹھہرا۔ یعنی عالم اور حق کو از روئے حقیقت کے ایک ہی جان! ہاں ان میں ایک نقطہ کا پھیر پڑا ہے۔ اور وہ نقطہ کیا ہے۔ تعیّن۔ جب وہ نقطہ دل سے دور کرا۔ یعنی تعیّن سے قطع نظر ہوگئے۔ اور حقیقت میں محو ہونے سے تعیّن آنکھوں کے سامنے اٹھ گیا۔ تو غین یعنی الم سے عین کو یعنی حق پایا۔ اور اس بات کو یقیناً جان لو کہ جس کے دل میں مرض لادوا لگ گیا یعنی دوئی غیرت حقیقی کی اس کے عقیدے میں ایسی راسخ ہوگئی کہ کسی طرح وحدت وجود کو نہیں مانتا اور یہی کہتا ہے کہ عالم کی ہستی مستقل اور ہے۔ اور حق کی ہستی اور۔ اور پھر کون کہہ سکتا ہے۔ کہ اس کا نفس مرگیا ہے۔ ہاں! ہم نے جو دوئی کو دور کرا۔ اور اس مرض سے صحت پائی۔ تو پایا کہ سرسے پاؤں تک شاہ عنایت قادری قدس سرہ معشوق حقیقی ہیں۔ اور اس معشوق حقیقی نے اپنا نام بلّھا رکھایا ہے۔ اے رفیق! دیکھ تو سہی کہ کون چھپ کر آیا ہے۔

کافی نمبر ۶۳

کون آیا پہن لباس کڑے
تسیں پچھو نال اخلاص کڑے
ہتھ کھونڈی موہندے کمبل کالا
اکھیاں دے وچہ دسے اجالا
چاک نہیں کوئی ہے متوالا
پچھو بٹھا کے پاس کڑے
کون آیا پہن لباس کڑے

Marfat.com

تسیں پچھو نال اخلاص کڑے
چاکر چاک نہ اس نوں آکھوں
ایہ نہ خالی گھڑی گھاتوں
وچھڑیا ہویا پہلی راتوں
آیا کرن تلاش کڑے
کون آیا پہن لباس کڑے
تسیں پچھو نال اخلاص کڑے
نہ ایہ چاکر چاک کہیں دا
نہ اس ذرہ شوق نہیں دا
نہ مشتاق ہے دودھ دہیں دا
نہ اس بھکھ پیاس کڑے
کون آیا پہن لباس کڑے
تسیں پچھو نال اخلاص کڑے
بلھا شوہ لک بیٹھا اوہلے
دسے بھیت نہ مکھ سے بولے
بابل در کھیڑیاں توں ٹولے
بر مانڈا مانڈے پاس کڑے
کون آیا پہن لباس کڑے
تسیں پچھو نال اخلاص کڑے

Marfat.com

کافی نمبر ۶۴

میری بکل دیوچہ چور نی میری بکل دیوچہ چور نی
کہنوں کوک سنانواں نی میری بکل دیوچہ چور نی
چوری چوری نکل گیا جگت وچہ پے گیا شور
میری بکل دیوچہ چور نی میری بکل دیوچہ چور نی
مسلمان سویاں تے ڈردے ہندو دوڑے گور
دونویں ایسے دے وچہ مردے ایہو دوہاندی کھور
میری بکل دیوچہ چور نی میری بکل دیوچہ چور نی
کتے رام داس کتے فتح محمدؐ ایہو قدیمی شور
مٹ گیا دوہاں دا جھگڑا نکل پیا کجھ ہور
میری بکل دیوچہ چور نی میری بکل دیوچہ چور نی
عرش منور ملیاں بانگاں سنیاں تخت لہور
شاہ عنایت کنڈیاں پایاں لک چھپ کھچدا ڈور
میری بکل دیوچہ چور نی میری بکل دیوچہ چور نی

میری بکل میں چور ہے۔ میری بکل میں چور۔ اے رفیقو! کس کو پکار کر سناؤں؟ کہ میری بکل میں یعنی میری احکام آثار کے پردے میں چور یعنی معشوق حقیقی وجود اضافی ہے۔ چوری سے آیا اور چوری سے نکل گیا۔ اس چوری سے آنے جانے کا عالم میں شور پڑ رہا ہے۔ کہ نہ کسی کو اس کے آنے کی خبر ہوتی ہے۔ نہ جانے کی۔ کہیں اس کا نام رام داس ہے اور کہیں فتح محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہے۔ مٹ گیا

Marfat.com

دوہاں دا جھگڑا۔ یعنی جب وہ دونوں اسم امر اعتباری فرضی مٹ گئے۔ اور محو ہو گئے تو نکل پڑا کوئی اور۔ یعنی وہ حقیقت ظاہر ہوئی جس کی طرف نہ نسبت رام داس کی کرسکتے ہیں۔ اور نہ فتح محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی۔

کافی نمبر ۶۵

اک نقطہ یار پڑھایا ہے — اک نقطہ یار پڑھایا ہے
عین غین دی ہکا صورت — اک نقطے شور مچایا ہے
اک نقطہ یار پڑھایا ہے
سسی دا دل لٹن کارن — ہوت پنوں بن آیا ہے
اک نقطہ یار پڑھایا ہے
بلھا شوہ دی ذات نہ کائی — میں شوہ عنایت پایا ہے

اک نقطہ یار نے یعنی مرشد نے پڑھایا ہے کہ:

بجز او نیست در سرائے وجود — بہ حقیقت دگر کسے موجود

عین اور غین اور عالم کی آرزوئے حقیقت کے ایک ہی ہستی جان۔ ہاں! ایک ہی نقطے یعنی تعیّن نے شور مچایا ہے۔ جو ایک کو دوسرے سے الگ اور متمیز کر دیا ہے۔ جب نقطہ دور کر دیا جائے۔ یعنی تعیّن سے قطع نظر کی جائے۔ تو پھر دونوں ایک ہیں۔ یعنی عالم ندارد ہوتا ہے۔ اور حق یعنی حضرت الوجود لاتعیّن ہی رہتا ہے۔ اس نقطہ کو جو کہ اصلی نقطہ ہے کہ ایک نور سب کی اصل ہے۔ یار یعنی مرشد نے پڑھایا ہے۔ اور یہ بتایا ہے کہ جس طرح آدم کی اصل مٹی ہے۔ ایسے ہی ہر شے کی اصل نور ہستی حق ہے۔ فرض کرو کہ زمین و آسمان عرش اور فرش سب مٹی کے بنے ہوئے ہیں۔ اور

Marfat.com

وہ مٹی نور وجود حق ہے۔ تو کچھ شک نہیں ہے کہ:

کافی نمبر ٦٦

ماٹی کدم کریندی یار ماٹی کدم کریندی یار

ماٹی جوڑ ماٹی گھوڑا ماٹی کا اسوار

ماٹی ماٹی نوں دوڑادے ماٹی کا کھڑکارا

ماٹی کدم کریندی یار

ماٹی ماٹی نوں مارن لگی ماٹی دے ہتھیار

جس ماٹی پر بہتی ماٹی تس ماٹی ہنکار

ماٹی کدم کریندی یار

ماٹی باغ باغیچہ ماٹی ماٹی دی گلزار

ماٹی ماٹی نوں ویکھن آئی ماٹی دی بہار

ماٹی کدم کریندی یار

ہس کھیڈ مڑ ماٹی ہوئی ماٹی پاؤں پسار

بلھا جاں ایہ بجھارت بجھی لاہ سروں بھوئیں مار

ماٹی کدم کریندی یار

یعنی سب کچھ مٹی کا بنا ہوا ہے۔ اور چونکہ مٹی نور وجود اور نور ہستی ہے تو سب کچھ اس کے نور کے بنے ہوئے ہیں۔ اور جب تو نے اس بجھارت اور پہیلی کو بوجھ لیا تو ہستی موہومی کو جو تیرے سر پر چڑھی ہوئی ہے۔ سر سے اتار کر زمین پر مارا اور یوں یہ کہہ کہ اللہ ولا سواہ. ولا موجود الا اللہ دوسری مثال سن کہ:

Marfat.com

کافی نمبر ۶۷

بنسی اچرج کا ہن بجائی

بنسی والیا چا کا رانجھا　　تیرا سر سب نال ہے سانجھا
تیریاں موجاں ساڈا مانجھا　　ساڈی سرتیں آپ ملائی
بنسی اچرج کا ہن بجائی

بنسی والیا کاہن کہاویں　　سب دا نیک انوپ سناویں
اکھیاں دیوچہ نظر نہ پاویں　　کیسی بکھڑی کھیل رچائی
بنسی اچرج کا ہن بجائی

بنسی سب کوئی سنے سناوے　　ارتھ اس کا کوئی وِرلا پاوے
جو کوئی انحد کی سر پاوے　　سو اس کا سودائی
بنسی اچرج کا ہن بجائی

سنیاں بنسی دیاں گھنگھوراں　　کوکاں تن من وانگوں موراں
ڈٹھیاں اس دیاں توڑاں جوڑاں　　اک سر دی سب کلا اٹھائی
بنسی اچرج کا ہن بجائی

اس بنسی دا لماں لیکھا　　جس نے ڈھونڈا اتس نے دیکھا
ساڈی اس بنسی دی ریکھا　　اس وجودوں صفت اٹھائی
بنسی اچرج کا ہن بجائی

بلھا پچ پئے تکرار　　بوہے آن کھلوتے یار
رکھیں کلمہ نال بیوپار　　تیری حضرت بھرے گواہی
بنسی اچرج کا ہن بجائی

Marfat.com

اس بنسی دے پنج ست تارے آپ اپنی سر بھر دے سارے
اک سر سب دیوچہ دم مارے ساڈی اس نے ہوش بھلائی
بنسی اچرج کاہن بجائی

جیسے رانجھا اور ڈھولا پنجابی بولی میں معشوق حقیقی کو کہتے ہیں۔ ایسے ہی برج بولی میں کاہن معشوق حقیقی کا نام ہے۔ اور بنسی سے مراد یہاں نفس رحمانی کی پائی جاتی ہے۔ ایک راگ بجانے والے سے کہتا ہے کہ اے کاہن! تو نے عجب بنسی بجائی ہے۔ جس سے ہمارا ظہور ہے ہم جتنے راگ اور راگنیاں ہیں۔ تیرا سر سب کے ساتھ شامل ہے۔ پھر تو آنکھوں سے نظر نہیں آتا ہے۔ ایک ہی سر کی تو نے سب کلا اٹھائی ہے۔ اس بنسی کے جو پانچ سات تار ہیں۔ وہ سب اپنے اپنے سر آپ ابھرتے ہیں۔ اور باوجود اس کے پھر ایک سر سب میں دم مارتا ہے۔ اس ایک سر نے ہماری ہوش بھلادی ہے۔ کہ اگر ظہور پر نظر کرتے ہیں۔ تو ہر ایک تار اپنا اپنا سر الگ الگ بھر رہی ہے۔ اور راگوں کو کہ یہ بھیروں ہے اور یہ مالکونس ہے اور یہ دیپک وغیرہ۔ چھ راگ اور چھتیس راگنیاں اور ان کے پتر اور ان کی داسیاں ہیں۔ الگ الگ پتہ دے رہے ہیں۔ اور حقیقت پر نظر کریں تو وہی ایک سر سب میں دم مارتا ہے۔ اور اسی کا سب ظہور ہے۔ وہ سر از روئے حقیقت کے ان سروں اور راگوں اور راگنیوں اور ان کے پتر اور داسیوں کا جو بمنزلہ ایک عالم کے ہیں۔ عین ہے۔ اور از روئے اعتبار کے غیر اسی طرح نور ہستی حق باعتبار حقیقت کے سب کا عین ہے۔ اور باعتبار اس کے ہر عین ثابت کیلئے نئے نئے آثار اور نئے نئے احکام ہیں۔ ظاہر ہوتا ہے کہ غیر ہے۔ پس اگر کوئی اس کو غیر حقیقی نہ جانے تو وہ حرماں میں ہے۔ اور اگر غیر اعتباری نہ مانے تو گھاٹے میں ہے۔ کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ.

Marfat.com

دونوں خرابیوں سے نکلتا ہے۔ تیسری مثال نمو:

کافی نمبر ۶۸

سب اکوروں کوائی دا اک آپ سروپ وٹائی دا
روڑی تے جو گدو چارے سوبھی واگی گائیں دا
سب اکوروں کوائی دا
اک آپ سروپ وٹائی دا
سب نگراں وچہ آپے وسے ادھا مہرگرائیں دا
سب اکوروں کوائی دا
اک آپ سروپ وٹائی دا
ہر جی میں ہر جی ہو کھیلے سدیا چائیں چائیں دا
سب اکوروں کوائی دا
اک آپ سروپ وٹائی دا
عشق مشک دی ساز کی جانے کتا سور سرائیں دا
سب اکوروں کوائی دا
اک آپ سروپ وٹائی دا
سارے تسنوں ویکھ ہمیشہ ایہو ورشن سائیں دا
سب اکوروں کوائی دا
اک آپ سروپ وٹائی دا
باغ بہاراں جے توں لوڑیں چا کر تھیوی ارائیں دا

Marfat.com

سب اکوروں کوائی دا
اک آپ سروپ وٹائی دا
بلھا شوہ دی ذات کی پچھیں شاکر ہو رضائیں دا
سب اکوروں کوائی دا
اک آپ سروپ وٹائی دا

یعنی جس قدر روئی کے کپڑے ہیں۔ جیسے پگڑی۔ انگرکھا۔ کرتہ۔ پاجامہ۔ یہ سب روئی کے ہیں۔ اور کچھ نہیں۔ یعنی از روئے ظہور اور صورت کے وہ ایک دوسرے کے غیر اعتباری ہیں۔ اِلا از روئے حقیقت کے ایک دوسرے کے عین ہیں کہ سوائے روئی ے اوران میں کچھ نہیں ہے۔ مگر انگرکھا یوں کہے کہ میں روئی نہیں ہوں۔ پاجامہ کہے کہ میں روئی نہیں ہوں۔ تو وہ جھوٹے ہیں۔ پس اے پیارے معشوق حقیقی حضرت الوجود ہم نے تم کو پہچان لیا ہے۔

کافی نمبر ۶۹

کینویں لا مکانے وسدے ہو
تسیں ہو رنگ دیوچہ دسدے ہو
کن فیکون میں آپ کہایا میں باجھوں ہور کیہڑا آیا
عشقوں سب ظہور بنایا عاشق ہو کے دسدے ہو
کینویں لا مکانے وسدے ہو
تسیں ہو رنگ دیوچہ دسدے ہو

Marfat.com

پچھو آدم کس نے آندا ہے کتھوں آیا ہے کتھے جاندا ہے
اوتھے کس دا تینوں لانجھا ہے اوتھے کھادانہ اٹھ نسدے ہو

کینوں لا مکانے وسدے ہو
تسیں ہو رنگ دیوچہ وسدے ہو

آپ ستاوین آپے گانویں اپنی وحدت آپ بجھاویں
ہتھوں قول سرو دسنانویں کتے جاہل ہو کے نسدے ہو

کینوں لا مکانے وسدے ہو
تسیں ہو رنگ دیوچہ وسدے ہو

توہیں ستاویں توہیں گانویں انا الحق کی تار ہلاویں
منصور سولی تے چاچڑھاویں اتے کول کھلو کے ہسدے ہو

کینوں لا مکانے وسدے ہو
تسیں ہو رنگ دیوچہ وسدے ہو

کتے رومی ہو کتے زنگی ہو کتے ٹوپی پوش فرنگی ہو
کتے مے خانے وچہ بھنگی ہو کتے مہر مہر رل وسدے ہو

کینوں لا مکانے وسدے ہو
تسیں ہو رنگ دیوچہ وسدے ہو

کتے ہو سکندر طرف نوشاباں ہور سول لیاویں کتاباں
یوسف ہو کے اندر خواباں زلیخا دل کھسدے ہو

کینوں لا مکانے وسدے ہو
تسیں ہو رنگ دیوچہ وسدے ہو

Marfat.com

بلھا شوہ عنایت عارف ہے اوہا میرے دل دا وارث ہے
میں لوہا تے اوہ پارس ہے ملت اوسے دے سنگ گھسد ےے ہو
کینویں لا مکانے وسدے ہو
تسیں ہو رنگ دیوچہ وسدے ہو

لامکانی تم کس کو بتاتے ہو۔ تم ہر رنگ میں بستے ہو۔ یہاں تک کہ رومی اور زنگی بھی تم ہی ہو۔ اور حبشی اور فرنگی بھی تم ہی ہو اور میخانہ میں بھنگی بھی تم ہی ہو۔ اور علائق کے توڑنے والے کو بھی بنظر حقیقت دیکھو تو سب کچھ وہی ہے۔ اور بھنگی کہنے سے کچھ بے ادبی اس کی ذات مقدس کی نہیں ہوتی۔ کہ یہ حقیقت کا بیان ہے۔ اور حقیقت نفس الامر اسی طرح ہے۔ جس طرح بیان کی جاتی ہے۔ وہ ناواقف اور نادان ہیں۔ جو اس لفظ سے کچھ بے ادبی حضرت حق کی سمجھتے ہیں۔ ہر چند کہ ایسے اسرار حقیقت کا عوام سے مخفی رکھنا اچھا معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس کے ظاہر کرنے میں خوف لغزش فہم عوام ہے۔ مگر کیا کیا جائے۔

کافی نمبر ۷۰

منہ آئی بات نہ رہندی اے
جھوٹھ آکھاں تے کجھ بچدا اے
سچ آکھاں بھانبڑ مچدا اے
جی دوہاں گلاں توں جچدا اے
جچ جچ کے جیبھا کہندی اے
منہ آئی بات نہ رہندی اے

Marfat.com

اک لازم بات ادب دی اے
سانوں بات معلوم سب دی اے
ہر ہر وچہ صورت رب دی اے
کہو ظاہر کہوں چھپ دی اے
منہ آئی بات نہ رہندی اے
جس پایا بھیت قلندر دا
راہ کھوجیا اپنے اندر دا
سکھ داسی ہے اس مندر دا
منہ آئی بات نہ رہندی اے
ایتھے دنیا وچہ اندھیرا اے
ایتھے تلکن بازی وہڑا اے
اندر وڑ کے ویکھو کیہڑا اے
باہر خفتن پئی ڈھونڈی اے
منہ آئی بات نہ رہندی اے
ایتھ لیکھاں پاؤ پسارا ہے
اس دا وکھرا بھیت نیارا ہے
اک صورت دا چمکارا ہے
جیویں چنگ دارو وچہ پیندی اے
منہ آئی بات نہ رہندی اے
کتے نار ادا دکھلائی دا

Marfat.com

کتے ہو رسولؐ ملائی دا
کتے عاشق بن بن آئی دا
کتے جان جدائی سہندی اے
منہ آئی بات نہ رہندی اے
جدوں ظاہر ہوئے نور ہوریں
جل گئے پہاڑ کوہ طور ہوریں
تدوں دار چڑھے منصور ہوریں
اوتھے شیخی میںڈھی نہ تینڈھی اے
منہ آئی بات نہ رہندی اے
جے ظاہر کراں اسرار تائیں
سب بھل جاون تکرار تائیں
پھر مارن بلھے یار تائیں
ایتھے مخفی گل سوہندی اے
منہ آئی بات نہ رہندی اے
اساں پڑھیا علم تحقیقی اے
اوتھے اِک حرف حقیقی اے
ہو جھگڑ حب ودھیکی اے
اینویں رولا پاپا بہندی اے
منہ آئی بات نہ رہندی اے
بلھا شوہ اساں تھیں دکھ نہیں

Marfat.com

بن شوہ تھیں دوجا ککھ نہیں
پر ڈیکھن والی اکھ نہیں
تائیں جان پئی دکھ سہندی اے
منہ آئی بات نہ رہندی اے

یعنی بات منہ پر آئی ہوئی نہیں رہتی۔ اور نکل جاتی ہے اور علی الخصوص جب کہ عشق کا زور اور وحشت کا شور ہے۔ تو پھر زبان بے قابو ہو جاتی ہے۔ منہ پر آئی ہوئی بات نہیں رہتی اور کیسے رہے۔ کہ اس کو مرتبہ قرب فرائض کا تیرا ہی دیا ہوا ہوتا ہے۔ اور تو ہی اس وقت میں متکلم اصلی ہے۔ جس کی خبر مخبر صادق صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح دی ہے۔ وھو ینطق علٰی لسان عمر پھر اسے تو نے عجب کھیل بنایا'' کہ جھوٹھ آکھاں تے کجھ بچدا اے''۔ یعنی اگر عام نافہموں روبرو یہ بات کہہ دوں۔ کہ میں اور ہوں اور وہ اور ہے۔ میں بھی ورائے ہستی حق کے ایک ہستی مستقل رکھتا ہوں۔ تو شور اور شر فتنہ عوام سے بچتا ہوں۔ ''سچ آکھاں تے بھانبڑ امچد اا ے''۔ یعنی اگر یہ بات کہہ دوں کہ جو کچھ ہے۔ اس کی ہستی کا ظہور ہے اور میں اپنی ذات سے عدم محض لاشے مطلق ہوں۔ تو بھانبڑ مچدا ہے۔ وہ اس سے یہ سمجھتے ہیں۔ کہ اپنے تئیں خدا کہتا ہے نعوذ باللہ منہا۔ اور اس سے شور و شر، فتنہ و فساد شریعت اور طریقت میں اٹھتا ہے۔ وہ اپنی نافہمی سے اتنا نہیں سمجھتے۔ کہ جب میں اپنی ذات سے عدم محض اور لاشے مطلق ہوں۔ تو پھر خدا کیسے ہو سکتا ہوں۔ اور عدم محض اور انقلاب کس طرح وجود سے ہو سکتا ہے۔ کہ انقلاب ماہیت محال ہے۔ بڑی مشکل درپیش ہے کہ ''جی دوہاں گلاں توں بچدا ہے''۔ یعنی یہ بھی نہیں جانتا۔ کہ میں جھوٹ بولوں اور اپنی ہستی مستقل ورائے ہستی حق کے بتاؤں۔ اور حقیقت الامر کہ جو یہ

Marfat.com

ہے۔ ایک ہستی مطلق کا ظہور ہے۔ غیر اس کا عدم محض ہے۔ چھپاؤں اور یہ بھی نہیں ہو سکتا کہ عوام میں شور و شر و فساد مچاؤں۔ مگر آخر سچ سچ کے جیبھا کہندی ہے۔ منہ آئی بات نہ رہندی ہے۔ یعنی خواہ کچھ ہی ہو، سچ بولنا چاہئے۔ اور جو بات منہ پر آ گئی ہے کہ:

بیت

ہستی تو بہ ہستی کہ بجز ذات تو نیست
ما نیست بذات خود ولے ہست تبو

کہنا ہی پڑتا ہے۔ مگر ہاں ایک لازم بات ادب دی ہے یعنی از راہ ادب کے۔ گو کہ عشق کے ولولہ میں ادب مشکل ہے یہ بات ہے کہ کہو کہ ہر ہر و چہ صورت رب دی ہے۔ کس طرح صورت کہہ دینے سے پردہ رہ جاتا ہے۔ اور ایس عینیت حقیقی اور غیریت اعتباری قائم رہتی ہے۔ جیسے مرأت یعنی مرأت آئینہ اور صورت رائے میں ہوتی ہے۔ کہ صورت عین بھی ہے۔ اور غیر آئینہ بھی۔ اور گو کہ ہو بہو تمثیل اس کی نہیں ہے۔ کس لئے کہ خلق میں آئینہ اور شے ہے۔ اور دیکھنے والا اور۔ اور اس ذات مقدس کا آئینہ اس کی ذات اقدس کا تجلّی ہے۔ اور کچھ نہیں۔ اس لئے مولانا جامی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ:

گویند دل آئینہ و آئین عجب نیست
در روئے شاہدان خود بین عجب است
در آئینہ روئے شاہدان نیست عجب
خود شاہد و خود آئینہ ایں عجب است

مگر سمجھانے کیلئے کافی ہے کہ:

Marfat.com

قطعہ شارع گلزار

آئینہ ساخت عالم و خود را بخود نمود
عکس جمال اوست نہاں وعیاں کہ ہست
چوں حسن او بنقشِ جہاں کردہ جلوہ
ظاہر نمود ایں ہمہ کون و مکاں کہ ہست

رباعی جامی علیہ الرحمۃ

معشوقہ یکے است لیکہ بنہادہ بہ پیش
از بہرہ نظارہ صد ہزار آئینہ پیش
در ہریک ازاں آئینہ ہا بنمود
بر قدر صفالت و صفا صورت خویش

اور وہ صورت کیسی ہے کہ کہوں ظاہر کہوں چھپندی ہے یعنی وہ کہیں تو صورت ظاہر ہوتی ہے۔ اور کہیں چھپ جاتی ہے۔ یعنی جس کا آئینہ دل صیقل شدہ ہوتا ہے۔ اور زنگ خواہشات طبیعت اس سے دور ہو جاتا ہے۔ اس آئینہ میں وہ ظاہر ہوتی ہے۔ اور جس کے دل کو زنگ خواہشات نفس کہا جاتا ہے۔ اس میں نظر نہیں آتی ہے۔ مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ:

ذات حق با ہمہ صفات بہم
جز وجوب د وجود و نعمت قدم
در حقائق باسرہا ساویست
در مجازی جسم و جان جاریست

Marfat.com

لیکہ زر دئے خود نکشائید
ہیچ جا جز بقدر استعداد

ہاں! ''جس پایا بھیت قلندر دا'' یعنی جس نے قلندر کی مستی کا بھید پایا اور صوفیائے کرام کی اصطلاح میں قلندر بندر نچانے والے کونہیں کہتے ہیں۔ بلکہ اس کو کہتے ہیں۔ جو بعد ادائے فرائض اور سنت مؤکدہ کے ہر دم توجہ الی اللہ اعراض وعن ماسوائے اللہ کا عامل ہو۔ یعنی جو ہر دم اللہ کی طرف توجہ رکھے اور ماسوائے سے منہ پھیرے رکھے۔ اور ایسا کون ہوسکتا ہے سوائے عاشق کے کہ وہ سوائے معشوق کے اور کسی طرف نظر نہیں کرتا۔

صنمارا قلندر سزوار بمن نمائی
کہ در از دور دیدم راہ و رسم پارسائی

اور جو قلندر کے معنی بندر نچانے والے کے بھی لئے جاویں جو نفس کے بندر کو نچاتا ہے۔ اور اس کو اپنے قابو میں کر رکھا ہو۔ نہ یہ کہ بندر کے قابو میں وہ ہو۔ پس جس نے یہ بھیت قلندر کا پایا۔ اور اپنے اندر کا راہ کھوجیا۔ یعنی اپنی حقیقت کو تلاش کیا اور وہم کو چھوڑا۔ ''وہ واسی ہے سکھ مندر دا'' یعنی وہ سکھ مندر اور سرور مطلق کا باشی یعنی رہنے والا اور ساکن ہے۔ کے ساتھ مندرجہ حقیقت مطلقہ وحدت ساذج ہے۔ جہاں چڑھی ہے نہ لہندی ہے۔ یعنی نہ وہاں شرق ہے نہ غرب ہے۔ کس لئے کہ دائرہ حقیقت مطلقہ میں یہ نسبتیں معدوم ہیں۔ جب وہ ظاہر ہوا تو کوہ طور جل گیا۔ اور منصورؒ سولی پر چڑھ گیا۔ وہاں میری اور تیری کیا شیخی چلتی ہے۔ بروقت ظہور اس نور کے چپ رہیں۔ اس حال میں کچھ شک نہیں ہے۔ کہ ''منہ آئی بات نہ رہندی اے'' اگر میں ان اسرار کو جو مجھ پر ظاہر ہوئے ہیں۔ ظاہر کردوں اور کشف وکرامات

Marfat.com

سے ان کو جو اس کی استعداد رکھتے ہیں۔ اس معشوق حقیقی نورٌ علیٰ نور کو دکھا دوں۔ تو سب تکرار بھول جاویں۔ اور یوں ہی کہیں کہ بلھا سچ کہتا ہے۔ ہاں جو لوگ جنم کے اندھے ہو گئے ہیں۔ اور جن میں کبھی استعداد اس نور حقیقی کے دیکھنے کی نہ ہو گی وہ بلھے یار کو مارنے آئیں گے۔ پس تاوقتیکہ عقل ہے۔ سرِ توحید کو مخفی طور سے اور پردے سے رکھنا ہی مناسب ہے۔ البتہ جب شور عشق ہوتا ہے۔ اور وحشت زور کرتی ہے تو ''منہ آئی بات نہ رہندی ہے''۔ ہم نے علم حقیقت اور معرفت کو علم الیقین سے پڑھتا ہے۔ اور اس میں حرف حقیقی اور لفظ تحقیقی وجود ہی تحقیق اور اصلی ہے۔ اور سب جھگڑا اور فضول ہے۔ کتنی ہی باتیں بتا دیں۔ اور کتنا ہی شور مچا دیں اور کسی کا وجود حقیقی ثابت نہیں رہتا۔

رُباعی جامی علیہ الرحمۃ

تا چند حدیث جسم و ابعاد و جہات
تا کے سخن معدن و حیوان و نبات
یک ذات فقط بود محقق نہ ذوات
ایں کثرت وہمی زشیون است صفات

پس:

منہ آئی بات نہ رہندی اے
بلھا شوہ تھیں دکھ نہیں
بن شوہ تھیں دوجا ککھ نہیں
پر ویکھن والی اکھ نہیں

Marfat.com

تائیں جان پئی دکھ سہندی اے

منہ آئی بات نہ رہندی اے

یعنی اے بلّھا! شوہ یعنی معشوق حقیقی ہمارا ہم سے جدا نہیں ہے۔ یعنی یہ نہیں کہ ہماری ہستی مستقل اور بلکہ یہ بات ہے کہ ہماری ذات عدم مطلق اور اس کی ذات وجود مطلق ہے۔ اور جو کچھ ظہور میں ہے۔ اسی کے نور علم اور نور وجود کا ظہور ہے۔ جو نورٌ علیٰ نور ہے۔ پس جو کچھ تیری نظر میں آئے۔ اس کو معشوق حقیقی کا جلوہ جان:

ہر چہ بینی یار ہست اغیار نیست

غیر او جز وہم و جز پندار نیست

مگر کیا کیا جاوے کہ اس کیلئے دیکھنے والی آنکھ نہیں ہے خواہشات نفسانی میں گرفتار ہونے کے باعث چشم بصیرت میں موتیا بند ہو گیا ہے۔

بر جمال لیک ہو معکم جلوہ ہاست

لیک سرکس لائق دیدار نیست

اسی وجہ سے جان جدائی کا دکھ سہتی ہے۔ اور اس یار حقیقی سے جدا رہتی ہے۔ نہیں نہیں۔ تو اس سے جدا نہیں ہے اندھے ہونے کی وجہ سے اس کے جمال جہاں افروز کے دیدار سے محرومی ہے۔

طالب صادق کی ملاقات

عالم ظاہری سے اور اس کی کچھ گفتگو

ایک روز میاں طالب صادق عشق حقیقی میں متوالے ہوئے اور جھومتے ہوئے انارکلی بازار میں جاتے تھے۔ کہ سامنے سے ان کے ایک لنگوٹے یار۔ ہم مکتب جن

Marfat.com

کا ظاہر کچھ اور باطن کچھ اور تھا۔ عالمانہ صورت بنائے ہوئے شملہ مقدار علم باندھے ہوئے عصاء ہاتھ میں لئے ہوئے آنکلے۔ انہوں نے ان کو نہ پہچانا۔ پوچھا۔ تو کون ہے؟ طالب صادق نے جواب دیا:

کافی نمبر ا ۷

میں چوریڑیاں سچے صاحق دی سرکاروں
دھیان کی چھجلی گیان کا جھاڑو گیان کرو دھ نت جھاڑوں
میں چوڑیڑیاں سچے صاحب دی سرکاروں
میں چوڑیڑیاں سچے صاحب دی سرکاروں
قاضی جانے حاکم جانے فارغ خطی بیگاراں
دنے رات میں ایہو منگدی دور نہ کر درباروں
میں چوڑیڑیاں سچے صاحب دی سرکاروں
تدھ باجھوں میرا اہور نہ کوئی کینوں کھوں پکاروں
بلھا شوہ عنایت کر کے نجرا ملے سرکاروں

ایضاً دیگر کافی نمبر ۲ ۷

میں چوڑیڑیاں سچے صاحب دی سرکاروں
پیروں ننگی سروں جھنڈولی سنہیا آیا یاروں
تر مڑ انت کجھ بندا نہیں کی لیساں سنساروں
میں پگڑاں چھجلی تے حرص اڈاواں چھٹاں مالگزاروں

Marfat.com

میں چوڑیاں سچے صاحب دی سرکاروں
ہندو ترک نہ ہندے اسیں دو جرمے ترے جرمے
حلال حرام پچھاتا ناہیں اسیں دوہاں تے نہیں بھرے
گوا پیر برکھ اسانوں سبھاں جیہیاں سبنھاں توں سرداراں
میں چوڑیاں سچے صاحب دی سرکاروں
گھنڈی منڈی دا بوہل بہایا بخرا لیا دیداروں
جھنڈ مکھ پیا توں لیا شرم رہے درباروں
بلھا شوہ دے ہو کے رہیئے چھٹ گئے کار بیگاروں
میں چوڑیاں سچے صاحب دی سرکاروں

کافی نمبر ۳۷

ہندو ناں نہیں مسلمان — بہے ترنجن تج ابھمان
سنی ناں نہیں ہم شیعہ — صلح کل کا مارگ لیا
بھکھے ناں نہیں ہم رجے
ننگے ناں نہیں ہم کجے
روندے ناں نہیں ہم ہسدے — اجڑے ناں نہیں ہم وسدے
پاپی ناں سدھرمی ناں — پاپا پن کی راہ نہ جاناں
بلھا شوہ جو ہر چیت لاگے
ہندو ترک دو جن تیاگے

کیونکہ ذات میری عدم مطلق ہے۔ وہ صلاحیت ہندو یا مسلمان ہونے کی نہیں رکھتی۔ جیسے مولانا شمس تبریزی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے:

Marfat.com

چہ تدبیرے مسلماناں کہ من خود رانمید انم
نہ ترساؤ یہودی ام نہ گبرم نے مسلمانم

مگر ہاں

کافی نمبر ۴۷

مینوں عشق ہلارے دیندا
منہ چڑھیا یار بلیندا

کی پچھدا ایں ذات صفات تیری   اوہو آدم والی ذات میری
نحن اقرب دا وچہ گھات میری   وچہ رب دا سر جھلیندا
مینوں عشق ہلارے دیندا
منہ چڑھیا یار بلیندا

کتے شیعہ اے کتے سنی اے   کتے جٹا دھاری کتے منی اے
میری سب سے فارغ کنی اے   جو کہاں سو یار مینیندا اے
مینوں عشق ہلارے دیندا
منہ چڑھیا یار بلیندا

بلھا دوروں چل کے آیا جی   اوہدی صورت نے بھرمایا جی
اوسے پاک جمال وکھایا جی   اوہ ہک دم نال بھلیندا
مینوں عشق ہلارے دیندا
منہ چڑھیا یار بلیندا

اس گرفتار ظاہر نے سن کر کہا۔ کہ آپ وہ ہیں جو مکتب میں پڑھتے تھے۔ اور

Marfat.com

''الف'' سے آگے کچھ نہیں آتا تھا۔ اور کوٹیچر نام تھا۔ کہاہاں!

کافی نمبر ۵۷

وے کوٹیچر میرا ناں
وے کوٹیچر میرا ناں

ملاں مینوں سبق پڑھایا الفوں اگے کجھ نہ آیا
اس دی جتیاں کھاناں
وے کوٹیچر میرا ناں

کویں کویں دو اکھیاں لایاں رل کے سیاں مارن آیاں
نی چھڈ دے گا بابل ماں
وے کوٹیچر میرا ناں

ساہورے سانوں وڑن نہ دیندے نانک دادک گھروں کڈھیندے
میرا پیکے نہیوں تھاں
وے کوٹیچر میرا ناں

پڑھن سیتی سب مارن آہیں بن پڑھیاں ہن چھڈ دا ناہیں
نی میں مڑ کے کت ول جاں
وے کوٹیچر میرا ناں

بلھا شوہ کی لایا مینوں مت کجھ لگے اوہی تینوں
تد کریں گا توں نیاں
وے کوٹیچر میرا ناں

Marfat.com

یعنی میں وہی ہوں جس کا نام کو ٹیچر ہے۔ اور الف سے آگے جس کو کچھ نہیں آیا۔ جب کچھ نہیں آیا۔ تو میں نے اور بہت مشقت اٹھا کر پیارے یار سے اکھیاں ملائیں۔ تو پھر ''سب سیاں'' میری یعنی سارے دوست اور سب رفیق مجھ کو مارنے آئے۔ اے یار! اس آنکھیں لگانے کا مزا مجھ سے کیا پوچھتا ہے؟ مجھ سے بچ ایسا نہ ہو۔ کہ یہ مرض تجھ کو بھی لگ جائے۔ اور خدا کرے کہ تجھ کو بھی یہ مرض لگ جائے۔ پھر تو انصاف کرے کہ اس اکھیاں لگانے کا اور یار کے عشق میں خراب اور خستہ حال پھرنے کا کیسا مزہ ہے؟ اور کیسی بہار ہے اے یار!

کافی نمبر ۶۷

عشق دی نویں نویں بہار

جاں میں سبق عشق دا پڑھیا مسجد کولوں جیوڑا ڈریا
ڈیرے جا ٹھاکر دے وڑیا جتھے وجدے ناد ہزار

عشق دی نویں نویں بہار

جاں میں رمز عشق دی پائی مینا طوطا مار گوائی
اندر باہر ہوئی صفائی جت ول دیکھاں یارو یار

عشق دی نویں نویں بہار

ہیر رانجھے دے میلے ٹھلی ہیر ڈھونڈیندی بیلے
رانجھا یار بکل وچہ کھیلے سدھ نہ رہیا سرت سنبھال

عشق دی نویں نویں بہار

بید قرآناں پڑھ پڑھ تھکے سجدے کردیاں گھس گئے متھے

Marfat.com

نہ رب تیرتھ نہ رب مکے　　جس پایا تِس نور دیدار

عشق دی نویں نویں بہار

پھوک مصلّٰی تے بھن سٹ لوٹا　　نہ پھڑ تسبیح عاسا سوٹا

عاشق کہندے دے دے ہوکا　　ترک حلالوں کھا مردار

عشق دی نویں نویں بہار

عمر گوائی وچ مسیتی　　اندر بھریا نال پلیتی

کدے نماز وحدت نہ نیتی　　ہن کی کرنائیں شور پکار

عشق دی نویں نویں بہار

عشق بھلایا سجدہ تیرا　　ہن کیوں اینویں پاویں پھیرا

بلھا ہوندا چپ تیرا　　پر عشق کریندا مارو مار

عشق دی نویں نویں بہار

یعنی اے یار! جب میں نے سبق پڑھا۔ تو مسجد سے دل میرا ڈرا۔ مسجد سے مراد یہاں وہ مسجد نہیں ہے۔ جس کو عوام مسجد کہتے ہیں۔ بلکہ ہماری اصطلاح میں مسجد سے ہر شے مراد ہے۔ جو سجدہ گاہ دل ہے۔ مغربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

سوے وجود آدم خوش بسجود آدم

بود سجود گاہ من کائنات تو

پس سرجا مقصود ماسوائے جس کی طرف دل ہے۔ اور میں جس میں سجدے اس مقصود کو کرتا ہے۔ مسجد سے اور وہ مقصود قبلہ ہے۔ اس سے دل میرا ڈرا۔ اور اس ماسوائے کو عشق نے جلایا۔ العشق نار یحرق ماسوی اللہ اور خانہ دل میں جو ہر مقصود ماسوائے ایک ٹھاکر بنا کر بیٹھا تھا۔ اور دل ٹھاکر دوارہ ہو رہا تھا۔ اور جس میں

Marfat.com

ہزاروں ناداور سنکھ مقصودات ماسوائے اللہ کے بجتے تھے۔ جا گھسا۔ اوراس کی صفائی میں مشغول ہوا۔ کسی کا شعر ہے:

بہ بیں کرامت بت خانہ مرا اے شیخ
کہ چوں خراب شود خانۂ خدا گردد

اور جب میں نے عشق کی رمز پائی تو مینا اور طوطے کو مار ڈالا۔ مینا سے مراد یہاں نفس اور طوطے سے مراد شیطان ہے۔ یہ دونوں ملے رہتے ہیں۔ جیسے کسی مینا اور طوطے کی کہانی ہے۔ کہ کسی جا مینا اور طوطے پلے ہوئے تھے۔ اور سر راہ پنجرے ان کے لٹکے رہتے تھے۔ کوئی راہرو اس طرف نکلتا تھا۔ تو مینا کہتی تھی کہ میاں مسافر ادھر آنا جب وہ پاس آتا تو اس سے پیسہ مانگتی۔ طوطا کہتا تھا۔ کہ حرام زادی! تو پیسہ کیا کرے گی؟ پھر مسافر سے کہتا کہ میاں پیسہ دے کر دیکھو۔ یہ کیا کرے گی۔ جب وہ مسافر مینا کو پیسہ دیتا تو طوطا اس سے کہتا۔ دھر گولگ میں۔ اسی طرح نفس اور شیطان کا حال ہے۔ نفس کسی اپنے سے کام کی خواہش کرتا ہے۔ شیطان پاس سے اس کام کے کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ جس کو وسوسہ کہتے ہیں۔ جب ان دونوں کو مار دیا:

اندر باہر ہوئی صفائی جتول ویکھاں یاروّیار

پھر تو ہیر اور رانجھے کے میلے ہو گئے۔ اور معلوم ہوا کہ ہیر بھولی ہوئی رانجھے کو ڈھونڈھتی پھرتی تھی۔ رانجھا تو بکل میں کھیلتا تھا۔ جب وہ ظاہر ہو گیا۔ تو اس کے جمال باکمال کے جلوے سے کچھ سرت اور ہوش نہ رہی۔ اپنا آپ سب بھول گئی۔ اور

رانجھا رانجھا کردی نی میں آپے رانجھا ہوئی
سدونی مینوں دھیدو رانجا ہیر نہ آکھو کوئی

Marfat.com

اے یار! وہ لوگ جو ظاہر میں اپنے آپ کو سنوارے رکھتے ہیں۔ وہ اپنی خرابی ہائے باطن کو دور نہیں کرتے۔ وہ طلب خدا میں وید اور قرآن شریف پڑھ پڑھ کر تھک گئے۔ اور سجدے کرتے کرتے ماتھے ان کے گھس گئے۔ مگر خدا نہ ملا کیونکہ سمت معین کی طرف ڈھونڈتے ہیں۔ اور یہ نہیں جانتے کہ رب نہ کسی تیرتھ میں ہے۔ اور نہ مکے میں۔ جس نے اس کو پایا ہے۔ مرشد کے نور سے پایا ہے۔ اے پیارے یار! اس ظاہری مصلّٰی کو پھونک دے۔ اور عصاء توڑ ڈال۔ اور بناوٹ کی تسبیح کو ہاتھ میں نہ پکڑ۔ سن! جو عاشق ہیں۔ وہ پکار کر یہ کہتے ہیں۔ اور تصوف کی ساری کتابوں میں یہ بات بڑی تاکید سے لکھی ہے۔ کہا گر تو باطن کی صفائی چاہتا ہے۔ تو حلال کو ترک کر۔ یعنی کھانے پینے وغیرہ کو حد ضرورت میں کام میں لا۔ یعنی عزیمت پر عمل کر۔ اور فضول اور ضرورت سے زیادہ جو حلال ہے۔ جسے ضرورت سے زیادہ کھانا۔ پینا۔ پہننا وغیرہ باقتضائے حظ نفس ہے۔ اس کو رک کر یعنی رخصت سے بچ۔ اور مردار یعنی غم اور غصہ کو کھا۔ پھر دیکھ کہ عشق کی کیا کیا نئی بہاریں ہیں۔ اے یار! ان بہاروں کا کیا بیان ہو۔ جب شورش عشق ہوتی ہے۔ تو ہم اپنے معشوق اپنے جانی سے کہتے ہیں:

عشق بھلایا سجدہ تیرا
ہن کیوں پاویں اینویں جھیڑا
بلھا ہوندا چپ تیرا پر عشق کریندا مار و مار
عشق دی نویں نویں بہار

اے یار! میرا کیا حال پوچھتا ہے؟

کافی نمبر ۷۷

الفؔ اللہ نال رتا دل میرا ب دی خبر نہ کائی
ب پڑھ دیاں مینوں سمجھ نہ آوے لذت اول دی پائی
عین تے غین نوں سمجھ نہ جاناں گل الف سمجھائی
بلھا شاہ قول الف دے پورے جیہڑے دل وچہ رکھن صفائی

اے یار! الف اور ب کے اصلی معنی وہ الف اور ب نہیں ہیں۔ جو مکتب میں ملاں لوگ پڑھاتے ہیں۔ یہی سبب تھا۔ جو مجھ کو ب نہیں آتی تھی۔ اور میں یوں کہتا تھا۔

ملاں مینوں ماردا ای
ملاں مینوں ماردا ای
ملاں مینوں سبق پڑھایا الفوں اگے کجھ نہ آیا
اوہ توب ہی ب پکاردائی
ملاں مینوں ماردا ای

اور مجھ کو افسوس یہ تھا۔ کہ کوئی میرا مطلب نہیں سمجھتا تھا۔ اے یار! اس بات کو جان۔ کہ عاشقان اللہ کی اصطلاح میں الف اللہ کو کہتے ہیں۔ اور ب عالم کو کیا اچھا فرمایا ہے۔ میر حسن حسینی قدس سرہ نے ؎

در حساب ابجد یک ب دو
دور ابجد عشق اوّل و بے تو

یا یوں سمجھو! کہ ''الف'' ذات حق کو کہتے ہیں۔ اور ''ب'' ذات عالم کو ذات حق

ومطلق موجود ہے۔اورذات علم عدم مطلق اس باب میں مولانا جامی کی تقریر میں۔
(دیکھوشرح رباعیات)

رباعی

در عیاں حرف در صورت مختلفند
لیکن ہمہ در ذات الف موتلفند
ازروئے تعین ہمہ باہم غیر اند
در روئے حقیقت ہمہ عین افند

واضح ہوکہ الفؔ دوطرح کا ہوتا ہے۔ایک کولفظی الفؔ کہتے ہیں۔دوسرے کو خطی الفؔ۔الفؔ لفظی وہ صورت ممتد اور مطلق ہے جوکسی مخرج خاص سے صدور ہونے یانہ ہونے کے مقیدنہ ہو۔اورلفظی خطی وہ امتداد خطی ہے۔جواشکال مختلفہ فیہ کے کسی شکل میں مقید ہونے یانہ ہونے کے مقیدنہ ہو۔پس الف لفظی حقیقت حروف لفظیہ کے ہے۔جومخارج مخصوصہ پرگزرنے کی وجہ سے کیفیات مختلف سے مقید ہوگیا ہے۔اوراسامی مختلفہ کثیرہ سے مسمّٰی ہوا ہے۔الف خطی حقیقت حروف رقمیہ کے ہے۔جواشکال مختلفہ میں متشکل اور نامہائے بسیار میں نامزد ہوا ہے۔اوران دونوں تقدیروں میں الف وجود مطلق کی مماثلت پردال ہے۔جوموجودات مقید کی اصل ہے۔اورجس میں کوئی قیدنہیں ہے۔مگرظہوراس کابدوں ضمن وجود مقید کے نہیں ہوسکتا۔اورحقیقت مقید بانصمام ایک قید کے ہے۔اورمقیدات باعتبار خصوصیات قیود کے مغائزایک دوسرے کے ہیں۔اوراعتبارحقیقت مطلقہ کے عین ایک دوسرے کے ہیں۔پس حقیقت جمیع اجزاءوجود کی ایک وجود احد ہے۔جو

Marfat.com

صورت تعینات موجودات میں چھپنے کی وجہ سے ایسا ظاہر ہوا ہے۔ اوران کے تنوعات کے ملا۔ بس زمین میں ظہور کرنے کی وجہ ایسا محتجب ہوگیا ہے۔ جیسے کہ ظہور الفؔ کا حروف میں اور چھپنا اس کا ان کی کیفیات اور اشکال میں ہے۔ انتہٰی کلام مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ۔

اس سے ظاہر ہوگیا ہے۔ کہ الفؔ سیدھے خط کو نہیں کہتے ہیں۔ جو تختی پر سب سے پہلے لکھا جاتا ہے۔ اس لئے کہ وہ کو ایک متداد خطی ہے۔ الا ایک شکل میں مقید ہے۔ اور نیز الف اس آواز کو نہیں کہتے۔ جو الفؔ الف زبر آ۔ بے زبر الف با تے زبر الف تا کی تختی میں آوار دیتا ہے۔ بلکہ وہ ایک ایسا ہے۔ جیسا کہ راگوں میں اصلی سر اور لے ہوتی ہے۔ جس سے ہر راگ اور راگنی بنتے ہیں۔ جو ان راگ اور راگنیوں کی خاص سروں اور لئیوں کی سے مطلق ہے۔ یعنی جو ان سب سروں اور لئیوں کی جان ہے۔ کیا اچھا فرمایا ہے۔ حضرت عزیز الدین کاستی قدس سرہ نے فرمایا:

رباعی

(دیکھو نفحات صفحہ ۳۱۴)

دل گفت مرا علم لدنی ہوس است
تعلیم کن گرت بدیں دسترس است
گفتم کہ الف گفت دگر گفتم ہیچ
در خانہ اگر کس است یک حرف زبس است

پس اے میرے یار!

Marfat.com

کافی نمبر ۷۸

اک الف پڑھو چھٹکارا اے!

اس الفوں دو تن چار ہوئے پھر لاکھ کروڑ ہزار ہوئے
پھر اوتھوں بے شمار ہوئے ہک الف دا نکتہ نیارا اے

اک الف پڑھو چھٹکارا اے!

کیوں پڑھناایں گڈ کتاباں دی سر چائی آپنڈ عذاباں دی
ہن ہویا شکل جلاداں دی اگے پینڈا مشکل بھارا اے

اک الف پڑھو چھٹکارا اے!

ہن حافظ حفظ قرآن کریں پڑھ پڑھ کے صاف زبان کریں
پھر نعمت وچہ دھیان کریں من پھر دا جیوں ہرکارا اے

اک الف پڑھو چھٹکارا اے!

بلھا بی بوہڑ دا بویا سی اوہ برچھ وڈا چا ہویا سی
جد برچھ اوہ فانی ہویا سی پھر رہ گیا بی اکارہ اے

اک الف پڑھو چھٹکارا اے!

یعنی ایک الف کے پڑھنے سے چھٹکارا ہے۔ کون سا الف؟ جو وجود مطلق ہے۔ نہ وہ الف جو تختی پر سب حرفوں سے پہلے لکھا جاتا ہے، کہ وہ مقید ہوتا ہے۔ نیز الف کا ایک عدد ہے اس ایک سے دو۔ تین۔ چار بلکہ ہزاروں۔ لاکھوں۔ کروڑوں اور بے شمار ہو گئے ہیں۔ بلکہ دو اور تین اور چار اور ہزار اور لاکھ اور کروڑ میں وہی ایک ہے۔ دوسرا کوئی نہیں ہے۔ کس لئے کہ دو ایک کے چار بار ہونے کو اور تین

Marfat.com

ایک کے تین بار ہونے اور چار ایک کے چار بار ہونے کو کہتے ہیں۔ یہ بیان اس طرح سمجھ میں آ سکتا ہے۔ فرض کیجئے کہ ایک شخص ناخواندہ ہے۔ اس نے دو روپے کسی کو دیئے۔ دیوار پر اس نے دو لکیریں اس طرح کر لیں۔ (۱۱) پھر تین روپے دیئے تو تین لکیریں اس طرح کر لیں (۱۱۱) پھر چار روپے دیئے۔ تو چار لکیریں اس طرح کر لیں۔ (۱۱۱۱) دیکھو! ان سب میں ایک ہی عَدد ہے۔ کسی نے اس کا اختصار اس کو بتایا۔ کہا دو کے عدد کو شکل ۲ میں اور تین کے عَدد کو شکل ۳ میں اور چار کے عدد کو شکل ۴ میں بناؤ۔ دیکھو! یہ ہندسہ بھی اپنی شکل میں ایک ہی ہے۔

رباعی

صاحب ترجمہ عوارف دیکھو نفحات ۳۱۴

کثرت چوں نیک درنگری وحدت است
مار اشکے نماند دریں گر تر اشکے است
در ہر عدد و زروئے حقیقت بنگری
در صورتش نہ بینی دور مادہ یکے است

رباعی

(دیکھو تذکرہ غوثیہ صفحہ ۱۳۷ مطبوعہ اوّل)

آثار، تعینات چوں یافت یکے
کثرت ہمہ وحدت است بے شبہ شکے
چوں نکتۂ عصفر شد نہاں از رقمت
بنگر کمہ دہ و صد و ہزار است یکے

Marfat.com

رباعی جامی

در مذہب اہل کشف و اربابِ خرد
ساریست احد در ہمہ افراد عدد
زیرا کہ عدو گرچہ برون است ز حد
ہم صورتش و ہم مادۂ است احد

رباعی ایضاً

تحصیل وجود ہر عدد از احد است
تفصیل مراتب احد از عدد است
عارف کہ زفیض روح قدسش مدد است
ربط حق و خلقش ایں چنیں معتقد است

اور باوجود اس بات کے کہ احد سے یعنی الفؔ سے یہ سب ظہور کرت اعداد کا ہوا ہے۔ پھر الفؔ کا نکتہ نیارا ہے یعنی اس کا مرتبہ ذات اور کنہ لاتعین ہے اور سب خیالات اور وہم اور فکر سے باہر ہے

کافی نمبر ۷۹

اک نکتے دی گل مکدی اے

پھڑ نکتہ چھوڑ حساباں نوں — کر دور کفر دیاں باتاں نوں
لا دوزخ گور عذاباں نوں — کر صاف دے دیاں خواباں نوں

گل ایسے گھر وچہ ڈھکدی اے

Marfat.com

اک نکتے وچہ گل مکدی اے

اینویں متھا زمین گھسائی دا   لما پا محراب وکھائی دا

پڑھ کلمہ لوک ہسائی دا   دل اندر سمجھ نہ لیائی دا

کدی بات سچی بھی لکدی اے

اک نکتے وچہ گل مکدی اے

کئی حاجی بن بن آئے جی   گل نیلے جامے پائے جی

حج ویچ ٹکے لے کھائے جی   بھلا ایہہ گل کیویں بھائے جی

کوئی بات سچی بھی لکدی اے

اک نکتے وچہ گل مکدی اے

اک جنگل بحریں جاندے نی   اک دانہ روزی کھاندے نی

بے سمجھ وجود تھکاندے نی   گھر آون ہوکے ماندے نی

اینویں چلیاں وچہ جندسکدی اے

اک نکتے وچہ گل مکدی اے

پھر مرشد عبد خدائی ہو   وچہ مستی بے پروائی ہو

بے خواہش بے نوائی ہو   وچہ دل دے خوب صفائی ہو

بلھا بات سچی کدوں رکدی اے

اک نکتے دی گل مکدی اے

ایک نقطے میں بات ختم ہو جاتی ہے یعنی ایک نکتہ میں عارض خیال جہاں آراء معشوق حقیقی سے حجاب اٹھ جاتا ہے۔ اور تجلیات اس کے ہونے لگتے ہیں۔ وہ نکتہ کون سا ہے یہ ہے بیت:

Marfat.com

کہ جزوِ او نیست در سرائے وجود

بہ حقیقت دگر کسے موجود

اور وہ یہ نکتہ ہے جس کی خبر خواجہ حافظ علیہ الرحمۃ نے دی ہے۔ کہ مصرعہ:

تو خود حجاب خودی حافظ از میاں بر خیز

دوہڑا

مک گیاں گل مکدی ناہیں بچر دلوں نہ آ مکایئے

گنگا گیاں گل مکدی ناہیں بھانویں سو سو غوطے کھایئے

گیا گیاں گل مکدی ناہیں بھانویں کتنے پنڈ پھر آیئے

بلھا شاہ گل مکدی تاہیں جد میں نوں کھڑیاں لوٹایئے

حضرت جامیؔ علیہ الرحمۃ لواح میں فرماتے ہیں۔ الٰہی عشاوہ غفلت کا ہماری بصیرت کے بصر سے اٹھا دے۔ اور ہر چیز کو جیسی کہ وہ ہے۔ ہم جو دکھا دے۔ نیستی کو صورت ہستی میں ہم پر جلوہ گر نہ کر اور جمال ہستی پر نیستی کا پردہ نہ رکھ۔ ان صور خیالی کو آئینہ اپنی تجلیات کے جمال کا کرنا۔ علت حجاب اور دوری کا۔ اور ان حجاب وہمی کو سرمایہ دانائی اور بینائی ہماری کا بنانا آکہٗ جہالت کوری کا مخروطی و مہجوری ہماری لفظ ہم ہی سے ہے۔ ہم کو ہمارے ساتھ نہ چھوڑ۔ اور ہم کو وہم سے رہائی عطاء کر کے اپنے ساتھ آشنائی مرحمت فرما۔ انتہٰی واضح ہو کہ تلفظ اس کو کہتے ہیں جو قابل اشارہ حسی تو ہو مگر کسی طرح قسمت پذیر نہ ہو۔ یعنی وجود نہ رکھتا ہو۔ پس قابل ایک وجود وہمی رکھتا ہے۔ وجود حقیقی نہیں رکھتا۔

Marfat.com

بیت

نکتہ پر جب منکشف ہو خط کا حال
جانے اپنے جسم کو وہم و خیال

جیسے نکتہ کی ہستی موہمی ہے۔ ایسے ہی ہر شے کی ہستی موہومی ہے۔ ہستی حقیقی حضرت معشوق حقیقی کی ہے۔ اور بس پس اس کو ظہور تجلیات حضرت الوجود سے یہ بات ظاہر ہو جاتی ہے۔ کہ ہماری ہستی مثل نقطہ کے موہومی ہے۔ اور حضرت المعشوق حقیقی کی ہستی حقیقی ہے۔ ہستی حقیقی کی اضافت اپنی طرف کرنا بڑا جھوٹ بڑا ظلم ہے۔ ''تو اک نقطے وچہ گل مکدی اے'' یعنی بات ختم ہو جاتی ہے۔ یا یوں کہو کہ اسی ایک نقطے پر سلوک ختم ہو جاتا ہے:

یعلم اللہ دو قدم راہ راست و بیروں از دو نیست
یک قدم بر خود زدو مگر قدم در کوئے دوست

یا یوں سمجھو کہ حساب میں نقطہ کو صفر کہتے ہیں۔ جو عدم کے معنی رکھتا ہے۔ ایسے ہی ہم اپنی ذات سے صفر یعنی عدم ہیں۔ اس نقطۂ عدم کو اچھی طرح پکڑ لینا چاہئے۔ اور اپنا وجود شمار کر کے حساب کو چھوڑ دینا چاہئے۔ کہ طریقت میں ایک باب کفر کہلاتا ہے۔ اور دوزخ اور گور مہجوری کو سر سے اتار اور دل کے خوابوں کو صاف کر۔ یعنی دل کی خوابیں جواب حکم اضغاث احلام کا رکھتی ہیں۔ ان کو رویائے صادقہ بنا۔ اور اس بات کو خوب جان لے۔ کہ اپنے تئیں نقطہ نہ جان کر اور کوئی ہندسہ حساب وجود کا سمجھ کر سجدے کرنا اور زمین پر ماتھا گھسانا یا محرابوں میں سر کے بل پڑنا۔ کسی کام کا نہیں ہے۔ کس لئے کہ عقیدہ اور افعال شرک فی الوجود گواہی دے رہے ہیں۔ شرک خفی کو

Marfat.com

ظاہر کر رہے ہیں۔ چنانچہ خود اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں اس کی خبر دیتا ہے۔ کہ وما یومن اکثرھم الا وھم مشرکون. (دیکھو تمہیدات عین القضات ہمدانی) پھر ان سجدوں اور محرابوں میں لمبے پڑنے کو کون پوچھتا ہے جب تک شرک فی الوجود قائم ہے۔ مسرت کی کوئی عبادت قابل قبول نہیں۔ ایسے لوگوں کا کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ بھی منہ سے پڑھنا اور دل میں اس کے معنی لا موجود الا اللہ کے سمجھ نہ رکھنا لوگوں کو ہنسانا۔ حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ نے جو یہ فرمایا ہے۔ نوبۃ الناس من الذنوب و نوبتی من القول لا الٰہ الا اللہ وہ ایسے ہی لوگوں کے کلمہ پڑھنے کے باب میں فرمایا ہے۔ جو اپنی ہستی کو درائے ہستی پر حق کے ایک ہستی مستقل سمجھتے ہیں۔ اور شک فی الوجود میں غرق ہیں اور پھر کلمہ طیبہ پڑھتے ہیں۔ جس کے اصلی معنی یہ ہیں۔ کہ لا موجود الا اللہ چونکہ مشرک ہو کر کلمہ طیبہ زبان سے پڑھنا گو دائرہ اسلام میں لے آتا ہے۔ مگر نور ایمان پیدا نہیں کرتا۔ اور یہ بات سچی ہے کہ بدوں شرک فی الوجود کے دل میں نور پیدا نہیں ہوتا نہ حقیقت چھپتی ہے۔ کیونکہ وہ نقل کلمہ ہو گا اور اصلی کلمہ سے نور اس کے دل میں پیدا ہو گا۔ اور اس سے زمین سے آسمان تک سب کچھ نظر آئے گا۔ اور ہر شخص اپنے حال کو دیکھ لے۔ ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے۔ پس جب تک شرک فی الوجود قائم ہے۔ کلمہ اور نماز اور روزہ اور حج کچھ نور پیدا نہیں کرتے۔

دوہڑا

بلھے نوں لوک متیں دیندے بلھا توں جا بہہ مسیتی
وچہ مسیتاں دے کی کجھ ہوندا جو دلوں نماز نہ نیتی

Marfat.com

باہروں پاک کیتے کی ہوندا جے اندروں نہ گئی پلیتی
بن مرشد کامل بلھیا تیری اینویں گئی عبادت کیتی

اس لئے ایسی نماز اور کلمہ کے باب میں کہتے ہیں۔

بھٹھ نمازاں تے چکڑ روزے کلمہ تے پھر گئی سیاہی
بلھا شوہ اندروں ملیا بھلیؔ پھرے لوکائی

اور کچھ میں ہی یہ بات نہیں کہتا۔ بلکہ پہلے سب لوگ بھی یہی بات کہتے گئے ہیں۔

قطعہ

(دیکھو لطائف اشرفی مطبوعہ جلد ثانی صفحہ ۱۸۶)

تو درون نماز دل بیرون گشت ہائے مے کند بہ مہمانی
ایں چنیں حالت پریشاں را شرم ناید نماز مے خوانی

رباعی

(دیکھو اخبار الاخیار صفحہ ۱۲۰)

فسق است و فجور کار ہر روزۂ ما پر شد ز حرام کاسہ و کوزۂ ما
مے خند روز گار میگر ید عمر بر طاعت و بر نماز و بر روزۂ ما

حضرت ابو سعید ابوالخیر رضی اللہ عنہ سے کسی نے پوچھا کہ حدیث تفکر ساعۃ خیر من عبادۃ منۃ کے کیا معنی ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ اپنی نیستی میں ایک ساعت اندیشہ اور فکر کرنا اس ایک برس کی عبادت سے بہتر ہے۔ جس میں اپنی ہستی کا خیال رہا ہو۔ بعد اس کے یہ پڑھا۔ (دیکھو صفحہ ۹۴ نفحات الانس)

Marfat.com

رباعی

تاروئے ترا بدیدم اے شمع طراز
نے کار کنم نہ روزہ دارم نہ نماز
چوں با تو بوم مجاز من جملہ نماز
چوں بے تو بوم نماز من جملہ مجاز

یعنی اے شمع افروز جہاں! جب سے تیرا رخ پرنور دیکھا ہے۔کوئی کام روزہ اور نماز کا مجھ سے نہیں ہوسکتا۔

انحد دا جا وجے سوہانہ　　　مطرب سگھڑا تاں ترانہ
نماز روزہ بھل گیادوگانہ　　　مدھ پیالہ دین کلال نی
گھڑیالی دیہو نکال نی
ہن پی گھر آیا لال نی

یعنی جب تیرے ساتھ ہوتا ہوں خیال ہستی موہومی قطع ہوجاتا ہے۔ہستی حقیقی تیری جلوہ گر ہوتی ہے۔تو مجاز کے سب کام میرے نماز ہوتے ہیں۔اس لئے کہ نماز کہتے ہیں۔التوجہ الی اللہ کواس حال میں التوجہ الی اللہ میں غرق ہوتا ہے۔اور اپنی اصطلاح میں اس کوطریقت کی نماز کہتا ہوں۔اور جب بغیر تیرے ہوتا ہوں یعنی میں اپنی ایک ہستی مستقل ورائے ہستی کے تیرے سمجھتا ہوں تو اس حال میں میری نماز ایک مجاز ہے۔ایسے ہی حال میں کلمہ طیبہ پڑھنا بھی ایک مجاز ہے۔جب خیال ہستی موہومی دل سے کلیۃً قطع ہوجاتا ہے۔تب آدمی مسلمان اصلی ہوتا ہے۔اس سے پہلے مسلمان مجازی ہے۔اور مجاز کے سب کام کرتا ہے۔مگر چونکہ وہ گرفتار مجاز ہے۔مجاز کے سب کام کرنے اس کوضرور ہیں۔ان کوچھوڑنا خرابی ہے۔

Marfat.com

مگر ہاں اپنے حال پر کرتے رہنا چاہیے۔اور حقیقی مسلمان ہونے کی کوشش کرتے رہنا چاہیئے۔اس افسوس میں حضرت خواجہ حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

گر مسلمانی است کہ واعظ دارد
آہ گرز پے امروز شود فردائے

یہ بات سن کر وہ عالم ظاہری مکتبی یار بہت چونکا۔اور کہا کہ میں نے چودہ علم پڑھے۔ بہت سے عالموں کی صحبت میں رہا۔ یہ باتیں جو تو کہتا ہے۔ کہیں نہیں سنیں۔طالب صادق نے کہا۔کہ اے یار! **العلم الحجاب الاکبر**.

کافی نمبر ۸۰

علموں بس کریں او یار
علموں بس کریں او یار

علم نہ آوے وچہ شمار — اکو الف تیرے درکار
جاندی عمر نہیں اعتبار — علموں بس کریں او یار

علموں بس کریں او یار
علموں بس کریں او یار

پڑھ پڑھ علم لگاویں ڈھیر — قرآن کتاباں چار چوفیر
گھر دے چانن وچہ انھیر — باہجوں رہبر خبر نہ سار

علموں بس کریں او یار
علموں بس کریں او یار

پڑھ شیخ مشائخ ہویا — بھر بھر پیٹ نیندر بھر سویا
جاندی وار نین بھر رویا — ڈبا وچہ اوراں نہ پار

Marfat.com

علموں بس کریں او یار
علموں بس کریں او یار

پڑھ پڑھ علم ہویا بوراناں بے علماں نوں لٹ لٹ کھانا
ایہ کی کیتا یار بہانہ کریں ناہیں کدے انکار
علموں بس کریں او یار
علموں بس کریں او یار

پڑھ پڑھ نفل نماز گزاریں اُچیاں بانگاں چانگاں ماریں
منبر چڑھ کے وعظ پکاریں تینوں کیتا حرص خوار
علموں بس کریں او یار
علموں بس کریں او یار

پڑھ پڑھ ملاں ہوئے قاضی اللہ علموں باجھوں راضی
ہووے حرص دتوں دن تازی نفع نیّت وچہ گزار
علموں بس کریں او یار
علموں بس کریں او یار

پڑھ پڑھ مسئلے روز سناویں کھانا شک شبہ دا کھاویں
دسیں ہور تے ہور کماویں اندر کھوٹ باہر سچیار
علموں بس کریں او یار
علموں بس کریں او یار

پڑھ پڑھ کے علم نجوم پیارے گندا رہیاسیں برج ستارے
پڑھے عزیمتاں منتر جھاڑے ابجد گنے تعویذ شمار

Marfat.com

علموں بس کریں او یار
علموں بس کریں او یار

علموں پئے قضیے ہور اکھیں والے انھے کور
پھڑے سعد تے چھڈے چور دوہیں جہانیں ہویا خوار

علموں بس کریں او یار
علموں بس کریں او یار

علموں پئے ہزاراں پھستے راہی اٹک رہے وچہ رستے
ماریا ہجر ہویا دل خستے پیا وچھوڑے دا سر بھار

علموں بس کریں او یار
علموں بس کریں او یار

علموں میاں جی کہاویں تنبا چک چک منڈی جاویں
دھیلا لے کے چھری چلاویں نال قصاباں بہت پیار

علموں بس کریں او یار
علموں بس کریں او یار

بہتا علم عزرائیل نے پڑھیا جھگا جھاہا اس دا سڑیا
گل وچہ طوق لعنت دا پڑیا آخر گیا اوہ بازی ہار

علموں بس کریں او یار
علموں بس کریں او یار

جد میں سبق عشق دا پڑھیا دریا ویکھ وحدت دا وڑیا
گھمن گھیرے دے وچہ اڑیا شاہ عنایت کیتا پار

Marfat.com

علموں بس کریں او یار

علموں بس کریں او یار

اے یار! اپنے حال کو دیکھ کہ اس علم ظاہری سے تجھ کو کیا حاصل ہوا۔ ہر دم تو استغفار پڑھتا ہے۔ اور توبہ کرتا ہے۔ اور پھر وہی کام کرتا ہے جس سے توبہ کی تھی۔

کافی نمبر ۸۱

نت پڑھنائیں استغفار

کیسی توبہ ہے او یار

ساویں دے کے لئی سوائی ودھیاں دی توں بازی لائی

ایہ مسلمانی کتھوں آئی ایہہ تیرے کردار

نت پڑھنائیں استغفار

کیسی توبہ ہے او یار

جتھے نہ جانا اوتھے جائیں مال پرایا منہ دھر کھائیں

کوڑ کتاباں سر تے چائیں ایہہ تیرا اعتبار

نت پڑھنائیں استغفار

کیسی توبہ ہے او یار

ظالم ظلموں ناہیں ڈردے اپنی عملیں آپے مردے

موہنوں توبہ دلوں نہ کردے ایتھے اوتھے ہون خوار

نت پڑھنائیں استغفار

کیسی توبہ ہے او یار

Marfat.com

بلھا شوہ دی سنو حکایت ہادی پھڑیاں ہوئی ہدایت

میرا سائیں شاہ عنایت اوہو لنگھاوے پار

نت پڑھنائیں استغفار

کیسی توبہ ہے او یار

یہ سن کر علم ظاہر نے کہا۔ کہ اے عالم مستاں! تو نے علم کی ایسی مذمت کی ہے۔ حالانکہ اخبار میں وارد ہوا ہے۔ ''اطلب العلم و لو کان باالصین'' نیز شیخ سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

کہ بے علم نتواں خدارا شناخت

پھر علم سے بس کیونکر کی جائے۔ اس کے جواب میں طالب صادق نے کہا۔ یہ سچ ہے کہ اطلبو العلم ولو کان با الصین. اور ''بے علم نتواں خدارا شناخت'' مگر سوال یہ ہے۔ کہ علم کس کو کہتے ہیں؟ یہ نہایت نازک مسئلہ ہے۔ میں اس کو بتانا چاہتا ہوں۔ مگر

کافی نمبر ۸۲

میں پا پڑھیاں توں نسناں ہاں

میں پا پڑھیاں توں نسناں ہاں

کوئی منصف ہو نروارے تاں میں دسناں ہاں

میں پاپڑھیاں توں نسناں ہاں

عالم فاضل میرے بھائی پا پڑھیاں میری عقل گنوائی

عشق دے ہلارے تاں میں دسناں ہاں

میں پا پڑھیاں توں نسناں ہاں

Marfat.com

''پا پڑھے ہوئے یعنی جو عامی ہیں۔ اور کتاب عالم کا صرف ایک حواس اور عقل عزیزی کا انہوں نے پڑھا ہے۔ کشف اور الہام اور عشق کے تین پاؤ سے ان کو حصّہ نہیں پہنچا۔ اور یہ تین پاؤ کتاب عالم کا انہوں نے نہیں پڑھا۔ ان سے بھاگتا ہوں اور اس نازک اور حقیقی بات کو ان کو سنانا نہیں چاہتا۔ کہ شاید انکی موٹی سمجھ میں یہ بات حقیقی نہ آئے۔ اور مضحکہ اڑائیں۔ ان سے ایسی نازک باتیں کہنا لا حاصل اور دور بھاگنا ہی بہتر ہے۔ مگر ہاں! ان میں جو منصف مزاج ہو۔ اور عشق کو ہلارے یعنی ابھارے۔ جس سے ہر بات کے حقیقی اور اصلی معنی سمجھ میں آویں۔ اس کو یہ بتاتا ہوں کہ محققوں کی تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ یہاں سے مراد علم توحید ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے۔ (دیکھو سلسلۃ الذہب صفحہ ۲۹۱)

که جز او نیست درسرائے وجود
بحقیقت دگر کسے موجود

اس کو ہم اپنی اصطلاح میں علم الف کہتے ہیں۔ کہ اس علم کو جو حواس ظاہر اور تجربہ اور قیاس سے تو نہیں معلوم ہوتا۔ اگر چین میں ملے تو چین میں جا کر حاصل کرنا چاہئے۔ کیونکہ بدوں علم توحید کے خدا کو نہیں پہچان سکتے۔ یہاں علم کے معنی جاننے کے نہیں ہیں۔ نہ گلستان نہ بوستان۔ انوار سہیلی۔ بدر چاچ کے پڑھنے کے ہیں۔ جس کو عوام پڑھے سمجھ رہے ہوں۔ کیونکہ یہ تو اکثر اشخاص کو حواس اور تجربہ اور قیاس سے بلا طلب بھی حاصل ہو جاتے ہیں۔ پھر جاننا چاہئے کہ علم یا تو متعلق بجہان ہے۔ یا متعلق بخدا ہے۔ جہاں کا علم ہونے کو جہاندانی کہتے ہیں۔ اور خدا کا علم ہونے کو خدادانی کہتے ہیں۔ جہان دانی میں کسی شے کی کیفیت یا حال جاننا ضرور علم ہے اور خدادانی میں وہ علم علم نہیں ہوسکتا۔ کس لئے کہ علم کی حقیقت احاطہ کرنا کس

Marfat.com

شے کا ہے۔ اور وہ احاطہ سے باہر ہے۔ اس کی کوئی کیفیت اور کوئی ایسا حال ایسا نہیں ہے۔ جس کا احاطہ حواس یا تجربہ اور قیاس کر سکیں۔ پس خدادانی میں علم نہ جاننے کو کہتے ہیں۔ جیسے مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

(دیکھو سلسلۃ الذہب مطبوعہ صفحہ ۱۴۹)

زآں کہ در عالم خدادانی
جہل علم است و علم نادانی

اور چونکہ اس وقت گفتگو خدادانی میں ہے۔ نہ جہان دانی میں اس لئے علم کے معنی جہل کے جاننے چاہئیں۔ نہ وہ جو جہاندانی میں ہیں۔ اگر وہ معنی علم کیلئے جائیں۔ تو العلم حجاب الاکبر ہوگا۔ اور چونکہ بندہ کو حق کی معرفت کا ہونا اور اس کا پہچاننا ضرور ہے۔ تو اس منزلِ خدادانی میں مقصد اعلیٰ اور مراد اقصیٰ ہے۔ اپنا اور جہاں کا جہل ہونا ایک علم ہے۔ جیسے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ العجز عن درک عن ادراک یعنی درک ادراک کا عجز دراک ہے۔ پس

علموں بس کریں او یار
ہکو الف تیرے درکار

پس اس عالم ظاہر نے کہا۔ کہ اچھا! یہ تو مانا کہ درک ادراک کا عجز ایک ادراک ہے۔ مگر یہ جو وجود کی وحدت بیان کی جاتی ہے۔ یہ بالکل خلاف ہدایت عقل اور خلاف شرح محمدیؐ ہے۔ ہاں اس عقل کے خلاف ہے۔ جس کو آپ شرعِ محمدی سمجھ رہے ہیں اور اس شرع کے خلاف ہے۔ جس کو آپ شرع محمدیؐ سمجھ رہے ہیں۔ اور فی الحقیقت نہ وہ عقل ہے۔ نہ وہ شرع محمدیؐ ہے۔ عالم ظاہر نے کہا۔ کہ یہ کیا کہا۔ کیا

Marfat.com

ہماری عقل کوئی اور ہے۔ اور شرع کوئی اور؟ طالب صادق نے کہا۔ ہاں! جس کو آپ عقل سمجھ رہے ہیں۔ اور جس کا سارا دارومدار استدلال پر ہے۔ بدوں استدلال کے وہ نہیں مانتی۔ اور طرح طرح کی تاویلیں کرتی ہے۔ اور واہمہ اور متخیلہ ہے عقل نہیں کیونکہ:

پائے استدلالیاں چوبین بود
پائے چوبیں سخت بے نمین بود

یعنی عقل استدلال ایسی ہے۔ جیسے لکڑی کا پاؤں۔ اور عقل کلی ایسی ہے۔ جیسے اصلی پاؤں۔ اگر کسی کا اصل پاؤں کٹ گیا ہو۔ اور اس کی جگہ وہ لکڑی کا پاؤں بنوالے۔ تو یہ ضرور ہے کہ لکڑی کے پاؤں سے وہ آہستہ آہستہ چل سکتا ہے۔ الا دوڑنا کودنا۔ زور کرنا اس سے نہیں ہوسکتا۔ جیسے اصلی پاؤں سے ہوتا ہے۔ پس لکڑی کا پاؤں وہ قدر و قیمت نہیں رکھتا۔ جو اصلی پاؤں رکھتا ہے۔ بلکہ بمقابلہ اصلی پاؤں کے کچھ بھی نہیں۔ اور اصلی پاؤں کے سامنے اسے پاؤں کہنا ہی خطا ہے۔ ہاں! ظاہر بین جب اس پر جراب چڑھے دیکھتا ہے تو اس کو پاؤں کہتا ہے۔ ورنہ حقیقت میں وہ لکڑی ہے۔ اور اس سے جو کوئی حرکت ظاہری بھی ہوتی ہے۔ وہ اس کی اپنی ذاتی نہیں ہے قوت جسمانی کی حرکت ہے۔

پس عقل تمام وہ ہے۔ جو اپنی اور عالم کی ذات کو عدم محض اور حق کی ذات کو وجود مطلق ہستی صرف سمجھے۔ عقل ناقص جو اشیاء کو ظاہر میں متعدد دیکھ کر محکم ان کے غیر حقیقی ہونے کا کرتی ہے۔ اور ان کی حقیقت کی وحدت کو تسلیم نہیں کرتی۔ اور واحد کا کثیر میں ظہور کرنا محال جانتی ہے۔ یہ سراسر اس کی خطا ہے۔ حالانکہ زید اور بکر۔ خالد اور عمرو کو بھی ظاہر میں متعدد دیکھتی ہے۔ اور ان کی حقیقت انسانیہ کی وحدت کا

Marfat.com

حکم کرتی ہے۔ جو ماہیت واحدہ ہے۔ اور جس کو کلی طبعی کہتے ہیں۔ یعنی زید کو بھی انسان کہتی ہے۔ بکر کو بھی انسان کہتی ہے۔ خالد کو بھی انسان کہتی ہے۔ اور عمرو کو بھی انسان کہتی ہے۔ جب ان کی وحدت کو مانتی ہے۔ تو حضرت الوجود کی وحدت کو کیوں نہیں مانتی۔ پھر دوسرا سوال یہ ہے۔ کہ شرح محمدیؐ کس کو کہتے ہیں۔ اس کا جواب یہ ہے۔ کہ جو اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے۔ وہ شرح محمدیؐ ہے۔ اور کسی کو کتاب اور سنت کہتے ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ اس کے معنی ہم تک کیونکر آئے ہیں جواب یہ ہے کہ دو گروہ گواہوں کے اس کو بیان کر رہے ہیں۔ ایک ایسا گروہ ہے کہ ان سے کچھ کرامات انسانی ظاہر نہیں ہوتی ہیں۔ اور جو صرف علم ظاہر جانتے ہیں۔ اور ایک ایسا گروہ ہے۔ جس سے کرامت انسانی ظاہر ہوتی ہے۔ اور جو علم ظاہر اور باطن دونوں جانتے ہیں۔ اور ایک جہان نے ان کی بزرگی اور صادق القول ہونے کا یہاں تک اقرار کیا ہے کہ ان کو ولی اللہ کہا جاتا ہے۔ بس کچھ شک نہیں کہ جو معنی اللہ کی کلام کے اور حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے یہ ہیں۔ وہ اولیاء اللہ بیان کرے گا۔ وہ شرح محمدیؐ ہوگی۔ جو نہ صرف علم ظاہر جاننے والا اپنی سمجھ کے موافق بتائے۔ اب سب سے پہلا کلمہ **لا الہ الا اللہ** کے معنی سنیئے پہلا گروہ اولیائے کرام کا یہ فرماتا ہے کہ اس کے معنی وہی ہیں۔ جو متبادر ہیں۔ یعنی فوراً ذہن میں بلا تاویل کے آتے ہیں۔ اور وہ یہ ہیں جو مولانا جامیؒ قدس سرہ فرماتے ہیں: (دیکھو سلسلۃ الذہب صفحہ ۴۴ مطبوعہ نول کشور طبع اوّل)

قال بعض کبراء العارفین قدس سرہ معنی لا الہ الا اللہ لیس شیء مما یدعیٰ الٰھا غیر اللہ (یعنی جس کسی شے کو الٰہ کہتے ہیں۔ وہ غیر حقیقی اللہ کا نہیں ہے)

معنی لا الٰہ الا اللہ

آں بود پیش عارف آگاہ

کانچہ خوانند مشرکانِ خدا

گرچہ باشد ز فرط جہل و عمٰی

ہر دو ہستند فی الحقیقت یکی

نیست قطعاً دریں دقیقہ شکے

درمیاں نیست از کمال وفاق

فارقے جز تقید و اطلاق

یعنی معنی لا الٰہ الا اللہ کے عارف آگاہ کے نزدیک یہ ہیں کہ مشرکان جس کو خدا سمجھتے ہیں۔ ماوریٰ اگرچہ وہ فرط جہل اور عمی سے اس کو ایسا کہتے ہیں۔ مگر درحقیقت اہ حق ہی ہیں۔ جو عین ہستی مطلق ہے۔ اور دونوں فی الحقیقت ایک ہی ہیں۔ اور اس بات کے صحیح اور درست ہونے میں کچھ شک نہیں ہے۔ کہ ان دونوں کے درمیان فرق صرف اوراطلاق کا ہے۔ اور کچھ نہیں ہے۔

دوسرا گروہ علماء ظاہری کا یہ کہتا ہے۔ کہ کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ تین لفظ ہیں۔ الٰہ کے معنی حق ہیں۔ جس کی عبادت کی شرع نے اجازت دی ہو۔ پس کلمہ طیبہ کے یہ معنی ہیں۔ کہ کوئی الٰہ حق سوائے اللہ کے نہیں ہے۔ ان معنی کو پہلا گروہ گواہان کا یعنی اولیاء اللہ کا کئی وجہ سے غلط بتاتا ہے۔ ایک تو یہ کہ یہ تاویل بعید محض ہے۔ عبارت اس پر دلالت نہیں کرتی اور چونکہ یہ کلمہ خطاب ماوّل میں کفار سے کہا گیا۔ تو نہیں ہوسکتا کہ نبی بدعہ خطاب میں کلام اوّل فرمائے۔ دوسری اس کلمہ طیبہ کو سن کر کفّار نے جو کہا۔ اس سے یقیناً یہ نتیجہ نکلتا ہے۔ کہ اس کے وہی معنی ہیں۔ جو عرفا

Marfat.com

کاملین اولیاء اللہ فرماتے ہیں۔ چنانچہ حضرت سرور کائنات دو عالم فخر بنی آدم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کلمہ ابوجہل وغیرہ کفار کو بتایا اور سنایا تو اس کے وہ معنی سمجھ کر جو گروہ اول گواہان کا کہتا ہے۔ انہوں نے تعجب کیا اور کہا۔ اجعل الا لهه الها واحد ان هذا بشىء عجاب۔ یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے الہ کثیرہ یعنی بہت سے خداؤں کو الہ واحد یعنی ایک اللہ بنا دیا۔ اور یہ بڑے تعجب کی بات ہے۔ اور بعضے کافروں نے نہایت تعجب سے کہا۔ ما سمعنا بهذا الملة الاخرة کہ جو بات ہم نے اور ملتوں میں کبھی نہیں سنی۔ اب غور کیجئے کہ تعجب جو پیدا ہوتا ہے۔ وہ ان معنوں سے پیدا ہوتا ہے۔ جو اس کے متبادر یعنی فوراً ذہن میں آنے والے بلا تاویل ہیں۔ جس کو اولیاء اللہ عرفاً و کاملاً فرما رہے ہیں۔ نہ ان میں ماوّل سے جو گروہ دوئم گواہان کا کر رہا ہے۔ کیونکہ اگر اس کے معنی وہ یہ سمجھے۔ کہ الٰہ حق اللہ ہے۔ نہ الہ باطل تو یہ تعجب کی بات نہ تھی۔ کس لئے اس سے الٰہ کثیرہ کا الٰہ واحد ہونا لازم نہیں آتا ہے۔ اور وہ یوں فرماتے ہیں کہ:

اجعل الا لهة الـه واحداً۔ تیسرے مخاطبان اہل زبان تھے۔ جو کچھ انہوں نے اس کے معنی سمجھے۔ وہ صحیح ہیں۔ کیونکہ حضرت سید عالم فخر بنی آدم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے اس فہم سے انکار نہیں کیا۔ اور نہیں فرمایا کہ مراد اس کلمہ کی الٰہ حق سے ہے۔ چوتھے الہ معبود کو سمجھتے ہیں۔ اور معبود لغت میں اس کو کہتے ہیں۔ جس کے سامنے دوسرا موجود متذلل نہ ہو۔ اس سے لازم آتا ہے۔ کہ ہر وجود بحسب حقیقت عین اللہ ہے۔ پس ہر الٰہ میں معبود در حقیقت اللہ ہی ہے۔ جو اس میں ظاہر ہے۔ گو کہ عابد از راہ حماقت اس کو نہ جانے۔ پانچویں قیامت کے دن کفار اپنے بتوں اور دوسرے معبودوں کی نسبت کہیں گے کہ ہم ان کو پوجتے تھے۔ وہ کہیں گے کہ یہ

Marfat.com

جھوٹے ہیں۔ یہ ہمیں نہیں پوجتے تھے۔ پس بتوں کا یہ قول کہ ہم کو نہیں پوجتے تھے۔ اسی وقت ثابت آسکتا ہے جبکہ الٰہ کے وہ معنی لئے جائیں۔ جو اوپر بیان ہوئے ہیں۔ کہ ہر موجود بحسب حقیقت عین اللہ ہے۔ اور لفظ ہم سے مراد بتوں کی حقیقت مطلقہ اپنی سی ہے۔ جو سب میں ساری ہے۔ اور جس ایک حقیقت کا سب کچھ ظہور ہے۔ نہ اپنے تعین خاص سے کس لئے کہ اگر تعین خاص سے مراد ہو۔ تو پھر قول بتوں کا ثابت نہیں رہتا۔ کیونکہ اس میں کچھ نہیں کہ کفار ان بتوں کی عبادت تعینات خاص کے لحاظ سے کرتے تھے۔

چھٹے حضرت نوح اور شعیب اور صالح اور ہود علیہم السلام بھی یہی فرماتے تھے۔ کہ اے لوگو! اس کی عبادت کرو۔ جو ہر مظہر میں ظاہر ہے۔ چنانچہ خود اللہ تعالیٰ اپنے کلام مجید میں یہ خبر دیتا ہے۔ کہ یہ رسل اپنی قوموں کو اسی طرح فرماتے تھے کہ:

اعبد اللہ مالکم من الہ غیرہ۔ یعنی اللہ کی عبادت کرو۔ اور کوئی الٰہ تمہارا غیر اس کا نہیں ہے۔ یعنی ہر الٰہ جس کی الوہیت کا تم گمان کرتے ہو۔ وہ عین اللہ ہے۔ اور ہر مجلّی اور تعین میں فی الحقیقت وہی معبود ہے۔ پس ان تعینات کو چھوڑو! اور خاص مظہر کی عبادت کو ترک کر کے اس کی عبادت کرو۔ جو ان متعینات اور مظاہر میں ظاہر ہے۔ اور وہ کون ہے۔ اللہ ہے۔ یہ آیت شریف دلالت قطعی اس بات کی کرتی ہے۔ کہ کوئی الٰہ اللہ کا غیر نہیں ہے۔ اور اس عبارت صریح میں تاویل کی گنجائش نہیں ہے۔ پس یقیناً ثابت ہو گیا کہ ظہور حق واحد کا تعینات ہے اور مظاہر کثیرہ میں عین شریعت ہے۔ اور ہرگز مخالف شریعت نہیں ہے۔ مگر ہاں بعض علماء ظواہر کی تاویلات اور رایوں (جمع رائے) کا مخالف ہے۔ جو وہ کتاب اور سنت میں کرتے ہیں۔ اور اس کی کچھ پروا نہیں کہ وہ شریعت نہیں ہے۔ حضرت جنید بغدادی

Marfat.com

قدس سرہ نے فرمایا:

علمنا هذا مقيد بالكتاب السنة ۔ کہ علم میں ہمارا یعنی قوم صوفیاء کرام قدس اسرار ہم کا جو کشف سے حاصل ہوتا ہے۔ مقید بہ کتاب اور سنت ہے۔ اور کتاب اور سنت موید اس کی ہے۔ (دیکھو رسالہ ملا عبد العلی بن نظام الدین)

دوسرا کلمہ وحدہ لاشریک لہ اس کلمہ شریف کے معنی بھی ہر دو گروہوں کے صاحبان کے الگ الگ بتا رہے ہیں۔ پہلا گروہ اولیاء اللہ عرفا کاملین کا یہ فرماتا ہے۔ کہ جس کو اللہ اور خدا اور حق کہتے ہیں۔ وہ وجود اور ہستی ہے۔ جو خود بخود قائم ہے۔ پس اس کلمہ کے یہ معنی ہیں۔ کہ وجود اور ہستی میں کسی کی شراکت اس کے ساتھ نہیں ہے۔ پس وہ وحدہ لاشریک لہ فی الوجود ہے۔ (دیکھو رسالہ اخبار حقائق حضرت سید محمد کالپوری قدس سرہ مکتوبات حضرت شیخ عبد القدوس گنگوہی قدس سرہ صفحہ ۱۴۲)

دوسرا گروہ علماء ظہور کا بیان کرتا ہے۔ کہ شرکت اس کی صفات میں جیسے قدرت وغیرہ میں نہیں ہے۔ اور ہستی اور وجود مستقل جیسا خدا رکھتا ہے۔ یعنی عالم خدا کا غیر حقیقی ہے۔ اس کے معنی کو بھی پہلا گروہ عرفاً کاملین کا کئی وجہ سے ہے۔ بتاتا ہے اول اس کی وجہ سے کلمہ لا سے لاشریک لہ میں ہے۔ صریحاً ظاہر ہوتا ہے کہ غیر اس کا موجود نہیں ہے۔ اس وجہ سے کلمہ لا کا واسطے جنس کے نفی جنس کی اس طرح ہوگی کہ نہیں جنس موجود شریک خاص اس سے کی۔ اور اگر ہم یہ کہیں گے کہ غیر اس کا بھی موجود ہے۔ تو وجود میں شریک پیدا کر دیں گے۔ اور یہ محض کفر ہے۔ تعالیٰ اللہ عن ذلک۔

حق تعالیٰ غیر محدود اور غیر متناہی ہے۔ پس اگر غیر اس کا عرصہ کائنات میں

Marfat.com

موجود اور مشہود ہوگا۔ تو انتہاء حق لازم لائے گا۔ یہ بھی محض کفر ہے۔ کس لئے کہ وجود شے ثانی کا مستلزم انقطاع شے اول ہے۔

یعنی تا آنکہ شے اوّل انتہاء پذیر نہ ہو۔ شے ثانی وجود میں نہیں آتی دوسری کیسی ناقص رائے گروہ دوئم کی ہے۔ کہ صفات کی شرکت کی نفی تو کرتے ہیں۔ اور ذات اور وجود کی شرکت کلمہ اثبات کرتے ہیں اور یہ نہیں جانتے کہ اثر نتیجہ فعل کا ہے۔ اور فعل نتیجہ صفت کا۔ اور صفت ذات سے قائم ہوتی ہے۔ جس کی ذات مستقل ہوگئی۔ اس کی صفت اور فعل بھی مستقل ہوں گے۔ ذات مستقل کی صفت غیر مستقل کسی طرح نہیں ہوسکتی۔ ہاں! جب ذات کی نفی کریں گے اور اس کی عدم محض مانیں گے۔ تب صفات اور افعال کی بھی نفی ہوگی پس کچھ شک نہیں ہے کہ عالم اپنی ذات سے عدم محض ہے اور حق اپنی ذات سے وجود مطلق اور وجدان صحیح اور کشف صریح سے جو یہ معلوم اور مکشوف ہوا ہے کہ حقیقت واجب عین حقیقت وجود ہے۔ اور ساتھ تمام موجودات کے ظاہر اور مشہود ہے۔ سچ ہے اور صحیح ہے۔

قل هو الله احد کے معنی بھی گروہ اوّل عرفاً کاملین اولیاء اللہ کا بھی یہی بتاتا ہے۔ جو اوپر بیان ہوئے۔ (دیکھو تفسیر شیخ اکبر قدس سرہ و لطائف اشرفی ۱۳۱ جلد ثانی)

اور بہت سی آیات اور احادیث ہیں۔ جن کے یہ معنی ہیں۔ کتب تصوف میں ان کو دیکھو۔ پس کتاب اور سنت یعنی شریعت وہی ہے۔ جس کی گواہی گروہ اہل کشف اولیاء اللہ کا دیتا ہے۔ اور وہ شریعت نہیں ہے۔ جو گروہ دوئم اہل الرائے کا بتاتا ہے۔ مگر ان سے یہ گمان نہ کرنا کہ آئمہ مجتہدین کی وہ رائے بھی شریعت نہیں ہے۔ جس سے گروہ اوّل اہل کشف کی شہادت کا اتفاق ہے۔ یہاں بیان اس کا ہے۔ جس میں اتفاق نہیں ہے۔ وہ یہ تین باتیں ہیں۔ ایک یہ جو ذات پر زائد نہیں

Marfat.com

ہے۔ دوسری یہ کہ صفات ذات پر زائد نہیں ہیں۔ تیسری یہ کہ ہستی موجودات کی عین ہستی حق ہے۔ جو وجود مطلق ہستی صرف ہے۔ اور موجودات اور عالم کی ہستی ورائے ہستی حق کے نہیں ہے کس لئے غیر حقیقی اس کا عدم مطلق ہے۔ یعنی گروہ اول اولیاء اللہ کا اہل کشف اس کی گواہی دیتا ہے۔ کہ وجود حق سبحانہ تعالیٰ کا عین ذات ہے۔ ایسے ہی صفات اس کی عین ذات ہے۔ اور عالم اس کا غیر حقیقی نہیں ہے۔ غیر اعتباری ہے۔ اور گروہ دوئم اہل الرائے کا اپنی رائے سے کہتا ہے۔ کہ وجود حق سبحانہ وتعالیٰ اس کا اس کی ذات پر زائد ہے۔ اور صفات بھی ذات زائد ہیں اور عالم اس کا غیر حقیقی ہے۔ گروہ اول اہل کشف فرماتا ہے۔ کہ یہ رائے مطابق واقع کے نہیں ہے۔ کشف اس کے برخلاف ہے۔ اور بہت سی وجوہات عقلی سے یہ رائے غلط ثابت ہوئی ہے۔ (دیکھو سواء السبیل حضرت کلیمؒ اللہ جہان آبادی اور نجم ثاقب شاہ نجم الحقؒ فہمی اور تصانیف مولانا جامیؒ وغیرہ اولیاء اللہ اور عرفاً کاملین قدس اللہ اسرارہم)

ہادی مینوں سبق پڑھایا — اوتھے غیر نہ آیا جایا
مطلق ذات جمال وکھایا — وحدت پایا نی شور
ہن میں ہوگیا نی کجھ ہور
ہن مینوں کون پچھانے

مگر:

ہن کوئی اس نوں لکھیا چاہوے — باجھ وسیلے ہتھ نہ آوے
شاہ عنایت بھیت بتاوے — تاں سب کھلے اسرار
ہن میں لکھیا سوہنا یار

Marfat.com

یہ سن کر اس علم ظاہری نے کہا۔ آپ کی تقریر سے ظاہر ہوا کہ بت کی طرف سجدہ کرنا یا اس کو قبلہ عبادت بنانا درست ہے۔ طالب صادق نے کہا۔ واہ خوب سمجھے۔ سلام ہے۔ اس سمجھ پر:

پڑیں پتھر سمجھ پر ایسی تم سمجھے تو کیا سمجھے

میاں! اس کو بھول گئے؟

بیت

ہر مرتبہ از وجود حکمے دارو

گر حفظ مراتب نکنی زندیقی

اگر چہ حقیقت سب کی ایک ہے۔ اِلاّ اس حقیقت نے مرتبہ بمرتبہ ظہور کیا ہے۔ ہر نئے ظہور کو ایک مرتبہ کہتا ہے اور نیا ہونا اس ظہور کا کسی حکم یا اثر سے ہوتا ہے۔ پس ہر اثر کوئی حکم یا اثر رکھتا ہے۔ پس بت معین کی طرف یا کسی اور چیز معین کی طرف سجدہ کرنا کفر اور جہالت ہے۔ کس لئے کہ وہ حقیقتِ مطلقہ لاتعین ہے تعین کرنے میں اس کا حکم ٹوٹتا ہے۔ اور رہا قبلہ عبادت ہر شے کو بنانا۔ یعنی سجدہ تو اس شے کی طرف کرنا اونیت اس سے خدا کو سجدہ کرنا۔ اس لئے درست نہیں ہے کہ اوپر بیان ہوا ہے۔ کہ ہر شے میں ایک خاصہ ہے۔ ظاہری خاصہ شے کا حواسِ ظاہری سے معلوم ہوسکتا ہے۔ اِلاّ باطنی خاصہ سوائے نور نبوت کے معلوم نہیں ہوسکتا۔ اور قبلہ عبادت ہونا یا نہ ہونا ایک باطنی خاصہ ہے۔ اس کو نور نبوّت نے بتا دیا۔ کہ فلاں شے قبلہ عبادت کا ہونے کا خاصہ رکھتی ہے۔ اور فلاں شے نہیں رکھتی۔

شریعت محمدیؐ نے بتا دیا ہے کہ صرف کعبہ مقدس یعنی وہ کوٹھا جو مکہ معظّمہ میں

Marfat.com

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بنایا تھا۔ قبلہ اوّل ہونے کا خاصہ رکھتا ہے۔ اور کوئی شے یہ خاصہ نہیں رکھتی۔ اور اگر رکھتی ہے۔ جیسے بیت المقدس، تو وہ سلب کرلیا گیا ہے۔

پس جو کوئی سوائے کعبہ مقدس کے اور کسی چیز کو قبلہ عبادت بنائے گا۔ تو وہ ظالم ہوگا۔ اور کافر ہوگا۔ کہ اس میں جس کی طرف سجدہ کرتا ہے۔ قبلہ عبادت ہونے کا خاصہ نہیں ہے۔ اور یہ اس کو وہ مرتبہ دیتا ہے جو اس کے لائق نہیں ہے۔ وہ ظالم ہے۔ اور نیز حق کو یعنی اس کو جو قبلہ عبادت ہونے کا خاصہ رکھتا تھا۔ باطل سے یعنی جو قبلہ عبادت ہونے کا خاصہ نہیں رکھتا چھپاتا ہے۔ اور یہی کفر ہے۔ پھر عالم ظاہری نے کہا کہ اچھا! یہ بات تو مانی۔ مگر یہ تو فرمایئے کہ تکلیف اعمال کس لئے ہے۔ اور عذاب اور ثواب کیا چیز ہے؟ طالب صادق نے پھر جواب دیا۔ واہ پھر بھولے میاں:

ہر مرتبہ از وجود حکمے دارد
گر حفظ مراتب نہ کنی زندیقی

یعنی جیسے ہر امر ایک خاصہ رکھتا ہے۔ ایسے ہی اعمال مکلف بھی ایک خاصہ رکھتے ہیں۔ یعنی اگرچہ اعمال مکلف شیونات حق ہیں۔ اِلاّ بعض اعمال اور ان کے تعین کا خاصہ یہ رکھا گیا ہے۔ کہ ان اعمال کا عامل مستحقِ ثواب اور رضا حق اور قرب الی اللہ کا ہو۔ اور بعضے اعمال اور ان کے تعین کا خاصہ یہ رکھا گیا ہے۔ کہ ان اعمال کا مستحق عذاب اور غضب حق اور بعد عن اللہ کا ہو۔ چونکہ یہ خاصے ہر عمل کے جو اس ظاہر اور عقل ظاہر سے معلوم نہیں ہوتے ہیں۔ اس لئے نور نبوت نے اس کو بالتفصیل بیان فرمادیا ہے۔ پس شریعت ہمارے لئے عین راحت ہے۔ اس پر عالم

Marfat.com

ظاہر نے سوال کیا کہ کیا دیکھنے میں آتا ہے کہ بعض قائلان وحدت الوجود خلاف شرع ہوتے ہیں۔ یعنی نماز نہیں پڑھتے۔ روزہ نہیں رکھتے۔ حرام اور حلال میں تمیز نہیں کرتے اور لوگ ان کو کامل بتاتے ہیں۔ اس کا جواب طالب صادق نے یہ دیا کہ بے شک:

مصرع

خلاف شرع کے مار جوتیاں چاہے اڑتا کیوں نہ جاوے

اے یار! خدا کی قسم اور موئے مشک بار محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی قسم! جب تک کوء توسن شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اور رخش طریقت احمدی صلی اللہ علیہ وسلم پر سوار نہ ہوگا۔ ہرگز ہرگز میدان طریقت اور حقیقت میں نہ پہنچے گا۔ اور کبھی مقام معرفت نہ پائے گا۔ کسی کا سنگ دل گوہر نہیں بنا۔ جب تک اس پر آفتاب شریعت محمدی نہیں چمکا۔ اور کسی عوارض نے قیمتی موتی نہیں پایا۔ جب تک اس بحر محیط میں غوطہ نہیں مارا۔ کسی شہباز صحرا سے صلاح نے اور کسی شاہ بیدار فلاح نے وحدت کا شکار نہیں پایا۔ جب تک اس مرغ شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کا لقمہ نہیں چکھا۔ اور جو کوئی اس راہ پر نہیں چلا۔ اے یار وہ شخص مغرور۔ بداندیش اور مفتون بہ بینش فی المعنی نابینا ہے۔ شیخ بوعلی سینا نے چاہا تھا کہ میں بے متابعت سرور جہان کے اور بے وسیلہ مفخر جن وبشر کے خدا تک پہنچ جاؤں۔ ناگہاں غیرت نبوی نے سلوک کے وقت اس کے منہ پر طمانچہ مارا۔ کہ مہلوک اور مردود ہو گیا۔ (دیکھو نفحات الانس صفحہ ۲۷۶) صاحب نزہت الارواح فرماتے ہیں:

ہر کہ در راہ محمدؐ رہ نیافت
تا ابد گردے ازیں درگہ نیافت

Marfat.com

در دلت آنجا جود دین آں جا طلب
مرجع اہل یقین آن جا طلب
سوئے حق بے رکاب مصطفوی
نرود پایت ار بسے بدوی
خاک او باش بادشاہی کن
آں اوباش ہر کہ خواہی کن

اے دوست! مغز بے پوست جلد خراب ہو جاتا ہے۔ اور پوست بے مغز جلد خشک ہو جاتا ہے۔ پس مغز کیلئے پوست ضرور چاہئے۔ اور پوست کیلئے مغز تمام جرعہ نوش اسی شراب کے ہیں۔ اور سارے خوشہ چین اسی کے خرمن کے ہیں۔ جس نے اس کے دروازے سے سر پھیرا۔ سر اس کا کاٹا گیا۔ اور جو کوئی اس کے حکموں کا مطیع نہیں ہوتا۔ خراب اور برباد ہو جاتا ہے۔ پس وہ کامل ہی نہیں۔ جو خلاف شرع ہے۔ مگر یہاں ایک نازک بات ہے۔ جس کی سمجھ ہر ایک کو نہیں ہے۔ وہ یہ ہے۔ کہ بعضے اوقات سالکان طریق الی اللہ پر ایک حالِ بے خودی کا وارد ہوتا ہے۔ اور اس کا باعث غلبۂ عشق حقیقی اور جذب الٰہی ہوتا ہے۔ اس حالِ بیخودی میں معذوری ہوتی ہے۔ شرع اس پر تکلیف تجویز نہیں کرتی ہے۔ یا یوں سمجھو! کہ مجذوب دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک مجذوب امراض جسمی اور دماغی سے۔ دوسرا غلبہ عشق اور جذبہ حقیقی سے مجذوب امراض جسمانی ظاہری حواس سے ظاہر ہوتا ہے اور اس پر حکم معذوری کر دیا جاتا ہے۔ مگر مجذوب بجذب باطنی کی شناخت مشکل ہے۔ کیونکہ وہ دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک ایسے جن کے باطن اور ظاہر دونوں مجذوب ہوں۔ ان کی شناخت مشکل نہیں۔ اور یہ تعمیل احکام شرع سے معذور ہیں۔ اور دوسرے یہ کہ باطن

Marfat.com

ان کا مجذوب ہے۔ اور ظاہر ہوشیار کرتا ہے۔ مگر فی الواقع وہ ہوش ان کو جذب باطنی کی وجہ سے نہیں ہوتا۔ جس پر احکام شرع ہے۔ ایسے مجذوب کی شناخت نظرِ باطنی سے ہوتی ہے۔ نظر ظاہر سے نہیں ہوتی۔ کیونکہ نظر ظاہر حالات ظاہر کے لحاظ سے حکم ہوشیار کا کردیتی ہے۔ حالانکہ یہ اس کی بڑی غلطی ہے۔ کہ قسم اس ہوش کی نہیں جانتے۔ جس پر شرع شریف ہے۔ ثبوت اس امر کا کہ جذب باطن ایسا ہی ہوتا ہے۔ ہر اس کا مثل عام کی ہوشیار رہے۔ اور باطن اس کا جذب باطنی سے ایسا مجذوب رہے۔ کہ کچھ ہوش اس کو اپنے افعال کی نہ ہو۔ حکایت ہائے ذیل سے حاصل ہوتا ہے۔

حکایت اوّل

کہتے ہیں کہ قدوۃ الکاملین زبدۃ العارفین حضرت شیخ اکبر رضی اللہ عنہ چند ماہ تک نماز روزہ اور ہوش کی باتیں ایسی کرتے رہے۔ جیسے عام سب کرتے ہیں۔ مگر فی الواقع وہ اپنی خودی سے بے خود تھے۔ جب وہ حال اترا ان کو ہوش نہ آیا تھا۔ (دیکھو نفحات صفحہ ۱۳۵۹)

حکایت دوم

ملا عبد الغفور لاہوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ مولانا و مرشدنا جامی رحمۃ اللہ علیہ جب نفحات الانس لکھتے تھے۔ فرماتے تھے۔ کہ بعض اوقات ایسا ہو جاتا ہے۔ کہ ایک یا دو صفحہ لکھا جاتا ہے۔ اور لکھنے کا شعور نہیں رہتا قلم بطریق عادت جاری رہتا ہے۔ (دیکھو تکملہ نفحات)

Marfat.com

حکایت سوم

کہتے ہیں کہ شیخ الاسلام شیخ فتح اللہ اودھی قدس سرہ تین روز سماع میں رہے۔ اور پانچویں وقت نماز ادا کرتے رہے بعد تین روز کے جب حال فرو ہوا تو خادموں نے عرض کیا کہ آپ تین روز تک سماع میں رہے۔ آپ نے پوچھا۔ مجھ سے نماز ادا ہوئی یا نہیں؟ عرض کیا گیا۔ کہ آپ برابر نماز پنج وقتی ادا کرتے رہے ہیں۔ فرمایا۔ مجھ کو اس کا کوئی ہوش نہ تھا۔ تب اس مسئلہ کی بحث شروع ہوئی۔ کہ یہ نماز جس میں ہوش نہ ہو۔ ہوئی یا نہ ہوئی۔ آخر اس کا فتویٰ شیخ محمد عیسیٰؒ سے جو خلیفہ حضرت ممدوح کے تھے۔ پوچھا گیا۔ شیخ محمد عیسیٰؒ نے لکھا کہ نماز اصلی تو یہی تھی۔ جو حالت بے خودی میں آپ سے ظہور میں آئی۔ مگر رعایت شرع کیلئے پھر پڑھنی چاہئے۔

(دیکھو صفحہ ۲۱۹ مکتوبات قدسیہ مطبوعہ)

ان حکایات سے ثابت ہے۔ کہ جذب باطنی ایسا بھی ہوتا ہے۔ کہ حالات ظاہری ایسے قائم رہیں۔ جن پر اطلاق ہوش کا ہو سکے۔ اور جذب باطنی سے باطن ایسا مغلوب ہو کہ مجذوب اور بے خبر ہو جاوے۔ اور احکام شرع اس ہوش پر رہیں۔ جس کے ساتھ ہوش باطنی بھی ہو۔ ایسی ہوش میں کہ باطن مجذوب ہو۔ دو حالتیں ہوتی ہیں۔ ایک تو یہ اعمال ظاہر نماز روزہ وغیرہ اس سے صادر ہوتے ہیں۔ اور ظاہر بین ان کو ہوشیار سمجھتے ہیں۔ حالانکہ اس حال میں وہ مجذوب ہوتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ ان سے اعمال شرعی نماز روزہ وغیرہ صادر نہیں ہوتے۔ جیسے قطب البان موصلی رحمۃ اللہ علیہ کا حال تھا۔ ظاہر میں ہوشیار معلوم ہوتے تھے۔ اور باطن میں مجذوب تھے۔ نمار روزہ وغیرہ اعمال شرعی ان سے صادر نہیں ہوتے تھے۔ کسی نے حضرت

Marfat.com

غوث الاعظم رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ نماز نہیں پڑھتے؟ حضرت ممدوح نے فرمایا: خبردار! ان کی نسبت ایسا نہ کہو۔ ہمیشہ وہ خانہ کعبہ میں سجدہ کرتے ہیں۔

(دیکھو نفحات صفحہ ۳۴۳)

غور کا مقام ہے کہ حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ نے جو بڑے اولیاء کاملین اور شریعت پر قائم تھے۔ حضرت قطب البان موصلیؒ کے ظاہری ہوش پر بے نماز ہونے کا حکم نہیں کیا۔ بلکہ اس کے شکر باطنی کے لحاظ سے معترض کو جھڑکا۔ ایسے ہی اور بہت سی حکایات کتب تصوف میں موجود ہیں۔ پس ظاہر بین کا ادب اس میں یہ ہے۔ کہ ظاہری حالات سے کسی طالب حق سالک راہ خدا کے بے شرع ہونے کا حکم نہ کرے۔

طالب صادق پر قبض وارد ہونے کا بیان

یہ گفتگو ہو رہی تھی کہ طالب صادق پر قبض وارد ہوا۔ جو انوار اور تجلیات ہو رہے تھے۔ وہ مخفی ہو گئے۔ جو کیفیتیں کہ باطن میں وارد تھیں۔ وہ بند ہو گئیں۔ بولتا ہوا طوطا ہاتھ سے اڑ گیا۔ یعنی خرابی ہائے باطن عالم ظاہری کا عکس ان کے آئینہ قلب پر پڑ گیا۔ اس کی سیاہیاں دور ہو گئیں۔ پھر تو میاں طالب صادق چیختے وہاں سے بھاگے۔ اور جنگل میں جا کر بہت کچھ روئے۔ اپنے منہ پر تھپڑ مارے۔ ناک رگڑی مگر حال تبدیل نہ ہوا۔ جب یہ حال اپنا دیکھا تو کہا:

Marfat.com

کافی نمبر۸۳

اس نیہوں دی الٹی چال

اس نیہوں دی الٹی چال

صابرؒ نے جد نیہوں لگایا　　　ویکھ پیا نے کی وکھایا
رگ رگ اندر کرم چلایا　　　زورا در دی گل محال

اس نیہوں دی الٹی چال

زکریاؑ نے جد پایا قہاراؑ　　　جدوں وجیا عشق نقارا
دھریا سر تے تکھا آراء　　　کیتا ایڈ زوال

اس نیہوں دی الٹی چال

جدوں یحییٰؑ نے پائی جھاتی　　　رمز عشق دی لائی کاتی
جلوہ دتا اپنی ذاتی　　　تن خنجر کیتا لال

اس نیہوں دی الٹی چال

آپ اشارہ اکھ دا کیتا　　　تاں مدھوا منصورؒ نے پیتا
سولی چڑھ کے درشن لیتا　　　ہویا عشق کمال

اس نیہوں دی الٹی چال

سلیمانؑ نوں عشق جو آیا　　　مندرا ہتھوں چا گوایا
تخت نہ پریاں دا پھر آیا　　　بھٹھ جھوکے ہو بے حال

اس نیہوں دی الٹی چال

Marfat.com

بلّھا شاہ ہن چپ چنگیری نہ کرا یتھے اڈ دلیری

گل نہ بن دی میری تیری چھڈ دے سارے وہم خیال

اس نیہوں دی الٹی چال

کافی نمبر ۸۴

الٹے ہور زمانے آئے

کاؤں لگڑ نوں مارن لگے چڑیاں جرے کھائے

الٹے ہور زمانے آئے

عراقیاں نوں چابک پوندی گدوں خود پوائے

الٹے ہور زمانے آئے

بلّھا حکم حضوروں آیا تس نوں کون مٹائے

الٹے ہور زمانے آئے

اور جب جی بہت گھبرایا۔ اور بے چین اور بے قرار ہوئے تو فرمایا:

کافی نمبر ۸۵

کی کردا نی کی کردا

کوئی پچھو کھاں دلبر کی کردا

اک سے گھر وچہ وسدیاں رسدیاں نہیں ہندا وچہ پردا

کی کردا نی کی کردا

کوئی پچھو کھاں دلبر کی کردا

Marfat.com

وچہ مسیت نماز گزارے بت خانے جا وڑدا
کی کردا نی کی کردا
کوئی پچھو کھاں دلبر کی کردا

آپ اِکو کئی لکھ گھراں دے مالک سب گھر گھر دا
کی کردا نی کی کردا
کوئی پچھو کھاں دلبر کی کردا

میں جتول ویکھاں اتول اوہو ہر اک دی سنگت کردا
کی کردا نی کی کردا
کوئی پچھو کھاں دلبر کی کردا

موسیٰ اتے فرعون بنا کے دو ہو کے کیوں لڑدا
کی کردا نی کی کردا
کوئی پچھو کھاں دلبر کی کردا

حاضر ناظر اوہو ہر تھاں چو چک کس نوں کھڑدا
کی کردا نی کی کردا
کوئی پچھو کھاں دلبر کی کردا

ایسی نازک بات میں کیوں کہندا نہ کہہ سکدا نہ جردا
کی کردا نی کی کردا
کوئی پچھو کھاں دلبر کی کردا

بلھا شوہ دا عشق بگھیلا رات پینڈی تے گوشت چرڈا
کی کردا نی کی کردا
کوئی پچھو کھاں دلبر کی کردا

Marfat.com

کافی نمبر ۸۶

کی کردا بے پرواہی جے
کی کردا بے پرواہی جے

کن کہا فیکون کہایا باطن ظاہر دے ول دھایا
بے چونی دا چون بنایا بکھڑی کھیل مچائی جے

کی کردا بے پرواہی جے
کی کردا بے پرواہی جے

سر مخفی واجد بولا گھنگھٹ اپنے منہ سے کھولا
ہن کیوں کردا ساتھوں اوہلا حقیقت سب وچہ آئی جے

کی کردا بے پرواہی جے
کی کردا بے پرواہی جے

کَرَّمْنَا بَنِیْ اٰدَمَ کہیا کوئی نہ کیتا تیرے جہیا
شان بزرگی دے سنگ ایہا وچھڑی خوب وجائی جے

کی کردا بے پرواہی جے
کی کردا بے پرواہی جے

آپے بے پرواہیاں کردے آپے آپ سے آپ ہی ڈردے
سما رہیا وچہ ہر ہر گھر دے بھلی پھرے لوکائی جے

کی کردا بے پرواہی جے
کی کردا بے پرواہی جے

Marfat.com

چیٹک لا دیوانہ ہویا لیلیٰ بن کے مجنوں موہیا
آپے رویا آپے دھویا کی کیتی آشنائی جے
کی کردا بے پرواہی جے
کی کردا بے پرواہی جے
آپے میں توں ساجن سیاں عقل دلیلاں سب اٹھ گئیاں
بلّھا شاہ نے خوشیاں لیاں ہن کردا کیوں جدائی جے
کی کردا بے پرواہی جے
کی کردا بے پرواہی جے

کافی نمبر ۸۷

لن ترانی دس کے جانی کیوں مکھ چھپایائی
میں ڈھولن وچہ فراق نہ کوئی اینما فرمایائی
آؤ سجن گل لگ سواں میں ہن کی گھونگھٹ پایائی
لن ترانی دس کے جانی ہن کیوں مکھ چھپایائی
تن صابرؒ کیڑے پائے جو چڑھیا سو پایائی
منصورؒ کولوں کچھ ہویا ظاہر سولی پر چڑھایائی
لن ترانی دس کے جانی ہن کیوں مکھ چھپایائی
دسو نکتہ ذات الٰہی سجدہ کس کرایائی
بلّھا شو دا حکم نہ منّیاں شیطان خوار کرایائی
لن ترانی دس کے سانوں ہن کیوں مکھ چھپایائی

Marfat.com

یہ کہہ کر طالب صادق نے کہا۔ کہ اے معشوق حقیقی تیرا حکم ہمارے سر آنکھوں پر۔ تیرا منہ چھپانا پردے میں ہو جانا۔ تیرا ناز ادا سہی مگر جب کہ غیر تیرا وجود نہیں رکھتا اور عدم مطلق ہے۔

کافی نمبر ۸۸

پردہ کس توں راکھی دا
کیوں اوہلے بہہ بہہ جھاکی دا

پہلاں آپے ساجن ساجی دا　　سن وسداہیں سبق نماجی دا
ہن آیا آپ نظارے نوں　　وچہ لیلیٰ بن بن جھاکی دا

پردہ کس توں راکھی دا
کیوں اوہلے بہہ بہہ جھاکی دا

شاہ شمسؒ دی کھل لہائیو　　منصورؒ نوں سولی چا دوائیو
ذکریئے سر کلوت دھرائیو　　کی لیکھا رہیا باقی دا

پردہ کس توں راکھی دا
کیوں اوہلے بہہ بہہ جھاکی دا

کن کہیا فیکون کہایا　　بے چونی دا چون بنایا
خاطر تیری جگت بنایا　　سر پر چھتر لولاکی دا

پردہ کس توں راکھی دا
کیوں اوہلے بہہ بہہ جھاکی دا

ہن ساڈے ول دھایا اے　　نہ رہندا چھپا چھپایا اے
کتے بلھا نام دھرایا اے　　وچہ اوہلا رکھیا خاکی دا

Marfat.com

پردہ کس توں راکھی دا
کیوں اوہلے بہہ بہہ جھاکی دا

کافی نمبر ۸۹

کیوں اوہلے بہہ بہہ جھاکی دا
ایہہ پردہ کس توں راکھی دا

کارن پیت میت بن آیا میم دا گھونگھٹ مکھ پر لایا
احد تے احمدؐ نام دھرایا سر چھتر جھلے لولاکی دا

کیوں اوہلے بہہ بہہ جھاکی دا
ایہہ پردہ کس توں راکھی دا

تسیں آپے آپ ہی سارے ہو کیوں کہندے اسیں نیارے ہو
آئے آپ آپ نظارے ہو وچہ برزخ رکھیا خاکی دا

کیوں اوہلے بہہ بہہ جھاکی دا
ایہہ پردہ کس توں راکھی دا

تدھ باہجوں دوسرا کیہڑا ہے کیوں پایا الٹا جھیڑا ہے
ایہہ ڈھاڈا بڑا اندھیرا ہے ہن آپ نوں آپے آکھی دا

کیوں اوہلے بہہ بہہ جھاکی دا
ایہہ پردہ کس توں راکھی دا

کتے رومی ہو کتے شامی ہو کتے صاحب کتے غلامی ہو
تسیں آپے آپ تمامی ہو کہوں کھوٹا کھرا سولاکھی دا

کیوں اوہلے بہہ بہہ جھاکی دا
ایہہ پردہ کس توں راکھی دا

جس تن عشق دا جوش ہویا　　اوہ بیخود تے بیہوش ہویا
اوہ کیونکر رہے خاموش ہویا　　جس پیالہ پیتا ساقی دا

کیوں اوہلے بہہ بہہ جھاکی دا
ایہہ پردہ کس توں راکھی دا

تسیں آپ اسانوں ڈھائے جی　　کدر ہندے چھپ چھپائے جی
شاہ عنایت بن آئے جی　　ہن لا لا نین جھماکی دا

کیوں اوہلے بہہ بہہ جھاکی دا
ایہہ پردہ کس توں راکھی دا

بلھا شاہ تن بھاہ بھٹھی کر　　اگ بال ہڈاں تن مائی دا
ایہہ شوق محبت باٹی کر　　ایہہ بدھو دا اس بدھ جھاکی دا

کیوں اوہلے بہہ بہہ جھاکی دا
ایہہ پردہ کس توں راکھی دا

خیر تو ہم سے پردہ کر اور نقاب میں منہ چھپا۔ مگر ہم خوب جانتے ہیں کہ تیرا چھپنا عین ظہور تیرا ہے۔ اور تم کتنا ہی اپنے تئیں چھپاؤ۔ مگر چھپ نہیں سکتے۔ کہ تم ہی تم ہو۔ پھر

Marfat.com

کافی نمبر ۹۰

ہن کی تھیں آپ چھپائی دا
ہن کی تھیں آپ چھپائی دا

کتے ملّاں ہو بلیندے ہو   کتے سنت فرض دسیندے ہو
کتے رام دوہائی دینڈے ہو   کتے ماتھے تلک لگائی دا
ہن کی تھیں آپ چھپائی دا
ہن کی تھیں آپ چھپائی دا

میں میری ہے کہ تیری ہے   پر انت بھسم کی ڈھیری ہے
ڈھیری توں ہن کیری ہے   ڈھیری توں ناچ نچائی دا
ہن کی تھیں آپ چھپائی دا
ہن کی تھیں آپ چھپائی دا

کتے بیسر چوڑا پاؤ گے   کتے جوڑا شان ہنداؤ گے
کتے آدم حوا بن آؤ گے   کدی تیتھوں بھی بھل جائی دا
ہن کی تھیں آپ چھپائی دا
ہن کی تھیں آپ چھپائی دا

باہر ظاہر ڈیرا پائیو   آپے ڈھوں ڈھوں ڈھول بجائیو
جگ تے اپنا آپ لکھائیو   پھر عبداللہ دے گھر ڈھائی دا
ہن کی تھیں آپ چھپائی دا
ہن کی تھیں آپ چھپائی دا

Marfat.com

جو یاد تساڈی کردا ہے اوہ مویاں توں اگوں مردا ہے
اوہ مویاں بھی تیتھوں ڈردا ہے مت مویاں نوں مار کٹائی دا

ہن کی تھیں آپ چھپائی دا
ہن کی تھیں آپ چھپائی دا

بندرابن گئو چرادے لگا چڑھ کے ناد بجاوے
مکے دا بن حاجی آوے واہ وا رنگ وٹائی دا

ہن کی تھیں آپ چھپائی دا
ہن کی تھیں آپ چھپائی دا

منصورؒ تساں تے آیا ہے تسیں سولی پکڑ دوایا ہے
میرا بیر نہ بابل جایا ہے تسیں خون دیو میرے بھائی دا

ہن کی تھیں آپ چھپائی دا
ہن کی تھیں آپ چھپائی دا

بلھا شوہ سن صحیح سمجھاندے ہو ہر صوت نال پچھاندے ہو
کتے آندے ہو کتے جاندے ہو ہن میتھوں بھل نہ جائی دا

ہن کی تھیں آپ چھپائی دا
ہن کی تھیں آپ چھپائی دا

اس شکایت اور حکایت سے بھی کچھ حاصل نہ ہوا۔ تو پھر عجز و نیاز کے مقام میں آئے اور کہا:

Marfat.com

کافی نمبر ۹۱

مینوں درد اولڑے دی پیڑ
مینوں درد اولڑے دی پیڑ
آ وَ میاں رانجھا دے دے نظارہ معاف کریں تقصیر
مینوں درد اولڑے دی پیڑ
مینوں درد اولڑے دی پیڑ
تخت ہزاریوں رانجھا ٹریا ہیر نمانی دا پیر
مینوں درد اولڑے دی پیڑ
مینوں درد اولڑے دی پیڑ
ہور ناں دے نوشوہ آوے جاوے بلھے وچہ کی تقصیر
مینوں درد اولڑے دی پیڑ
مینوں درد اولڑے دی پیڑ

کافی نمبر ۹۲

لاگی رے لاگی ہوں بل جاوَں
اس لاگی نوں کون بجھاوے
الف اللہ جس دلبر ہووے منہ ردی لہو اکھیاں رودے
جسے اپنے توں ہتھ دھووے جس نوں برہوں اگ لگاوے
لاگی رے لاگی ہوں بل جاوَں
اس لاگی نوں کون بجھاوے

Marfat.com

ب بالن میں تیرا ہوئی عشق نظارے آن وگوئی
روندے نین نہ لیون ڈھوئی لون پھٹاں کے کیونکر پاوے
لاگی رے لاگی ہوں بل جاؤں
اس لاگی نوں کون بجھاوے

ت تدھ سنگ پریت لگائی جامے دی میں دینی ہاں سائی
میں بکری تدھ کولوں قصائی کٹ ٹک اس نوں کیوں نہ کھاوے
لاگی رے لاگی ہوں بل جاؤں
اس لاگی نوں کون بجھاوے

ث ثابت نیہوں لا کے جینوں دوجا کوک سناوے کینوں
خفتیاں دی طرح آنسو بہندے نینوں کونجا وانگ کرلاوے
لاگی رے لاگی ہوں بل جاؤں
اس لاگی نوں کون بجھاوے

ج جہانوں ہوئی نیاری نال سروں دے بنے پیاری
لگائیوں تاں ہویا بیکاری دوجا دے مہنے جگ تاوے
لاگی رے لاگی ہوں بل جاؤں
اس لاگی نوں کون بجھاوے

ح حیرت وچہ شانتی ناہیں اک ظاہرا اک نارنؔ ڈھائیں
اک جات پاون نوں لاون واہیں کہہ بلّھا شوہ کدھر پاوے
لاگی رے لاگی ہوں بل جاؤں
اس لاگی نوں کون بجھاوے

Marfat.com

اس عجز و نیاز سے بھی کچھ نہ ہوا۔ حالت قبض وارد رہی پھر تو طالب صادق نے جل کر کہا:

کافی نمبر ۹۳

رہ رہ کے عشقا ماریائی
کہہ کس نوں پار اتاریائی

آدمؑ کنکوں منع کرایا — آپے مگر شیطان دوڑایا
کڈھ بہشتوں زمین رلایا — کیڈ پیار پیاریائی

رہ رہ کے عشقا ماریائی
کہہ کس نوں پار اتاریائی

عیسیٰؑ نوں بن باپ جمایا — نوحؑ پر طوفان منگایا
نال پیو دے پتر لڑایا — ڈوب انہانوں ماریائی

رہ رہ کے عشقا ماریائی
کہہ کس نوں پار اتاریائی

موسیٰؑ نوں کوہ طور چڑھایو — اسمٰعیلؑ نوں ذبح کرایو
یونسؑ مچھی نوں نگلایو — پھر تختے پر چا چاہڑیائی

رہ رہ کے عشقا ماریائی
کہہ کس نوں پار اتاریائی

Marfat.com

خواب زلیخا نوں دکھلایو یوسفؑ کھوہ د وچہ پوایو
بھایاں نوں الزام دیوایو تاں مراتب چاہڑیائی

رہ رہ دے عشقا ماریائی
کہہ کس نوں پار اتاریائی

بھٹھ سلیمانؑ توں جھوکایو ابراہیمؑ پچھہ وچہ پایو
صابرؒ دے تن کیڑے پایو حسنؓ زہر دے ماریائی

رہ رہ وے عشقا ماریائی
کہہ کس نوں پار اتاریائی

منصورؒ نوں چا سولی دتا رہبر دا کڈھوایا پتا
زکریاؑ سر کلوتر دتا اس دا کی کم ساریائی

رہ رہ وے عشقا ماریائی
کہہ کس نوں پار اتاریائی

شاہ سرمدؒ دا گلا کٹایو شمسؒ تے جاں سخن الایو
قم باذنی آپ کہایو سر پیروں کھل اتاریائی

رہ رہ وے عشقا ماریائی
کہہ کس نوں پار اتاریائی

ایس عشق دے بڑے اڈنبر عشق نہ چھپ دا باہر اندر
عشق کیتا شاہ شرفؒ قلندر باراں ورہے دریا وچہ ٹھاریائی

رہ رہ وے عشقا ماریائی
کہہ کس نوں پار اتاریائی

Marfat.com

تیں لیلیٰ دیاں دھماں پایاں تاں مجنوں نے اکھیاں لایاں
اوہنوں دھاراں عشق چنگھایاں کھوہے برس گزاریائی
رہ رہ وے عشقا ماریائی
کہہ کس نوں پار اتاریائی

عشق تیرا ہیرے ول دھایا تاں رانجھے نے کن پڑایا
صاحباں نوں دیا ہون آیا سر مرزے دا واریائی
رہ رہ وے عشقا ماریائی
کہہ کس نوں پار اتاریائی

سسی تھلاں دے وچہ رلائی سوہنی کچے گھڑے رڑھائی
روڈے پچھے گل گوائی ٹکڑے کر کر ماریائی
رہ رہ وے عشقا ماریائی
کہہ کس نوں پار اتاریائی

فوجاں قتل کرایاں بھایاں مشکاں چوہیاں توں کٹوایاں
ڈٹھی تیری قدرت ساماں سر تیتھوں بلہاریائی
رہ رہ وے عشقا ماریائی
کہہ کس نوں پار اتاریائی

کورو پانڈو کرن لڑائیاں اٹھاراں جوناں تدوں چھپایاں
اوتھے بھائی مارن بھائیاں کیہڑا نیاؤں نرواریائی
رہ رہ وے عشقا ماریائی
کہہ کس نوں پار اتاریائی

Marfat.com

نمرود سے آپ خدا کہایو — اس نے رب نوں تیر چلایو

مچھر توں نمرود مروایو — قاروں زمیں نگھاریائی

رہ رہ وے عشقا ماریائی

کہہ کس نوں پار اتاریائی

مغلاں زہر پیالے پیتے — بھوریاں والے راجے کیتے

سب اشراف پھرں چپ کیتے — بھلا انہاں نوں چھاڑیائی

رہ رہ وے عشقا ماریائی

کہہ کس نوں پار اتاریائی

بلّھا شاہ فقیر بے چارا — روشن جگ وچہ نام تمہارا

چلیا دے کے کوچ نقارا — جھوٹھوں سچ نتاریائی

رہ رہ وے عشقا ماریائی

کہہ کس نوں پار اتاریائی

واضح ہو کہ معشوق حقیقی کو اس طرح کہنا:

"رہ رہ دے عشقا ماریائی"

"کہوں کس نوں پار اتاریائی"

منزل عشق میں بے ادبی کی بات نہیں ہے۔ اس کو ستم محبت کہتے ہیں۔ جو عین پیار اور چوچلے اور دل لگی کی بات ہے۔ (دیکھو مکتوبات قدسیہ صفحہ ۱۷۳)

اس ستم محبت اور چوچلے کی باتوں سے اور بھی آگ لگی تو کہا:

Marfat.com

کافی نمبر ۹۴

جند کڑکی دے منہ آئی جند کڑکی دے منہ آئی
آپے رہاء ہیں توں تحمک لچھمی آپے ہیں توں نیارا
گلاں سن سن تیریاں میرا عقل گیا اٹھ سارا
شریعت توں بے شریعت کر کے بھلی کھبن وچہ پائی
جند کڑکی دے منہ آئی جند کڑکی دے منہ آئی
ذرا عشق تساڈا دسدا پربت کولوں بھارا
اک گھڑی دے ویکھ کارن چک لیا جگ سارا
کیتی ملدی محنت ناہیں ہن کی کرے لوکائی
جند کڑکی دے منہ آئی جند کڑکی دے منہ آئی
واویلا کی کرنائیں جند ساڑے جو ساڑے
سکھاں دا اک پولا نائیں دکھاں دے کھلواڑے
ہونی سو سو اس دن ہوئی ہن کی کریئے بھائی
جند کڑکی دے منہ آئی جند کڑکی دے منہ آئی
صلاح نہ مندا بات نہ پچھدا آکھ ویکھاں کی کردا
کل میں کملی اوہ کملا آہا ہن کیوں بیٹھوں ڈردا
اولے بہہ کے تیر چلائیو دل نوں چوٹ لگائی
جند کڑکی دے منہ آئی جند کڑکی دے منہ آئی
سینے بان دھندال گلے وچہ اس حالت وچہ چالاں
چاچا سر بھوئیں تے ماراں رو رو یار سمجھالاں

Marfat.com

اگے بھی ہورسیّاں نیہوں لایا کہ میں ہاں پریت لگائی
جند کڑکی دے منہ آئی جند کڑکی دے منہ آئی
جگ وچہ روشن نام تساڈا عاشق توں کیوں نسدے ہو
وسّو رسّو وچہ بغل دے اپنا بھیت نہ دسدے ہو
وچکڑی وچکاروں پھڑکے میں. الٹی کر لٹکائی
جند کڑکی دے منہ آئی جند کڑکی دے منہ آئی
اندر والیا باہر آویں باہواں پکڑ کھلوواں میں
ظاہر اساتھوں لکدے چھپدے پر باطن بنے ہوواں میں
اس باطن زلیخا پھٹیاں میں باطن بر لائی
جند کڑکی دے منہ آئی جند کڑکی دے منہ آئی
اکھیاں سو آکھ سناواں مچلا سندا ناہیں
ہتھ مروڑاں تلیاں پھوڑاں رواں ڈھائیں ڈھائیں
لہنا سی سو دینا آیا ایہہ تیری آشنائی
جند کڑکی دے منہ آئی جند کڑکی دے منہ آئی
اک اک لہر ایسی آوے نا دسیاں سو دساں
سچ کہاں تاں سولی پھاہا جھوٹھ کہاں وساں
لسی نازک بات کیوں آکھاں مونہوں کہندیاں ہووے پرائی
جند کڑکی دے منہ آئی جند کڑکی دے منہ آئی
وچ وسیلہ پاکاں دا تسیں آپے ساڈے سوؤ
جاگدیاں سنگ تساڈے جاگوساں تاں نالے سوؤ

جس نے تیں نال پریت لگائی کیہڑے سکھ سوائی
جند کڑکی دے منہ آئی جند کڑکی دے منہ آئی
ایسیاں لیکاں لایاں مینوں ہور کیتی گھر کائی
لیکن چھین تے چھل جاواں ایہہ تیری وڈیائی
نیڑے وس متراں دی پینڈی اوہ بیٹھا ذات لگائی
جند کڑکی دے منہ آئی جند کڑکی دے منہ آئی
بلّھا شوہ توں کیہیا جیہا ہن توں کیہیا میں کیہی
تینوں میں جے ڈھونڈن لگی میں بھی آپ نہ رہی
جو جو دکھ اساں ہن ڈٹھے کہنوں پھول سنائی
جند کڑکی دے منہ آئی جند کڑکی دے منہ آئی

کافی نمبر ۹۵

کی بے درداں دے سنگ یاری
روون اکھیاں زاروزاری

سانوں گئے بیدردی چھڈ کے ہجر دے سانگ سینے وچہ گڈ کے
جسموں جندنوں لے گئے کڈھ کے ایہہ گل کرکے ہینیاری
کی بے درداں دے سنگ یاری

بے درداں کی بھرواسا خوف نہیں دل اندر ماسا
چڑیاں موت گواراں ہاسا مگروں ہس ہس مارن تاڑی
کی بے درداں دے سنگ یاری

Marfat.com

آون کہہ گئے پھیر نہ آئے آون دے سب قول بھلائے
میں بھلی بھل نین لگائے کہے ملے سانوں ٹھگ بیوپاری
کی بے درداں دے سنگ یاری

بلّھا شاہ اک سودا کیتا کیتا زہر پیالہ پیتا
نہ کجھ نفع نہ لوٹا لیتا درد دکھاں دی گٹھڑی بھاری
کی بے درداں دے سنگ یاری

اس حال میں ان سے کوئی پوچھتا ہے۔ کہ تو کہاں کی باتیں کرتا ہے۔ اور کیا باتیں کرتا ہے؟ تو کہتے ہیں کہ:

کافی نمبر ۹۶

میں گل اوتھے دی کردا ہاں
پر گل کردا بھی ڈردا ہاں

نال روحاں دے لارا لایا تسیں چلو میں نالے آیا
ایتھے پردہ چا بنایا میں بھرم بھولایا پھرداہاں
میں گل اوتھے دی کردا ہاں
پر گل کردا بھی ڈردا ہاں

نال حاکم دے کھیل اساڈی جے مین میری تاں بھی پھاڈی
دھرا دھرائی پونجی ہاڈی میں اگلا لیکھا بھردا ہاں
میں گل اوتھے دی کردا ہاں
پر گل کردا بھی ڈردا ہاں

Marfat.com

وے پونجی مورکھ جھنجھلایا مگر چوراں دے پیڑا لایا
چوراں دی میں پیڑ لیایا ہر شب دہاڑے دھڑدا ہاں
میں گل اوتھے دی کردا ہاں
پر گل کردا بھی ڈردا ہاں

نہ نال میرے اوہ رجدا ہے نہ منت کیتی سجدا ہے
جاں مڑ بیٹھا تاں بجھدا ہے مڑ منت زاری کردا ہاں
میں گل اوتھے دی کردا ہاں
پر گل کردا بھی ڈردا ہاں

کی سکھ آن پایا میں ایتھے نہ منزل نہ دیڑے جتھے
گھنٹہ کوچ سناواں کتھے اوٹھ نت کچاوے کڑداہاں
میں گل اوتھے دی کردا ہاں
پر گل کردا بھی ڈردا ہاں

بلھے شاہ بے انت ڈونگھائی دو دگ بچ نہ لگدی کائی
اور ار قار دی خبر نہ کائی میں بے سر پیریں تردا ہاں

کافی نمبر ۹۷

عشق حقیقی نے مٹھی کڑے
مینوں دسو سجن دا دیس
ماپیاں دے گھر بال ایانی پیت لگا کے لٹی کڑے
مینوں دسو پیا دا دیس

Marfat.com

مینوں دسو سجن دا دیس

منطق معنی کنز قدوری میں پڑھ پڑھ علم بگچی کڑے

مینوں دسو پیا دا دیس

مینوں دسو سجن دا دیس

نماز روزہ اُنہاں کی کرناں جنہاں پریم صراحی لٹی کڑے

مینوں دسو پیا دا دیس

مینوں دسو سجن دا دیس

بلّھا شوہ دی مجلس بہ کے سب کرنی میری چھٹی کڑے

مینوں دسو پیا دا دیس

مینوں دسو سجن دا دیس

جب اس سے بھی میاں طالبؔ صادق کا قبض نہ گیا۔ تو پھر حضرت مرشد شاہ عنایتؔ قدس سرہ کی خدمت میں آئے۔ اور اپنے اظہار خیال میں رمزاً اس طرح بیان پر لائے:

کافی نمبر ۹۸

ہتھی ڈھلک گئی میرے چرخیدی ہن میتھوں کتیا نہ جاوے

ہن دن چڑھیا کد ہووے مینوں پیارا منہ وکھاوے

تکلڑے وِل پے پے جاندے ہن کون لوہار سدھاوے

ہتھی ڈھلک گئی میرے چرخیدی ہن میتھوں کتیا نہ جاوے

Marfat.com

تکلیوں ول لاہ لوہارا تند چلیندا ناہیں
گھڑی گھڑی ایہہ جھولے کھاندا چھلی کت بدھ لاہیں
ہتھی ڈھلک گئی میرے چرخیدی ہن میتھوں کتیا نہ جاوے

دو نہیں جو بیڑی بنھاں مینوں بالڑ ہتھ نہ آوے
چمڑیاں نوں۔ چوپڑناہیں میری ماہل پئی بھرڑاوے
ہتھی ڈھلک گئی میرے چرخیدی ہن میتھوں کتیا نہ جاوے

ترنجن کتاں جو سدّ وسّیاں برہوں ڈھول بجاوے
تیلی نہیں جو پونیاں وٹاں گدوں وچھا پونیاں کھاوے
ہتھی ڈھلک گئی میرے چرخیدی ہن میتھوں کتیا نہ جاوے

ماہی چھڑ گیا نال مہیں دے اڑیو کتن کتھوں بھاوے
جت ول اوتے ول اکھیاں میرا دل میلے نوں دھاوے
ہتھی ڈھلک گئی میرے چرخیدی ہن میتھوں کتیا نہ جاوے

عرض ایہو مینوں آن ملے ہن کون وسیلے پاوے
سےَ مناں دا کت لیا بلّھا شوہ نو ں جے جنگل لاوے
ہتھی ڈھلک گئی میرے چرخیدی ہن میتھوں کتیا نہ جاوے

کافی نمبر ۹۹

میاں میں کتدی کت دی مٹھی
داج جواہر اساں کی کرناں جس پریم کٹوری مٹھی
میرا اوہو چور پکڑ لیاؤ جس میری جند کٹھی

میاں میں کتدی کت دی مٹھی

سیاں ورہیاں وچہ چھلی لاہی کانگ مریندا جھٹی

میرے پیڑے پچھے پچھواڑے رہ گئی پونی کتی

میاں میں کتدی کت دی مٹھی

بھلا ہویا میرا چرخہ ٹٹا میری جند عذابوں چھٹی

بلّھا شوہ نے ناچ نچائے اوتھے وہم پئی کرکٹی

میاں میں کتدی کت دی مٹھی

حضرت مرشد نے یہ حال سن کر فرمایا کہ بتاؤ! یہ قبض کس وجہ سے وارد ہوا؟ عرض کیا۔ حضرت! اور تو کچھ معلوم نہیں۔ اتنی بات ضرور ہے۔ کہ ایک عالم ظاہری مکتبی یار مل گیا تھا۔ وہ منکر وحدت وجود ہے۔ اس کے روبرو میں نے کچھ بیان وحدت وجود شریعت کیا تھا۔ ابھی پورا بیان کرنے نہیں پایا تھا۔ کہ قبض وارد ہوا۔ یہ سن کر حضرت قدس سرہ نے فرمایا۔ کہ اگرچہ تو حق پر تھا۔ مگر کیا تو نے یہ نہیں سنا۔ کہ وہ شان بے نیازی بھی رکھتا ہے۔ پھر:

کافی نمبر ۱۰۰

بھر واسا کی آشنائی دا

ڈر لگدا بے پرواہی دا

ابراہیمؑ چخہ وچہ پائیو بھٹھ سلیمانؑ توں جھکایو

یونسؑ مچھی توں نگلایو پھر یوسفؑ مصر وکائی دا

بھر واسا کی آشنائی دا

ڈر لگدا بے پرواہی دا

Marfat.com

زکریاؑ سر کلوت چلایو صابرؒ دے تن کیڑے پایو
صنعان گل زنار پوائیو کتے الٹا پوش کہائی دا
بھر واسا کی آشنائی دا
ڈر لگدا بے پرواہی دا
پیغمبرؐ نے نور اپایو نام امام حسینؓ دھرائیو
جھولا جبرائیل جھولایو پھر پیاسا گلا کٹائی دا
بھر واسا کی آشنائی دا
ڈر لگدا بے پرواہی دا
جاں ذکریاؑ رکھ چھپایا چھپنا اس دا برا منایا
آرہ سر تے چا وگایا سَنے رکھ چرائی دا
بھر واسا کی آشنائی دا
ڈر لگدا بے پرواہی دا
یحییٰ اس دا یار کہایا نال اوسے دے نیہوں لگایا
راہ شرع دا ان بتلایا سر اس دا تھال کٹائی دا
بھر واسا کی آشنائی دا
ڈر لگدا بے پرواہی دا
بلّھا شوہ ہن صحیح سنجھاتے ہیں ہر صوت نال پچھاتے ہیں
کتے آتے ہیں کتے جاتے ہیں ہن میتھوں بھل نہ جائی دا
بھر واسا کی آشنائی دا
ڈر لگدا بے پرواہی دا

Marfat.com

جب انبیاءؑ اور اولیاءؒ کا یہ حال ہے۔ کہ اس کی شان بے نیازی سے تھر تھر کانپتے ہیں۔ تو تو کس گنتی میں ہے؟ اور تجھ سے کئی بڑی بڑی غلطیاں اور گناہ ہوئے۔ اوّل یہ کہ اسرار کا حال نا اہل کے روبرو بیان کیا۔ تو نے سنا نہیں جاؔمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

بیت

سر وحدت منطق الطیر است جامی لب بہ بند
جز سلیمانے نشاید فہم ایں گفتار را

اور میرے سید حسینی قدس سرہ فرماتے ہیں:

قطعہ

حرف معنی گراں بہا گریست
چوں بناداں رسی مگو و خموش
قیمت لعل جوہری داند
چہ نہی در دکان وردہ فروش

دوسری یہ ہے کہ قبل از صاحب ارشاد ہونے کے یعنی قبل از تکمیل اور فنا کے دوسرے کو وعظ و نصیحت کی اور یہ طریقت میں گناہ عظیم ہے۔ اس لئے کہ سب سے پہلے مستحق کو وعظ و نصیحت کا اپنا نفس ہے۔ اپنے نفس کو چھوڑ کر دوسروں کو وعظ و نصیحت کرنا یعنی مستحق کو چھوڑ کر غیر مستحق کو دینا دفع شے علیٰ غیر محلہٖ ہے۔ جس کو ظلم کہتے ہیں۔

تیسری یہ صحبت ناجنس کی اختیار کی جو طالبِ حق کیلئے سم قاتل ہے۔ اس لئے

Marfat.com

کہ جیسے نفوس احد تاثیر میں حکم برق کا رکھتے ہیں۔ ایسے ہی نفوس اشرار بھی حکم برق کا رکھتے ہیں۔ اخیار کے نفوس اگر برق موجبہ ہیں۔ تو اشرار کے نفوس برق سالبہ ہیں۔ ان کا عکس فوراً پڑ جاتا ہے۔ اس لیے ان کی صحبت سے بچنا چاہیے۔ چنانچہ سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

ز جاہل گریزندہ چوں تیر باش
نیا میختہ چوں شکر شیر باش

تجھ سے یہ گناہ وقوع میں آئے۔ اس وجہ سے قبض وارد ہوا۔ اس کا علاج توبہ استغفار اور شرمساری اور گریہ و زاری اور تجدید بیعت اور محبوب العالمین شفیع المذنبیں کا واسطہ پکڑنا ہے۔ جتنی خطائیں ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب اور محبوب کے محبوبوں کے صدقے سے معاف کر دیتا ہے۔ طالب صادق نے یہ سن کر توبہ استغفار کی تجدید بیعت کر کے تضرع اور زاری سے جناب باری میں عرض کیا:

الٰہی بطفیل حضرت شاہ عنایت قادری رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بطفیل حضرت شاہ رضا قادری لاہوری رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بطفیل حضرت شیخ محمد فاضل لاہوری رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بطفیل حضرت شیخ اللہ دتا قادری اکبر آبادی رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بطفیل حضرت شیخ جلال رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بطفیل حضرت سید نور رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بطفیل حضرت شیخ زین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بطفیل حضرت شیخ عبد الغفور رحمۃ اللہ علیہ
الٰہی بطفیل حضرت شیخ وحید الدین گجراتی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

الٰہی بطفیل حضرت محمد غوث گوالیاری رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بطفیل حضرت حاجی حمید الدین رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بطفیل حضرت شاہ قادن رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بطفیل حضرت شیخ عبداللہ شطاری رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بطفیل حضرت شیخ محمد طیفوریہ رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بطفیل حضرت شیخ محمد عاشق رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بطفیل حضرت شیخ خدا قلی رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بطفیل حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بطفیل حضرت خواجہ ابوالمظفر مغربی ترک طوسی رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بطفیل حضرت خواجہ یزید العشقی رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بطفیل حضرت خواجہ محمد مغربی رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بطفیل حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بطفیل حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ

الٰہی بطفیل حضرت امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

الٰہی بطفیل حضرت امام زین العابدین رضی تعالیٰ اللہ عنہ

الٰہی بطفیل حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

الٰہی بطفیل حضرت علی کرم اللہ وجہہ، شیر خدا

حاشیہ

حضرت شیخ عبداللہ شطاری رحمۃ اللہ علیہ امام طریقت اور پیر حقیقت سلسلہ

Marfat.com

شطاریہ کے تھے۔ بارشاد مرشد ہندوستان تشریف لائے۔ اور جابجا سیر فرماتے ہوئے شہر مندو ملک مالوہ میں سکونت پذیر ہوئے۔ ۸۳۲ھ میں آپ کی وفات ہوئی۔ مزار پرانوار شہر مندو میں ہے۔

حضرت محمد غوث گوالیاری رحمۃ اللہ علیہ۔ آپ مشہور اولیاء اللہ میں سے ہیں۔ ۹۷۰ھ میں آپ کا انتقال ہوا مزار شریف گوالیار میں ہے۔

حضرت شیخ وحید الدین گجراتی رحمۃ اللہ علیہ۔ آپ بڑے عالم اور کامل علوم ظاہری اور باطنی کے تھے۔ استعداد کمال رکھتے تھے۔ مشہور اولیاء اللہ میں سے ہیں۔ وفات آپ کی ۹۹۸ھ میں ہوئی۔ مزار پرانوار احمد آباد میں ہے۔

حضرت شاہ رضا قادری رحمۃ اللہ علیہ۔ آپ اعاظم علماء دین اور کبریٰ مشائخ اہل یقین سے تھے۔ کرامات اور خوارق آپ سے بہت صادر ہوئے تھے۔ وفات آپ کی ۱۱۱۸ھ میں ہوئی۔ مزار شریف لاہور میں ہے۔

حضرت شاہ عنایت قادری رحمۃ اللہ علیہ۔ آپ بھی کامل اور مکمل اولیاء اللہ میں سے ہیں۔ پہلے قصور میں ہدایت خلق میں مشغول تھے۔ پھر لاہور تشریف لا کر خلق کو ہدایت کرتے رہے۔ آپ کی وفات ۱۱۴۱ھ میں ہوئی۔ مزار پرانوار لاہور میں واقع ہے۔

اور خاص الخاص بتصدیق اپنے محبوب اور اپنے مطلوب اپنے اپنے مقصود جان جہاں سردار انبیاء احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے میری دعاء قبول فرما۔ اور میری خطا معاف فرما۔ یہ کہنا تھا کہ طالب صادق کا قبض رفع ہوا۔ اور بسط وارد ہوا پھر تو طالب صادق نے خوشی میں کہا:

Marfat.com

کافی نمبر ۱۰۱

مرلی باج اٹھی اج گھاتاں
سن کے بھل گئی سب باتاں

لگ گئے انحد بان نیارے — سب دنیا کوڑ پسارے
سائیں ویکھن مکھ ونجارے — مینو بھل گئیاں سب باتاں

مرلی باج اٹھی اج گھاتاں
سن کے بھل گئی سب باتاں

ہن میں چنچل مرگ پھہایا — اوسے مینوں بنھ بہایا
صرف دوگانہ عشق پڑھایا — رہ گیاں دوترے چارر کعتاں

مرلی باج اٹھی اج گھاتاں
سن کے بھل گئی سب باتاں

بلّھا شوہ میں ہن برلائی — جد کی مرلی کاہن بجائی
باوری ہو تساں ول دھائی — کھوجی کت ول دست براتاں

مرلی باج اٹھی اج گھاتاں
سن کے بھل گئی سب باتاں

کافی نمبر ۱۰۲

ماہی دے تین ملیاں سب دکھ ہوون دور

لوکاں دے بھانے چاک چکٹا — ساڈا رب غفور

ماہی دے تین ملیاں سب دکھ ہوون دور

Marfat.com

جیندے ملن دی خاطر چشماں بہندیاں سی بت جھور
ماہی دے تین ملیاں سب دکھ ہوون دور
اُٹھ گئی ہجر جائی جگروں دس دا ظاہر ہور
ماہی دے تین ملیاں سب دکھ ہوون دور
بلّھا رمز سمجھ دی پایا ناں نیڑے ناں دور
ماہی دے تین ملیاں سب دکھ ہوون دور

کافی نمبر ۱۰۳

واہ سوہنیاں تیری چال عجائب لٹکاں نال چلیندے ہو
آپے ظاہر آپے باطن آپے لک لک بہندے ہو
آپے ملاں آپے قاضی آپے علم پڑھیندے ہو
واہ سوہنیاں تیری چال عجائب لٹکاں نال چلیندے ہو
گھت زنار کفر دا گل وچہ بت خانے ڈر بہندے ہو
لولاک لما افلاک وچار و آپے دھوم مچیندے ہو
واہ سوہنیاں تیری چال عجائب لٹکاں نال چلیندے ہو
ذات توہیں اشراف رنجھیٹا لایاندی لاج رکھیندے ہو
بلّھا شوہ عنایت مینوں پل پل درشن دیندے ہو
واہ سوہنیاں تیری چال عجائب لٹکاں نال چلیندے ہو

بعداس کے حال وحدت نے پھر زور کیا تو طالب صادق نے یوں شور مچایا۔

Marfat.com

کافی نمبر ۱۰۴

تُوں نہئیوں ہیں میں نا ہیں وے سجناں توں نہیوں ہیں میں نا ہیں
کھولے دے پرچھاویں وانگوں گھوم رہا من ماہیں
تُوں نہئیوں ہیں میں نا ہیں وے سجناں توں نہیوں ہیں میں نا ہیں
جاں بولاں توں نالے بولیں چپ کراں من ناہیں
تُوں نہئیوں ہیں میں نا ہیں وے سجناں توں نہیوں ہیں میں نا ہیں
جاں سوواں تاں نالے سوویں جاں ٹراں توں راہیں
تُوں نہئیوں ہیں میں نا ہیں وے سجناں توں نہیوں ہیں میں نا ہیں
بلّھا شوہ گھر آیا ساڈے جندڑی گھول گھمائیں
تُوں نہئیوں ہیں میں نا ہیں وے سجناں توں نہیوں ہیں میں نا ہیں

یعنی تو ہی باوجود مطلق یا ہستی صرف جس کو کہیں۔ اور جس کے عام ظہور میں صفات افعال اور آثار ہیں۔ وہ تو ہی ہے۔ میں نہیں ہوں۔ کیونکہ:

چیزے کہ نیست او بخود نیست
ہستیش نہادن ز خرد نیست
ہستی کہ بحق قیام دارد
اونیست ولیک نام دارد

یعنی میری ہستی فی الواقع نہیں ہے۔ ہستی جس کو کہیں وہ تیری ہی ہے۔ اور افعال اور اقوال ایک ہستی رکھتے ہیں۔ اور ان کا تعلق بھی تیرے ہی سے ہے۔ میری طرف ان کی برائے نام اضافت ہے۔

Marfat.com

رباعی عماد

ہر فعل وصفت کہ گرددازماپیدا
راجع بوجود است زما جلوہ نما
اطلاق وجود فعل برمانہ زماست
زآنست کہ عین او بود ہستی ما

رباعی جامی رحمۃ اللہ علیہ

گویم سخن مشکل و سر مغلق
ہر فعل و صفت کہ شد باعیاں ملحق
از یک جہت آں جملہ مضاف است بما
وزوجیہ و گر جملہ مضاف است بحق

رُباعی

از دعویٰ حول و قوتِ نفس تباہ
تا چند کنم نامۂ اعمالِ سیاہ
چوں فعل من از ہستی و ہستی حق است
لا حول ولا قوۃ الا باللہ

پس:

جاں سواں تاں نالے سویں جاں ٹراں تاں راہیں
توں نہیوں ہیں میں ناہیں وے سجناں توں نہیوں ہیں میں ناہیں

Marfat.com

جیسے کہ شیخ الاسلام عبداللہ انصاری فرماتے ہیں:

مصرعہ

آنکہ مے خورد وے خسپد چیزے دگر است

(دیکھو نفحات صفحہ ۲۱۵)

میں جو عدم مطلق ہوں۔ اور ہستی برائے نام میری طرف اضافت ہے۔ تو ان باتوں سے یعنی چلنے سونے جاگنے کو کیا جانوں؟

کافی نمبر ۱۰۵

کی جاناں میں کوئی وے اڑیا کی جاناں میں کوئی
جو کوئی اندر بولے چالے ذات ساڈی ہوئی
جس دے نال میں نئیوں لگایا اوہو جیہی ہوئی
کی جاناں میں کوئی وے اڑیا کی جاناں میں کوئی
چٹی چادر لاسٹ کڑیئے پہن فقیری دی لوئی
چٹی چادر نوں دا لگے گا لوئی نوں داغ نہ کوئی
کی جاناں میں کوئی وے اڑیا کی جاناں میں کوئی
بلھا شوہ عنایت کر کے شوق شراب دتوئی
بھلا ہویا اسیں دوروں چھٹے نیڑیوں ای لبھوئی
کی جاناں میں کوئی وے اڑیا کی جاناں میں کوئی

اس فقرہ سے کہ جس دے نال میں نیوں لگایا اوہو جیہی ہوئی۔ یہ نہ سمجھ لینا۔ کہ بندہ خدا ہو گیا کیونکہ کتنا ہی کوئی کامل ہو۔ اَلْعَبْدُ عَبْدٌ" وَالرَّبُّ رَبٌّ" ہی

Marfat.com

رہتا ہے۔ جب بندہ کسی کی ذات عدم مطلق اور رب کی ذات وجودِ مطلق ہے۔ اور انقلاب ماہیت محال ہے۔ تو عدم مطلق وجود مطلق کیسے ہوسکتا ہے یعنی بندہ بندہ ہی رہتا ہے۔ ہاں! کیا بات ہوتی ہے۔ کہ بندہ کیلئے جو ایک وہم ہستی مستقل کا واسطے دوری کے پیدا کیا گیا ہے۔ اور جس وہم پر تمام خرابیاں اور مجبوریاں ہیں۔ وہ اس عشق الٰہی سے دور ہو جاتا ہے۔ اور وہ ہیں۔ جن کو از روئے وہم ہستی مستقل کے یہ اپنی کہتا ہے۔ وہ اس سے جاتی رہتی ہے۔ جیسے کہ کسی کا قول ہے۔ (دیکھو رسالہ قدسیہ خواجہ محمد پارسا علیہ الرحمۃ)

چندانکہ بر دایں راہ کہ دوئی برخیزد در ہست دوئی براہ روی بر خیزد
تو او نشوی وے اگر جہد کنی جائے برسی کز تو توئی برخیزد

اور جب یہ میں جاتی رہتی ہے۔ تو حیرت محمود میں جو انتہاء مقام معرفت ہے۔ طالب صادق پر جا پڑتا ہے۔ اور کہتا ہے:

کافی نمبر ۱۰۶

مینوں کی ہویا ہن میتھوں گئی گواتی میں
مینوں کی ہویا کیوں میں نوں کملی کہندی ہیں
مینوں کی ہویا ہن میتھوں گئی گواتی میں
تیں وچہ ویکھاں تاں میں نہیں ہوندی میں وچہ دسنائیں میں
مینوں کی ہویا ہن میتھوں گئی گواتی میں
سرتے پیر تیکر بھی توہیں اندر باہر ہیں تیں
مینوں کی ہویا ہن میتھوں گئی گواتی میں

Marfat.com

چھٹ پئی اوراروں پاروں نہ بیڑی نہ میں
مینوں کی ہویا ہن میتھوں گئی گواتی میں

منصورؒ پیارے کہیا کہو انا الحق کہایا میں
مینوں کی ہویا ہن میتھوں گئی گواتی میں

بلّھا شوہ اوسے دا عاشق اپنا آپ ونجایا جیں
مینوں کی ہویا ہن میتھوں گئی گواتی میں

یعنی اے معشوق حقیقی! ظاہر بین لوگوں کی نظروں میں مجھ کو کیا ہوگا ہے؟ جو مجھ سے میں چلی گئی۔ اور میں اس میں کو اپنی نہیں کہتا ہوں۔ تیری میں کہتا ہوں۔ بات یہ پائی جاتی ہے۔ کہ میری نظر حقیقت اور باطن پر ہے۔ اور ان کی نظر اعتبار اور ظاہر پر بہ نظر حقیقت اور باطن میرے نزدیک وہ کملے اور پاگل ہیں۔ جو تیری میں کو اپنی میں کہتے ہیں۔ اور بہ نظر اعتبار اور ظاہر ان کے نزدیک میں کملا اور پاگل ہوں۔ جو اس میں کو تیری میں بتاتا ہوں۔ اور ہر دم بقول مولانا جامی قدس سرّہ یہ گاتا ہوں:

رباعی

خوش آنکہ زخود برست پیوست بتو ہر بے سرو پا نرسد دست بتو
ما نیست بذاتِ خود و لے ہست بتو ہستی تو بہ ہستی کہ بجز ذات تو نیست

میں وچ ویکھاں تاں میں نہیں ہوندی میں وچہ دسنائیں تیں
سر تے پیر تیکر بھی تو ہیں اندر باہر تیں

اور اس امر واقعہ کے ظاہر ہونے سے دریائے وہم کے اوراراور پار سے چھٹ گئے۔ اور بدوں کشتی اور جہاز کے پار اتر گئے۔ دریائے وحدت میں فنا ہو گئے۔ اور

Marfat.com

یہ بات سچے کے صدقے پائی کہ:

کافی نمبر ۱۰۷

میں وچہ میں نہ رہ گئی رائی
جب کی پیارے سنگ پیت لگائی

جد وصل وصال بنائے گا تد گنگے دا گڑ کھائے گا
سر پیر نہ اپنا پائے گا ایہ میں ہور نہ کسے بنائی
میں وچہ میں نہ رہ گئی رائی
جب کی پیارے سنگ پیت لگائی

ہوئے نین نیناں دے بردے درشن سے کوہاں تے کردے
پل پل دوڑن مارے ڈردے تیں کوئی لالچ گھت بھرمائی
میں وچہ میں نہ رہ گئی رائی
جب کی پیارے سنگ پیت لگائی

ہن اساں وحدت وچہ گھر پائی واسا حیرت دے سنگ آیا
جیون جمن مرن بنایا اپنی سدھ بدھ رہی نہ کائی
میں وچہ میں نہ رہ گئی رائی
جب کی پیارے سنگ پیت لگائی

میں جاتا سی عشق سوکھالا چونہہ ندیاں دا وہن اجالا
کدی تے اگ بھڑ کے کدی پالا نت برہیوں اگ لگائی
میں وچہ میں نہ رہ گئی رائی
جب کی پیارے سنگ پیت لگائی

Marfat.com

ڈوں ڈوں عشق نقارے وجدے عاشق جاں او تیول بھجدے
تڑتڑ گئے گر گجدے لگا عشق تاں شرم سدھائی
میں وچہ میں نہ رہ گئی رائی
جب کی پیارے سنگ پیت لگائی
پیارے بس کر بہتی ہوئی تیرا عشق میری دلجوئی
توں بن میرا سکا نہ کوئی اماں بابل بہن نہ بھائی
میں وچہ میں نہ رہ گئی رائی
جب کی پیارے سنگ پیت لگائی
کدی جا اسمانی بہندے ہو کدی اس جگہ دکھ سہندے ہو
کدی پیر مغاں ہو بہندے ہو میں تاں اکسے ناچ نچائی
میں وچہ میں نہ رہ گئی رائی
جب کی پیارے سنگ پیت لگائی
بلھا شوہ اسیں تیرے وارے ہاں تیرا مجھ ویکھن دے ونجارے ہاں
کجھ اسیں بھی تینوں پیارے ہاں کہ میں اینویں گھول گھمائی
میں وچہ میں نہ رہ گئی رائی
جب کی پیارے سنگ پیت لگائی

کافی نمبر ۱۰۸

ہن مینوں کون پچھانے ہن میں ہو گئی نی کجھ ہور
ہادی مینوں سبق پڑھایا اوتھے غیر نہ آیا جایا
مطلق ذات جمال وکھایا وحدت پایا نی شور

Marfat.com

ہن مینوں کون پچھانے ہن میں ہو گئی نی کجھ ہور

اول ہو کے لا مکانی ظاہر باطن وسدا جانی
رہیا نہ میرا نام نشانی مٹ گیا جھگڑا شور

ہن مینوں کون پچھانے ہن میں ہو گئی نی کجھ ہور

پیارا آپ جمال وکھالے مست قلندر ہون متوالے
ہنساں دے ہن ویکھ لے چالے بلّھا بھل گئی کانگاں دی ٹور

ہن مینوں کون پچھانے ہن میں ہو گئی نی کجھ ہور

یعنی اب میں کچھ اور ہی ہو گیا ہوں۔ اب مجھ کو سوائے اہل بصیرت کے اور کون پہچانے؟ کہ میں کیا ہوں۔ اس بیان سے یہ نہ سمجھ لینا کہ یہ یوں کہتے ہیں۔ کہ میں بندہ سے خدا ہو گیا ہوں۔ نعوذ باللہ منہما۔

ممکن واجب نہیں ہوسکتا۔ گلشن راز:

مگو با کس ز حد خویش بگذشت نہ او واجب شدہ نے واجب او گشت
ہر آں کہ در معانی گشت فائق نگوید کیں بود قلب حقائق

مگر ہاں! ہادی نے مجھ کو یہ سبق پڑھایا۔ اور یہ ایک بھید بتاتا ہے۔ کہ ''اوّ تھے غیر نہ آیا جایا''۔ چونکہ وہ وجود مطلق ہے۔ غیر اس کا عدم مطلق ہے۔ جس کا وجود نہ علماً ہوسکتا ہے۔ نہ عیناً نہ وہماً ہوسکتا ہے۔ نہ قیاساً۔ یہ جو کچھ ظہور ہے۔ یہ مطلق ذات نے جس میں کسی طرح کی قید نہیں ہے۔ اپنا جمال دکھایا ہے۔ اور ظہورِ عالم کا وحدت نے شور مچایا ہے۔ تو ہر دم یہ کہہ:

توں نہیوں میں ناہیں وے سجناں توں نہیوں ہیں میں ناہیں

اس سبق اور تعلیم ہادی اور مرشد سے مجھ کو اس بات کا یقین ہو گیا کہ میں جو اپنی

Marfat.com

ہستی کو ایک ہستی مستقل ورائے ہستی حق کے سمجھتا تھا۔ وہ ایک وہم تھا۔ پس:

ہن میں ہو گئی نی کجھ ہور مینوں کون پچھانے

یعنی

کافی نمبر ۱۰۹

رانجھا رانجھا کردی نی میں آپے رانجھا ہوئی
سدو نی مینوں دھیدو رانجھا ہیر نہ آکھو کوئی
رانجھا میں وچہ میں رانجھے وچہ ہور خیال نہ کوئی
میں نہیں اوہ آپے ہے اپنی آپ کرے دلجوئی
رانجھا رانجھا کردی نی میں آپے رانجھا ہوئی
سدو نی مینوں دھیدو رانجھا ہیر نہ آکھو کوئی
ہتھ کھونڈی میرے اگے منگو موہنڈے بھورالوئی
بلھا ہیر سلیٹی ویکھو کتے جا کھلوئی
رانجھا رانجھا کردی نی میں آپے رانجھا ہوئی
سدو نی مینوں دھیدو رانجھا ہیر نہ آکھو کوئی

کافی نمبر ۱۱۰

پیا پیا کرتے ہمیں پیا ہوئے اب پیار کس نوں کہیے
ہجر وصل ہم دونوں چھوڑے اب کس کے ہو رہیے
پیا پیا کرتے ہمیں پیا ہوئے اب پیار کس نوں کہیے
مجنوں لال دیوانے وانگوں اب لیلیٰ ہو رہیے

Marfat.com

پیا پیا کرتے ہمیں پیا ہوئے اب پیار کس نوں کہیے
بلّھا شوہ گھر میرے آئے اب کیوں طعنے سہیے
پیا پیا کرتے ہمیں پیا ہوئے اب پیار کس نوں کہیے

کافی نمبر ۱۱۱

پرتا لیو ہن عاشق کیہڑے
نحن اقرب ذات پچھاتی نیہوں لگا مت گئی گواتی
سائیں بھی شاہ رگ توں نیڑے
پرتا لیو ہن عاشق کیہڑے
ایہ گل وِرلا جانے کوئی ہیرے ہو مڑ رانجھا ہوئی
چک پئے سب جھگڑے جھیڑے
پرتا لیو ہن عاشق کیہڑے
نور نبی دے برسن لاگن لے براتاں جاگن
اوہو ویکھ اساڈے جھیڑے
پرتا لیو ہن عاشق کیہڑے
منصورؒ نہ دیندا آپے ہوکا انا الحق آپ کہایو لوکا
ملا بن بن آون نیڑے
پرتا لیو ہن عاشق کیہڑے
حقیقت پر بھی راضی ہے بلّھا شاہ شریعت قاضی ہے

Marfat.com

سائی گھر گھر نیاؤں نبیڑے
پرتا لیو ہن عاشق کیہڑے

یعنی اے بھولے ہوئے لوگو! میرے اس حال کرامت افعال پر تاثیرات دیکھ کر پڑتال کرلو۔ اور دیکھ لو۔ عاشق کون ہے۔ میں نہیں ہوں۔ بلکہ فی الواقع وہی عاشق ہے۔ جس نے خبر دی ہے۔ نَحۡنُ اَقۡرَبُ اِلَیۡہِ مِنۡ حَبۡلِ الۡوَرِیۡدِ اور یُحِبُّھُمۡ وَیُحِبُّوۡنَھُمۡ فرمایا ہے۔ پرتالئیو ہن عاشق کیہڑے۔ ہاں

ہیرے ہو مڑ رانجھا ہوئی
ایہہ گل جانے ورلا کوئی

جب یہ بات معلوم ہو جائے تو:

چک پون سب جھگڑے جھیڑے پر تالئیو ہن عاشق کیہڑے

کافی نمبر ۱۱۲

اپنے تن دی خبر نہ کوئی ساجن دی خبر لیاوے کون
ناں ہو خاکی ناں ہو آتش ناں ہو پانی پون
کپّے دے وچہ روڑ کھڑکدے مورکھ آکھن بولے کون
بلّھا سائیں گھٹ گھٹ میاں جیوں آٹے وچہ لون

یعنی میں جو فی حد ذات خود عدم محض ہوں اور عدم محض سے کوئی فعل صدور میں نہیں آسکتا۔ تو پھر ساجن کی کون خبر لاوے۔ اور جب میں فی حد ذات خود عدم محض ہوں۔ تو نہ خاکی ہوں۔ نہ آتش ہوں۔ نہ پانی ہوں پون یعنی ہوا ہوں۔ کہ عدم محض کو لیاقت وجود کی نہیں ہے کہ اس لئے انقلاب ماہیت محال ہے پس یہ سب حضرت

Marfat.com

الوجود کے ظہور ہیں۔ اور کچھ نہیں کہ:

اربعہ عناصر آپ بن آیوں وچہ وڑ بیٹھا آپے
آپے کڑی تے آپے منڈا آپے ہویا ماپے
آپے رووے آپے پٹے آپے کرے سیاپے
بلّھا شوہ بن ہور نہ کوئی اوہ آپ آپ تھیں جاپے

اور میری مثال ایسی ہے۔ جیسے:

کپّے دے وچہ روڑ کھڑکدے مورکھ آکھن بولے کون
بلّھا سائیں گھٹ گھٹ رہیاں جیویں آٹے وچہ لون

اور یہ مثال کپّے ہور آٹے کی بھی محض سمجھانے کیلئے ہے۔ عدم کو کپّے اور آٹے ہونے کی بھی لیاقت نہیں ہو سکتی۔ پس:

کافی نمبر ۱۱۳

میں بے قید میں بے قید نہ روگی نہ دید
ناں میں مومن نہ میں کافر نہ سیّد نہ سید
چودھیں طبقیں سیر اساڈا کتے نہ ہوندا قید
جوابات میں جاں اساڈی نہ شوبھا نہ غیب
بلّھا شوہ دی ذات پچھان نہ پیدا نہ پیدا

واضح ہو کہ صوفیاء کرام قدس اللہ اسرارہم کے کلام میں جو لفظ آتا ہے اس کے دو معنی ہوتے ہیں۔ یعنی کبھی میں نے ان کی مراد وجود مطلق ہویت حق کی ہوتی ہے۔ اور کبھی عدم مطلق کی۔ وجود مطلق سے مراد ہونے کی نسبت مولانا جامی قدس

سرہ فرماتے ہیں:

رباعی

ز آمیزش جان و تن توئی مقصُودم
وز مردن و زیستن توئی زیستن توئی مقصودم
تو دیر وزی و من برفتم ز میاں
من گویم ز من توئی مقصودم

صاحب گلشن راز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

دگر گردی سوال از من کہ من چیست
مرا زمن خبر کن تا کہ من چیست
چو ہست مطلق آید در اشارات
بلفظ من کنند از دے اشارات

اود اسی طرح مراد او اور ہو سے ہوّیت حق کی رکھتے ہیں۔ (دیکھو صفحہ ۴۲۸ سلسلۃ الذہب) اور یہ امر کہ کسی خاص عبارت میں سے کون سے معنی مراد ہیں۔ آیا وجود مطلق کے یا عدم مطلق کے۔ اس عبارت کے سباق کلام سے معلوم کیئے جاتے ہیں۔ الا کلیہ یہ ہے۔ کہ جہاں اپنی تعریف کریں گے۔ وہاں اس سے مراد اس کی ذات یعنی وجود مطلق کی ہوگی۔ اور جہاں توہین کریں گے۔ وہاں اپنی ذات یعنی عدم مطلق کی ہوگی۔ چنانچہ ایک روز کسی عارف نے پہلے اپنی بہت تعریف کی۔ پھر بہت برائی کی۔ اس کا جواب عارف نے یوں دیا:

صاحبو! بہ ذات خود میں ایسا برا ہوں کہ عدمِ محض ہوں۔ جس قدر عالم ظہور

Marfat.com

میں وجوی چیزیں ہیں۔ میں ان میں ادنیٰ اور کچھ بھی نہیں ہوں عدم سے بڑھ کر کیا برائی ہوگی۔ رانڈ سے آگے کوئی گالی نہیں ہے۔ اور نظر حقیقت خود ایسا اچھا ہوں کہ حضرت حقیقت اور اس کی صفات اور کمالات کا ظہور مجھ میں ہی ہوتا ہے۔ اس لئے کہتا ہوں:

بیت لمعہ ۱۹

چوں در خود اوصاف تو یابم خبرے   خاشا کہ نکوتر بود از من دگرے

رباعی جامی رحمۃ اللہ علیہ

در دائرہ دور زماں جز من کیست   در سلسلۂ کون و مکان جز من کیست

من محو در و داد در اعیان ساری   زاں میگویم کہ در دو جہاں جز من کیست

پس جب میں اپنی بڑائی کرتا ہوں۔ تو مجھ کو نہ سمجھئے میری حقیقت کو جانئے۔ اور جب میں اپنی برائی بیان کرتا ہوں۔ یہاں ظاہر ہے۔ کہ میری حقیقت اور ہے۔ اور ذات اور۔ میری حقیقت تو وہ ہے۔ جس کا ظہور ہے۔ اور جس سے میرا وجود ہے۔ اور ذات وہ ہے۔ جو عدم ہے۔ پس میں سے وجود مطلق مراد ہو۔ یا عدم مطلق۔ دونوں کی کوئی قید یا نسبت نہیں رکھتی ہیں۔ وجود مطلق تو اس وجہ سے اگر قید یا نسبت کا اطلاق اس کی طرف کیا جائے۔ تو وہ مطلق نہ رہے۔ اور عدم مطلق اس وجہ سے کہ قیود اور نسبتیں اعتباراً کچھ نہ کچھ ہیں۔ اور اس میں یہ لیاقت ہی ہے جو علماً یا عیناً یا وہماً یا قیاساً کچھ بھی کہتے ہیں۔ آ سکے۔ پس:

میں بے قید میں بے قید   جب بے قید ہے تو نہ روگی نہ وید

کیونکہ نہ روگی نہ وید۔ یہ دونوں نسبتیں اور قیود امر اعتباری ہیں۔ وہ ہیں۔ جس

Marfat.com

سے ہماری مراد ہیں۔ ان سے بے قید اور مبرا ہے۔ ایسے ہی وہ ہیں۔ نہ مومن ہے۔ نہ کافر۔ نہ سید ہے۔ نہ سیّد۔ اس لئے کہ یہ سب نسبتیں امر اعتباری ہیں۔ وہ ان سے پاک ہے۔ اور میں ہی جو چودہ طبق ہیں۔ سیر کرتا ہوں۔ اور کہیں قید نہیں ہوتا ہوں۔ اور بلھے شاہ کی ذات کیا پوچھتا ہے۔ وہ تو نہ پیدا ہے۔ نہ پید ہے۔ یعنی عدم محض ہے تو:

کافی نمبر ۱۱۴

بلّھا کی جاناں میں کون

ناں میں مومن وچہ مسیتاں ناں میں وچہ کفر دیا ریتاں
ناں میں پاکاں وچہ پلیتاں ناں میں موسیٰؑ نہ فرعون

بلّھا کی جاناں میں کون

نہ میں اندر بید کتاباں ناں وچہ بھنگاں نہ شراباں
ناں وچہ رنداں مست خراباں ناں وچہ جاگن ناں وچہ سون

بلّھا کی جاناں میں کون

ناں وچہ شادی ناں غم ناکی ناں میں وچہ پلیتی پاکی
ناں میں آبی ناں میں خاکی ناں میں آتش ناں میں پون

بلّھا کی جاناں میں کون

ناں میں عربی ناں میں لاہوری ناں میں ہندی شہر نگوری
ناں ہندو ترک پشوری ناں میں رہندا وچہ ندون

بلّھا کی جاناں میں کون

Marfat.com

ناں میں بھید مذہب دا پایا ناں میں آدمؑ حوّا جایا
ناں میں اپنا نام دھرایا ناں وچہ بیٹھن ناں وچہ بھون
بلّھا کی جاناں میں کون

اوّل آخر آپ نوں جاناں ناں کوئی دوجا ہور پچھاناں
میتھوں ہور نہ کوئی سیاناں بلھ شوہ کھڑا ہے کون
بلّھا کی جاناں میں کون

تنبیہ:

اس کافی میں بھی میں اور آپ کے معنی وہی سمجھنا جو قائل کی اصطلاح ہے۔ جس کی شرح کافی مرقومہ بالا میں بیان ہوئی ہے۔ اپنے محاورہ اور گفتگو کے معنی نہ سمجھنا۔ اگر ایسا کروگے۔ تو وہی حال ہوگا۔ جو میاں بانکے ٹیڑھے خاں کا ہوا۔

کافی نمبر ۱۱۵

نی سیّو میں گئی گواچی
کھول گھنگھٹ میں ناچی

جس ول ویکھاں اُت ول اوہی قسم اسے دی ہور نہ کوئی
فَھُوَ مَعَکُم پھرگئی دھوئی جب گور پتری باپچی
نی سیّو میں گئی گواچی
کھول گھنگھٹ میں ناچی

نام نشان نہ میرا سیّو جو آکھاں تسیں چپ کر رہیو
ایہ گل مول کسے نہ کہیو بلّھا خوب حقیقت جاچی

Marfat.com

نی سیّو میں گئی گواچی

کھول گھنگھٹ میں ناچی

پھر میاں طالب فرماتے ہیں:

کافی نمبر ۱۱۶

اب ہم گم ہوئے پریم نگر کے شہر

اپنے آپ نوں سودھ رہیا ہوں نہ سر نہ پیر

لتھے پکڑے بھلے گھر تھیں کون کرے نردیر

خودی کھوئی اپنا پد چیناں تب ہوئی گل خیر

بلّھا شوہ ہے دوہیں جہانیں کوئی نہ دسدا غیر

یعنی الحمدللہ! فنا کلی حاصل ہوئی۔ کہ ہم پریم نگر میں گم ہو گئے۔ اور یہاں تک اس میں فنا ہوئے۔ کہ اپنے آپ کو سودھ رہا ہوں۔ نہ سر ہاتھ نہ پیر۔ یعنی چھوٹے چھوٹے اعضاؤں کا ذکر کیا ہے۔ بڑے بڑے اعضاء جو سر ہاتھ اور پیر ہیں۔ ان کا بھی کہیں پتہ نہیں ہے۔ جب اپنی خودی یعنی ہستی موہومی کو کھویا۔ اور اپنا پد یعنی ذات عدم مطلق معلوم کی۔ تب گل خیر ہوئی۔ اور یہ امر واقع ظاہر ہوا۔ کہ شوہ یعنی معشوق حقیقی جو ہستی صرف وجود مطلق ہے۔ وہی دونوں جہاں میں جلوہ فرما ہے۔ اس کا غیر حقیقی کوئی دکھائی نہیں دیتا۔

واضح ہو کہ غیر دو قسم کا ہے۔ ایک غیر حقیقی دوسرا غیر اعتباری غیر حقیقی اس کو کہیں گے۔ جو دوسرے سے کسی امر میں شرکت بھی نہ رکھتا ہو۔ تو غیر حقیقی نہ ہوگا۔ غیر اختیاری ہوگا۔ جس امر میں دو چیزوں کی شرکت ہے۔ اس کو مابہ الاشتراک اور مابہ

Marfat.com

الاتحاد کہتے ہیں۔ اور جس امر میں ان کی شرکت نہیں ہوتی۔ اس کو بالامتیاز کہتے ہیں۔ واجب تعالیٰ کا غیر حقیقی معدوم ہے۔ پس معدوم مطلق اپنے معنی خود معدوم ہے۔ باقی رہیں۔ عالم کی چیزیں۔ کہ ایک چیز دوسری کی غیر حقیقی ہے یا غیر اعتباری یہ امر تھوڑے سے تامّل اور غور سے معلوم ہو جائے گا۔ کہ کوئی چیز دوسری کی غیر حقیقی نہیں ہے۔ کسی نہ کسی امر میں ان کا لگاؤ پایا جاتا ہے۔ دونوں امر ان میں ہوتے ہیں۔ یعنی امر ما بہ الاشتراک بھی ہوتا ہے۔ اور امر ما بہ امتیاز بھی۔ پس ما بہ الاشتراک کی وجہ سے ایک دوسرے کے غیر حقیقی نہیں ہوسکتی۔ اور ما بہ الامتیاز کی وجہ سے غیر اختیاری کہنے میں آتی ہے۔ جیسے زید اور بکر ہیں۔ کہ ان میں امر ما بہ الاشتراک تو انسانیت مطلقہ ہے۔ جس میں دونوں کی شرکت ہے۔ اور ما بہ الامتیاز ان کا تعیّن اور شخص ہے۔ جس سے وہ ایک دوسرے سے ممیّز ہے ہیں پس باہم غیر حقیقی نہیں ہیں۔ غیر اعتباری نہیں ہیں۔ ایسے ہی انسان اور فرس میں کہ ان میں بھی دونوں امر بہ الاشتراک اور ما بہ الامتیاز پائے جاتے ہیں۔ ما بہ الاشتراک تو ان کی حیوانیت ہے۔ جس میں دونوں کی شرکت ہے اور ما بہ الامتیاز ان کا تعیّن تشخص ہے۔ جس سے وہ ایک دوسری سے ممتاز ہیں۔ پس باہم غیر حقیقی نہیں ہیں۔ غیر اختیاری ہیں۔ ایسے ہی انسان اور پہاڑ اور درخت ہیں۔ کہ امر جسمانیت میں ان کا اشتراک ہے۔ اور اس وجہ سے وہ باہم غیر حقیقی نہیں ہیں۔ اپنے تعیّنات اور تشخیصات کی وجہ سے جو ما بہ الامتیاز ان کا ہے۔ غیر اعتباری ہیں۔ اور ایسے ہی عالم کی اور تمام چیزیں ہیں کہ امر امکان میں ان کا اشتراک ہے۔ اور اس وجہ سے وہ باہم غیر حقیقی نہیں ہیں۔ اپنے تمام تعینات اور تشخیصات کی وجہ سے جو ما بہ الامتیاز ان کا ہے۔ غیر اعتباری ہیں۔ ایسے ہی ممکن اور واجب میں کہ وجود مطلق کا ان ما بہ الاشتراک ہے۔

Marfat.com

اور اسی وجہ سے وہ باہم غیر حقیقی نہیں ہیں۔ غیر اختیاری ہیں۔

قطعہ

(لمعہ از لمعات عراقی)

حقیقت ہمہ چیز آمد یکے — تو اندر مراتب بکن فر قہا

نظر بر حقیقت ہمہ عین ہست — نظر بر تعیّن ہمہ غیر ہا

رباعی عماد رحمۃ اللہ علیہ

از روئے تعین و تمیز اشیاء — شک نیست ہمگی غیر خدا

در روئے حقیقت ہمہ عین اند — در عالم وحدت نہ بود غیر خدا

رباعی جامی رحمۃ اللہ علیہ

گر کاسب شر بود و گر طالب خیر — گر صاحب خانقاہ و گر راہبِ غیر

از روئے تعیّن ہمہ غیر اندر زعین — وز روئے حقیقت ہمہ عین اندر زغیر

ابیات رُختکی

اے ہستی صرف ذات و مطلق — موجود حقیقی تو ہے الحق

تو ہست ہے ہم نیست ہیں بالذات — اور ہیں بھی تو تیرے اعتبارات

ہے غیر حقیقی تیرا معدوم — موجود تو ہی ہے ہم ہیں موہوم

ہم غیر نہیں ہیں تیرے باری — اور غیر بھی ہیں تو اعتباری

پھر ایسے کا اعتبار کیا — جو کہنے کو غیر اور سوا ہے

Marfat.com

فی الواقع ہے معتبر حقیقت
غیر اس کا عدم ہے در حقیقت

ہم غیر کو تیرے کیسے مانیں
تو آپ ہے یا ہیں تیری شاخیں

ان شاخوں کا نام خلق عالم
ان شاخوں میں ایک شاخ آدمؑ

پھران میں ہرایک ایک شان ہے
مجموعہ شانہا جہان ہے

پس تیرا ہی جلوہ ہے جہاں میں
تو ہی ہے مکان و لامکاں میں

تو ہی تو عیاں ہے آب وگل میں
تو ہی تو پنہاں ہے جان ودل میں

تیری ہی تجلّی آب وگل ہیں
تیری ہی تجلّی جان و دل ہیں

جلوہ ہی تیرا نیا ہر بار
جلوے میں تیرے نہیں ہے تکرار

ہرآن میں تیری ہے نئی آن
ہرشان میں تیری ہے نئی شان

یعنی ہر آن میں تیری نئی شان ہے۔ اوراس میں نئی ہر آن ہے۔ یعنی ہر شان اور ہر مرتبہ کا حکم اور اثر دوسرے سے الگ ہی ہے۔ اور ہر تجلّی غیر مکرر ہے۔ کیونکہ تجلّی مکرر فعل عبث ہے۔

رباعی عمادؒ

تکرار تجلّی بخدائے متعال
نسبت کردن بہ بندہ شراست دوبال

زاں روئے کہ عبث باشد وبس
فعل عبث از خالق افعال محال

پس اس بات کو اچھی طرح سمجھ لیجئے۔ کہ جہاں کہیں صوفیاء کرام قدس اللہ اسرارہم غیر کی نفی کرتے ہیں۔ وہاں لفظ غیر سے ان کی مراد غیر حقیقی ہوتی ہے۔ جیسے کسی کا قول ہے کہ:

Marfat.com

کجا غیر کو غیر کو نقش غیر
سواء اللہ واللہ ما فی الوجود

جامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

رباعی

اے غیر ترا بسوئے تو سیرے نے — خالی از تو مسجد و دیرے نے
دیدم ہمہ طالبان و مطلوبان — آں جملہ توئی و درمیان غیرے نے

یا جیسے یہاں بلھے شاہ قدس سرہ نے فرمایا ہے:

بلّھا شوہ ہے دوہیں جہانیں کوئی نہ دسدا غیر

یہاں لفظ غیر سے غیر حقیقی مراد ہے۔ نہ غیر اعتباری کہ غیر اعتباری کا وہ اثبات کرتے ہیں۔ یعنی جب ان کی نظر پر حقیقت ہوتی ہے۔ تو غیر کی نفی کرتے ہیں۔ اور جب نظر بر مراتب ہوتی ہے۔ تو اس کا اثبات کرتے ہیں۔ جیسا کہ رباعیات متذکرہ صدر عراقی حضرت اور حضرت جامیؔ اور حضرت عماد قدس اللہ اسرارہم سے ظاہر ہے۔ اور یہاں تک اس کا اثبات کرتے ہیں۔ کہ ہر تجلّی کو غیر مکرر فرماتے ہیں۔ جیسے اشعار ذیل سے واضح ہے۔

رباعی عماد رحمۃ اللہ علیہ

مستی کہ آفتاب نور باشد — در ہر آنے بشاں دیگر باشد
چوں جلوۂ او نیست مکرر ہرگز — زاں روئے شیون مکرر باشد

Marfat.com

رباعی جامی رحمۃ اللہ علیہ

ہردم ز تو در دیدۂ خیالے بینم در ہر دیدن تازہ جمالے بینم
چوں جلوہ تو نیست مکرر جاناں کز دیدن تو بدل ملالے بینم

فرو جامی رحمۃ اللہ علیہ

ہر لحظۂ جمال خود نوع دگر آرائی شور وگر انگیزی وشوق دگر افزائی

مغربی رحمۃ اللہ علیہ

ہر لحظہ بشکل آں بت عیار برآمد
ہر دم بلباسِ دگر آں یار برآمد

مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ

چوں رخت را ہر زماں حسن و جمالے دیگر است
لاجرم لا تو مرا ہر دم خیالی دیگر است

ایضاً

حجاب روئے تو ہم روئے تست در ہمہ حال
نہانی از ہمہ عالم از بسکر پیدائی
زرشک ماشنا سد ترا کسے ہر دم
جمالِ خود بلباس دگر گر بیارائی

ایضاً

یار ما ہر ساعتے آید بیاز ارے دگر
تابود حسن و جمالش راخریدارے دگر

کسوتی دیگر بپوشد جلوۂ دیگر کند
مظہر دیگر نماید بہر اظہارے دگر

حافظ رحمۃ اللہ علیہ

شاہد دلربائے من مے کند از برائے من
نقش و نگار و رنگ و بو تازہ بتازہ نو بنو

اس مسئلہ عدم تکرار تجلّی کو اچھی طرح سمجھ لیجئے اور اس بات کو جان لیجئے کہ صوفیاء کرام اس مسئلہ کے باعث کہ ان کے نزدیک تحقیقاً یہ بات ہے۔ تجلّی مکرر نہیں۔ تناسخ کے قائل نہیں ہیں۔ تجلّی کے قائل ہیں۔ تجلّی اور تناسخ میں بڑا فرق ہے۔ جو کوئی ان کے بیان تجلّیات سے ان کو تناسخ کا قائل سمجھے وہ نادان ہے۔ اور غلطی پر ہے۔

صاحب گلشن راز فرماتے ہیں:

تناسخ نیست ایں گرزدی معنی
ظہور او نیست در عین تجلی

مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ہر لحظہ بشکلِ آں بت عیار بر آمد
ہر دم بلباس دگر آں یار بر آمد

القصہ ہموں بودہ ے آمد و میرفت
تاعاقبت آں شکل عرب دار بر آمد

ایں نیست تناسخ وحدت صرف است
کافر شود آں کس کہ بانکار بر آمد

Marfat.com

اور صوفیاء کرام تجلّی غیر مکّرر یہاں تک فرماتے ہیں۔ کہ ہر آں غیر مکرر فرماتے ہیں۔ کہ کسی چیز کی نمائش ایک حال پر یا اس کی بقاء ایک عرصہ تک جو معلوم ہوتی ہے۔ وہ نمائش ایک حال پر یا وہ بقاء نہیں ہے۔ تجدد امثال ہے۔ چنانچہ صاحب رشحات فرماتے ہیں:

نیست تکرار در تجلّی او   گرچہ باشد بروں زحد و شمار
لیک آں از تجدد امثال   مے نماید بصورت تکرار

مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

رباعی

چیز یکہ نمائشش بیک منوال است   وندر صفت وجود بر یک حال است
در بدو نظر گرچہ بقائے دارد   آں نیست بقا تجدّد امثال است

اس تجدد امثال کی زیادہ شرح دیکھنی ہو۔ تو شرح رباعیات جامی رحمۃ اللہ علیہ اور پوتھی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے دوہرہ نمبر ۱۲۸ کی شرح دیکھیے۔ پس صوفیاء کرام دو صفت فناہ اور بقاء کے قائل ہوئے ہیں۔ اور ان کے نزدیک عالم کے لئے بقاء یعنی ہستی نہیں ہے۔ جو بقاء معلوم ہوتی ہے۔ وہ تجدد امثال کی وجہ سے غلطی نظر اور افعال ہے۔ خلاصہ اس ساری تقریر کا قواعد ہائے ذیل ہیں:

قاعدہ ۱: جب نظر بر حقیقت ہو تو غیر حقیقی کی نفی کرو

قاعدہ ۲: جب نظر بر مراتب ہو۔ تو غیر اعتباری کا اثبات کرو۔ اور ہر مرتبہ کے حکم اور اثر الگ جانو۔ اور اس کا حفظ رکھو۔ جو کوئی ان دونوں قاعدوں پر عمل کرتا

Marfat.com

ہے۔صدیق کہلاتا ہے۔اور جو کوئی قاعدہ دوم کی خلاف ورزی کرتا ہے۔وہ زندیق کہلاتا ہے۔اس لئے کہتے ہیں۔

''گر حفظ مراتب نہ کنی زندیقی''

اور اس بات کو اچھی طرح سمجھ لینا۔کہ جب کوئی بیان نظر بر حقیقت ہو۔تو اس کو نظر بر حقیقت نہ سمجھنا۔وہ بڑے نادان ہیں۔جو بیان تو نظر بر حقیقت ہو۔اور اس کو نظر بر مراتب سمجھ جائیں۔اور یہ بیان نظر بر مراتب ہو۔اس کو نظر بر حقیقت سمجھ جائیں۔اور یہ بیان حضرت بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ صاحب کا ہے۔

بلّھا شوہ ہے دو ہیں جہانیں کوئی دسدا غیر

یا یہ کہ

اربعہ عناصر آپ بن آیوں وچہ ور بیٹھا آپے
آپے کڑی تے آپے منڈا آپے ہویا ماپے
آپے روے تے آپے پٹے آپے کرے سیاپے
بلّھا شوہ بن ہور نہ دوجا آپے آپ تھیں جاپے

نظر بر حقیقت ہے۔نہ نظر بر مراتب جو کوئی اس کو نظر بر مراتب سمجھے۔وہ بڑا نادان ہے۔صوفیاء کرام قدس اللہ اسرارہم کا خیال غیریت حقیقت سے پاک اور غیریت اعتباری سے پُر ہوتا ہے۔کبھی وہ اپنے تئیں خدا نہیں سمجھتے۔سمجھنے والے کی غلطی ہے۔صوفیاء کرام رحمۃ اللہ علیہ طالبان حق سے دوام کراتے ہیں۔ایک غیریت حقیقی کی اس کے خیال سے نفی کراتے ہیں۔دوسری غیریت اعتباری کا اثبات کراتے ہیں۔پہلے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور دوسرے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اپنی اپنی اصطلاح میں کہتے ہیں۔جو کوئی فقرہ اوّل کا دل اور زبان سے عاقل اور قائل ہو۔

Marfat.com

اور دوسرے فقرے کا دل اور زبان سے عامل اور قائل نہ ہو۔ اس کو ناقص جانتے ہیں۔ رسالہ عقائد صوفیاء میں حضرت سیّد محمد کالپوری قدس سرہ نے فرمایا۔ کہ جو اس حقیقت کو ان تقیدات میں بے اتحاد اور تبائن کے پائے وہ مسلمان حقیقی ہے۔ ورنہ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ اس کو حاصل ہو جائے گا۔ محمدٌ اعبدہ ورسولہ حاصل نہ ہوگا۔ انتہیٰ

حضرت شیخ محمد بن غلام غوث بٹالوی قدس سرہ نے بیت رمز العشق کی شرح میں مرتبہ تعیّن کو محمد رسول اللہ فرمایا ہے۔ کیونکہ صوفیاء کرام تعیّن اوّل کو حقیقت محمدیؐ اور صورت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کو مرکز امر مدار حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ جان عالم فرماتے ہیں۔ پس کچھ شک نہیں کہ باوجود لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ ہونے کے محمد رسول اللہ ہے۔ العبد عبدًا و الرب رب ہے۔ کہتے ہیں۔ کہ ایک فرقہ ظاہریہ ہے جو وحدت وجود کو نہیں جانتا۔ اور دھوکہ وہی عقل عزیزی ہے۔ ہر شے کو دوسرے کا غیر حقیقی جانتا ہے۔ وہ فی الحقیقت لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ نہیں کہتا۔ اور ایک فرقہ باطنیہ ہے۔ جو وحدت الوجود میں یہاں تک غرق ہے۔ کہ حفظ مراتب نہیں رکھتا قولاً وفعلاً اپنی سمجھ ناقص اور خیال خام سے ہر شے کو خدا ہی کہتا ہے۔ وہ فی الواقع محمدٌ رسول اللہ نہیں کہتا۔ کلمہ طیبہ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ محمد رسول اللہ دونوں خرابیوں سے نکالتا ہے۔ یعنی بواطن اشیاء میں وحدت اور ظواہر اشیاء میں کثرت ثابت کراتا ہے۔ اور عارف مقتدا وہی ہے۔ جو وحدت کو بواطن اشیاء میں کثرت کو ظواہر اشیاء میں ثابت کرے۔ جیسے حضرت شاہ کلیم اللہ جہاں آبادی چشتی قدس سرہ سواء السبیل کے مرحلہ چہاردہم فرماتے ہیں کہ۔

الناس اما محجوبون ولا یریدون الکثرۃ و الغیریہ یعنی لوگ یا تو محجوبون ہیں۔ جو سوائے کثرت اور غیریت کے اور کچھ نہیں دیکھتے۔ و اما

Marfat.com

یجذبون فلا یرون الا الوحدت و العینه یا مجذوبین ہیں۔ جو سوائے وحدت اور عینیت کے اور کچھ نہیں دیکھتے۔ فهما لا یصلحان الاقتدا ء بها پس یہ دونوں فرقے اقتداء کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ لا فهما محجوبون بظلمة الکثرة او بنورة الوحدة ۔ کیونکہ یہ دونوں محجوب ہیں۔ پہلا فرقہ تو ظلمتِ کفر سے محجوب ہے۔ اور دوسرا نور وحدت سے محجوب ہے۔ والعارف المقتدیٰ هو الذی جمع الطورین اور عارف مقتداوہ ہے۔ جو دونوں طوروں کو جمع کرتا ہے۔ فثبت الوحدة فی بواطن الاشیاء و یثبت الکثرة فی ظواهر ها کہ وہ بواطن اشیاء میں ثابت کرتا ہے۔ فعین و مدته مفتوحة عین کثرة و کذ العکس پس اس کی وحدت کی آنکھ کثرت کی آنکھ کے ساتھ کھلی ہوئی ہے۔ اور ایسے ہی کثرت کی آنکھ وحدت کی آنکھ کے ساتھ کھلی ہوتی ہے۔ فیثبت الربوبیة و العبودیة و العینیة و الغیریة فی لبواطن و الظواهر پس وہ ربوبیت کو بھی اور عبودیت کو بھی عینیت کو بھی غیریت کو بھی بواطن اور ظواہر میں ثابت کرتا ہے۔ ولا یطمس احکاماً اور اِن کے حکموں کو نہیں مٹاتا فالممکنات عیناه حقیقة وغیره اعتباراً پس ممکنات عین اس کے حقیقتاً اور اس کے اعتباراً فمن حیث التعینات الغیریة ملوبة و من حیث الحقیقة العینیة محققة پس تعیّنات کی حیثیت سے مسنوبہ ہے۔ اور حقیقت کی حیثیت سے عینیت محققہ ہے۔ فالممکنات بجمیع الوجوه لا عینیه ولا غیره اور ممکنات بجمیع الوجوه نہ اس کا عین ہیں۔ نہ اس کا غیر بل وجه الذات عینه بوجه التعین غیره بلکہ بوجہ ذات کے اس کا عین اور بوجہ تعین کے اس کے غیر ہیں۔ کما ان زید اعین الا نسان حقیقة وعین تعیناً فان

Marfat.com

الامتیاز کل تخل بالا طلاق جیسے زید انسان کا عین حقیقتاً اور اس کا غیر تعینات ہے۔ کس لئے کہ امتیاز اطلاق جاتا رہتا ہے۔ قال الشیخ ابو الحسن شا فاتی قدس سرہ یعنی شیخ ابوالحسن شاذلی قدس سرہ نے فرمایا ہے۔ ینبغی ان یکون الغرق علیٰ لسانک والجمع فی قبلک۔

اے طالب صادق! میرے حال کے لائق یہ ہے کہ تیری زبان میں فرق ہو۔ اور تیرے دل میں جمع ہو۔ و ھذا اھوا لکمال اور یہ وہ حال ہیں۔ جس کو کمال کہتے ہیں۔ فالمقید محتاج الی المطلق مشتاق الی المقید فی ظھور پھر اس بات کو جاننا چاہئے کہ مقیّد محتاج مطلق کا وجود میں ہے۔ اور مطلق مشتاق مقید کا ظہور میں ہے۔ والممکنات من حیث الاطلاق متحدہ و من حیت التقیدات متعددہ پس ممکنات حثیت اطلاق سے متحدہ ہیں۔ اور حیثیت تقیدات سے متعددہ ہیں۔ فاحکام الاطلاق لاقیة عند التقیدات و احکام القیدات فاخذة عند الطلاق پس احکام تقیدات کے وقت باقی رہتے ہیں۔ اور احکام تقیدات کے اطلاق کے وقت تک رہتے ہیں۔ والاتزا حم والاتقارض ولا تناکر نی حکامھا بخلاف احکام مختصہ بکل واحد منھا اور ایک ان میں سے دوسرے کے احکام مراحم یا متعارض یا منکر نہیں ہوتا۔ بخلاف اپنے اپنے احکام مختصہ کے فانہا متعارضة کہ وہ متعارض ہیں۔ مثلاً الانسان او اقیس مالا نسانیت الیٰ زید تحکم الکلیة مثلاً یر احم الجرئیة الثابتہ فی زید جیسے انسان زید کو قیاس کیا جاوے۔ تو حکم کلیت کا مثلاً مزاحم ہوتا ہے۔ حکم جزئیت کے جو زید میں ثابت ہے۔ و اما کونہ جسماً متحر کاً مالا راوة لا یزاحمة الزیدیة مگر اس جسم کو متحرک بالارادة ہوتا قیاس کیا جاوے۔ تو

زیدیت کا مزاحم نہیں ہوتا۔ کذالک الجوب الامکان و تقدم والحدوث فان کلا من حیث التلبس بعارض لاُ خرۃ ایسے وجوب اور امکان اور قدم اور حدوث ہیں۔ کہ ہر ایک ان کا حیثیت تبلس کے دوسرے کا معارض ہوتا ہے واما من حیث التجرد فلا. مگر حیثیت تجرد متعارض نہیں ہوتی۔ کیف (یہ بات ہاہمی کی) کیونکر ہو۔ وھذا الاحکام فی عین التجرد منغمۃ نہ یہ کہ احکام عین تجرب میں ڈوب گئے ہیں۔ الاتری ان عصا موسیٰ علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام تری الحیۃ واما فی الواقع حیۃ لکن الاعصاہ کیا یہ بات تجھ کو معلوم نہیں ہوئی۔ کہ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا عصا سانپ دکھائی دیتا تھا۔ اور فی الواقع وہ سانپ نہیں تھا۔ بلکہ عصا ہی تھا۔ فھی عصاہ ولیست بحیّہ وحیۃ ولیست بعصاہ پس وہ عصا ہی تھا۔ اور سانپ نہیں تھا۔ یا سانپ تھا عصا نہیں تھا۔ و العصا عین الحیۃ والحیۃ عین العصا اور عصا عین سانپ تھا۔ اور سانپ عین عصا و العصا غیر الحیۃ والحیۃ غیر العصاء اور عصاء سانپ کا غیر اور سانپ عصاء کا غیر تھا۔ اور سانپ عصاء کا غیر تھا۔ وکذا احیال السحرۃ وعصیھم حیات فی نظر نا ایسے رسیاں اور لکڑیاں ساحروں کی موسیٰ علیہ السلام کی طرف والوں کی آنکھوں میں سانپ نظر آتے ہیں۔ والحیات حیال وعصا. حالانکہ وہ سانپ فی الواقع رسیاں اور لکڑیاں ہی تھے۔ کل ھذا فی التحلیل فلیس فی نفس الامر الاذات واحدۃ متلبسۃ باحکام تخیل انھا غیر ھا لسبب تلک الاحکام اور ایسے ہی (اور جب نظر آتے ہیں وہ) سب تخیل میں ہیں۔ اور نفس الامر میں صرف ذات واحد کے سوا احد کوئی نہیں۔ اور وہ ذات متلبس یا حکام تخیل ہے۔ اور ان احکام کی

Marfat.com

وجہ سے وہ غیر معلوم ہوتی ہے۔انتہی کلام حضرت شاہ کلیم اللہ جہان آبادی قدس سرہ العزیز۔

سبحان اللہ! یہ کیا اچھا کلام ہے۔کیا پیارا کلام ہے۔سالکوں کیلئے کیا اچھا دستور العمل ہے۔اور کیوں نہ ہو۔بڑے اولیاء اللہ۔بڑے کامل اور محقق کا کلام ہے۔قلم اور زبان سے تعریف ان کی بیان نہیں ہوسکتی۔آپ قدوۃ الکاملین زبدۃ العارفین دادا پیر حضرت مولانا فخر صاحب رحمۃ اللہ علیہ دہلوی قدس سرہ کے ہیں۔جو دادا پیر حضرت شاہ سلیمان رحمۃ اللہ علیہ صاحب تونسوی قدس سرہ کے تھے۔وفات حضرت ممدوح کی گیارہ سو بیالیس ہجری (۱۱۴۲ھ) میں ہوئی۔مزار مبارک دہلی میں جامع مسجد اور لال قلعہ کے مابین زیارت گاہ عالم ہے۔(دیکھو صفحہ ۴۹۵ خزینۃ الاصفیاء جلد اوّل مناقب المحبوبین صفحہ ۴۵)

اب مختصر حال ان دونوں کاموں کا بیان کیا جاتا ہے۔جو صوفیائے کرام قدس اللہ اسرار ہم طالبان حق سے کراتے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

Marfat.com

پہلا کام لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ

یہ کام آسان نہیں ہے۔ صرف زبان سے کہنے سے پورا نہیں ہوتا وہم جو مخلوق کیلئے پیدا کیا گیا ہے۔ وہ یہ خیال پیدا کرتا ہے۔ کہ عالم کی اور ہماری ہستی مستقل ورائے ہستی حق کے ہے۔ اور جتنے افعال ہم سے صادر ہوتے ہیں۔ یہ وہم اور تصور اور خلاف واقع ہے۔ کیونکہ امر واقع یہ ہے کہ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ اے لاموجود الا اللہ لا فاعل فی الحقیقت الا اللہ یہ وہم صرف لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ کہنے سے دور نہیں ہوتا۔ ابھی ہم کہتے ہیں کہ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ اے موجود الا اللہ اور اللہ ولا سواہ اور اس پر بھی یقین کرتے ہیں کہ:

چیزے کہ وجود او خود نیست ہستیش نہز دا از خرد نیست

اور ابھی کسی بات چیت میں کسی کام میں پھر اپنی ایک مستقل ہستی ورائے ہستی حق کے سمجھتے ہیں۔ اور کاموں کی نسبت فی الحقیقت اپنی طرف کرتے ہیں۔ اسی وہم میں اور ہستی موہومی کے پھندے میں گرفتار ہیں۔ ہمارا بھی حال اسی کا سا ہے۔ جو مرض وہم میں بیمار ہیں۔ کہ جب کوئی تنکا چھت سے گرتا ہے تو کہتا ہے۔ کہ میری چھاتی پر کڑی گر پڑی۔ قوت وہم نے تنکا اس کو کڑی دکھایا۔ پھر جب اس کو دوا پلائی جاتی ہے۔ تو وہ خوش ہوتا ہے۔ اور کہتا ہے کہ اب میں اچھا ہو گیا۔ مگر چونکہ مادہ فاسد کا پورا اخراج نہ ہونے کی وجہ سے ابھی مرض وہم کا ازالہ نہیں ہوا۔ پھر تنکا چھاتی پر

Marfat.com

گرتا ہے۔ تو کہتا ہے۔ کہ کڑی میری چھاتی پر گر پڑی۔ ایسا ہی حال ہمارا ہے۔ کہ حال ہمار ہمارے قول لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ کی تکذیب کرتا ہے۔ صوفیائے کرام ایسے ہی حال میں ہم کو بت پرست کہتے ہیں۔ بقول آنکہ

(دیکھو فتوح الغیب مطبوعہ مصر صفحہ ۳۴)

تا درتو زپندار تو ہستی باقی است
مے دان بہ یقین کہ بت پرستی باقی است
گفتی بت پندار شکستم رستم
ایں بت کہ تو پندار شکستی باقی است

جو کوئی زبان سے صرف لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ کہنے پر اکتفاء کر لیتا ہے۔ اور بت پندار کو نہیں توڑتا۔ تو وہ اگرچہ دائرہ اسلام میں داخل ہو جاتا ہے۔ الّا مسلمان حقیقی نہیں ہوتا ہے۔ حافظ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

گر مسلمانی ہمیں است کہ حافظ دارد
آہ گر از پے امروز شود فرو آئی

اور حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔ "توبۃ الناس من الذنوب و نوبتی من قول لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ" یعنی اس قول پر اکتفاء کرنے سے توبہ ہے۔ پس اس بات کو یقیناً جانئے کہ المقلد فی الشریعۃ ناجی و المقلد فی الطریقۃ ھالک یعنی مقلد مقامِ شریعت میں تقلید سے ضروری ناجی ہے۔ اور نجات پاتا ہے۔ مگر مقلد مقام طریقت میں تقلید سے ہلاک ہو جاتا ہے۔ جب ہستی موہومی طالبِ حق کے خیال سے قطع ہو جاتی ہے۔ تو لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہ اُس کا حال ہو جاتا ہے۔ زبان سے لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ کہنے کی حاجت نہیں رہتی۔ بلکہ وہ کہہ نہیں

سکتا۔ جیسے حضرت شبلی رحمۃ اللہ علیہ کا حال تھا۔ جس کو عطار نے اس طرح نظم کیا ہے:

آں یکے وقت نزع شبلیؒ را
گفت اے قدوۂ فنعار و کبار
کہ بگو لا الٰہ الا اللہ
مغفرت خواہ ایزو و غفار
بہ تبسم در آمد و بشگفت
ہمچو روئے بہار و چہرۂ یار
گفت معشوق من نہ استغناء
نکشاید زر دئے رشوت کار
بعد ازیں ماؤ ساقئ لب جو
بعد ازیں ماؤ یارو بوس و کنار
بعد ازیں ماؤ نغمہ و مطرب
بعد ازیں ماؤ خانہ خمار

چھوٹے میاں تو چھوٹے میاں۔ بڑے میاں سبحان اللہ۔ سیّد الطائفہ حضرت جنیدؒ کا ارشاد سنئے۔

سالکے مر جنیدؒ را پرسید
کائے زسر تا قدم ہمہ اسرار
بہ تکلم در آ کہ مشرک کیست
گفت کاں ہرزہ گوئی کو دن ساز

Marfat.com

ہر کہ نہ دیدہ نام او گوید
مسرک است آں فضول و ناہموار

مشرک اس واسطے ہے۔ کہ وہ ہستی مستقل اپنی ورائے ہستی حق کے سمجھتا ہے۔ اور ہستی مستقل میں جو محض حضرت حق کی ہے۔ اپنی شرکت قائم کرتا ہے۔ اور ہستی میں خدا کا ساجھی بنتا ہے۔ اور کہتے ہیں کہ سب سے بڑا شرک فی الوجود ہے اور کہتے ہیں کہ 'وجودک زنب لا یقاس بہ' زنب. پس صوفیائے کرام رحمۃ اللہ کے نزدیک جس کی ہستی موہومی واقع نہیں ہوئی۔ وہ مشرک ہے۔ آہ۔ آہ۔ بقول جامی رحمۃ اللہ علیہ:

رباعی

کی باشد کی لباس ہستی شدہ عشق
تابان گشتہ جمال و وجہ مطلق
دل در سطوات نور او مستہلک
جان در غلبات شوق او مستغرق

رباعی ایضاً

خوش آنکہ لباس و ہم را شق بینم
حق را ہمہ خلق و خلق رام حق بینم
بے آنکہ شود قید حجاب اطلاق
در ضمن مقیدات مطلق بینم

صوفیاء کرام رحمہم اللہ علیہم جو حکمائے حاذق طب روحانی کے ہیں۔ اس مرض

Marfat.com

وہم کا علاج فرماتے ہیں۔ بت پندار کے توڑنے کی تدابیر بتاتے ہیں۔ طالبِ حق کا جیسا مرض جنسی استعداد طبعی جیسی قابلیت پاتے ہیں۔ ویسے ہی مجاہدات عبادات تصورات اشغال واذکار مناسب حال اس کا فرماتے ہیں۔ جو کوئی طالب ان میں پورا اترتا ہے۔ وہی اپنی مرادات پاتا ہے۔ بہت سے کم نصیب راہ میں رہ جاتے ہیں۔ جیسے حضرت بلھے شاہ صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں:

''کوئی ورلی پار لنگھیندی اے''

یہ حکمائے طب روحانی فرماتے ہیں۔ کہ سب سے اچھا نسخہ اس مرض کے دور کرنے کا عشق حقیقی ہے۔ مگر یہ شرط ہے وہ عشق اپنے شیخ سے ہو۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر حق سے۔ جو اس قاعدے اور ترتیب سے نہ ہو۔ وہ عشق نہیں۔ مالخولیا ہے۔

مولانا رومؒ

شاد باش اے عشق خوش سودائے ما
اے طبیب جملہ علت ہائے ما
اے دوائے نخوت و ناموس ما
اے افلاطون و جالینوس ما

بیت

عشق کیا شے ہے کسی کامل سے پوچھا چاہیئے
کس طرح جاتا ہے دل بیدل سے پوچھا چاہیئے

عشق ایک آگ ہے جس کے تن میں لگ جاتی ہے۔ اس کو جلا کر خاک سیاہ

Marfat.com

کردیتی ہے۔ عدم اصلی کو پہنچاتی ہے۔ کندن بناتی ہے۔ یا یوں کہو۔ کہ عشق حقیقی ایک بجلی ہے۔ جو شیخ کی توجہ اور محبت کی تار محمڈن بیٹری (حقیقت محمدیؐ) اسٹیشن الٰہی (جذب قدیم حق مطلق) سے آتی ہے۔ اور ہزار ہا تماشے دکھاتی ہے۔ کبھی شمع برقی بنتی ہے۔ ایک عالم کو روشن کرتی ہے۔ کبھی دم دم میں عالم غیب کی تار برقیاں لاتی ہے۔ عالم شہادت کی پتلیاں نچاتی ہے۔ تمام کافیاں حضرت بلھے شاہ صاحب قدس سرہ کی اس کا پتا بتا رہی ہیں۔ یہی تماشے عاشقوں کو دکھا رہی ہے۔

یا یوں سمجھو۔ کہ عشق ایک مقناطیسیت ہے۔ جو مقناطیس قدیم سے حقیقت محمدیؐ میں آتی ہے۔ اور حقیقت محمدیؐ سے اولیاء کرامؒ میں سرایت کرتی ہے۔ اور ان کو مقناطیس بناتی ہے۔ اور ارواح اولیاء کرام سے ارواح طالبان میں آتی ہے۔ مگر چونکہ طالبوں کی ارواح کوئی استعداد فولادی رکھتی ہے۔ اس کو ہمیشہ کے لئے مقناطیس بنا دیتی ہے۔ اور جو آہنی رکھتی ہے۔ اس میں اسی وقت تک رہتی ہے۔ جب تک وہ حد تاثیر مقناطیس میں یعنی صحبت روح ولی اللہ میں رہے۔ جن کے روح میں نہ استعداد فولادی ہو۔ نہ آہنی۔ ان میں یہ مقناطیسیت نہیں جاتی۔ اور اپنا اثر کچھ نہیں دکھاتی۔ اس بیان کو حضرت عزیز الدین محمود کاشی قدس سرہ ترجمہ عوارف کے باب سوئم فصل نہم میں اس طرح لکھتے ہیں۔

(دیکھو مصباح الہدایت ترجمہ عوارف مطبوعہ نولکشور صفحہ ۸۴،۸۵)

کہ مثال محبت قدیم کی جذب حقیقت محمدیؐ میں ایسی ہے۔ جیسے کہ خاصیت مقناطیس اپنی صفت کو کہ خاصیّت جذب آہن ہے۔ اپنے مجذوب اور محبوب کو دیتا ہے۔ تا کہ وہ بھی دوسرے آہن کو جذب کرلے۔ اور علیٰ ہذا خاصیت ہر جاذب کی اپنے مجذوب میں سرایت کرتی ہے۔ (یعنی دوسرا مجذوب تیسرے کا جاذب ہو جاتا

Marfat.com

ہے۔ اور تیسرا مجذوب چوتھے کا جاذب ہوتا ہے۔ علیٰ ہذا دیگر مجذوبوں کا حال ہے) ایسے ہی روح محمدی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ محبوب اور مجذوب اوّل ہے۔ اور خاصیّت جذب ارواح موموناں کی اس نے مقناطیس محبت قدیم سے اکتساب کی ہے۔ ہزار ہا ارواح صحابہ کرام کو اطراف اور اکناف سے اپنی طرف کھینچ لیا ہے۔ اور ان میں سے ہر ایک نے بقدرِ استعداد کے اس خاصیت سے حصہ لیا۔ اور پھر تابعین کے ارواح کو اپنی طرف کھینچا۔ اور یہ خاصیت قرناً بعد قرناً اور بطناً بعد بطناً منتقل ہوتی رہی۔ اور سلسلہ مریدی اور مرادی کا قائم ہوا۔ اور ہر مرید مراد ہوا۔ پس ظاہر ہے کہ یہ معنی اثر برکت متابعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے۔ یعنی جس کسی نے واسطہ کمال متابعت رسولؐ پر رابطہ اتصال بارواح مشائخ سے روح نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اتصال پایا۔ محبت الٰہی اس میں پدیدار ہوئی۔ مرتبہ محبوبی اور مرادی کا پایا۔ کیونکہ ارواح مشائخ کے علی الترتیب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت اور متابعت میں پیوستہ ہیں۔ اور خاصیت محبت الٰہی نے اس واسطہ سے ان سب میں سرایت کی ہوئی ہے۔ پس ظاہر ہوا۔ کہ جس مرید کی روح ایسے مشائخ کی روح سے جو کامل اور مکمل ہو۔ اور کلیۃً ارادت اپنی سے منسلک ہو کر خاصیت محبت الٰہی سے دوسرے شیخ سے میراث یافتہ ہو۔ نہ ملے گی ہرگز مرتبہ محبوبی اور مرادی کو نہ پہنچے گا۔ اور مقام ولایت کا اور دوسرے میں تصرف کرنے نہ پائے گا۔

(انتہیٰ کلام حضرت عزیز الدین محمود کاشی قدس سرہ)

حضرت عزیز الدین محمود کاشی قدس سرہ خلیفہ کامل و مکمل حضرت نور الدین عبدالصمد نظریؒ کے تھے۔ اور حضرت نور الدین عبدالصمد نظریؒ خلیفہ کامل و مکمل حضرت شیخ نجیب الدین علی بزغش شیرازیؒ کے تھے۔ جن کا وصال ۶۷۸ھ میں

Marfat.com

ہوا۔ اور حضرت نجیب الدین علی بزعش شیرازیؒ خلیفہ کامل و مکمل حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی کے تھے۔ جن کا وصال ۶۳۲ھ میں ہوا۔ اور یہ مضمون ترجمہ عوارف میں حضرت ممدوح نے از راہ کشف و شہود لکھا ہے۔ نہ از راہ نقل و برہان شیخ اکبر رضی اللہ عنہ نے بھی اسباب میں جذب قدیم حق کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا کہ:

فالکل عبارت وانت المعنی
یا من ہو للقلوب مقناطیس

اس طرح کی بجلی اگرچہ بہت سی بیٹریاں تھیں۔ ہر طرف بہت سے اسٹیشن بن ہوئے تھے۔ اور ان سے تار عالم میں جاتے تھے اور بجلی پہنچاتے تھے۔ مگر تیرہ سو برس ہوئے۔ کہ تار کا ان سب اسٹیشنوں سے سلسلہ کٹ گیا۔ اور صدر اسٹیشن محمڈن بیٹری قائم ہو گیا۔ اب جہاں کہیں بجلی اور مقناطیسیت جاتی ہے۔ اس تار کے ذریعہ سے جاتی ہے۔ جو محمڈن بیٹری سے ملحق اور متصل ہو۔ اس لئے طالبِ حق صوفی مشرب کبھی نہیں ہو سکتا۔ جب تک اپنے دل کا تار شیخ کے قلب کے تار سے ملحق اور ملصق نہ کرے۔ جو ایسا کرتا ہے۔ اس میں وہ بجلی اور مقناطیسیت آتی ہے۔ اور سرتاپاء اس کو بجلی اور مقناطیسیت بناتی ہے۔ جس کو صوفی لوگ اپنی اصطلاح میں عشق کہتے ہیں۔ جب واسطہ شیخ اور نبیؐ سے عشق تمام ہوا۔ اور وسیلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور شیخ سے عشق حقیقی ایسا طالب میں پہنچا۔ کہ عاشق سرتاپاء آگ یا بجلی یا مقناطیس بن گیا۔ تو عاشق رہا نہ عشق۔ وہ معشوق ہو گیا۔

Marfat.com

مصرعہ

در عشق چنیں بو العجبی ہا باشد

رباعی

(سلطان ابوسعید ابوالخیر قدس سرہ۔ دیکھو نفحات صفحہ ۱۹۴)

جسمم ہمہ اشک گشت و چشمم بگریست

در عشق تو بے جسم ہم باید زیست

از من اثرے نماند ایں عشق از چیست

چوں من ہمہ معشوق شدم عاشق چیست

دوسرے لفظوں میں مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو اس طرح فرمایا ہے۔

رباعی

خوش آنکہ دلت ز ذکر پر نور شود

در پر تو اونفس تو مقہور شود

اندیشۂ کثرت ز میاں دور شود

ذاکر ہمہ ذکر و ذکر مذکور شود

بیت

معشوق و عشق و عاشق ہر سہ یکے است اینجا

چوں وصال در نگنجد ہجراں چہ کاردارد

Marfat.com

ایسے حال میں عاشق کو یا یوں کہو اس کو کہ جو معشوق ہو گیا ہے۔ بعض صوفیاء کرام اپنی اصطلاح میں کافر کہتے ہیں۔ (دیکھو کشف اللغات) لفظ کافر اور اس بدنامی کو نیک نامی جانتے ہیں۔ حضرت بلھے شاہ قدس سرہ فرماتے ہیں:

بلّھا عاشق ہویا رب دا بدنامیاں آون لاکھ
تینوں کافر کافر آکھدے توں آہو آہو آکھ

مغربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

از سواد البوجہ فی الدارین اگر داری خبر
چشم بکشاؤ جمال فقر کفر و مانگر
کفر باطل حق مطلق را نجود پوشیدن است
کفر حق خود را بحق پوشیدن است اے پرہیز

جاننا چاہئے کہ کفر لغت میں ستر اور پوشیدگی کو کہتے ہیں۔
(دیکھو کشف اللغات و لطائف اشرفی جلد ثانی صفحہ ۱۲۱)

مغربی فرماتے ہیں: کہ حق مطلق کو اپنے سے چھپانا کفر باطل ہے۔ اور حق سے اپنے تئیں چھپانا یعنی فنا فی اللہ بقا باللہ ہو جانا کفر حق ہے پس:

تا تو در بند خودی حق را بے خود پوشیدہ
باچنیں کفرے زکفر ما کجا یابی خبر
چوں بحق پوشیدہ گردی آنگہ کافر شدی
چوں شدی کافر ز ایمان آں زماں یابی خبر

جب تک تو اپنی بند میں ہے۔ ہستی موہومی میں گرفتار ہے۔ یعنی اپنی بھی ایک ہستی مستقل ورائے حق کے سمجھتا ہے۔ تو نے حق کو اپنے سے چھپا رکھا ہے۔ ایسے

Marfat.com

حال میں تو کفر کے معنی کب سمجھ سکتا ہے۔ ہاں! جب تو حق سے پوشیدہ ہو جائے یعنی حق تجھ کو اپنی ہستی حقیقی میں چھپائے۔ اور مصداق کلام پاک اولیائی تحت قبائی لا بغیر فہم غیر کا ہو جائے۔ تیری ہستی موہومی بالکل قطع ہو جائے۔ تب وہ کافر ہو گا۔ اور جب ایسا کفر ہو جائے گا۔ تب تجھ کو ایمان کی خبر ہو گی۔ کہ کیا ہے؟ فقط

کلام حضرت عین القضات ہمدانی اور حضرت سیّد اشرف جہانگیر سمنانی قدس اللہ اسرہما سے ظاہر ہوتا ہے۔ کہ کفر چار قسم پر ہے۔

(دیکھو تمہید ہا تمہیدات حضرت عین القضات اور لطائف اشرفی۔ جلد ثانی صفحہ ۱۲۰)

Marfat.com

۱ کفر ظاہر، ۲ کفر نفس
۳ کفر قلب، ۴ کفر حقیقت

۱- کفر ظاہر

تکذیب آیات الٰہی اور انکار احادیث مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ نعوذ باللہ منہا۔ یہ کفر ہے۔ جس کی برائی مشہور خاص عام ہے۔ اللہ تعالیٰ سب دوستوں کو اس سے بچائے۔ آمین۔

صوفیاء کرام میں جہاں کفر کی تعریف ہوتی ہے۔ وہاں اس کفر سے مراد ہرگز نہیں ہوتی۔ اگر سمجھنے والا ایسا سمجھے۔ تو اس کی بڑی غلطی اور خطاء ہے۔

۲- کفر نفس

نفس سے تعلق رکھتا ہے۔ نفس بت ہے کہ النفس ھی الصنم الاکبر یہ بت خدائی کرتا ہے۔ اور ہوا پرستوں کا خدا ہے۔ جس کی گواہ آیت افرایت من اتخذ الٰہ ھواہ ہے۔ ابراہیم علیہ السلام نے اس مقام پر فرمایا: کہ واجبنی و نبی ن تعبد الاعنام. یعنی مجھ کو اور میری اولاد کو بتوں کی پرستش سے بچائیو۔ یہاں بت سے مراد ان کی بت نفس کی تھی۔ آہ کہ ہم اس کفر اور بت پرستی میں گرفتار ہیں۔

(دیکھو مکتوبات قدسیہ صفحہ ۹۸)

☆☆☆☆☆☆☆

Marfat.com

بیت

بت پرستم بت پرستم بت پرست
رات گویم آنچہ ہستم آنچہ ہست

۳-کفر قلب

جب کوئی کفر سے نکلتا ہے۔ تو بالائے عرش دل اس کے پر دو نور ظاہر ہوتے ہیں۔ ایک نور ابلیسی۔ دوسرا نور محمدیؐ۔ جو روشن مثل ماہ ہے۔ جس نے ان نوروں کو خدا جان کر پرستش کی۔ وہی کفر قلب میں گرفتار ہوا۔ ہزاروں سالک کفر قلب میں رہ جاتے ہیں۔ کوئی سعادتمند ازلی اس سے نکلتا ہے۔ جیسے حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ ان نور ابلیس من نار العزة بقولہٖ تعالیٰ خلقتنی من نارٍ. یعنی نور ابلیس کا نار عزت سے ہے۔ جیسے کلام اللہ سے ظاہر ہے۔ ابلیس نے کہا کہ خلقتنی من نارٍ پھر حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ لو ظھر نورہٗ للخلق بعبدہٗ باہ لھیہ یعنی اگر نور ابلیس کا خلق پر ظاہر ہو جائے تو سب اس کو خدا سمجھ کر پوجنے لگیں۔ نور ابلیسی کی پرستش کو کفر ابلیسی کہتے ہیں۔ اور نور محمدیؐ کی پرستش کو کفر محمدیؐ۔ نور محمدی کی پرستش سے کفر لازم آتا ہے۔ مگر اس مقام پر حضرت عین القضات ہمدانی قدس سرہ فرماتے ہیں:

اے عزیز! جب تو اس مقام پر پہنچے گا۔ تو اس کافر کو جان و دل سے چاہے گا۔ اور مسلمان کافر ہو جائے گا۔ چہرہ معشوق حقیقی پر نور محمدیؐ خط و خال ہے۔ اور کافر کنندہ مومناں رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا جمال باکمال ہے۔

Marfat.com

رباعی

معشوق من از حسن و جمالے دارد
بر چہرہ خوب خط و خالے دارد
کافر شود آنکہ دید خط و خالش
کافر باشد ہر آنکہ خالے دارد

آہ افسوس اے عزیز! مجھ کو یہ خبر نہیں۔ کہ جب تک کوئی اس کفر میں نہیں پڑتا۔ سرحد ایمان کو نہیں پہنچتا۔ فقط یہ کلام حضرت عین القضات ہمدانی کا ہے۔ جو بڑے ولی اللہ صوفی کامل تھے۔ آپ حضرت احمد غزالیؒ کے مرید تھے۔ اور عاشق صادق آپ کی تعریف نفحات الانس میں صفحہ ۲۴۷ پر اور خزینۃ الاصفیاء جلد دوم میں صفحہ ۱۰ پر دیکھو۔ آپ مسیح محمدیؐ تھے۔ کہ آپ کی زبان سے فقیہہ محمود کی نسبت نکلا کہ مرجاؤ۔ اسی وقت وہ مر گئے۔ مفتی وقت نے کہا کہ اگر آپ زندہ کو مردہ کرتے ہو۔ تو مردہ کو بھی زندہ کیجئے۔ آپ نے فرمایا کہ الٰہی ان کو زندہ کیجئے۔ آپ نے فرمایا۔ کہ الٰہی! ان کو زندہ کردے۔ اسی وقت فقیہہ محمود زندہ ہو گئے۔ سبحان اللہ! کیا مسیحائی ہوئی۔ وفات آپ کی ۵۳۲ھ میں ہوئی۔

کفر قلب میں جو دو نور پیدا ہوتے ہیں۔ نور ابلیسی اور نور محمدیؐ۔ حضرت عین القضات ہمدانیؒ نے ان کو مہتاب اور آفتاب فرمایا ہے۔ اور فرمایا ہے۔ کہ ابراہیم علیہ السلام کو جو ماہتاب اور آفتاب نظر آتے تھے۔ اور جن کو انہوں نے اپنا رب جانا تھا۔ وہ یہی آفتاب اور ماہتاب تھے۔ نور احمدی اس عالم میں آفتاب اور دن ہے۔ اور نور ابلیسی ماہتاب اور شب جہان رب ہے۔ نہ روز ہے۔ نہ شب ہے کہ لیس

Marfat.com

عند ربکم صباح ولا مساء مقام نور ماہتاب سے مقام نور آفتاب تک ایسی بڑی مسافت ہے۔ جیسے ظلمت سے نور تک تا ترے سے عرش تک۔

رباعی

از نور بنور منزلے بس دو رست
کیں نور ظلمت است وآں از نور است
توحید و یگانگی بروں از نور است
آں کس کہ نداند ایں سخن معذور است

انتہیٰ کلام عین القضاتؒ۔

۴۔ کفر حقیقت

کفر حقیقت ان تینوں حقیقتوں سے آگے ہے۔ عبارت سے نہیں سمجھا جا سکتا ہے۔ جو اس کفر سے کافر ہو۔ وہ جانے کہ اس کفر کو کفر الٰہی بھی کہتے ہیں۔

حضرت عین القضات فرماتے ہیں کہ اے عزیز! کفر الٰہی کا حال سن! جب کفر دل کی خرابیاں تجھ کو معلوم ہوئیں تو ایمان تقلیدی حاصل کر۔ بعد اس کے کفر ثانی و ثالث کو پائے پھر جا نکاہی کر۔ تاکہ کفر چہارم میں پہنچے۔ اور مومن ہو۔ اس وقت آیت وما یؤمن اکثر ھم باللہ الا وھم مشرکون تجھ کو بتائے گی کہ ایمان کس کو کہتے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆

Marfat.com

رباعی

دین ماروئے جمال آں بت عاجانہ است
کفر ماآں آبروئے زلف سیاہ ترکانہ است
از جمال خط و خالش عقل نادیوانہ است
ہر کرا ملت نہ ایں است اوز مابیگانہ است

رباعی

ہر زمانم جان ودل نزدیک دلبر میشود
و ز جمال حسن روئش ہر دو کافر میشود
پس میان جان ودل ایں قالبم زحمت شداست
بے تن و قالب مرادم خود میسّر میشود

رباعی

ور مذہب شرع کفر رسوا آمد
زیرا کہ جنون عشق سودا آمد
ہر کس کہ بکفر عشق بینا آمد
از دستِ بت شاہد یکتا آمد

انتہیٰ کلام حضرت عین القضات ہمدانی قدس سرہ

حضرت قدوۃ الکبریٰ زبدۃ العرفا سیّد اشرف جہانگیری سمنائی قدس سرہ۔ جو بڑے اولیاء کاملیں میں سے تھے۔ اور باشارہ خضر علیہ السلام سلطنت سمنان چھوڑ کر

Marfat.com

ہند میں تشریف لائے تھے۔ اور اُوچ شریف میں پہنچ کر مخدوم جہانیاں قدس سرہ کے قدم بوس ہوئے تھے۔ اور حضرت علاؤالدین بنگالی قدس سرہ ان کی خبر لینے کو شہر سے باہر تشریف لائے تھے۔ اور آپ کو بغل میں لے کر فرمایا تھا۔ کہ اے فرزند سیّد اشرف! جس دن سے تو سمنان سے چلا تھا۔ میں تیری منزلیں گنتا تھا۔ اور خضر علیہ السلام مجھ کو تیرے آنے کی خبر دے چکے تھے۔ کہ ایک شہباز کہ سمنان سے تیرے پاس گھیر کر لاتا ہوں۔ اور پھر حضرت علاؤالدین بنگالی قدس سرہ سے مشرف بہ بیعت ہو کر کامل و مکمل ہو کر اولیاءاللہ ہوئے تھے۔ ربع مسکوں کی سیر و سیاحی کی تھی۔ ایک سو چودہ اولیاءاللہ سے فیض حاصل کیا تھا۔ حضرت عبدالرزاق کاشی قدس سرہ کی صحبت میں رہے تھے۔ حضرت حافظ شیرازی قدس سرہ سے شیراز میں ملے۔ اور جلسہ صحبت ان کے ساتھ ایک عرصہ رہا تھا۔ (دیکھو لطائف اشرفی صفحہ ۳۵۳ جلد اوّل) اور بڑے صاحب جمال اور جلال تھے۔ کہ ایک شخص نے آپ سے بے ادبانہ تقریر کی تھی۔ آپ کے اس قدر فرمانے پر کہ تیری زبان نہیں بند ہوتی۔ اس کی زبان منہ سے باہر لٹک پڑی تھی۔

آپ مسیح محمدیؑ تھے۔ کہ ایک عورت اپنے مردہ لڑکے کو آپ کے پاس لائی تھی۔ اور اس کے حال پر رحم فرما کر آپ نے اس مردہ لڑکے سے فرمایا۔ قم باذن اللہ و ارادۃ اللہ اسی وقت وہ لڑکا زندہ ہو گیا۔ (دیکھو کرامت اولیاءاللہ!)

وفات ۸۰۸ھ میں ہوئی تھی۔ اور ان کا مزار مبارک کچھوچھہ ضلع فیض آباد ملک اودھ میں ہے۔ وہ ان چار کفروں کو اس طرح فرماتے ہیں۔ (دیکھو لطائف اشرفی جلد ثانی صفحہ (۲۱) (۱) کفر شریعت (۲) کفر طریقت (۳) کفر معرفت (۴) کفر حقیقت:

Marfat.com

کفر شریعت وہ ہے۔ جس کے باب میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ کہ مَنْ یَّرْتَدِدْ مِنْکُمْ عَنْ دِیْنِہٖ فَیَمُتْ وَھُوَ کَافِر" یعنی تم میں سے جوکوئی دین سے پھر جائے۔ اور اسی حال میں مرجائے۔ وہ کافر ہے۔ اور رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا من انکر الاجماع فقد کفر جس نے اجماع کا انکار کیا۔ وہ کافر ہے۔

کفر طریقت وہ ہے۔ جس کے باب میں اللہ فرماتا ہے۔ کہ یصدون عن سبیل اللہ و یبغونھا عوجا و ھم بالاٰخرۃ ھم کافرون. یعنی جو راہ خدا سے باز رکھتے ہیں۔ اور اس کی کجی چاہتے ہیں۔ وہ آخرت سے منکر اور کافر ہیں۔

بیت

رئے گردانیدن از حق کافریست

نیست ایں پوشیدہ کفران پوشش است

اور ایضاً من مال بصارۃ وزاغ بصیرتہ فی الدنیاؔ والعقبیٰ ھذا کفر الطریقۃ یعنی جس کسی کی بصارت اور بصیرت دنیا اور عقبیٰ کی طرف مائل ہو۔ وہ کافر طریقت ہے۔

کفر معرفت وہ ہے۔ جس کے باب میں اولیاء کاملین اور محققین کا قول ہے کہ المعرفت حجاب بین العارف والمعروف لانھا غیرہ والاقبال الیٰ غیرہ کفر عند الاخص یعنی معرفت عارف اور معروف کے درمیان ایک حجاب ہے۔ اس لئے کہ وہ غیر ہے۔ اور خاص الخاص لوگوں کے نزدیک اقبال غیر کا کفر ہے۔

کفر حقیقت اس کو کہتے ہیں کہ من مکث من اھل الحقآئق فی

Marfat.com

المحبة والعشق والتوحید فھو محجوب عن اللقاء لمحبوب المعشوق والجمال الاحدیه و ھذا کفر عند اصحاب المحو.

یعنی اہل حقائق میں سے جو کوئی محبت اور عشق اور توحید میں رہ گیا ہو۔ ولقاء محبوب اور معشوق اور احدیت سے محجوب رہا۔ اور یہ اصحاب محو کے نزدیک کفر ہے فقط۔ اور مقام پر حضرت قدوۃ الکبریٰ سیّد اشرف جہانگیری قدس سرہ نے بھی فرمایا۔ کہ اکابر سے منقول ہے کہ کفر اھل الھمت اشرف من اسلام اھل المیت یعنی کفر اہل ہمت کا اسلام اہل میت سے بہتر ہے۔ انتہیٰ کلام سیّد اشرف جہانگیر قدس سرہ۔ یہاں سے ظاہر ہے۔ کہ جیسے حیرت محمود اور مذموم ہے۔ ایسے ہی کفر بھی محمود اور مذموم ہے۔ عاشقوں کو کفر محمود کی تمنا ہوتی ہے۔ نہ کہ مذموم کی۔

حضرت بلھے شاہ صاحب کا یہ فرمانا کہ:

تینوں کافر کافر آکھدے توں آہو آہو آکھ!

کفر محمود سے متعلق ہے نہ کہ مذموم سے۔

کفر کا مسئلہ

تو سنا۔ اب ایمان کا بھی سنیئے! ایمان بھی دو قسم کا ہے۔ ایک تقلیدی۔ جو عوام کا ہے۔ دوسرا تحقیقی جو خواص کا ہے۔ پہلے ایمان تقلیدی اور علمی آتا ہے۔ پیچھے تحقیقی اور عینی انہی ایمانوں کا ذکر قرآن شریف میں موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ یا ایھا الذین اٰمنوا. یعنی اے ایمان والو! جو تقلیداً ایمان لائے ہو۔ اٰمنوا تحقیقاً ایمان لاؤ! صاحب تفسیر حسینی [redacted] آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں۔ کہ محققوں نے اس آیت کے یہ معنی کہے ہیں۔ کہ اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو دلیل کی رو سے ایمان

Marfat.com

لاؤ۔ کشف اور ظاہر ہونے کی وجہ سے ایمان لائے ہو۔ تصدیق کی رو سے ایمان لاؤ۔ تحقیق کی راہ سے۔ اور حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبندیہ قدس سرہ سے منقول ہے۔ فرماتے ہیں کہ یا ایھا الذین امنوا اٰمِنوا۔ اس طرف اشارہ ہے کہ ہر بار پلک مارنے میں اس وجود بشری کی نفی کرنا چاہئے۔ اور حضرت واجب الوجود جل شانہ کا اثبات کرنا چاہئے۔ وجودک ذھب لا یقاس بہ ذھب اور حضرت سید الطائفہ جنید بغدادیؒ قدس سرہ سے منقول ہے۔ کہ انہوں نے یا ایھا الذین اٰمنوا اٰمِنوا کے معنی میں فرمایا ہے۔ کہ پچاس برس ہوئے۔ ایمان لانے میں ہوں۔ اور ایمان تازہ کرنے میں۔ اور ہنوز اسی میں ہوں۔

مثنوی

دمے بے حق زدن محض گناہ است
بخود مشغول گشتن کفر راہ است
ترا ہر دم کشد پندار ہستی
سوئے ظلمت سرائے خود پرستی
خودی کفر است نفی خویش کن زود
کہ جز حق در حقیقت نیست موجود

انتہیٰ کلام صاحب تفسیر حسینی۔

ایک روز حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حارثہ رضی اللہ عنہ سے جو اصحاب مومنین میں سے تھے۔ دریافت فرمایا۔ (دیکھو تمہید پنجم از تمہیدات

حضرت عین القضاۃ و دفتر اول مثنوی شریف شعر بحر العلوم صفحہ ۲۱۴ و ارشاد المریدین حضرت شہاب الدین سہروردی قدس اللہ سرہ) کیف اصبحت یا حارثہ یعنی حارث! تو نے صبح کیسے کی؟ حضرت حارثہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! مومناً حقاً یعنی میں نے بحالت مومن حق ہونے کے صبح کی۔ چونکہ اس کلمہ سے یہ معلوم نہ ہوتا تھا۔ کہ کیسے ایمان کے ساتھ صبح کی۔ آیا ایمان تقلیدی کے ساتھ یا ایمان تحقیقی کیساتھ۔ تو پھر حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ایمان کی آزمائش کیلئے فرمایا۔ کہ انظر ما تقول فان بکل حقیقۃ ما حقیقۃ ایمانک یا حارثہ۔ سن اے حارثہ! ہر حق کی ایک حقیقت ہوتی ہے۔ پس تیرے ایمان کی حقیقت کیا ہے؟ حضرت حارثہ نے عرض کیا کہ صرفت نفسی عن الدنیا و اسھرت لیلیٰ و اظھات نھاری و استوی عندی ذھب الدنیا و مدرھا و حجرھا۔ یعنی اپنے نفس کو میں نے صرف کیا۔ رات کو جاگا۔ اور دن کو بھوکا پیاسا رہا۔ اور میرے نزدیک سونا اور پتھر کنکر برابر ہوگئے۔ چونکہ یہ ایمان کی صورت کا نشان تھا۔ اور اس کی حقیقت اور جان کا نشان اور ہے۔ اس لئے اس کے بعد حضرت حارثہ نے عرض کیا کہ کافی انظر الیٰ عرش ربی بارزًا و کافی انظر الیٰ اھل الجنۃ وتزاورون والیٰ اھل النار یتعاورون۔ یعنی میں عرش الٰہی کو ظاہر دیکھتا ہوں۔ اور اہل جنت کو ملتا جلتا اور اہل دوزخ کو جلتا بھنتا دیکھتا ہوں۔ جب یہ ایمان کی بات حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے سنی تو فرمایا۔ یا اصیب فالزم۔ یعنی اس ایمان کو مضبوط رکھ اور لازم پکڑ۔ حضرت عین القضات نے اس مقام پر فرمایا۔ کہ یہ حالت ایمان مومن مبتدی کی ہے۔ کیونکہ ابھی کشف تک پہنچا ہے۔ مومن منتہیٰ کا ایمان اس سے بھی آگے ہے۔ جس کے

Marfat.com

باب میں یہ آیت قرآن ہے۔ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۔ کیونکہ مومن ایسا طائر ہے۔ جو عالم الوہیت میں اڑتا ہے۔ اور بے سبب اور حیلہ کے روزی پاتا ہے۔ ایسے ہی مومن کے باب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ المؤمن بمنزلة الطير في اوكاز والله يرزقها بغير حيله یعنی مومن ایک طیر قضاء حق میں ہے۔ بغیر کسی سبب کے اس کو رزق دیا جاتا ہے۔ یہ رزق کیا ہے۔ لقاء الله تعالیٰ كه لا راحة لمؤمن دون لقاء الله تعالیٰ انتہیٰ کلام حضرت عین القضات کا۔

اس لقاء اللہ تعالیٰ کے کیا معنی ہیں؟ اگر اس کو ایمان کہیں تو درست اور کفر کہیں تو بجا ہے۔ آیت ان الذين اٰمنوا ثم كفروا ثم ازداد وا كفراً ۔ اگرچہ بعض مفسرین کے نزدیک قوم عیسیٰ علیہ السلام کے باب میں ہے۔ مگر محققان مفسرین کے نزدیک امت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے باب میں ہے۔

(دیکھو لطائف اشرفی جلد ثانی صفحہ ۱۱۹)

دریں آیت دو ایمان است سہ کفر
اگر دریابی او راگو ز دل شکر

پہلا ایمان فطرتی ہے۔ جس پر ہر شخص پیدا ہوتا ہے۔ پھر وہ کلمات کفر سے کافر ہو جاتا ہے۔ یہ پہلا کفر ہے۔ جس کی برائی مشہور خاص و عام ہے۔ ثم اٰمنوا یہ دوسری ایمان تقلیدی ہے۔ جو عوام کو کلمہ طیبہ پڑھنے سے آتا ہے۔ اور استدلالی ہوتا ہے۔ ثم کفروا یہ دوسرا کفر ہے۔ یعنی ایمان تقلیدی سے ایمان تحقیقی کی طرف رجوع کرتا ہے۔ اگرچہ اس کو کفر کہا جائے۔ مگر فی الواقع ایمان ثانی ہے۔ جو خواص مومنان کو عطا کیا جاتا ہے۔ کہ ایمان تقیدی دلائل اور براہین سے تھا۔ یہ ایمان تحقیقی

اور یقیں واثق مشاہدہ تجلیات اور انوار سے پیدا ہوا۔ یعنی صرف پہلے سنی سنائی باتوں پر یقین کر کے ایمان لایا تھا۔ پھر جو مرشد کے ارشاد کے بموجب کام کیے۔ انوار پیدا ہوئے۔ آنکھ نے ان کو دیکھ لیا۔ ایمان تحقیقی حاصل ہوا۔ اور ان کو مضبوط پکڑا۔ جس کی طرف اشارہ آیت فمن یکفر بالطاغوت و یومن باللہ فقد استمسک بالعُرُوۃِ الوثقٰی میں سے ہے۔ ثم ازدادو اکفراً پھر ایمان ثانی سے بھی کافر ہوئے۔ یعنی فنا فی اللہ بقا باللہ ہو گئے۔ حق ان کا کافر یعنی پوشیدہ کرنے والا ہوا۔ جن کا مخبرؔ کلام پاک اولیاء تحت قبائی لا یعرفھم غیری ہے۔ یہ تیسرا کفر ہے۔ جو محض ایمان ہے۔ جس کی تمنا طالبان حق کو بادل و جان ہے۔ اور حضرت بلھے شاہ صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں:

تینوں کافر کافر آکھدے توں آہو آہو آکھ

بیت

(دیکھو لطائف اشرفی جلد ثانی صفحہ ۶۲)

مسلمانی بجز کفر باشد
کہ ایماں محض شد کفران نباشد

قطعہ ایضاً

در ایمان کافری شرط است لیکن
تو جائے فہم سرّ ایں نداری
تو تا از خویشتن کافر نگردی
بہ ہستی خدا ایماں نداری

Marfat.com

بیت عطارؒ

کفر و ایمان قریب یک دگرند
ہر کہ را کفر نیست ایمان نیست

منصور حلاجؒ

کفرت بدین اللہ والکفر واجب
لدی و عند المسلین قبیح

مغربیؒ

آنچہ کفر است بر خلق ما دین است
تلخ و ترش ہمہ عالم بر ما شیر نیست

گلشن راز

ز اسلام مجازی گشتہ بیرار
کرا کفر حقیقی شد پدیدار
درون ہر تنے جانیست پنہاں
بزیر کفر ایمانے است پنہاں

خسروؒ

کافر عشقم مسلمانی مرا در کار نیست
ہر رگ من تار گشتہ حاجت زنار نیست

Marfat.com

خلق مے گوئید کہ خسرو بت پرستی میکند
آرے آرے میکنم باخلق وعالم کارنیست

مولانا رومؒ

مسلمانان مسلمانان نگہ دارید دیں خود
کہ شمسؒ الدین تبریزی مسلماں بود کافر شد

یعنی پہلے عاشق تھا۔ پھر معشوق ہوگیا۔ کیونکہ اصطلاح کسی نہ کسی مناسبت سے مقرر کی جاتی ہے۔ عشق حقیقی کے حالات کسی قدر عشق مجازی کے حالات سے مناسبت رکھتے ہیں۔ اور عشق مجازی کے روزمرہ میں اکثر معشوق کو بت۔ صنم۔ کافر بھی کہتے ہیں۔ اس لئے بعض صوفیاء کرام نے ا بھی جو عشق حقیقی میں گرفتار مست اور سرشار، دل جلے تھے۔ معشوق کو بت کافر کہنا مناسب سمجھا۔ اور اسی مناسبت سے اصطلاحیں رخ وزلف خط وخال وابرو وزنار وغیرہ مقرر کیں۔

مرغان چمن بہ بہر صباحے
خوانند ترا باصطلاحے

غرض ان اصطلاحوں کی یہ ہے۔ کہ ان کی مجلس میں کوئی غیر ہو۔ اور اس موقع پر اپنے حالات سے اپنے علوم کو بیان کرنا چاہیں۔ تو وہ غیر ان کو نہ سمجھے۔ جو اپنا ہو۔ وہ سمجھ جائے۔ (دیکھو مطالب رشیدی صفحہ ۱۸۳) ان اصطلاحوں کے باب میں حضرت محمود شستری قدس سرہ گلشن راز میں فرماتے ہیں:

ہر آں چیز کہ در عالم عیاں است
چو عکس آفتاب آں جہاں است

Marfat.com

جہاں چوں زلف خط وخال ابروست
کہ ہر چیزے بجائے خویش نیکوست
تجلی گر جمال گہ جمال است
رخ زلف آں معانی رامثال است
صفات حق تعالیٰ لطف و قہر است
رخ زلف بتاں رازاں دو بہر است
ندارد عالم معنی نہایت
کجا بیند مرا در لفظ غایت
ہر آں معنی کہ شد او ذوق پیدا
کجا تعبیر لفظے یا بد اورا
تناسب را رعایت کردہ عاقل
چو سوئے لفظ معنی گشت نازل
ولے تشبیہ کلی نیست ممکن
زجست وجوئے آں میباش ساکن
مجازی نیست احوال حقیقت
زہر کس ناید اسرار طریقت
نظر کن در معانی سوئے عایت
لوازم را یکا یک کن رعایت

Marfat.com

اور مغربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: (دیکھو شرح گلشن راز سوال پانزدہم)

اگر بینی دریں دیوان اشعار
خرابات و خراباتی و خمار
بت و زنار و ناقوس و چلیپا
مغ ترساؤ گبر دیر مینا
شراب و شاہد و شمع شبستان
خروش بربس آواز مستاں
مے و مے خانہ و رند خرابات
حریف و ساقی و مردو مفاجات
گرد کردن بادہ خویشتن را
نہادن بر سر مئے جان و تن را
خط و خالے و قد لائے و ابرو
عذار و زلف پیچا پیچ گیسو
مشو زنہار زاں گفتار در تاب
برو مقصود ازاں گفتار در یاب
مپیچ اندر سرو پائے عبارت
اگر ہستی خدا رباب اشارت
نظر را لغزکن تا مغز بینی
گزا را ز پوست کن تا مغز بینی

Marfat.com

چو ہر یک را ازیں الفاظ جانیست
بزیر ہر یکے پنہاں جہاں نیست
تو جانش را طلب از جسم بگذر
مسمّٰی جوئے باش از اسم بگذر

نقل ہے۔ کہ شیخ کمال الدین خجندی رحمۃ اللہ علیہ نے جب یہ شعر لکھا کہ:

چشم اگر ایں ست و ایں ناز و عشوہ ایں
الوداع اے زاہد و تقویٰ الفراق اے عقل و دیں

مولانا محمد شیریں مغربیؔ نے اس کو سن کر کہا کہ شیخ کمال الدین تو بڑے بزرگ ہیں۔ ایسا شعر کیوں کہا۔ جس میں معنی مجازی ہیں۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے مولانا سے وقت ملاقات فرمایا۔ چشم عین ہے۔ ہوسکتا ہے کہ لسان اشارت میں اس سے مراد عین قدیم کی رکھیں جو ذات بحث ہے۔ اور ابرو حاجب ہے۔ ہوسکتا ہے کہ اس سے اشارہ صفات کا ہو۔ جو حجاب ذات میں مغربی نے اس کو سن کر داد دی ہے۔"

(دیکھو نفحات الانس صفحہ ۴۰)

نقل ہے۔ کہ جس وقت مولانا شمس الدین تبریزی بابا کمالؒ کی خدمت میں تھے۔ تو شیخ فخر الدینؒ عراقی بھی ان کی خدمت میں رہتے تھے۔ جو فتوح اور کشف شیخ فخر الدین عراقی کو ہوتا تھا۔ اس کو وہ نظم اور نثر میں بابا کمالؒ کے روبرو ظاہر کرتے تھے۔ اور مولانا شمس الدین کچھ ظاہر نہیں کرتے تھے۔

ایک روز بابا کمالؒ نے حضرت شمس الدین تبریزی سے دریافت فرمایا کہ اے فرزند شمس الدین! وہ اسرار اور حقائق جو فخر الدین پر لائح ہوتے ہیں۔ تجھ پر لائح نہیں ہوتے۔ آپ نے عرض کیا! قبلہ من! مجھ پر ان سے زیادہ لائح ہوتے ہیں۔ مگر

Marfat.com

ان کوتو اصطلاح ہاتھ آ گئی ہے۔ ان اصطلاحوں میں وہ ان اسرار حقائق کو جلوہ دے دیتے ہیں۔ اور مجھ کو یہ قوت حاصل نہیں ہے۔ حضرت بابا کمال قدس سرہ نے فرمایا۔ کہ حق سبحانہ تعالیٰ تجھ کو ایک مصاحب عطاء فرمائے گا۔ جو تیرے نام سے معارف اور حقائق اوّلین اور آخرین کو ظاہر کرے گا۔ کہتے ہی کہ وہ مصاحب حضرت شمس الدین تبریزیؒ کے حضرت مولانا جلال الدین رومی قدس سرہ ہوئے۔ جنہوں نے معارف اور حقائق کو طرح طرح کے اسرار سے ظاہر کیا۔ یہاں یہ بات واضح ہے کہ صوفیاء کرام نے جو حالت ماضی کی اصطلاحیں مقرر کی ہیں۔ وہ اپنے اپنے حالات مذاق کے موافق مقرر کی ہیں۔ عشق حقیقی میں دل کے پھپھولے پھوڑے ہیں۔ شراب طہور کی چسکیاں لی ہیں۔ اس لئے سب کی ایک ہی اصطلاح نہیں ہے۔ کسی نے کفر و ایمان کسی حالت کا نام رکھا۔ کسی نے کسی کا۔

خسروؒ

عاشقی چیست بجاں بندہ جاناں بودن
دل بدست دگری دادن و حیراں بودن
سوئے زلفش نظرے کردن درویش دیدن
گاہ کفر شدن و گاہ مسلماں بودن

شارح گلشن رازؒ

ایمان و کفر نا ہمہ رخسار و زلف تست
در کفر ماندہ ایم و با ایمانم آرزوست

Marfat.com

گلشن رازؒ

اگر زلفیں خود را بر فشاند
بہ عالم در یکے کافر نماند

مغربیؒ

از روئے اوست ایں ہمہ مومن عیاں شدہ
در زلف اوس ایں ہمہ کفار آمدہ
آں یک زروئے اوست بہ تسبیح مشتغل
دیں یک زموئے اوست بز مار آمدہ

ایضاً

گہ از روئے تو مجموعم گہ از زلفت پریشانم
کزیں در ظلمت وکفرم وزاں در نور ایمانم
نیم یک لحظہ از سودائے زلف وخال تو خالی
گہے برگشتۂ اینم گہے آشفتہ آنم
حدیث کفر ودیں پیشم مگو زیرا کہ من مسکیں
بز رئش نمی بینم بجز موئش نمی دانم

Marfat.com

جامیؒ

برزخ از زلف سیاہ مشکیں سلاسل بستہ

عالمے را بستۂ زنجیر سودا کردہ

شارح گلشن رازؒ

چوں نقاب زلف مشکیں از جمال خود کشود

صبح صادق در شب دیجور ناگہ رخ نمود

ہم بچشم دوست دیدم چوں جمالش جلوہ

کآفتاب از مشرق ہر ذرہ تاباں گشتہ بود

ھندی

کالی چلپھیا یہ جیا للچاوے تک تک مارے نجریا رام

تک تک مارے نجریا رام تک مار نجریا رام

کالی چلپھیا یہ جیا للچاوے تک تک مار نجریا رام

زلف کفر: نظریا ایمان واہ کیا خوب کفر و ایمان ہے۔ تمہید دہم حضرت عین القضات۔

بیت

کفر و ایماں زلف دروئے آں بت زیبا تر است

کفر و ایماں ہر دو اندر راہ ما یکتائے است

رباعی ایضاً

آں بت شاہد کہ عاشق روئے خویش و جان ست
بہر او در دست و صلش مراد رماں ماست
روئے ... ین است وقبلہ زلف اوشرک است وکفر
ملت ما کیش او زنار او ایمان ماست

ان اصطلاحات صوفیا ،کو اگر زیادہ تر دیکھنا ہوتو تحقیقات حضرت خواجہ پارسا شرح گلشن راز حضرت شیخ محمد لاہجیؒ دیوان حافظ حضرت قطب الاقطاب شیخ محمد افضل الہ آبادی اور لطائف اور مطالب رشیدی دیکھئے۔ان اصطلاحات باطنی وکفر وکافر کو پڑھ کر کوئی یوں کہے۔ کہ الفاظ کفر وکافر کی تشریح قرآن مجید میں جا بجا مذکور ہیں۔ پھر کیا وجہ ہے۔ کہ ایسے قبیح اور مکروہ الفاظ عمدہ حالات باطنی کیلئے مقرر کرتے ہیں۔ کیا کوئی اور عمدہ لفظ ایسا نہیں ہے۔ جو ان عمدہ حالات کے مناسب ہو۔ اس کا جواب کئی طرح سے ہوسکتا ہے۔ اوّل یہ کہ قرآن شریف کی ایک صورت ہے۔ ایک حقیقت (دیکھو تمہید اوّل وتمہیدات حضرت عین القضات ہمدانی) صورت قرآن شریف کی یہ حروف اور یہ الفاظ ہیں۔ جو آدمیوں کے منہ سے نکلتے ہیں۔ یا کاغذ پر تحریر ہیں۔ اور حقیقت اس کی نور ہے۔ جس کی مصداق آیات قل جاء کم من اللہ نور و کتب مبین اور ولیتغوا النور الذی انزل معہ ہیں۔ عالم صورت میں قرآن ان حروف اور کلمات اور الفاظ اور تحریر کاغذ کو کہتے ہیں۔ مگر عالم حقیقت میں حقیقت قرآنی کو قرآن کہتے ہیں۔ اور چونکہ عالم حقیقت یعنی باطن کے پردے اور عوالم ہیں جو ایک عالم میں اس کا نام ہے۔ وہ دوسرے عالم میں نہیں۔ ہر

عالم حقیقت میں اس کا نیا ہی نام ہے۔ (دیکھو تمہید مذکور) ایک عالم میں اس کا نام مجید ہے۔ جس کا ذکر بل ھو قران مجید میں ہے۔ ایک عالم میں اس کا نام مبین ہے۔ جیسا کہ آیت کتاب مبین سے ظاہر ہے۔ ایک عالم میں اس کا نام عظیم ہے۔ جس کا بیان آیت ولقد اٰتینک سبعاً من المثانی والقراٰن العظیم میں ہے۔ ایک عالم میں اس کو عزیز کہتے ہیں۔ جیسا کہ آیت اِنہٗ کتاب عزیز سے ظاہر ہے۔ ایک عالم میں اس کو حکیم کہتے ہیں۔ جیسا کہ آیت آیات الکتاب الحکیم سے ظاہر ہے۔ ایک ہی قرآن کے ہزارہا نام عوالم حقیقت میں ہیں۔ جو سمع ظاہری سے نہیں سنے جا سکتے۔ جس کی سمع باطن کھل جاتی ہے۔ وہ سنتا ہے۔ اور عالم آخرعشق میں ہیں۔ اس پر وہ نام ہائے پوشیدہ ظاہر ہوتے ہیں۔ اور یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ان القراٰن ظھرا و بطنا و لبطنہ بطناً الیٰ تسعۃ البطن وانزل القراٰن علی سبعۃ احرف کلھا کافٍ رشافٍ ۔ ایسے لوگوں سے جن کے سمع باطن کے کھلے ہوئے تھے۔ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ اقراء والقراٰن والتمسوا غرائبہٖ غرائب قرآن کا پانا ہر کسی کا کام نہیں ہے۔ پس جس کسی پر حقیت پر قرآنی متجلّی ہوگئی ہے۔ اس کے ہر حرف اور ہر لفظ سے ایک نور نظر آتا ہے۔ جیسا کہ نور الفاظ ایمان اور مومن سے نکلتا دیکھتا ہے۔ ایسا ہی الفاظ کفر اور کافر سے دیکھتا ہے۔ بلکہ یہ الفاظ بالکل نور ہی نظر آتے ہیں۔ اس حال میں ان کو ان الفاظ میں نفرت کہاں ہے۔ کراہت کہاں ہے۔ بلکہ ان لفظوں پر جی جان سے صدقے اور قربان ہے۔ ایسے مقام پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ لیس فی القراٰن ذکر الاعد اولا خطاب مع الکفار (دیکھو تمہید

Marfat.com

مذکور و صفحہ ۱۲۱ جلد ثانی لطائف اشرفی ثانی) یعنی قرآن میں اعداء کا ذکر نہیں ہے۔ یہ کفار کے ساتھ خطاب ہے۔ بات یہ ہے کہ ان کو مقام حقیقت میں کوئی عدو یا کافر ہی نظر نہیں آتا۔ نور ہی نور نظر آتا ہے۔ اس مقام پر حضرت عین القضات ہمدانی نے جو فرمایا ہے۔ اس کا خلاصہ یہ ہے۔

اے عزیز! جب قرآن اپنے چہرۂ منور سے نقاب عزت اور برقعہ عظمت اٹھا دیتا ہے۔ تو بیماران لقاء اللہ اس کے دیدار سے شفاء پاتے ہیں۔ اسی لئے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ القرآن ھو الدد القرآن اگر چہ کس وقت حروف ہزار ہا پردوں میں نازل ہوا ہے۔ مگر عاشق ہی جانتے ہیں۔ اس کے حروف میں کئی ہزار ہا عمر ہا جانگداز ہے۔ اور عاشقوں اور یگانوں ہی کیلئے فرمان ہوا ہے کہ و اذکر فان الذکر ینفع المؤمنین۔ اور جو بیگانے ہیں۔ ان کا یوں ذکر فرمایا گیا ہے کہ ان الذین کفروا سوآء علیھم ء انذرتھم ام لم تنذرھم لا یومنون۔ ابی لہب نے تبت یدا ابی لہب سے کچھ اور ہی سنا اور ابو جہل نے قل یا ایھا الکافرون سے کچھ اور ہی سمجھا۔ اور حضرت ابو بکر صدیقؓ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما نے تبت اور قل یا ایھا الکفرون سے کچھ اور ہی سمجھا۔ یعنی وہ عالم صورت میں گرفتار تھے۔ انہوں نے صورت پائی۔ اور یہ عالم حقیقت کو پہنچے ہوئے تھے۔ انہوں نے حقیقت پائی۔

اے عزیز! جمال قرآن کا اس وقت دیکھ سکتا ہے۔ جب عادت پرستی سے باہر نکلے۔ اور وہم ہستی موہومی کا عشق حقیقی سے منقطع ہو جائے۔ تب اہل قرآن ہو گا۔ اھل القرآن ھذا اللہ خالصة اھل القرآن۔ وہی لوگ ہیں۔ جو حقیقت میں عین کلام کو پہنچ گئے ہیں۔ اور قرآن نے ان کو قبول کر لیا ہے۔ نوا احق بھا

Marfat.com

واھلھا. قرآن اسی کو قبول کرتا ہے، اور اسی سے باتیں کرتا ہے۔ اسی کو جمال غمزہ دکھاتا ہے۔ جو اس کا اہل ہے۔ ان فی ذلک لذکری لمن کان له قلب والقی السمیع وھو شھید نااہل اور نامحرم کو کبھی یہ دولت نصیب نہیں ہوئی۔ ان مقامات میں سے جن میں سالک طریق حق دولت جمال قرآن پاتا ہے۔ ادنیٰ مقام آخرت ہے۔ من مات فقد قامت قیامة (یعنی جو کوئی زندگی ہی میں مر گیا۔ اور ہستی موہومی اس کی قطع ہوگئی۔ اس کی قیامت قائم ہوگئی۔ اور مقام آخرت پر وہ پہنچ گیا۔)

اے عزیز! ہدایت قرآن یہ ہے کہ حروف مقطعات تجھ سے باتیں کریں۔ اور اپنا جمال تجھ کو دکھائیں۔ ہائے افسوس! خلق ے ظاہر قرآن پر قناعت کر لی۔ اور قرآن کے پوست پر نظر رکھتے ہیں۔ یہ کوشش نہیں کرتے کہ اس کا مغز پائیں۔ اور اس کی لذّت اٹھائیں۔ اور یہ نعمت دکھائیں کہ القرآن مائدة اللہ فی ارضہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے ہی لوگوں کی شکایت میں فرمایا ہے۔ کہ یا رب ان قومی اتخذوا ھذا القرآن مھجوراً۔

(انتہیٰ کلام حضرت عین القضات ہمدانیؒ)

یہاں ظاہر ہے۔ کہ جو اصطلاح کفر کافر پر اعتراض کرتا ہے۔ وہ اس قرآن کو پڑھتا اور سنتا ہے۔ جو حروف اور کلمات ہیں۔ اور سوائے حروف سیاہی اور سپیدی کاغذ کے اور اس کو کچھ نظر نہیں آتا۔ اور جو ان اصطلاحوں کو مقرر کرتا ہے۔ وہ اس قرآن کو نہیں سنتا ہے۔ اور دیکھتا ہے۔ جو نور ہے۔ اور نور علیٰ نور ہے۔

بہ بیں تفاوت راہ از کجاست تا بکجا

دوسرے اولیاء اللہ وارثان علوم انبیاء ہیں۔ جن کی نظر میں حقیقت جلوہ گر ہوتی

Marfat.com

ہے۔اور اعتبار کچھ قدر نہیں رکھتا۔لفظ کفر وکا فر امر فرضی اعتباری ہے۔کیونکہ لفظ میں بنفسہٖ کچھ معنیٰ نہیں ہوتے۔جیسے لفظ دین سے کہ عربی میں اس سے مراد مذہب سے ہوتی ہے۔اور ہندی میں عاجز سے مرا ہوتی ہے۔ایسے ہی اور بہت سے الفاظ ہیں:۔

یہاں ظاہر ہے کہ بنفسہٖ اور بذاتہٖ میں کوئی معنیٰ نہیں ہوتے۔جس کے معنی کیلئے ٹھیرالو۔اسی کے وہی معنے دینے لگتا ہے۔جیسے لفظ بذاتہٖ کوئی معنیٰ نہیں ہوتے۔ ویسے لفظ میں بذاتہٖ کوئی کراہت یا قباحت نہیں ہوتی ہے۔پنجاب میں ایک لفظ ہے۔جس کو کان میں بتایا جائے گا۔کہ وہ لفظ اہل پنجاب بولتے ہیں۔کوئی نفرت کوئی کراہت اس سے پیدا نہیں ہوتی۔اسی لفظ کو دہلی میں جا کر بولئے۔تو ان کو سخت نفرت اور کراہت اس سے پیدا ہوتی ہے۔اس سے ظاہر ہے۔کہ نفرت اور کراہت جو کچھ کسی لفظ سے پیدا ہوتی ہے۔وہ اپنے اپنے ذہنی معنیٰ کے لحاظ سے پیدا ہوتی ہے۔نہ کہ نفس لفظ سے۔یہی کیفیت گالی اور بدزبانی کی ہے۔اور چونکہ صوفیاء کرام اہل حقیقت ہوتے ہیں۔اور بمقابلہ حقیقت لفظ امر فرضی اور اعتباری ہے۔ اس لئے ان کے نزدیک لفظی مدح وذم تعریف اور گالی برابر ہوتی ہے۔نہ مدح سے خوش ہوتے ہیں۔نہ گالی سے برا مانتے ہیں۔اسی مقام پر بلھے شاہ صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں:

تینوں کافر کافر آکھدے توں آہو آہو آکھ

حکایت

(دیکھو رشحات ذکر ذکر خواجہ احرارؒ و مقامات الصوفیہ مطبوعہ صفحہ ۱۸۸)

ایک روز حضرت شبلیؒ اپنے پیر و مرشد حضرت جنیدؒ بغدادی کی خدمت میں بیٹھے تھے۔ ایک شخص ناداں نے جو یہ نہیں جانتا تھا۔ کہ پیر کے سامنے مرید کی تعریف نہ کرنی چاہیے۔ حضرت جنیدؒ کے روبرو حضرت شبلیؒ کی بہت تعریف کی۔ حضرت جنیدؒ نے فرمایا۔ کس کی تعریف کرتے ہو۔ اس سؤر کی۔ حضرت شبلی کے ظاہر و باطن میں کچھ تغیّر واقع نہ ہوا۔ اس فرمانے سے خوش ہوئے۔

حافظ رحمۃ اللہ علیہ

بدم گفتی و خرسندم عفاک اللہ نکو گفتی
جواب تلخ مے زیبد لب لعل شکر خارا

ایضاً

قند آمیختہ باگل نہ علاج دل ماست
بوسۂ چند بیامیز بد شنامی چند

شبلیؒ کی نظر حقیقت پر تھی۔ لفظ سؤر کو وہ فرضی اعتباری سمجھتے تھے۔ اور بمقابلہ حقیقت یہ اعتبار ان کی نظروں میں کچھ قدر اور اعتبار نہ رکھتا تھا۔ اس لئے لفظ سؤر سے ان کو ظاہر اور باطن کچھ اثر نہ ہوا۔ آج کسی گرفتار اعتبار کو تو سؤر کہہ کر دیکھو۔ ظاہر اور باطن کا کیسا رنگ بگڑتا ہے۔ اور کیسی ناک چڑھاتا ہے۔

تیسرے جو عشق حقیقی کا کچھ بھی مذاق رکھتا ہے۔ وہ خوب جانتا ہے کہ ان

Marfat.com

حالات باطنی کا نام کفر اور ایمان سے بہتر اور کوئی ہے۔ حضرت شیخ الاسلام شرف الحق والشرع والدین یحییٰ منیری قدس سرہ نے شیخ مظفر کو لکھا (دیکھو مکتوبات دہم مکتوبات جوابی حضرت شیخ شرف الدین یحییٰ منیری مطبوعہ نولکشور صفحہ ۱۷) کہ ہم نے جو لکھا تھا کہ پہلے جو لوگ کفر وشرک، بت وزنار رکھتے تھے۔ میں نہیں جانتا کہ کیا بات ہے۔

اب میں نے جانا کہ یہ بات ہے۔ اے عزیز! یہ بڑی فتوح تیرے ہاتھ آئی۔ کہ تجھ کو کچھ دکھایا گیا۔ انشاءاللہ! اس سے تو جمالِ ایمان بھی دیکھے گا۔ اسی مقام پر کہتے ہیں:

بیت

کفر اندر خود خود قاعدہ ایمان است

آسان آسان بکافرے نتواں رفت

ایک روز جو ایک بزرگ نے وقت شروع نماز کے جو یہ کہا تھا۔ کہ "کافر شدم و زنار برخود بستم اللہ اکبر" اس سے یہی مراد تھی۔ جب تک کفر انی مما تشر کون حاصل نہ ہوگا۔ جمال انی وجہت وجھی للذی فطر السمٰوٰت والارض حنیفا جلوہ گر نہ ہوگا۔ جب تک رشتۂ واعتصموا بحبل اللہ جمیعاً زنار باطن نہ ہو تو زنارِ گبریت کس طرح ٹوٹیں گے۔ یہ فہم بھی عالم بصیرت سے ہی حاصل ہوتا ہے۔ اس وجہ سے کہ یہ نصیب بھی اسی طرح پہنچتا ہے۔ اس حال کے ورود سے خوش ہونا چاہئے۔ اور اپنے کام میں لگے رہنا چاہئے۔ تاکہ اس میں زیادتی ہو۔ اور یہ جو لکھا تھا کہ مجھ پر یہ واضح ہوتا ہے کہ جب تک کفر لا الٰہ حاصل نہیں ہوتا۔ جمال اللہ

Marfat.com

اپنا جمال نہیں دکھاتا یہ نظر بھی اس راہ کے اسرار میں سے ہے۔ اوراس کار کے بڑے دقائق میں سے ہے۔ جس کا دل زیادہ مصفا ہوتا ہے۔ نظر بھی مصفّٰی ہوتی ہے۔ اور یہ بھی لکھا جاتا ہے۔ کہ میں اب اس بات کو بھی سمجھا۔ کہ بزرگوں نے جو بعضے معنے کو عبارت زلف، خال، کفر، بت، زنار میں بیان کیا ہے۔ بہت درست ہے۔ بے شک وہ معنے سوائے اس عبارت کے اور کسی عبارت میں نہیں آتے۔

اے عزیز! اصحاب سلوک کو راہ سلوک میں جو معانی نظر آتے ہیں۔ وہ عبارت میں بیان کریں۔ تو سوائے عبارت کفر وشرک، زنار اور بت کے اور کسی عبارت میں وہ اچھے بیان نہیں ہوتے۔ اور یہ جو لکھا تھا کہ سوائے فرض اور سنن ے اور سب غارت ہوا۔

آنجا کہ سلطان خیمہ زند غوغا نماند عام را

اے عزیز! ابھی کام اس سے بھی آگے ہے۔

بیت

عشق را امروز و فردا کے بود

کفر دیں ایں جا وآں جا کے بود

سعادت مردوہ ہے۔ جس سے کہیں کہ بت خانہ وکفر وشرک دیکھا۔ اب دامن فمن یکفر بالطاغوت پکڑ اور دولت یؤمن باللہ حاصل کر۔ جمال ایمان دیکھ

کافر نشوی عشق خریدار تو نیست

یعنی جب تک تو کافر نہ ہوگا۔ عشق تیرا خریدار نہ ہوگا۔ انتہیٰ کلام حضرت شرف

Marfat.com

الحق والدین یحیٰ منیری قدس سرہ۔ بلھا:

تینوں کافر کافر آکھدے توں آہو آہو آکھ

کچھ معلوم ہے۔ کہ یہ بزرگ کون ہیں جنہوں نے نماز شروع کرتے وقت کہا۔ ''کافر شدم زنار بستم اللہ اکبر'' حضرت عین القضات ہمدانی کے پیرومرشد تھے اس کو حضرت عین القضات نے تمہید سوم میں اس طرح لکھا ہے۔ کہ ایک روز میرے مرشد میرے شیخ نماز پڑھنے کیلئے کھڑے ہوئے۔ نیت باندھنے کے وقت آپ نے فرمایا ''کافر شدم زنار برخود بستم اللہ اکبر''۔ جب نماز سے فارغ ہوئے تو اپنے آپ ہی کہا۔ ''اے محمدؐ! ابھی تو عبودیت کے درمیاں بھی نہیں پہنچا ہے۔ اور پردہ نور سیاہ میں کہ فبعزتک لاغوینھم اجمعین ہے۔ ابھی تجھ کو جگہ نہیں ملی ہے۔ تسلی رکھ۔ کوئی وقت ہوگا کہ تجھ کو اس پردہ میں بھی جگہ دیں گے۔

رباعی

بے دیدہ رہ قلندری نتواں رفت
در دیدہ بکوے بدیری نتواں رفت
کفر اندر خود خود قاعدۂ ایمان است
آساں آساں بکافری نتواں رفت

رباعی دیگر

اندر راہ عشق سرسری نتواں رفت
بے درد و بلا بسروری نتواں رفت

Marfat.com

خواہی کہ پس از کفر بیابی ایمان

تا جاندہی بکا فری نتواں رفت

اے عزیز! نہیں معلوم یہاں لفظ کفر سے تو کیا سمجھے گا۔ اس بات کو جان! کہ کفر بہت ہیں۔ کس لئے۔ کہ منزلیں سالک کی بہت ہیں۔ ہر ساعت میں کفر اور ایمان لازم ہیں۔ جس سالک نے جانا کہ مجھ کو کچھ مل گیا ہے۔ اس کو کچھ نہیں ملا ہے۔ وہ بے خبر ہے۔ رھزن ولا عنلنھم کے ہاتھ سے خلاصی نہیں ہوئی۔ جب اس سے خلاصی پائے گا۔ تب سدرۃ المنتہیٰ پر پہنچے گا۔ جب تو نے ابتدا اور انتہا وجود اور امر اور نہی، آسمان اور زمین، عرش اور فرش ساری موجودات کو پیچھے چھوڑا۔ پہنچنے اور نہ پہنچنے سے چھوٹا۔ دیکھنے اور نہ دیکھنے کی توقع نہ رہی۔ تب سب بلاؤں اور آفتوں سے رہائی پائی۔ کوئی بلا اس راہ میں تیرے خیالِ ہستی موہومی سے بری نہیں ہے۔

انتہیٰ کلام حضرت عین القضاتؒ ہمدانی۔

حضرت عین القضات ہمدانی کے پیر و مرشد حضرت احمد غزالیؒ جنہوں نے یہ کلام نماز کی نیت باندھنے سے پہلے فرمایا بڑے اولیاء اللہ ہیں۔ جن کا وصال ۵۱۷ھ میں ہوا۔ خضر علیہ السلام ان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت عین القضاتؒ ہمدانی تمہید وہم میں فرماتے ہیں۔ کہ ایک روز میں اپنے پیر و مرشد کی خدمت میں حاضر ہوا۔ وہاں حضرت خضر علیہ السلام نے مجھ کو ایک حدیث رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی بتائی۔ جو انہوں نے بالمشافہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی تھی۔ انتہیٰ حضرت احمد غزالیؒ پیر و مرشد حضرت ابوالنجیبؒ سہروردی اور دادا پیر حضرت شہابؒ الدین سہروردی اور پردادا حضرت بہاؤالدینؒ ذکریا ملتانی اور قاضی

Marfat.com

حمید الدین ناگوری کے تھے۔ کیا مجال ہے کسی ناقص کو جوان کے اس کلام پر جو نماز کی نیت باندھنے پہلے فرمایا۔ حرف گیری کرے۔

چوتھے یہ لوگ عشق حقیقی میں سودائی، جنونی، دیوانے ہوتے ہیں۔ اگر اپنے سودا، اپنے جنون، اپنے دیوانہ پن میں کچھ اصطلاح مقرر کرلیں۔ کفر کا ایمان، ایمان کو کفر کہیں تو معذور ہیں۔ کہ سودا ہے تو ہے۔ جنون ہے تو ہے۔ دیوانہ پن ہے تو ہے۔ واہ کیا سودا، کیا جنون، کیا دیوانہ پن ہے۔ جس پر ہزار سودا، ہزار جنون، ہزار دیوانہ پن قربان ہے۔ حضرت شیخ محمد لاہجی قدس سرہ شارح گلشن راز فرماتے ہیں۔

ہشیار و مستم چیستم مجنون عشق کیستم
نہ ہستم و نے نیستم ہذا جنون العاشقین
تا روے ساقی دیدہ ام جام فنا نوشیدہ ام
سر مستم و شوریدہ ام ہذا جنون العاشقین
مخمور چشم ساقی ام مست از مئے اطلاقیم
گہ فانی و گہ باقیم ہذا جنون العاشقین
مستم ز جام بے خودی مست مدام سرمدی
نہ نیک دانم نہ بدی ہذا جنون العاشقین
من نے خود وسیدائیم قلاشم و رسوائیم
ہر جای او بے جائیم ہذا جنون العاشقین

حضرت شیخ الاسلام فرید الدین گنج شکر قدس سرہ نے فرمایا۔
(دیکھو اسرار الاولیاء مطبوعہ نولکشور صفحہ ۴)

Marfat.com

کہ قاضی حمید الدین ناگوری قدس سرہ نے فرمایا۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ حکم دے گا کہ مجنون کو حاضر کرو۔ جب مجنون حاضر ہوگا تو حکم ہوگا جو اولیاء ہماری محبت کا دم بھرتے تھے۔ وہ بھی حاضر ہوں اور مجنون کے پاس کھڑے ہوں۔ جب محبان خدا اس کے پاس کھڑے ہوں گے۔ تو ارشاد ہوگا کہ دیکھو! محبت ایسی ہوتی ہے۔ جیسی مجنوں کی تھی۔ جب تک زندہ رہا۔ دوستی اور محبت لیلیٰ میں غرق رہا۔ جب مرا۔ تو اس میں غرق مرا۔ اور اب جو اٹھا ہے۔ تو اسی میں غرق ہے۔ انتہیٰ۔

ہو۔ ہو۔ ہو۔ الٰہی ۔

دیوانہ کنی ہر دو جہانش بخشی
دیوانہ، تو ہر دو جہاں راچہ کند

عجب حال ہے۔ ہندی:

رام دیوانی دنیا باوری کہے

قال قدس سرہ (دیکھو نقد النصوص۔ نص الراہیمیا)

اے عشق منم از تو سرگشتہ و سودائی
و اندر ہمہ عالم مشہور بشیدائی
در نامۂ مجنوناں از نام من آغازند
زیں پیش اگر بودم سر دفتر دانائی
اے بادہ فروش من و سرمایہ جوش من
از تست خروش من من نائم و تو نائی
سرمایۂ ناز از تو ہم اصل نیاز از تو
ہم وامق شیدائی ہم دلبر عذرائی

Marfat.com

گر زند گیم جوئی در من نفسے دارم
من مردهٔ صد سالہ تو جان مسیحائی
اوّل تو و آخر تو باطن تو و ظاہر تو
مستور ز ہر چشمے در عین ہویدائی

ہو، ہو، ہو، جامیؔ رحمۃ اللہ علیہ۔

جرعہ از جام عشق خود بخاک افشاندہ
ذوفنون عقل را مجنون و شیدا کردہ
برزخ از زلف سیہ مشکیں سلاسل بستۂ
عالمے را بستہ زنجیر سوداء کردہ
مے کنی جامی گم اندر عشق ورسم خویش
آفریں بادہ بریں رسمے کہ پیدا کردہٗ

رباعی احمد غزالیؒ

(دیکھو تمہید دہم حضرت عین القضات)

در عشق ملامتے و رسوائی بہ
کافر شدن و گرئ و ترسائی بہ
پیش ہمہ کس عاقل و رعنائی بہ
و اندر راہ ما سودائی و رسوائی بہ

مگر خبردار خبردار! اگر تجھ کو یہ سودا، یہ دیوانہ پن حقیقی نہ ہو۔ تو ہرگز ہرگز اولیاء اللہ کی جناب میں یہ الفاظ سودائی، جنونی، دیوانہ کے کہنا۔ اور کبھی یہ حرکت نہ کرنا کہ

Marfat.com

اپنے حالات خراب میں اولیاء اللہ کے اشعار پر مذاق اڑائے۔ اور ان اشعار کو اپنے ناقص حالات میں نظیراً لایا جائے۔

ترا اگر نیست احوال و مواجید

مشو کافر بنادانی ز تقلید

کہ اس بے ادبی سے اندیشۂ شامت اور خطرہ زوال ایمان ہے۔ یہ الفاظ وہی کہہ سکتا ہے۔ جس کو سودائے حقیقی ہو۔ اور اس جنون میں مبتلا ہو۔ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ان اللہ لا یواخد العشاق بما یصدر منهم (دیکھو تمہید نہم حضرت عین القضات ہمدانی) یعنی عشاق سے کوئی بات صادر ہو جاتی ہے۔ تو اللہ تعالیٰ ان کو اس بات سے نہیں پکڑتا۔ اور اگر کوئی کہے تو مزہ چکھے۔ اے رہتکی۔

جس کا کام اسی کو ساجھے   اور کرے تو ٹھینگا باجے

بھلا اور کوئی کہہ سکتا ہے۔ جیسا کہ اس جنون الٰہی میں مولانا روم قدس سرہ نے فرمایا۔ (دیکھو لب لباب مثنوی شریف مطبوعہ بمبئی صفحہ ۳۷۵)

باز دلوانہ شدم من اے طبیب

باز سودائی شدم من اے حبیب

حلق ہائے سلسلہ ذو فنون

ہر یکے حلقہ وہد دیگر جنون

داد ہر حلقہ فنون دیگر است

پس مرا ہر دم جنون دیگر است

پس جنون باشد فنون ایں شد مثل
خاصہ در زنجیر آں میر اجل
آنچناں دیوانگی نگست بند
کہ ہمہ دیوانگاں بندم دہند
نیست از عاشق کسے دیوانہ تر
عقل از سودائے او کوراست وکر
زانکہ ایں دیوانگیٔ عام نیست
طب وگراں ارشاد ایں احکام نیست
گر طبیبے را رسد زیں ساں جنون
دفتر طب را فرو شوید بہ خون
من سر ہر ماہ سہ روز اے صنم
بے گماں باید کہ دیوانہ شدم
ہیں کہ امروز اوّل سہ روزہ است
روز فیروزیست نہ سہ روزہ است
ہر دلے را کہ سرآں شہ بود
دمیدم او را سرمہ مے شود
کیف باقی النظم لی و القافیہ
بعد ما ضاعت اصول العافیہ
کیف باقی النظم لی فی الشجون
بل جنون فی جنون فی جنون

Marfat.com

مغربیؒ

جنونی فوق غایت الجنونی

جنونی من حبیب ذو فنونی

بعشقت من زہر مجنون یزونم

تو در خوبی زہر لیلٰی فزونی

مسئلہ فناء الفنا

کفر اور ایمان کے مسئلے تو سنے۔ اب اس سے اگلا مسئلہ فناء الفناء کا سنئے۔ جہاں نہ کفر ہے نہ ایمان۔ اسلام اور کفر اس سے ورے ہی ہیں۔ جو ہستی موہومی سے قائم ہوتے ہیں۔

صاحب گلشن رازؒ فرماتے ہیں کہ:

کفر در دین بود قائم بہ ہستی

بود توحید عین بت پرستی

اور صوفیائے کرام فرماتے ہیں۔ (دیکھو تمہیدات حضرت عین القضات) اور لطائف اشرفی جلد ثانی صفحہ ۱۲۱۔ الکفر والایمان مقامان وراء العرش حجابان بین العبد والمولیٰ۔ یعنی کفر اور ایمان دو مقام عرش دل پر ہیں۔ یہ دونوں مقام عبد اور مولیٰ کے مابین حجاب ہیں۔ مغربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اے کہ در بند و قبول خاص و عامی روز و شب

کفر و ایماں را رہا کن نام ایں معنی مبر

Marfat.com

کفر و ایماں چوں حجاب راہ حقند اے پسر
رو بسان مغربی از کفر و ایماں در گذر

عطارؒ

چہ دانستم کہ ایں دریائے بے پایاں چنیں باشد
بخارش آسماں گردد کف دریا زمین باشد
لب دریا ہمہ کفر است و جملہ دریا پنداری
ولیکن گوہر دریا ورائے کفر و دیں باشد

ایضاً

(منطق الطیر صفحہ ۲۸)

قدسیاں را عشق ہست درد نیست
درد را جز آدمی در خورد نیست
ہر کرا در عشق محکم شد قدم
در گزشت از کفر و از اسلام ہم
عشق را با کافری خویشی بود
کافری خود عین درویشی بود
عشق سوئے فقر در بکشایدت
فقر سوئے کفر رہ بنمایدت
چوں ترا ایں کفر و ایں ایماں نماند
ایں تن تو گر شد و ایں جاں نماز

Marfat.com

عبدازیں مردے شویں ایں کاررا
مرد باید ایں چنیں اسرار را
پاے ورنہ ہمچو مردان و مترس
درگزرراز کفر وایمان ومترس

رباعی حضرت عین القضات

کے بود جاناں کہ آتش را دریں عالم زنیم
ملت کفر و مسلمانی بہم برہم زنیم
واں گہے از جنت وفردوس و دوزخ بگزرنیم
خیمہ جاں را بروں از کون و مکاں محکم زنیم

ایضاً

جاناں مئی نابم دہ جانم بستاں
مستم کناں واز ہر دو جہانم بستاں
با کفر و باسلام بدن ناچار است
خود را بنمازیں و آنم بستاں

مغربی رحہ

خواہی کہ نماند بجہاں مومن و کافر
لطفے بکن و پردہ براند از رخسار

Marfat.com

حقا کہ اگر پردہ زروئے تو برافتد
از غیر تو عین تواں ماند نہ آثار

مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ

زکفر و ز اسلام بروں صحرائی است
مارا بمیان ہر دو شاں سودائے است
عارف چو بد آنجا بر سد سر بنہد
زکفر نہ اسلام نہ آں جا جائے است

رباعی مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ

در عشق نہ پیداو نہ پنہانم من
چیزے عجم نہ جسم نہ جانم من
فے الجملہ نہ کافر و مسلمانم من
در ہر چہ نگاہ ہے کنم آنم من

اس مقام پر حضرت بلھے شاہ صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں:

ناں میں مومن ناں میں کافر ناں سیّد ناں سید
چودھیں طبقیں سیر اساڈا کتے نہ ہوندا قید
ہندو نہ نہیں مسلمان بہیے ترنجن تج ادھان

حضرت احمد جام رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

من عاشق و بدنام دیوانہ و بدکارم
واللہ نہ بودم عارم کہ یار بود یارم

Marfat.com

نے مومن و نے مسلم نے کافر و نے ملحد

نے فاسق و نے صل و اللہ چہ دیں دارم

ایضاً

بر تخت شہود شہر یارم بر مرکب وصل شہ سوارم

یک رنگ چوگشت کفروایماں با ملت و دیں چہ کاردار

حضرت احمد جام قدس سرہ بھی جن کا یہ کلام ہے۔ بڑے اولیاء اللہ قطب دوراں غوث زماں صوفی کامل تھے۔ حضرت کی تعریف اور حالات صفحہ ۲۸ لغایت ۳۲۴ صفحات پر دیکھو۔ آپ بڑے صاحب کرامت اور مسیح محمدی تھے۔ آپ کی خدمت میں ایک لڑکے اندھے کو لائے۔ اور عرض کیا کہ حضرت دعاء کیجئے۔ کہ یہ بینا ہو جائے۔ آپ نے فرمایا کہ: میں عیسیٰؑ ہوں؟ جو مردہ کو زندہ کروں۔ اور نابینا کو بینا۔ تھوڑی دیر میں آپ پر حال وارد ہوا۔ اور منہ سے نکلا کہ ہم کرتے ہیں۔ پھر آپ نے اس لڑکے کو پاس بلایا۔ اور اس کی آنکھوں پر انگلی رکھی۔ اور کہا۔ انظر باذن اللہ۔ اسی وقت وہ لڑکا بینا ہو گیا۔ لوگوں نے عرض کیا۔ حضرت یہ کیا بات تھی؟ پہلے آپ نے یوں فرمایا۔ پہلے کہنے والا احمد تھا۔ پھر ندا آئی۔ کیا عیسیٰؑ مردہ کو زندہ اور نابینا کو بینا کرتے تھے۔ ہم کرتے تھے ہم۔ پس دوسرا فعل اللہ کا تھا۔ احمد جام رحمۃ اللہ علیہ کے روبرو کسی نے توحید اور معرفت کی بات کہی۔ آپ نے فرمایا۔ کہ تم مقلد ہو۔ اس کی انہوں نے دلیل چاہی حضرت نے طشت اور تین موتی منگائے۔ فرمایا کہ موتیوں کا اصل کیا ہے؟ عرض کیا گیا کہ پانی برسات کا۔ فرمایا۔ کہ جو کوئی ان موتیوں کو یوں کہے کہ پانی ہو جاؤ۔ اور وہ پانی وہ جائیں۔ تو وہ محقق ہے۔ ورنہ گو

Marfat.com

ہزار دلیل اثبات ہستی ممانع کی جانتا ہو۔ مقلد ہے۔ لوگوں نے عرض کیا کہ آپ دِکھا سکتے ہیں؟ فرمایا کہ پہلے تم کہو۔ پھر میں کہوں گا۔ ہر ایک نے موتیوں سے کہا۔ ''پانی ہو جاؤ''۔ کچھ نہ ہوا۔ ویسے ہی رہے۔ جب شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی نوبت آئی۔ تو آپ نے طشت کی طرف منہ کر کے فرمایا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ تینوں موتی پانی پانی ہو گئے۔ پھر آپ کے فرمانے سے ویسے ہی ہو گئے۔ جیسے تھے۔ سب متحیر رہے اور آپؒ نے ارشاد فرمایا۔ اعتراف کیا۔ وفات آپ کی ۲۶ھ میں ہوئی۔ روضہ مبارک جام میں ہے۔ ان کا یہ قول ہے کہ:

یک رنگ چو گشت کفر و ایماں
با ملت و دیں چہ کار دارم

رباعی جامیؒ

آں را کہ فنا شیوہ ز فقر آئین است
نے کشف و یقین نہ معرفت نے و نیست
رفت او ز میاں ہمیں خدا ماند خدا
الفقرا ذاتم ھو اللہ انیست

یہ رباعی مولانا جامیؔ رحمۃ اللہ علیہ کی بڑی پر مغز اور جامع اصول ہے۔ بعد حضرت جامیؔ رحمۃ اللہ علیہ کے اکثر اولیاء اللہ اس کو پڑھتے رہے اور سناتے رہے ہیں۔ امر اس مسئلہ کے سمجھانے کے لئے نظیراً لاتے رہے ہیں۔ چنانچہ ترجمہ فتوح الغیب کے تیسرے مقالہ میں (دیکھو صفحہ ۱۷) فتوح الغیب مطبوعہ نولکشور ۱۲۹۰ھ اور چالیسویں مقالہ میں (دیکھو صفحہ ۲۳۲) حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ

اس کو تشریحاً لائے ہیں کہ:

رفت او زمیاں ہمیں خدا ماند خدا

الفقرا ذاتم ھو اللہ ا نیست

مگر تاوقتیکہ کوئی الفاظ فنا اور بقاء اور فق کے معنی موافق اصطلاح صوفیاءؒ کرام کے نہ سمجھے۔ اس رباعی کا مطلب سمجھ میں نہیں آسکتا۔ اپنی مراد اور محاورہ کے موافق معنی سمجھنے سے حیرانی میں پڑ جاتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ ایسا شخص ہوگا۔ جس کو نہ کشف ہو۔ نہ یقین معرفت ہو۔ نہ دین اور فقر کے تمام ہونے سے اللہ کیسے ہوتا ہے۔ اور جب کوئی فنا ہو گیا تو رہا کیا؟

بین معنے فناہ و بقا

جاننا چاہیے کہ لفظ فناہ اور بقاء کے جو معنی حکماء اور متکلمین کے نزدیک ہیں۔ وہ صوفیاء کرامؒ کے نزدیک نہیں ہیں۔ (دیکھو نقد النصوص مولانا جامیؒ نص ابراھیمیا) اہل لغت کے نزدیک بقاء یہ ہے کہ وقت ثانی میں بقاء پائے۔ اور یہ اس طرح پر ہے۔ کہ ایک بقاء الیٰ مدت جیسے دنیا اور اہل دنیا کی بقاء ہے۔ دوسرے لا الیٰ مدت۔ جیسے آخرت اور اہل آخرت کی۔ اور حق تعالیٰ اور صفات حق تعالیٰ کی بقاء ہے۔ اور فنا ان کے نزدیک یہ ہے۔ کہ اس کی بقاء نہ رہے۔ جس کی بقاء کی نہایت ہوگئی۔ اس کو فانی کہتے ہیں۔ اور اہل اصول یعنی اہل کلام یہ کہتے ہیں کہ بقا باقی کی صفت ضرور ہیں۔ مگر فنا باقی کی صفت نہیں ہے۔ اس لئے کہ باقی شے ہوتی ہے۔ اور شے کے لئے صفت روا۔ اور فانی لاشے ہوتی ہے۔ لاشے کی صفت محال ہے۔ کیونکہ موصوف کا وجود چاہیے۔ تاکہ صفت اس کے ساتھ قائم ہو۔ پس فنا اور فانی ہونے سے مراد

Marfat.com

اس کی عدم ہے۔ مگر صوفیاء کرامؒ کی مراد بقاء سے بقاء ذات نہیں۔ بقاء صفات ہوتی ہے۔ کیونکہ ان کے نزدیک کسی شے سے مراد اس شے کی عین نہیں ہے۔ بلکہ اس کے معنی مراد ہے۔ جب کسی شے میں وہ معنے موجود ہوتے ہیں۔ تو وہ اس شے کی بقاء بتاتے ہیں۔ اس لئے کہ مقصود اس شے سے حاصل ہے۔ اور جب وہ معنے اس شے سے معدوم ہو جاتے ہیں۔ تو اس شے فانی بسبب فوت مقصد اور معنے مذکور کے کہتے ہیں۔ اور یہ امر عرف میں ظاہر ہے۔ کہ جب کوئی بوڑھا اور ضعیف ہو جاتا ہے۔ تو کہتا ہے۔ کہ میں اب وہ نہیں رہا۔ جو پہلے تھا۔ حالانکہ مرد وہی ہے۔ ہاں! اس کی صفات وہ نہیں رہی ہیں۔ جو پہلے تھیں۔ کذافی شرح التعرف۔

پس ممکن کی فنا واجب میں اس کے آثار امکان کے اضمحال سے ہی مراد ہے۔ نہ اس کی حقیقت کے الغدام سے اضمحلال کی مثال ایسی ہے۔ جیسے اضمحلال انوار محسوسہ کا نور آفتاب میں ہوتا ہے۔

بیت

چراغ آں جا کہ خورشید منیر است
میاں بود و نابودے اسیر است

شیخ جنید نے فرمایا نہ المحدث اذا لورن بالقدیم لم تبین اثر۔

چوں تجلی کرد اوصاف قدیم
پس لسوز وصف حادث را کلیم

اور آثار امکان کا اضمحلال ہوش وادراک لطیفہ انائیت عارف میں ہوتا ہے۔ نہ جسم اور روح اور اس کی بشریت میں گو کہ بحکم لا ارض من کاس الکرام نصیب ان کو

بھی خط ہو۔

حضرت مولوی (معنوی روم) قدس سرہ فرماتے ہیں:

مثنوی

اے برادر تو ہمہ اندیشۂ

مابقے تو استخوان ریشہ

پس تو آں ہوشی و باقی ہوش پوش

خویش را کم مکن یا دہ مکوش

انتہی تقریر مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ:

اس فناہ مضمحلال آثار مکان کی مثال مولانا صاحب نے مثنوی شریف میں اس طرح فرمائی ہے۔ (دیکھو دفتر سوم مسئلہ فناہ و بقاء صفحہ ۱۸۶) شرح العلوم وصفحہ ۱۷۹ پیراہن یوسفی وصفحہ ۱۰۴ لب لباب حسینی بطبوعہ بمبئی۔

نست در جہاں جہاں درویش نیست

در بود درویش آں درویش نیست

ہست از رئے بقائے ذات او

نیست گشتہ وصف اور دو وصف ہو

چوں زبان شمع پیش آفتاب

نیست باشد ہست باش در حساب

ہست باشد روشی او تا تو اگر

افگنی پنبہ بسوزد او شرر

Marfat.com

نیست باشد روشنی ندہد ترا
کردہ باید آفتاب او را فنا
دو صد شہد یک اوقیہ خل
چوں در افگندی دو روئے گشت حل
نیست باشد طعم او چوں چشی
ہست اوقیہ فزوں گر بر کشی

یعنی اگر سو من شہد میں دو تولہ سرکہ ملا دیں تو صفات ترکہ یعنی مزہ اس کا شہد میں فنا ہو جاتا ہے۔ اور ذات اس کی باقی رہتی ہے۔ جس کا ثبوت زیادتی وزن سے ہوتا ہے۔ ایسے حال میں اگر خود سرکہ یوں کہے کہ میں شہد میں فانی ہو گیا۔ اور میں کچھ اور ہی ہو گیا۔ اب مجھ کو کون پہچانے۔ تو یہ کہنا اس کا سچ ہے۔ اسی مقام پر حضرت بلھے شاہ صاحب فرماتے ہیں:

ہن میں ہو گیا کجھ ہور ہن مینوں کون پہچانے

اسی مقام پر معنے فناہ فی الشیخ۔ فناہ فی الرسولؐ۔ فناہ فی اللہ کے ذکی اور فہیم کی سمجھ میں آئیں گے۔ اور کہے گا۔ اوہو۔ ان لفظوں کے معنی تو کچھ اور ہی نکلے۔ ہم جو پہلے سمجھ رہے تھے۔ کہ فنا فی الشیخ سے مراد شیخ ہو جانا اور فنا فی الرسول سے مراد رسول ہو جانا اور فنا فی اللہ سے مراد اللہ ہو جانا ہے۔ وہ بڑی غلطی تھی۔ اور مولانا روم بھی فرماتے ہیں:

سایہ ہائے کو بود جو یائے نور
نیست گردد چوں شود نورش ظہور

Marfat.com

سائیی و عاشقے بر آفتاب
شمس آید سایہ لا گرد و شباب
ہمچنیں جویائے درگاہ خدا
چوں خدا آمد شود جوئندہ لاء

یہاں اچھی طرح سمجھو کہ ذات کا فنا ہو جانا اور بات ہے۔ اور صفات کا فنا ہونا اور۔ پہلے سمجھو کہ ذات دو ہیں۔ ایک عدم دوسرے وجود عالم کی ذات عدم محض ہے۔ یعنی فی حد ذاتہ وہ عدم ہے۔ اور حق کی ذات وجود محض یعنی فی حد ذات وجود ہے۔ عدم کبھی وجود میں نہیں آ سکتا اور وجود کبھی عدم میں نہیں ہو سکتا کہ انقلاب ماہیت محال ہے۔ پس اس ذات کی جس کو ذات کہیں کبھی فنا نہیں ہو سکتی۔ اور چونکہ عدم اپنے معنے سے خود عدم ہے۔ اس لئے فی الحقیقت اور فی الوجود ذات ایک ہی ہے۔ اور یہ عرف میں جو ذاتیں کہی جاتی ہیں۔ کہ اس شے کی یہ ذلت ہے اور اس شے کی یہ ذلت ہے۔ یہ گو مقابلہ اپنی صفات کے ذات کہنے میں آویں۔ یا یہ کہ ایک عرض کو دوسرے عرض کی ذات میں کہیں۔ مگر بمقالہ اس ذات عین وحدہ لازوال کے صفات ہیں۔ نہ ذوات۔

رباعی جامیؒ

تا چند حدیث جسم والعباد و جہاد
تا کے سخن معدن و حیوان و نبات
یک ذات بود محقق نہ ذوات
ایں کثرت وہمے زشیونست وصفات

Marfat.com

رباعی ایضاً

اے بر سرایں وآں ناز دہ خط
پندار دوئی دلیل بعدست و خط
در جملۂ کائنات بے سہو و غلط
یک عین غیب دان وتکذیب وفقط

جب تحقیق میں ایک ہی ذات ہوئی۔ جس کو فناہ نہیں تو فنا سے مراد فنا ذات سمجھنا بڑی ہی غلطی اور نادانی ہے۔

جب کہ یہ محقق اور بالیقین ثابت ہو گیا۔ کہ ذات جس کو ذات کہہ سکیں اور عین جس پر عین کا اطلاق ہو سکے۔ فقط ایک ہی ہے۔ اور ہم میں جو کثرت وذات معلوم ہوتی ہے۔ یہ شیون اور صفات اس ذات کے ہیں۔ تو پھر اس کو سمجھنا چاہیے۔ کہ شیون اور تجلیات اس ذات کے ہر لمحہ اور ہر آن نئے نئے ہیں۔ اور وہ اپنے جلوے اور تجلیاں رنگ برنگ اور نئے نئے بالتقضائے دلربائے اور محبوبی ہر لمحہ اور ہر آن میں دکھاتا ہے۔ فنا سے ان کا تعلق ہی نہیں۔ اس لئے کہ وہ بالقضائے ذات خود ہی پائندہ نہیں ہیں۔

رباعی جامیؒ

ہستی کہ عیاں نیست وآں درشانے
در شان دگر جلوہ کند ہر آنے
ایں نکتہ بجو زکل یوم فی شان
گر بایدت ازکلام حق برہانے

Marfat.com

رباعی ایضاً

بحری ست نہ کاہندہ نہ افزائندہ
امواج برد روندہ و آئندہ
عالم چوں عبادت زہمیں امواجت
نبود د زمان بلکہ دو آن پائندہ

باقی رہیں صفات اور ان کا ظہور۔ صفات یا تو صفات کمال ہیں یا صفات نقص۔ جس قدر صفات کمال ہیں۔ وہ اس ذات اقدس شے کے متعلق ہیں۔ جو واحد ہے۔ اور عین ذات ہونے کی وجہ سے قدیم اور لازوال ہیں۔ فنا پذیر نہیں۔ اور جس قدر صفات نقص ہیں۔ وہ کثرت وہمی سے متعلق ہیں۔ کثریت وہمی حقیقت میں کثرت نہیں ہے۔ وہم میں کثرت ہے۔ پس جو کچھ نقص ہے۔ یا جس کو نقص کہہ سکیں یہ وہم ہے۔ جو صرف انسان کیلئے اور اس کے امتحان کے لئے اور تمیز دوست اور غیر کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔ کہ یہی ایک حضرت ہیں کہ ہستی اور ذات کو جو حق تعالیٰ کی ہے۔ اپنی سمجھتے ہیں۔ اور افعال کو جو حق کے ہیں۔ اپنے سمجھتے ہیں۔ اور ماؤ من۔ ہر دم اور ہر لحظہ کہتے ہیں۔ اور اس ماؤ من میں غرق ہیں۔ واہ سبحان اللہ!

مرے چور پرائے دھن پر

یہ وہم فناہ پذیر ہے۔ اور صوفیاء کرام کی مراد فنا سے اس وہم کی فناہ ہے۔ نہ کچھ اور۔ جامی قدس سرہ سلسلہ الذہب میں فرماتے ہیں: (دیکھو صفحہ ۳۲۶)

ہست ایں مردگی مر و مرا
آں کہ خوانند صوفیاں بفناء

نہ فنائے کہ جاں زتن بردو

بل فنائے کہ ماؤ من بردو

مشوی از ماؤ من بکلی صاف

نشود با تو ہیچ چیز مضاف

نہ زنی ہرگز از اضافت دم

از اضافت کنی چو تنویرم

ہم زنو دار ہی وہم زکہن

نگزرو برزبانت گاہ سخن

کشف من تاج من عمامہ من

زکوہ من عصاؤ جامہٗ من

زاں کہ کس کہ از منی دار است

یک من اوراہزار من بار است

صد منش بار بر سرد گردن

بہ کہ یک بار بر زبانش من

یہ وہم اس وقت فناہ ہوتا ہے۔ جب باطن سالک میں ظہور ہستی کا استیلا اور غلبہ ہو۔ چنانچہ مولانا جامیؒ قدس سرہ لوائح میں فرماتے ہیں۔ کہ فناہ اس کو کہتے ہیں کہ استیلائے ظہور ہستی حق سے جو باطن پر عارف پر ہو۔ اس کو ماسویٰ کا شعور نہ رہے۔ اور فناہ اس کو کہتے ہیں کہ بے شعوری کا شعور نہ رہے۔ اور یہ بات واضح رہے کہ فنا فنا میں مندرج ہے۔ کیونکہ صاحبؒ فنا کو اگر اپنی فنا کا شعور ہوگا۔ تو وہ صاحب فنا نہ ہوگا۔ اس وجہ سے کہ صفت فنا اور اس کا موصوف قبیل ماسوائے حق

Marfat.com

سے ہیں۔ پس اس کا شعور منافی فنا ہوگا۔

رباعی

زنیستاں کہ فناہ خویشتن میخواہی
ازخرمن ہستیت جوئے کے کائی
تا یکسیر م ز خویشتن آ گاہی
گردن زنی از راہ فناہ گمراہی

انتہیٰ کلام حضرت مولانا جامیؔ رحمۃ اللہ علیہ:

رباعی

تا درتو ز پندار تو ہستی باقیست
میدان یقین بت پرستی باقیت
گفتنی بت پندار شکستم رستم
ایں بت کہ پندار شکستی باقیست

جاننا چاہیئے کہ جس قدر اخلاق ذمیمہ ہیں۔ ان کی جڑ اور بنیاد یہی وہم ہے۔ جب یہ وم فنا ہوجاتا ہے۔ تو وہ بھی فنا ہوجاتی ہیں۔ اوران کی جگہ اخلاق حمیدہ بالطبع قائم ہوجاتے ہیں۔

بیت

اخلاق ذمیمہ چوں بدل شد
ہر عقدہ کہ درتو بود حل شد

Marfat.com

اور چونکہ یہ وہم جو فنا ہوتا ہے۔ ذات اور صفات اور افعال سے متعلق ہے۔ اس لئے اس کے درجات ہیں۔ یعنی پہلے فنا افعال میں ہوتی ہے۔ پھر صفات میں۔ پھر ذات میں۔ جس کا بیان صفحہ ۲۷ اپر گزرا ہے۔ اس کو خواجہ امان اللہ پانی پتی قدس سرہ شرح لوائح جامؔی میں اس طرح بیان فرمایا ہے۔ کہ فنا کے بعد جو درجات ہیں، ان میں:

پہلا درجہ فنائے افعال ہے

فنا افعال اس کو کہتے ہیں۔ کہ صفت افعال کی غیر وسوائے سے اس حیثیت سے اٹھ جائے۔ کہ طالب کو اس امر کا مشاہدہ ہو کہ کوئی فعل افعال مرضیہ اور نا مرضیہ کا بالاستقلال کسی کے ساتھ منسوب اور مضاف نہیں ہے۔ اور تمام افعال متعددہ اور متکثیرہ افعال تجلیات الٰہی ہیں۔ بلکہ فی الحقیقت ایک فعل واحد ہے۔ جو ہر جا باقتضائے قابلیت اس جگہ کے ظاہر ہوا ہے۔ یہاں سر لاحول ولا قوۃ الا باللہ ظاہر ہوتا ہے۔

دوسرا درجہ فنائے صفات ہے

فنائے صفات اس کو کہتے ہیں۔ کہ نسبت جیسے صفات کی خلق سے اس حیثیت سے اٹھ جائے۔ اور حق سبحانہ کی طرف ان کی نسبت جیسے کہ ان کی عظمت اور جلال کے لائق ہو۔ کہ طالب اس امر کو جانے اور دیکھے کہ تمام صفات موجودات کے عین کمالات ذات رفیع الدرجات کے ہیں۔ بلکہ فی الحقیقت ایک صفت واحد ہے۔ کہ قوائے متکثرہ اور مدارک متعددہ میں ظہور کرنے کے سبب سے اسامی متنوعہ میں اس نے تجلی فرمائی ہے۔ اور اپنے تئیں گویا صفات موجودات کے بنا دیا ہے۔

Marfat.com

تیسرا درجہ فنائے ذوات ہے

فنائے ذوات ایسے حال پر پہنچنے کو کہتے ہیں کہ ذوقاً اور وجداناً، طالب کو یہ مشاہدہ ہو کہ ذوات متعدہ میں سے کسی ذات کا وجود مستقل نہیں ہے۔ وہ سب حق سبحانہ، وتعالیٰ کی ذات سے ظاہر ہیں۔ اسی کے ساتھ قائم ہیں۔ بلکہ فی الحقیقت وہ سب عین ذات حق اور وجود مطلق کے بلا فرق اور امتیاز کے ہیں۔

فلم یبق الا اللہ الواحد الاحد

وبطل ما سواہ من الازل الی لا بد

یعنی کوئی سوائے اللہ واحد اور احد کے باقی نہیں ہے اور ماسوا ازل سے ابدتک باطل۔

انتہی کلام حضرت خواجہ امان پانی پتی قدس سرہ.

اگر واحد کا باقتضائے قابلیات مختلفہ کے افعال متعددہ میں ظاہر ہونا تمثیلاً دیکھنا چاہو۔ وللہ المثل الاعلیٰ تو ورکشاپ میں چلو۔ دیکھو! انجن سے ایک فعل صادر ہو رہا ہے۔ ایک پاور آ رہی ہے۔ اور وہ کلوں میں بلحاظ ان کی قابلیت ہائے مختلفہ کے افعال متعددہ دکھا رہی ہے۔ جیسے اس کے آنے سے برما بیندر رہا ہو۔ ہتھوڑا کوٹ رہا ہو۔ آری چیر رہی ہو۔ ایک پہیہ کھڑا چلتا ہے۔ ایک پڑا چلتا ہے۔ ایک ترچھا چلتا ہے۔ ایسے ایک لاٹھ کھڑی چلتی ہے۔ ایک پڑی چلتی ہے۔ ایک ترچھی چلتی ہے۔ ایک کل آٹا پیس رہی ہے۔ ایک کات رہی ہے۔ ایک کپڑا بن رہی ہے۔ ایک چھاپ رہی ہے۔ وہی ایک انجن کا فعل اور اس کی پاور ہے جہاں جاتی ہے۔ باقتضائے قابلیت اس مقام کے کام دکھاتی ہے۔ مگر یہاں غور کرنے سے ظاہر ہے۔

Marfat.com

کہ کلوں کی تعداد افعال سے پاور متعدد نہیں ہوگئی ہے۔ وہ ایک ہی ہے۔ ابھی وہ پاور انجن سے آنی بند ہو جائے۔ سب کلیں بند ہو جائیں گی۔ اس طرح فیض وجودی حضرت الوجود سے آتا ہے۔ ابھی وہ فیض وجودی آنا بند ہو جائے۔ سب فنا ہو جائیں۔ جب بھی تم مستری خانہ میں جاتے ہو۔ جہاں سب کام ہاتھ سے ہوتا ہے۔ کوئی لکڑی چیرتا ہے۔ کوئی خراد اتارتا ہے۔ کوئی رنگ چڑھا رہا ہے۔ کوئی کچھ کرتا ہے۔ کوئی کچھ کرتا ہے۔ تو کیا تم کو یہ مشاہدہ نہیں ہوتا کہ وہ افعال جو ان کاریگروں سے صادر ہوتے ہیں۔ وہ سب اس ایک پاور کے ہیں۔ جو ان کی ایک جان ہے اور ہر ایک جان کی جان ہے۔ ذرا خواہشات انسانی سے بچو۔ اور غیریت اعتباری سے قطع نظر کرو۔ دل کی آنکھیں کھولو۔ پھر دیکھو کہ کیا تماشا ہو رہا ہے۔ اگر خواہشات نفسانی کو بھی نہ چھوڑنا چاہو۔ اور یہ تماشا بھی دیکھنا چاہو۔ تو یہ نہیں ہوسکتا کہ:

چپڑی اور دودو

بلکہ دونوں چپڑی کتے کے سامنے ڈال دو۔ پھر تماشا دیکھو کہ کیا ہو رہا ہے۔

اس مقام پر حضرت حسینؒ خوارزمی فرماتے ہیں:

(دیکھو شرح معصوص الحکم جناب ممدوح

الا اے گوہر بحر مصفا — کہ در عالم توئی پنہاں و پیدا

وجودت بہر اظہار کمالات — چو از ہویت شد ہویدا

برائے جلوہ عشق جہاں سوز — لبے آئینہ ہا کردی ز اشیاء

زہر آئینہ دیدارے نمودی — بہر چشمے درد کردی تماشا

جہاں آسودہ در کتم عدم بود — بر آوردی ز عالم شور و غوغا

کہے با جان مجنوں عشق بازی — کہے دلہا بری با حسن لیلیٰ

تو ہم عشقی و ہم معشوق عاشق — تو ہم دردی و ہم اصل مداوا

توئی پیرایہ معشوق و دلبر — توئی سرمایہ عشاق پیدا

نیاز وامق بیچارہ از تست — ہم از تو عشوہ ائے فساز عذرا

بہ چشم عارفانت مے نماید — جہاں جملہ تن و جاں تن را

ولیکن عاشقاں را بادیدہ دوست — جہاں گم دیدہ در نور تجلی

شناسندت بفردانیت امروز — کہ حاجت نیست ایشاں را بفردا

سخن مستانہ مے لوید حسینت — کہ دادش ساقی عشق تو صہبا

منم معذور رای عشق از بگویم — چو چشم گشت از نور بینا

کہ در عالم نمے بینم بجز یار — و ما فی الدار غیر اللہ دیار

ایسے ہی لوگوں اور کاملوں کی کھلی آنکھوں سے لا غافل فی الحقیقت الا اللہ نظر آرہا ہے۔ افعال کی حقیقت میں صوفیاء کرام میں ایک حکایت مشہور ہے۔ (دیکھو صفحہ ۷۹ جلد ثانی لطائف اشرفی)

حکایت

کسی نے کاغذ سے پوچھا تیرا منہ کیونکر کالا ہوا۔ اس نے کہا مجھ سے کیا پوچھتے ہو۔ سیاہی سے پوچھو! میرا منہ کیوں سیاہ ہے۔ سیاہی نے کہا کہ میں تو دوات میں تھی۔ مجھ کو کبھی خیال بھی باہر آنے کا نہیں تھا۔ گوشہ تیرو تاریک میں پڑی تھی۔ قلم سے پوچھو! مجھ پر زیادتی کرکے کیوں گھر سے باہر نکالا۔ قلم نے کہا۔ بھلا میرا کیا

Marfat.com

اختیار تھا۔ ہاتھ سے پوچھو! جس نے مجھ پر زبردستی کی۔ جنگل سے مجھ کو لا کر کاٹا ہاتھ سے پوچھا۔ کہ یہ زیادتی تم نے قلم پر کیوں کی؟ ہاتھ نے کہا کہ میں تو کھال اور ہڈیاں ہوں۔ بھلا کھال اور ہڈیوں سے بھی کچھ ہو سکتا ہے۔ قدرت سے پوچھو! جس نے مجھ کو چلایا۔ قدرت نے کہا۔ مجھ کو یونہی ملامت کرتے ہو۔ میرے محرک سے پوچھو! جو ارادہ ہے۔ ارادت نے کہا کہ میرے پاس تو حضرت دل کا رسول علم آیا تھا۔ اور زبان عقل سے اس نے مجھ سے کہا تھا۔ کہ قدرت کو کہہ۔ اپنا کام کرے۔ علم سے پوچھا۔ اس نے کہا کہ میں کیا چیز ہوں؟ میں تو واسب فیاض سے فائض ہو رہا ہوں پس! میں جو کچھ ہوں۔ اسی کا ظہور ہوں۔ چنانچہ اس مضمون کو مولانا قدس سرہ نے سلسلہ الذہب میں ناقصوں کی برائی کے بعد اس طرح نظم کیا ہے۔ (دیکھو صفحہ ۷۵)

منکہ عیب است پاے یا بسرم
کے بعیب کسان فتد نظرم
خود مرا درمیاں چہ کار وچہ بار
غیر من دیگری ست کار گزار
من زبان او سخن گزا رندہ
بلکہ من خامہٗ او نگا رندہ
در حقائق بچشتم عامہ مبین
حرف ونقش از زبان خامہ بہ بین
خامہ آمد ز دست جنبش گیر
دست در دست قدرت ست اسیر

قدرت آمد ارادہ را تابع
دان ارادت ز علم شد واقع
علم فائض ز واہب فیاض
کہ مبراست فیضش از اعراض
لیکن آں علم اختیار نیست
فیض یابش جز اضطراری نیست

ہر چند کہ منزلیں فنافی الافعال، فنافی الصفات، فنافی الذات بیان سے بہت آسان معلوم ہوتی ہیں۔ کہ فعل کی نسبت اور اضافت اپنی طرف یا مخلوق کی طرف کرنی چھوڑ دے۔ فنافی الافعال ہوگیا۔ صفت کی نسبت اور اضافت اپنی طرف اور مخلوق کی طرف کرنی چھوڑ دی۔ فنافی الصفات ہو گئے۔ ذات کی نسبت اور اضافت اپنی طرف کرنی چھوڑ دی۔ فنافی الذات ہو گئے۔ کہ توحید اسقاط الاضافات۔ مگر یہ تو صرف سمجھ ہی سمجھ ہے۔ اس نسبت اور اضافت کا قطعاً بھولنا اور فنا ہونا بڑا امشکل ہے۔ دم دم میں ہزار ہا شبہات، ہزار ہا خطرات پیدا ہوتے ہیں۔ قدم قدم پر خرابی اور پریشانی کا خطرہ اور اندیشہ درپیش ہے۔ اگر اس منزل میں رعایت شرع کو چھوڑ دیا جائے تو زندقہ کی غار میں جا پڑا۔

گئے تھے چوبے ہونے دوبے ہی رہ گئے

اسی لئے صاحب گلشن راز فرماتے ہیں:

ولے تا بے خودی ز نہار زنہار
عبارات شریعت را نگہدار

Marfat.com

اس منزل سخت اور میدان دشوار گزار سے پیر ہی نکالتا ہے۔ اور وہ ہی جو راہ دیدہ ان منزلوں کی محنت اور رنج کشیدہ ہو۔ اور عشق کی پھلجھڑی اور چنگاریاں طالب کے تن اور بدن کو لگا دے۔ جس سے وہ طالب ناچتا پھرے۔ اور تاک دھنا دھن کرتا پھرے۔ ورنہ اگر کوئی چاہے کہ بدون پیر اور رہبر کے کتابوں ہی سے خیال خام پکا کر ان منزلوں کو طے کرے تو:

مصرعہ

ایں خیال است و محال است وجنوں

مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

رباعی

در رفع حجب کوش نہ در جمع کتب
کز جمع کتب نے شود رفع حجب
در جمع کتب کجا بود نشہ حب
طے کن ہمہ راؤ عد الی اللہ و تب

غزل ایضاً

ز چیست تفرقہ مولوی ز جمع کتب
چہ سود جمع کتب چوں نگر د رفع حجب
جو ہست ہر ورقے زاں کتب حجاب دگر
بچشم ما حجب تو بتو ست آں نہ کتب

Marfat.com

بمصرِ عشق و محبت کجا عزیز شوی
نرستہ یوسف جن تو از عنایت حب
جمال عشق نہاں است ز پردہ غیب
و ما سواہ علی وجہ الجمیل نقب
بعشق کوش چو عارف شدی بسر جمال
کہ عارفاں ہمہ لت اند عاشقاں لب لب
طلب مکن خیر و بحریاں از من
کہ در ربود مرا موج خیر لجہ حب
معاد جان تو جاؔمی ز صورت و معنی

عشق حقیقی ہی ایسی چیز ہے کہ معشوق حقیقی سے لو اور دھن لگائے رکھتا ہے۔ اپنی آگ سے ان شبہات اور خطرات کو جلائے رکھتا ہے۔ سوائے خیال معشوق کے اور کوئی خیال یا خطرہ اور شبہ عاشق کے دل میں آنے نہیں دیتا۔ ورنہ ہائے ہائے ہائے۔

پہلی ہی منزل فنا فی الافعال میں کیا کہیں۔ کیا کیا شبہات اور خطرات پیدا ہوتے ہیں۔ کبھی خیال گزرتا ہے۔ کہ جب غافل فی الحقیقت الا اللہ ہے۔ تو خیر و شر کیا؟ عذاب اور ثواب کیا؟ اور جب یہ خیال خراب آیا۔ اور شبہ ناقص پیدا ہوا یا جبری ہو گئے یا قدری پہلے بسم اللہ ہی غلط ہو گئی۔ ہنوز دلی دور است۔ یعنی فنا فی الذات کہاں۔ اور عاشق کی بسم اللہ اسی وجہ سے ہے۔ صحیح ہو جاتی ہے۔ کہ وہ رعایت ادب رکھتا ہے۔ یعنی ہر چند کہ لا فاعل فی الحقیقت الا اللہ کا وہ مشاہدہ کرتا ہے۔ اور اپنے تیئں اظہر اسماء وصفات الٰہی کا دیکھتا ہے۔ مگر وہ اب ادب نہیں چھوڑتا کہ شر جو متوہم

ہوتا ہے۔ اس کی نسبت اپنی طرف کرتا ہے۔ اور حضرت الوجود کو خیر محض جانتا ہے۔
حافظ علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

گناہ گرچہ نبود اختیار ما حافظ
تو در طریق ادب کوش گو گناہ من است

جامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: (دیکھو سلسلۃ الذہب صفحہ ۹۶، ۹۷)

ادبوا النفس ایها الاصحاب
طریق العشق کلها اٰداب
جہدایت سرائے قرآن آئے
ادب آموز از خلیل خدائے
زاں کہ شرط ادا مرضت چو گفت
درجز او را فهو یشفین سفت
شرط چوں بود جنس سقم و مرض
خویش را داشت اندراں معرض

یعنی حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مرض کی نسبت تو اپنی طرف کی۔ اور شفاء کی نسبت جناب باری تعالیٰ کی طرف کی۔ یوں نہیں کہا کہ خدا مریض ہو گیا۔ (نعوذ باللہ منہا) کہ یہ سراسر بے ادبی تھی۔ پھر جناب مولانا ممدوح فرماتے ہیں:

گرچہ در نفس صاحب تفرید
آں تقاضا ہے کند توحید
کہ ہمہ فعل ہا چہ زشت و چہ خوب
بے وسائط بحق بود منسوب

Marfat.com

لیک از آں جا کہ شیوہ او بست
نسبت فعل شر بحق عجب است
ہم چنیں از مقولۂ افعال
ہر چہ دید از قبیل خیر و کمال
ساخت خاطر تہی راویہ خویش
کرد حق دراں و قایہ خویش
نزد از نفس و فعل نفس نطق
داشت بے واسطے مضاف حق
تا نیفتد در آں فساد و خلل
از ظہور غرور نفس و غسل
نہ زند سر ریائے و عجب از وے
گردش نامۂ رعونت طے

.اور اس میں کچھ شک نہیں ہے۔ کہ جو نفس ہے۔ یا جس کو دوسرے لفظوں میں شر کہیں۔ و تعین کی طرف راجع ہے۔ اور جو خبر ہے۔ یا جس کو دوسرے لفظوں میں کمال ہیں۔ وہ وجود کی طرف راجع ہے۔ اور عاشق کی نظر میں چونکہ حقیقت متجلی ہوتی ہے۔ وہ کبھی شر کی نسبت خدا کی طرف نہیں کرتا۔ اس کی تائید میں مولانا جامی قدس سرہ حدیث شر کے مضمون کو اس طرح نظم فرماتے ہیں:

(دیکھو مقدمہ النصوص

بلبل شاخسار باغ بلاغ — شاہ باز نشیمن ما زاغ
داشت چشم سرش چو دیدہ سر — روشنائی ز کحل بے یبصر

Marfat.com

چو بنظارہ جہاں پر داخت ہر بد و نیک را دید شناخت
کانچہ نیک از خصائص قدم است و آنچہ بد از نقائص عدم است
گفت الخیر کلہ بیدک لکن الشر لا یعود الیک
متقی نفس خویش را چو شناخت در شر دش و قایہ حق ساخت
سپرے شد پیش حق کہ مدام وارد اوور انگہ ز تیر مدام
ہر چہ آمد ز جنس نقصان پیش داشت مسند بہ نفس ناقص خویش

یہاں ظاہر ہے کہ خبر جس کی برائی معروف ہے۔ اور وہ شر کی نسبت خدا کی طرف کرنا اور اپنے تئیں مجبور مطلق جاننا ہے۔ وہ مذموم ہے۔ اور حال ناقصوں کا ہے۔ اور وہ جبر جس میں شر کی نسبت اپنی طرف اور خیر کی نسبت حق کی طرف کرنا ہے۔ اور باوجود اس کے کہ فی الحقیقت لا فاعل الا اللہ جانتا ہے۔ وہ محمود ہے۔ اور حال کاملوں کا ہے۔ پس جبر کی دو قسمیں ہیں:

ایک جبر مذموم۔

دوسرا جبر محمود۔

صاحب گلشن راز فرماتے ہیں: (دیکھو شرح)

شعر

حق اندر کسوت حق دین حق دان
حق اندر باطل آمد کار شیطان

کہ جبر کاملوں کا عین کمال ہے۔ اور اختیار محض نقصان ہے کس لئے کہ صدور افعال اور اعمال کی نسبت اور اضافت اپنی طرف کرنا موجب غرور اور خود بینی اور

Marfat.com

غیریت کا ہے۔اور یہ معنی بہ نسبت اس کامل کے نقص تمام ہے۔اور جب ناقصوں کا عین نقصان ہے۔اور اختیار محض کمال۔کیونکہ اعمال اور افعال کی نسبت اور اضافت اپنی طرف نہ کرنا زیادتی فسق و فجور کا سبب اور ان میں جرأت کرنے کا سبب اور مخالفت شرعیہ کا موجب ہے۔جو مستلزم ہلاکت معنوی ہے۔(نعوذ باللہ منہا)

حضرت مولانا روم قدس سرہ فرماتے ہیں:

جبر باشد پر و بال کاملاں　　جبر ہم زادان و بند جاہلاں

بال بازاں راسوئے سلطان برو　　بال زاغاں را بگورستاں برد

ہر چہ گیرو کاملے علت شود　　کفر گیرو کاملے ملت شود

انتہیٰ کلام:

دیگر شبہات جو منزل فنافی الافعال میں پیدا ہوتے ہیں۔ان کو اگر زیادہ دیکھنا ہو۔تو سلسلہ الذہب مطبوعہ کے صفحہ ۷۷ سے صفحہ ۹۷ تک دیکھئے۔یہ مشکلات جو منزل فنافی الافعال کی تھیں۔آگے اس کے جو جو مشکلات منزل فنافی الصفات اور فی الذات میں پیش آتی ہیں۔ان کا بیان ہوا۔

انسان ناقص یہ طاقت رکھتا ہے کہ قلعی آہنی کو توڑ دے۔مگر ہستی موہومی کی بودی سی دیوار نہیں توڑ سکتا۔جیسے حضرت شاہ غلام حسین چشتی قدس سرہ ملک ہریانہ کی زبان میں جس ملک میں قصبۂ ہائے رہتک فہم ہانسی سونی پت، جھجر وغیرہ ہیں، فرماتے ہیں:

لوہ کا گڈھ تو نہ توڑے رے بیڑی

بوہ بودی سی کاندھ نہ توڑی جا

یعنی اے عاقی! ناقص قلعہ آہنی تو توڑ دیتا ہے۔مگر یہ بودی سی دیوار ہستی

Marfat.com

موہوم تجھ تے توڑی نہیں جاسکتی ہے۔ اب دیوار کا توڑنا بھی بڑا مشکل ہے۔ اور آسان بھی بڑا۔ اگر مرشد کامل مل گیا۔ تو اس کی مدد سے اس کا توڑنا کچھ بات ہی نہیں۔ اور اگر نہ ملا تو ساری عمر اس کے توڑنے میں گزر گئی۔ ایک اینٹ بھی نہ اکھڑی۔ دیوار تو کجا۔ اور اگر بہت کوشش کی۔ اور ایک اینٹ اکھاڑ بھی لی۔ تو دوسری ایسی جمی کہ ہل نہ سکے۔ یا پھر وہی اینٹ اکھڑ کر جم گئی۔ اور پہلی حالت عود کر آئی۔ طالب علموں کے لئے عود ایک بڑا مقام خطر ہے۔ فنا اسی وقت حاصل ہوتی ہے۔ جب عود نہ ہو سکے۔ ملفوظات حضرت خواجہ احرارؒ میں لکھا ہے کہ حضرت خواجہ احرارؒ قدس سرہ نے جو تحقیق ذکر میں اس کے درجات میں لکھا تھا کہ ذکر یہاں تک کرنا چاہیئے۔ کہ ہستی موہوم ذاکر کی ہستی حقیقی مذکور میں نیست ہو جائے۔ اس کے معنی حضرت ممدوح خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہ سے پوچھے گئے۔ فرمایا کہ ایک شخص کا فی الحقیقت احمد نام ہے۔ مگر اس نے یہ توہم کیا ہے کہ میرا نام عبدالاول ہے۔ احمد کوئی اور ہے۔ بعد بڑی سعی اور کوشش اور جہد اس کو معلوم ہوا کہ احمد تو میں ہی ہوں۔ اور ہستی اور اشتہار عبدالاول کے نام کا ایک وہم تھا۔ اور احمد اس کا غیر نہیں تھا۔ اس کی یہ ہستی اسم خاص کی ہستی موہومی تھی۔ ہستی حقیقی احمد سے مرتفع ہوگئی۔ اور یہ معرفت متبدل بہ جہل نہیں ہے فرمایا کہ ہستی موہومی کے زوال کو فنا کہتے ہیں۔ اور وجود فنا کا کبھی وجود عدم اور وجود بشریت میں عود نہیں کرتا۔ اور معرفت جہل کے ساتھ متبدل نہیں ہوتی۔ اور فرمایا کہ وجود عدم وجود بشریت اور وجود فنا میں عود کرتا ہے۔ مگر وجود فنا کبھی وجود عدم اور وجود بشریت میں عود نہیں کرتا۔ وجود عدم اس انقطاع کو کہتے ہیں۔ جو کبھی بعد از توجہ اور مراقبہ کے حاصل ہوتا ہے۔ اس کی بقاء نہیں ہوتی۔ تھوڑی دیر چلا جاتا ہے۔ مگر وجود فنا جو ایک حالت معروف ہے۔ کبھی متبدل بہ جہل نہیں

Marfat.com

ہوتی۔

بیان معنی فقر

فقر کے معنی میں اولیاء کرام صوفیاء عظام قدس اللہ اسرار ہم نے طرح طرح کے کلام فرمائے ہیں ازآں جملہ یہ قول مشہو ہیں:

صاحب گلشن راز فرماتے ہیں

سواد الوجہ فی الدارین درویش
سوا اعظم آمد بے کم و بیش

اس شرح میں صاحب مفاتیح الاعجاز فرماتے ہیں کہ اصطلاح صوفیاء کرام میں فقر فنا فی اللہ اور اتحاد قطرہ بادریا کو کہتے ہیں۔ اور یہ سیر و مرتبہ کاملان کی نہایت ہے۔

عطارؒ

ہفتمیں وادی فقر است و فنا
بعد ازیں روئے روش بنود ترا
گر کشش افتی روش گم گرددت
گر بود یک قطرہ قلز گرد دت

اور الفقر سواد الوجہ فی الدارین جو فرماتے ہیں۔

وہ بھی اس سے عبارت ہے۔ کہ سالک بالکلیہ فنا فی اللہ اس حیثیت سے ہو جائے کہ اس کا اپنا وجود ہستی موہوم کا ظاہر و باطن دنیا و آخرت میں نہ رہے۔ اور عدم اصلی اور ذاتی کی طرف رجوع کر جائے۔ یہ فقر حقیقی ہے۔ اور اسی جگہ اذاتم الفقر

Marfat.com

فھو اللہ کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ مقام اطلاق ذات ہے۔ یہاں غیر اعتباری کی گنجائش نہیں رکھتا ہے۔ مجمع اضداد اور تعانق اطراف اسی مرتبہ کا نام ہے۔ اور یہ سواد الوجہ سواد اعظم ہے۔ سواد اعظم اس کو کہتے ہیں۔ جس میں سب کچھ ہو۔ اور اس مرتبہ سے کوئی چیز نہیں ہے۔ سالک جب تک نیستی تمام اور فنائے مطلق سے متحقق نہیں ہوتا۔ ہستی مطلق اور بقاء باللہ متحقق نہیں ہو سکتا۔ بس اس سواد ابوجہ کو فنا مطلق ہے۔ سواد اعظم ہے۔ جو بقاء باللہ ہے۔ اور اپنے سے نیستی عین ہستی بحق ہے۔ کہ ہستی مطلق نیستی مطلق میں نمایاں ہوتی ہے۔ یہ مرتبہ سوائے انسان کامل کے اور کسی کو میسر نہیں ہے۔

نظم

تا در طریق عشق تو من جانفشاں شدم
بیجاں شدم ولیک جہاں ور جہاں شدم
زاندم کہ باختم دل و جاں در قمار عشق
از ہر چہ عقل فرپ کند بیش ازاں شدم
تا در فنائے ہستی خود نیست آمدم
در عالم بقاء بخدا جاوداں شدم

انتہیٰ کلام صاحب مفاتیح الاعجاز۔

پھر جاننا چاہیے کہ لغت میں فرکلرز مین کو کہتے ہیں۔ اور وہ زمین جس میں کچھ پیداوار افعال اور آثار کی نہ ہو۔ وہم ہستی ہے۔ اور آیت کریمہ واللہ غنی وانتم الفقراء سے بھی ظاہر ہوتا ہے۔ کہ فقر یہ وہم ہی ہے۔ کس لئے جب ذات اور صفات اور

Marfat.com

افعال خاص اللہ تعالیٰ کی ہے۔تو ہمارے لئے سوائے وہم کے ان کی نسبت اپنی طرف کرتے ہیں۔اور کیا رہا۔پس الفقراء اذاتم فھو اللہ کے یہ معنی ہوئے کہ ای اتوھم اذاتم فھو اللہ کیونکہ وہم ہی تمام ہوتا ہے۔اور کوئی چیز ہماری تو ہے ہی نہیں۔پھر تمام کیا ہوگی۔جب فقر کے معنی یہ ہوں گے۔تو یہ بات صحیح ہوگی کہ:

آں را فنا شیوہ فقر و آئین است

نے کشف و یقین نہ معرفت نے ونیست

کس لئے یہ سب امور پھر اس کی طرف منسوب نہیں رہتے اور۔

رفت از میاں ہمیں خدا ماند خدا

الفقر اذا تم ھو اللہ ایں است

اس کی شرح میں حضرات خواجہ امان پانی پتی قدس سرہ فرماتے ہیں۔کہ جس کا شیوہ فنا ہے۔اور پیشہ اس کا مفتی از ماسوائے۔اور یہ دولت اس کو ملی ہے کہ وہ بالکلیہ فانی ہوگیا ہے۔تو بلاسک اس پر کوئی اثر جاری نہیں ہے۔کس لئے کہ آثار مثل اعراض کے اور وجود مثل جوہر کے ہے۔اعراض بے جوہر کے نہیں ہو سکتے۔جب وجود ہی نہیں رہا تو آثار کہاں رہے۔ارتفاع وجود کا موجب رفع آثار ہے۔

رفت او ز میاں ہمیں خدا ماند خدا

الفقر اذاتم ھو اللہ این است

یعنی ہستی اس کی جو محل آثار روحانی اور جسمانی ہے۔اس کی بصر اور بصیرت کے سامنے سے اٹھ گئی۔کہ وہ اپنے سے تعبیر کرنے سے متعذر ہوگیا ہے۔ہستی حق کی جس کا ظہور پہلے تھا۔وہ نظر شہود میں ظاہر ہوگئی۔اور آثار طبیعت جو اس پر جاری ہیں۔وہ ظہور حق اور نمود وجود مطلق ہیں۔اس لئے آثار غریبہ سے ظاہر اور خوارق

Marfat.com

عجیبہ اس سے نمایاں ہوتے ہیں۔ کہ وہ اگرچہ مقام استہلاک اور بے شعوری میں ہے۔ مگر متصف بصفات الٰہی و کمالت لامتناہی ہے۔ اس میں جوظہور ہو رہا ہے۔ صفات خدا اور افعال خدا سے ہو رہا ہے۔ اور وہ تو:

نظم

محو گشتہ فانی مطلق شدہ | در جہاں عشق مستغرق شدہ
ہم بہ نسبت در ہویت باختہ | ہمسری در سرمدیت باختہ
نے ہمہ نے ہیچ نے جزو نہ کل | نے بدو نے نیک نے عز و دل
نے کژ دنے راست نے تقلید نیز | نے تن و نے جان و نے توحید نیز
نے گمانے نے یقینے نے شکے | نے بسے نے او سطے نے اندکے
نے قریبے نہ یکے نے ہمدمے | نے رفیقے نے کسے نے محرمے
نے ولے نے دیدۂ نے سینۂ | نے تتنے نے مہرے و نے کینۂ
نے مسلمان دولتے نے کافرے | ایں تحیر را نے پاؤ نے سرے
ساکن و دائم مسافر آمدہ | غائبے پیوستہ حاضر آمدہ

انتہیٰ کلام حضرت خواجہ امان قدس سرہ۔

اس مقام پر طالب صادق کو لا الٰہ الا اللہ ہو گیا۔ اور اس بات کو بخوبی جان لینا چاہئے۔ کہ لا الٰہ الا اللہ کہنا اور ہے۔ لا الٰہ الا اللہ جاننا اور اور لا الٰہ الا اللہ ہونا اور۔ چنانچہ اس باب میں حضرت عین القضا ہمدانیؒ توحید پنجم میں فرماتے ہیں۔ کہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کمتر درجہ ایمان کا ترک دنیا ہے۔ اور اعلیٰ درجہ اور بہتر درجہ ایمان کا لا الٰہ الا اللہ کو قبول ہے۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لئے

Marfat.com

فرمایا کہ لوگ لا الٰہ الا اللہ کو قبول کریں۔ جب یہ کلمہ کہتے ہیں تو مال اور خون ان کا بچ جاتا ہے۔ اے عزیز! جو کوئی دنیا میں مشغول ہو۔ اور زبان سے یہ کلمہ کہے۔ اس کو فائدہ اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ کہ لا الٰہ الا اللہ کہنے سے وہ اپنے مال اور خون کو بچالیتا ہے۔ اے عزیز! جھوٹ بولنا حرام ہے۔ لا الٰہ الا اللہ زبان سے کہنا کہ دل کو اس کی خبر نہ ہو۔ دروغ اور جھوٹ ہے۔ جو حرام ہے۔ مگر چونکہ عصمت مال و خون بدوں ان کلموں کے حاصل نہیں ہوتی۔ اس لئے شرح میں ایسے جھوٹ کو مباح کیا گیا۔ افسوس! کہ مختصر ہمتوں اور کوتاہ نظروں نے یہ تصور کرلیا۔ کہ یہ کلمات زبان سے کہنے سے راست اور پورے ہو جاتے ہیں۔

سن! کہ یہ کلمات ارباب بصائر کے نزدیک ذوق رکھتے ہیں۔ اور وہ کس طرح کہتے ہیں۔ اے عزیز! تمہیں معلوم ہے کہ تجھ کو لا الٰہ الا اللہ کا کیا مزہ حاصل ہے۔ ایسی کوئی کوشش کہ لا الٰہ سے گزر کر تو حقیقت الا اللہ میں پہنچے۔ اور وہاں امن پائے۔ اور امن رہے۔ لا الہ الا اللہ حصنی میں دخلہ امن من عذابی۔

اے عزیز! جب نقطہ کبریاء اللہ نے ذات احدیت سے دار ازل و ابد میں قدم رکھا۔ تو سب چیزوں سے پہلے صحرائے صفات کو عالم ذات میں بچھایا۔ اور یہ صحرائے صفات وما ارسلنک الا رحمۃ للعالمین ہے۔ یا جلال و ان علیک نعمتی الیٰ یوم الدین ہے۔ (یعنی یا باغ یا جنگل خاردار ہے) اے عزیز! تمہیں معلوم نہیں کہ جوش و جنون میں کیا منہ سے نکل رہا ہے؟ سن! لا الٰہ عالم عبودیت اور فطرت ہے۔ اور الا اللہ عالم الٰہیت اور ولایت عزت۔ کاش! کہ سالکوں کی روش دور لا الٰہ میں ہو کہ خلق الخلق فی الظلمۃ اور جب دور الا اللہ میں پہنچیں۔ تو دائرہ اللہ میں آویں ثم رش علیھم من نورہ ان سے باتیں کرے۔ لا

Marfat.com

دائرہ نفی ہے۔ اوّل قدم اس دائرہ میں رکھنا چاہیے۔ لیکن اس میں ٹھہرنا نہیں چاہیے۔ کیونکہ اگر سالک میں رہ گیا اور اس مقام میں ساکن اور متوقف ہوگیا۔ تو زنار اور شرک میں جا پڑا۔ الا اللہ کی کچھ خبر اس کو نہ ہوگی۔ ہزار ہا سالکان اور طالبان الا اللہ کا یہ حال ہوتا ہے۔ کہ جب وہ دائرہ نفی لا میں بطمع گو بہ الا اللہ قدم رکھتے ہیں۔ اور بادیہ ما دون اللہ کو طے کرتے ہیں۔ تو پاسبان حضرت الا اللہ کو ان کے آگے جانے سے روک دیتا ہے۔ سرگردان اور حیران رہ جاتے ہیں۔ کچھ خبر ہے، کہ وہ پاسبان حضرت الا اللہ کون ہیں۔ غلام صفت قہر ہے۔ جو الف قد ہے۔ یعنی ابلیس ہے۔ یعنی سالکوں کے آگے کھڑا ہوتا ہے۔ اور ان کو آگے جانے سے روک لیتا ہے۔ وہ بیچارے عالم نفی میں رہ جاتے ہیں۔ افرایت من التخذ الہ ھواہ کے یہی معنی ہیں۔ کیا یہ رباعی نہیں سنی؟

رباعی

گر آب زنی بدیدہ آں میدان را
روبی بمژہ درگہ آں سلطان را
صد جان آری برشوت آں دربان را
گویند کہ خطرہ نباشد ایں جاجان را

افسوس! کہ یہ تجھ کو معلوم نہیں ہے۔ کہ دائرہ لا میں کس قدر خطرہ ہے۔ ایک عالم کو اسی دائرہ میں روکا جاتا ہے۔ ہزاروں کی جان اسی میں جاتی ہے۔ جان یہ ہے کہ الا اللہ میں پہنچیں جب کشش وجذبہ اس طرف سے آتا ہے۔ تب اس قید سے طالب کو چھڑاتا ہے۔ اور [illegible] جند نا لھم الغالبون مددگار ہوتا ہے۔ توقیع نصر

Marfat.com

من اللہ و فتح قریب اس کو دیتے ہیں۔

رباعی

فگندہ دلم رخت بمنزل گاہے

کاندجابر بصد دلیل از راہے

چوں من دو ہزار عاشق اندر ماہے

مے کشتہ شود کہ بر نیاید آہے

دریغا کہ پھر سالک مخلص کو اس مقام پر پہنچاتے ہیں۔ جہاں نور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر ظاہر کیا جاتا ہے۔ اس نور میں سالک جانتا ہے۔ کہ لا الہ الا اللہ کیا ہے۔ عرف نفس محمدؐ اس کو حاصل ہوتا ہے۔ عرف ربہ نقد وقت اس کا ہو جاتا ہے۔ کاش! اگر نور محمد رسول اللہؐ الا اللہ سے مقرون اور متصیل ہو۔ تو اس وقت معلوم ہو کہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کیوں فرماتے تھے۔ اعوذ بک من الشرک و الشک۔

افسوس! کہ تجھ کو یہ خبر نہیں ہے کہ یہ شرک کیا ہے۔ یہ شک نور اللہ ہے۔ پردۂ نور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں دیکھتا ہے۔ یعنی خدا کو آئین جمال محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں دیکھتا ہے۔ آئینہ رأیت ربی لیلۃ المعراج فی احسن صورتہٖ مگر مبتدی کا یہ حال ہے۔ کہ وہ خدا کو سوائے پردہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کسی طرح نہیں دیکھ سکتا۔ جب منتہی ہو جاتا ہے۔ تو نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم درمیان سے اٹھ جاتا ہے۔ وجھت وجھی نقد وقت اس کا ہو جاتا ہے۔ لا تعبد الا ایاہ مخلصین ۔اس کا قبلہ اخلاص ہو جاتا ہے۔ کیونکہ نور رسول اللہ صلی

Marfat.com

اللہ علیہ وسلم نور اللہ میں وہ متلاشی دیکھتا ہے۔ دریغا اگرچہ تو فہم نہیں کر سکے گا۔ مگر ہم بیان کرتے ہیں کہ سالک منتہیٰ کے دو مقام ہوتے ہیں۔ اول نور لا الٰہ الا اللہ پردہ نور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ایسا دیکھتا ہے۔ جیسے نور ماہتاب کا آفتاب میں دوسرا مقام یہ ہے کہ نور محمدؐ رسول اللہ کو نور اللہ میں ایسا دیکھتا ہے۔ جیسے نور کواکب کا نور آفتاب میں۔ افسوس! کہ لا الٰہ الا اللہ کے حروف ہی کہتا ہے یا سنتا ہے۔ اور بایزید رحمۃ اللہ علیہ اس کہنے سے توبہ کرتے ہیں۔ اور اس طرح کہتے ہیں کہ توبۃ الناس من ذنوبھم و نوبتی من قول لا الہ الا اللہ۔ افسوس! کہ تجھ کو یہ خبر نہیں ہے۔ لا الٰہ الا اللہ سے کیوں توبہ کرتے ہیں۔ سن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی مقام پر فرمایا کہ افضل ما قلۃ اناد النبیون من قبلی لا الہ الا اللہ کیا تو یہ کہہ سکتا ہے کہ لا الٰہ الا اللہ پیغمبر اور اولیاؤں کا یہی گفتار زبان تھی۔ یا گفتار دل۔ نہیں نہیں۔ اولیاء اور انبیاء کا لا الٰہ الا اللہ کہنا اور ہے اور لا الٰہ الا اللہ جاننا اور لا الٰہ الا اللہ ہونا اور قسم ہے۔ عزت خدا کی کہ اگر جمال لا الٰہ الا اللہ ذرہ بھر بھی ملک اور ملکوت میں چمکے۔ قسم ہے جلال لا یزال اور قدر لم یزل کی کہ سب نیست و نابود ہو جاویں۔ کاش! کہ تو لا الٰہ الا اللہ کا راہرو ہو۔ پھر تو لا الٰہ الا اللہ کو دیکھے گا۔ جو تیرے نصیب عین ہو جائے گا۔ پھر لا الٰہ الا اللہ ہو جائے گا۔ اولئک ھم المومنون حقاً جو مومن اس وقت ہوگا۔ جب اس مقام پر پہنچے گا۔ دریغا کہ وقت ہو کہ جذبہ جمال اللہ ہو آئے اور دائرہ لا سے تجھے باہر نکالے۔ اور منزل مقصود پر پہنچائے۔ انتہیٰ کلام حضرت عین القضات ہمدانیؒ۔

غور کا مقام ہے۔ کہ مسلمان حقیقی یہ لوگ ہیں۔ جو اس مقام پر پہنچ گئے۔ اور تو نرے نام کے مسلمان ہیں۔ اور بس۔ حافظ علیہ الرحمۃ:

Marfat.com

گر مسلمانی ہمیں است کہ حافظ وارد

آہ گر ز پے امروز شود فردائے

اے دوستو! جب مسلمانی اس مقام پر حاصل ہوتی ہے۔تو میں:

چند بر خود تہمت دین مسلمانی نہم

اسی حال میں بزرگان دین فرماتے ہیں۔ بابا حافظ شدی۔ ملا شدی ولیکن مسلمان نشدی۔ بے شک مسلمانی دور ہے۔آہ۔آہ۔آہ۔

کے باشدو کے لباس ہستی شدہ شق

تابان گشتہ جمال وجہہ مطلق

دل در سطوات نوراو مستہلک

جاں در غلبات شوق او مستغرق

اور پہلا کام لا الٰہ الا اللہ کا ختم ہوا۔

رباعی ایضاً

یا رب برہانیم ز حرمان چہ شود

راہے دہیم بکوئے عرفان چہ شود

بس گبر کہ از کرم مسلماں کردی

یک گیرد گر کنی مسلماں چہ شود

واضح رہے کہ بعض صوفیاء کرام کی اصطلاح میں طالب حق کو جب تک فنا فی اللہ نہیں ہوتا۔توحید حقیقی اس کا حال نہیں ہوتا۔ گبرو مجوس کہتے ہیں۔ جو نور ظلمت دو

Marfat.com

قائل ہوتا ہے۔ اور یہ بھی نور حق اور ظلمت وجود خود ملاحظہ کرتا ہے۔ اور اس کا قائل ہوتا ہے۔ اور ترسا بھی کہتے ہیں۔ کہ تثلیث طلب طالب مطلوب عشق عاشق ومعشوق، ذکر ذاکر مذکور کا قائل ہوتا ہے۔ (دیکھو شرح دیوان حافظ من تصنیف حضرت قطب الاقطاب حضرت شیخ محمد افضل الہ آبادی قدس سرہ العزیز)

دوسرا کام محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)

یہ کام محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) بھی پہلے کام لا الٰہ الا اللہ کے ساتھ ہی کیا جاتا ہے۔ اس کے تین رکن ہیں۔

(۱) پہلے قول محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

(۲) دوسرے عقیدہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

(۳) تیسرے عمل محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

اور یہ تینوں رکن لازم وملزوم ہیں۔ کہ بدون ایک کے دوسرا پورا نہیں ہوتا۔ اگر ایک رکن بھی ان میں ناقص رہے۔ تو کوئی بھی مرتبہ کو نہیں پہنچ سکتا۔ اور کچھ ہونے کی سند نہیں ہے۔

قول محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا بیان

قول محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا پیارا ہے کہ اس پر عاشقوں کی جان قربان ہے۔ اور زبان سے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہنا ان کا جی جان ہے۔ یہاں ایک عاشق کا قول ہے کہ:

Marfat.com

ہزار بار بشوئم دہن زمشک وگلاب
ہنوز نام تو گفتن کمال بے ادبی

عقیدۂ محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا بیان

عقیدہ محمد رسول اللہ کا یہ ہے کہ اوّل ہیولائے عالم حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کو جانے۔ یعنی عالم کو نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کا ظہور مانے اور اس کلام پاک کو سچ جانے۔ کہ اوّل ماخلق اللہ نوری و کلھم من نوری پس جیسے توحید الٰہی ہے۔ ایسے ہی توحید محمدیؐ ہے۔ پس اس مقام پر ایک ادب ہے۔ ہر چند کہ شریف اور خسیس سب چیزیں نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کا ظہور ہیں۔ اور خست محض ایک امر نسبتی ہے۔ مگر تاہم خسیس چیز کی نسبت اس نور پاک کی طرف نہ کرے۔ چنانچہ اس بارے میں ایک حکایت مشہور ہے۔

حکایت

ایک روز ایک ناواقف نے ایک خسیس چیز کو دیکھ کر کہا۔ یہ بھی نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ مرشد نے اس کے کان کھینچے اور کہا کہ گو کہ فی الحقیقت ایسا ہی ہے۔ مگر خبردار خبردار! ایسا کہنا سراسر بے ادبی ہے۔

دوسرے جسم مطہر حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اصل الاجسام اور روح منور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو روح الارواح جاننا اور اس پر بالاطمینان یقین کرنا ہے۔ اگر اس میں کچھ شبہ رہا۔ تو مشرب صوفی سے دور ہوا۔ اس مقام پر جو کچھ رمز العشق اور اس کی شرح اردو میں لکھی گئی ہے۔ وہ ہدیہ احباب کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

۳۱ حضرت احمد اصل الاصل جاں
نور سے جن کے ہوا سب کچھ عیاں

۳۲ گر نہ ہوتا حضرت نور و وجود
جلوہ گر اس آئینہ میں اے ودود

۳۳ کوئی بھی ظاہر نہ ہوتا بالیقین
وہ ہی مرئی وہ ہی ناظر ہر کہیں

۳۴ ذات احدی اور جمیع الشان ہے
جیسا تھا ویسا ہی وہ ہر آن ہے

۳۵ ازلی و ابدی ہے وہ نور قدیم
وہی احمد ہے بلا میم اے فہیم

یعنی تمام کائنات کی بنیاد حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ تمام اشیاء نے جو خلعت ظہور پہنا ہے۔ اور تاج سر پر رکھا ہے۔ وہ ابر فیضان محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے ترشحات کا ثمرہ اور دست دربار حضرت ممدوح کی سخاوت کا نتیجہ ہے۔ اگر وجود حقیقی اور چہرہ محبوب ازلی اس آئینہ حقیقت احمدی میں ظاہر نہ ہوتا۔ تو تختۂ ہستی پر کوئی نقط ظاہر اور کوئی مظہر کتم عدم سے صفحہ بروز پر جلوہ گر نہ ہوتا۔ اور اگرچہ دیکھنے والا اور دیکھا۔ وہی حق سبحانہٗ تعالیٰ سے مگر بدون اس کے دیکھنے کے کہ اس نے اپنے تیئں اپنے میں جو معتبر بمظہر کامل اور حقیقت احمدی سے دیکھا۔ دیکھنا اس کا اپنے تیئں لباس مظاہر دیگر میں صورت پذیر نہ ہوتا۔ اور متجلی ہونا اس کا اضافت اصناف مختلفہ میں بے ظہور حقیت جامہ احمدیہ کے اصلا امکان نہ رکھتا۔ وہ ذات ایسی ہے۔ کہ ابدی ہے۔ اور تمامی قیود عینی اور عیانی سے منزہ اور جمیع شیونات اور کوئی کی

Marfat.com

حامی ہے۔ اور صفت ظہور سے جو متصف ہوئی ہے۔ تو کوئی خلل اس کی تنزیہ اور غیبت میں نہیں آیا۔ بلکہ جیسے کہ ازل ازال میں منزہ اور مقدس تھی۔ ویسے ہی ابد الاباد میں رہے گی۔ کیونکہ وہ نور قدیم کہ ابتداء اور انتہیٰ کے لئے احاطہ اس کا برابر ہے۔ اور جو اس حضرت میں حقیت الحقائق سے معتبر اور متجلی اور نمودار ہو کر تعین احمدیؐ میں متعین ہوا ہے۔ باسقاط اس شخص کے اسی طور پر اپنی ظرافت پر اور اطلاق ہے۔ جیسے پہلے تھا۔ مثال اس کی لفظ احمد ہے۔ کہ حقیقت اس نام مبارک میں متعین ہوئی ہے۔ اور درمیان سے حرف میم کے رفع ہونے سے احد رہ جاتا ہے۔ جو مکنی بذات صرف ہے۔

۷۲ پہلے ہی سر خدا ظاہر ہوا
کوئی بھی اس سے نہیں باہر ہوا

۷۳ وہی مخزن سارے سروں کا ہے
وہی معدن سارے انواروں کا ہے

۷۴ جامع و مطلق ہے اور سر قدم
یعنی وہ نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم

۷۵ ہے قلم اعلیٰ اسی کا پھر خطاب
جان اس حضرت کو پھر ام الکتاب

۷۶ پہلے خلق اللہ پڑھ نوری کلام
اس سے ہی ظاہر ہوا عالم تمام

۷۷ جتنی روحیں ہیں خواص عام کی
نور احمد سے ہوئیں ظاہر سبھی

Marfat.com

۷۸ یعنی کیا کرّ و وبی و جبر دتیاں
اور کیا ملکوتی و ناسوتیاں

۷۹ سب کا ہے نو محمدؐ سے ظہور
ہے وہی اعیان اور اکواں میں نور

۸۰ علم میں وہ نور ہے اعیاں کا عین
عین میں وہ نور ہے اکواں کا عین

۸۱ سارے عالم میں وہی ظاہر ہوا
بس وہی اوّل وہی آخر ہوا

یعنی سب اشیاء سے پہلے عالم امر میں سرایزدی میں روح الروح میں کہ سب کی جامع ہے۔ اور کوئی اس چیز سے باہر نہیں ہے۔ ظہور فرمایا ہے۔ اور تمام مکنونات ذاتی نے اس آئینہ میں کماہی انعکاس پایا ہے۔ تمام راز ہائے مخفیہ عالم ارواح کے سراسر حقیقت اس کی پوشیدہ اور مبطون ہے۔ یہی روح مخزن ہے۔ سب اسی سے نکلے ہیں۔ آفتاب حیققت کے سارے انوار لامعہ کی یہی کان ہے کہ سب اس میں چمکتے ہیں۔ وہ روح جو تمامی ارواح کی جامع ہے۔ قیود سے مطلق اور نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے منیر ہے۔ اسی روح مطلق کو بسبب اس کے کہ وہ اوّل مطاہر کونیہ ہے۔ اور ظہور مکنونات ذاتیہ کا اس میں بروجہ اجمال ہے۔ قلم اعلیٰ اور ام الکتاب بھی کہتے ہیں۔ جیسے قلم میں حروف مبطونہ ذوات کا ظہور مجمل اور بالقوہ ہوتا ہے۔ ایسے ہی اس میں ہے اس لیے اس کو قلم اعلیٰ کہتے ہیں۔ پس پہلے سب سے ارادہ ازل سے جسؒ کے پیدا کرنے سے متعلق ہوا۔ وہ نور پرسرور حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ اور پھر جو چیزیں حق سبحانہ وتعالیٰ نے پیدا کرنی شروع کیں۔

Marfat.com

اور وجود میں لایا۔ اور نور محمدیؐ سے پیدا کیں۔ اور ظہور میں لایا۔ تمامی ارواح خاصان مخلوقات نے جیسے انبیاء اور اولیاء اور ملائکہ علیین اور بعض جنات اور جمیع ارواح عاماں مخلوقات نے جیسے اناس اور جنہ وغیرہ ہیں۔ بلکہ تمام ارواح کروبیان و جبروتیاں اور ملکوتیاں اور ناسوتیاں نے اس نور مطلق سے خلعت وجود پہنا اور جیسا کہ چاہئے لباس ظہور سے ملبوس ہوئی۔ سب چیزیں کیا مرتبہ علم میں اور کیا مرتبہ عین میں اسی سے ظاہر ہوئی ہیں۔ انشاء اوّل میں یعنی عین الاعیان ہے۔ اور انشاء ثانی میں یعنی عین میں ان کی ذوات کا عین ہے۔ اور چونکہ یہ تفصیل جو احاطۂ احمدیؐ کی مذکور ہوئی۔ کافی نہیں ہے۔ کیونکہ اس کی جزئیات کا ادراک عقل اور وہم سے باہر ہے۔

پس فی الحقیقت یہ بات ہے کہ آدھی وہی ہے۔ جو ہر جا ظاہر ہے۔ اور تمام بواطن ظلمات اس سے روشن ہیں۔ وہی اوّل ہے کہ اس کی اوّلیت کی ہدایت نہیں۔ اور وہی آخر ہے کہ اس کی آخریت کی نہایت نہیں۔ اور جو کچھ عالم میں ظاہر ہوا ہے۔

۹۹ اس کی ہے قلب محمد اصل و جان
ہے نہ مطلق اور مقید اس کی شان

۱۰۰ ہے وہی پھر ہے وہی پھر ہے وہی
اے پریشاں حال ہے کس جادوئی

۱۰۱ پس وہی صورت ہے معنی ہے وہی
ہے وہی اسم اور مسمی ہے وہی

۱۰۲ ہے وہی اصل مثال اے خوشخصال
کون ہے بے نظیر و بے مثال

Marfat.com

یعنی اصل اور منشاء مثال قلب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ اور انصاف اس کا اطلاق اور تقید سے صورت پذیر نہیں ہے۔ کیونکہ عدم تقید تو خود بھی ظاہر ہے۔ اور عدم اطلاق یا اس سبب سے ہے۔ کہ وہ اطلاق سے مبرا ہے۔ یا اس حیثیت سے کہ اس کو مطلق نہ کہنا چاہئے۔ کیونکہ وہ مجلی وحدت ہے۔ اور تعین اور تقید وجود کو جو حقیقت احمدیؐ میں ہو وحدت کہتے ہیں۔ پس مظہر مقید مطلق کس طرح ہو۔ اور مقید کہنا بھی جائز نہیں۔ کیونکہ ظاہر اس کا روح مطلق ہے۔ اور مظہریت مطلق اطلاقی کو چاہتی ہے۔ پس ناچار بین بین ہوگا۔ یعنی نہ مطلق ہوگا نہ مقید۔ یعنی برزخ ہوگا۔ جس کا رخ دونوں جانب راس آئے۔ وہی تمام مشاہدہ میں دیکھا گیا۔ اور پہچانا گیا ہے۔ اور وہی ہے۔ جو صورت میں صورت متصور اور معنی ہیں۔ معنی ہے۔ اور وہی ہے۔ جو صفت اسم میں موصوف اور ذات مسمی میں مشہود ہے۔ وہی تمام مثالوں کی کیا وہ مطلق ہیں۔ کیا مقید کیا عروجی ہیں۔ کیا نزولی اصل ہے۔ اور مرتبہ خارج میں کوئی اس کا مانند نہیں ہے۔ جس سے اس کی تعبیر کی جائے۔ اور کوئی مثال اس کی نہیں ہے۔ جس سے اس کو تشبیہ دی جاوے۔ اور عالم اجسام میں۔

۱۱۰ جان لو اجسام کی اصل الاصول
جسم اطہر حضرت احمد رسولؐ

۱۱۱ جامع مطلق وہ نور النور ہے
ہے وہی ظاہر وہی مستور ہے

۱۱۲ اور ہر عالم میں وہ موجود ہے
نیز ہر مشہد میں وہ مشہود ہے

Marfat.com

۱۱۳ پس وہی باطن وہی مضمر ہوا
اور وہی ظاہر وہی مظہر ہوا

یعنی اصل اور منشاء عالم اجسام کی جسم مبارک محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے چار عنصروں کو جوف فلک قمر میں جو کر دی ہے۔ بصورت کر دی ہوتا ہے۔ اوران چاروں میں ہر ایک کیلئے ایک ایک مرکز ہے۔ کہ قرار اس عنصر کا اس پر ہے۔ پس! جب کہ ذات نبوی ہر مشہد الٰہیات اور حدیثات اور مجردات اور مرکبات میں اصل سب کی ہے۔ تو لابد عناصر کا مرکز بھی ہوگی۔ اور جسم شریف چاروں عناصر سے مرکب ہے۔ اصل تمام اجسام مرکبہ اور بسیطہ کا ہوگا۔ اور وہ جسم مطلق جامع اور تمام اجسام کا اور نور تمام انوار کا ہے۔ اور اس کا کمال ظہور اس کے خفا کا باعث ہے۔۔ اور ہر عالم میں جو وجود ذہنی یا خارجی سے متصف ہے۔ وہ موجود ہے۔ اور حضرت میں جو انصاف اور ادراک حقیقی سے بالاتر ہے۔ مشہور ہے۔ پس مراتب غیبی میں وہی مسمّٰی بہ باطن ہے۔ اور حقیقت میں وہی مسمّٰی بہ ظاہر ہے۔ بلکہ خارج میں اس کو مظاہر کہا جاتا ہے۔ اور حقیقت میں وہی ظاہر کہنے میں آتا ہے۔ اسی مقام پر حضرت بلھے شاہ صاحب قدس سرہ کا یہ کلام ہے۔ (دیکھو صفحہ ۴۶۷ کتاب ہذا)

احد کولوں احمدؐ ہویا وچوں میم نکالی اویار
درمعانی دی دھوم مچی ہے نیناں توں گھنڈ اٹھالی اویار

پیارا پہن پوشاکاں آیا آدم اپنا نام دھرایا
احد تے بن احمدؐ آیا نبیاں دا سردار

ہن میں لکھیا سوہنا یار
جس دے حسن دا گرم بازار

احد احد دا گیت سنایا انا احمدؐ ہوں پھر فرمایا

پردے وچہ اک میم رکھایا اتے نام رسول دھرائیونی

سیوہن میں ساجن پائیونی

پرگٹ وکر نور سدائیو احمدؐ توں موجود کرائیو

نابودوں کر بود وکھائیو فنفخت فیہ سنایوئی

سیوہن میں ساجن پائیوئی

احد احمد وچہ فرق نہ کوئی

رتی اک بھیت مروڑی دا

اور جو اس مروڑی کے بھیت کو سمجھا۔ وہی صوفی کامل ہوا۔ جو نہ سمجھا۔ وہ ناقص رہا۔

Marfat.com

بیان عمل محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)

عمل محمدؐ رسول اللہ شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم پر قائم ہونا ہے۔ یعنی حفظ مراتب رکھنا ہے۔ مگر ہر ایک کو بہت ہی مشکلات اس میں پیش آتی ہیں۔ اور کسی اچھے سعادت منداز لی سے یہ کام پورا ہوتا ہے۔ حضرت بلھے شاہ صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں:

کوئی ورلی پار لنگھیندی ہے

عاشق نوگرفتار کے لئے یہ تو بہت مشکل ہے کہ:

نظر بر حقیقت تو لا الہ الا اللہ

اور نظر بر مراتب محمد رسول اللہ

خدا کے ساتھ دیوانگی رسولؐ اللہ کے ساتھ ہوشیاری۔ لیکچرار عشق یہ لیکچر دے رہا ہے اے عشق۔

با خدا دیوانہ و با مصطفیٰ ہوشیار باش

سچ ہے۔

بیت

بر کف جام شریعت بر کف سندان عشق

ہر ہوس نا کے نداند جام و سندان باختن

اور زاہد کے لئے یہ مشکل ہے کہ اس کو عشق کی چاٹ نہیں۔ نفس اور شیطان اس کے مخالف ہر امر شرعی اس پر پہاڑ کے برابر بھاری ہے۔ اس لئے صوفیاء کرامؒ

Marfat.com

قدس اللہ اسرار ہم فرماتے ہیں: (دیکھو مکتوبات قدوسیہ مطبوعہ ۱۸۱ صفحہ)

رباعی

مارا نہ مرید و رد خوان مے باید
نے زاہد و نے حافظ قرآن مے باید
صاحب در سوختہ مے باید
آتش زدۂ خان مان مے باید

اور ان الاشغال بالعلوم الشرعیہ و تلاوت القرآن امور حسنہ و لیکن شان الطالب شان آخر اور عالم ظاہری کے لئے یہ مشکل کہ عقل جزوی و عزیزی کو اس نے اپنا رہبر بنا رکھا ہے، ہر امر شرعی کی دلیل مانگے۔ اپنی رائے ناقص سے اس میں حجت نکالے۔ شبہات پر شبہات پیدا ہوں گے۔ اس لئے کہ اپنی سمجھ ناقص سے ان کو سمجھنا چاہے۔ اگر ایک بات سمجھ میں آگئی ہو اور دوسری نہ آئی ہو۔ بھلا کہاں عقل لنگڑی خچری اور کہاں عرش حقیقت۔ عالم ظاہری اس لنگڑی پر سوار۔ یہاں نہ گرا۔ وہاں گرا۔ بات یہ ہے کہ چونکہ کلام محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حفظ مراتب کو کہتے ہیں۔ اور حفظ مراتب اس وقت کما حقہ ہو سکتا ہے۔ جب کہ ہر مرتبہ کا حکم اور اثر حقیقی معلوم ہو ہمارے علم کے آلات یا تو حواس اور تجربہ ہیں۔ یا وہ قوت جوان سے نتائج نکالتی ہے۔ جس کو عقل عزیزی یا قیاس کہتے ہیں۔ اور ہر مرتبہ کے احکام اور آثار کا یہ حال ہے کہ بے حد و بے انتہا ہے۔ ان میں کوئی مخفی ہے۔ کوئی ظاہر۔ جو امر عقل سے مخفی ہے وہ سر جیسے عقل کی حقیقت روح کی حقیقت خود عقل سے مخفی ہے۔ اور اسرار میں داخل ہے۔ ہر کہ بخود جاہل بغیر اجہل۔

Marfat.com

پس حقیقت ہر امر اور ہر شے کی دریافت کرنے میں عقل جاہل ہے۔ اور عرش حقیقت اشیاء تو بہت دور ہے۔ یہ لنگڑی خچری ایک اونچے ٹیلے آثار مخفیہ اشیاء تک کو پہنچ ہی نہیں سکتی۔ دیکھو! بجلی جب تک ہر شے سے ظاہر نہیں ہوئی تھی۔ اور اس نے اپنے تماشے نہیں دکھائے تھے۔ نہیں جانتے تھے کہ ہر شے میں بجلی ہے۔ اور اب نہیں جانتے کہ اس کی حقیقت کیا ہے۔ اور اس کے خواص اور آثار سے اس کے وجود کا اثبات کرتی ہے۔ پہلے ہی پہلے اس کا تماشا جذب کا کانچ کی سلاخ دیکھ کر عقل عزیزی بہت متعجب ہوئی۔ اور چونکہ یہ تماشا کہربا میں اس سے پہلے دیکھا تھا۔ اس وقت اس کا نام کہربائی رکھ لیا۔ اور اس کا نام کہربائی رکھ لیا۔ اور اس وقت چونکہ کہربائی کے بہت سے خواص اور آثار مخفی تھے۔ کوئی مناسبت یا مشابہت اس کی اثر بجلی کے آثار میں نہ تھی۔ میاں قیاس بھی لنگڑے تھے۔ اس لئے اس کا نام بجلی بھی نہ رکھ سکے۔

ہاں! جب اس کے آثار مخفیہ یعنی چمکنے، کڑکنے، آگ لگانے کے ظاہر ہوئے۔ تو پھر اس کا نام بجلی رکھ لیا۔ کیا کہتے ہیں؟ ایسی لنگڑی کے جو ٹھوکریں کھاتی چلتی ہے۔ اور پھر عرش حقیقت پر پہنچنے کا دم بھرے۔

پس میاں! لنگڑی کے سوار کو خواہ کتنی ہی بڑی مشکل ہو۔ وہ اس کو ہانکتے ہیں۔ وہ ٹھوکریں کھاتی چلتی ہے۔ یہاں نہ گرے وہاں گرے۔ اسواران تیز رفتار پاس سے گزر گئے۔ اور وہ دیکھتے ہی رہ گئے۔

اس مشکل سے وہی صاحب نکلتے ہیں۔ جو لنگڑی کے اوپر سے کودا۔ اشہب باد یا تیز رفتار روز دو بصیرت کو بقیمت ترک لذات جسمانی، مخالفات خواہشات نفسانی، بیعت ہستی موہومی میں عالم غیب سے خریدتے ہیں۔ اور اس پر سوار ہو کر باتباع

شہسواران میدان حقیقت عرش حقیقت پر پہنچتے ہیں۔ معراج معنوی سے سرفراز ہوتے ہیں۔ ہائے! اس کا کیا حال ہے؟ جس کے پاس نہ لنگڑی خچری ہو۔ نہ اشہب تیز رفتار۔

حافظؒ

تو دستگیر شواے خضر ہے حجتہ کہ من

پیادہ میروم و ہمرہاں سوار انند

ضابطہ عشاق

یہاں یہ بات معلوم رہے کہ حفظ مراتب میں عاشقوں کا ایک ضابطہ ہے کہ جب تک کمال عشق کو نہیں پہنچتے۔ فنافی اللہ معشوق نہیں ہوتے۔ اس کے جلال سے بچتے ہیں۔ اور جمال کو چاہتے ہیں۔ اگر تجلی جلالی ان پر ہوتی ہے۔ تو تجلی جمالی کی پناہ مانگتے ہیں۔ اور یوں کہتے ہیں کہ اعوذ بک من جلالک و بجمالک اور فنافی المعشوق ہو گئے۔ تب جمال میں عین جمال ہو گیا۔ اور جمال میں عین جلال (دیکھو شرق)

دوہرا نمبر ۱۸۷

پوتھی لا الہ الا اللہ

جب ہو روپ کرودھ کا نچ اس سے انجان

روپ سبھاؤ کا توڑ نا نچ اس سے اگیان

جب کرودھ کا روپ ہو۔ یعنی تجلی جلالی ہو۔ اس سے اے ناقص اور ناواقف

Marfat.com

اور انجان تجھ کو بچنا چاہئے۔ کیونکہ روپ کا سبھاؤ توڑنا مورکھتا یعنی بیوقوفی اور اگیان یعنی نادانی ہے۔ نفحات الانس میں لکھا ہے۔ کہ حضرت شیخ عبداللہ بلیانی قدس سرہ کا ایک مرید پہاڑوں میں عبادت کرتا تھا۔ ایک روز سانپ اس کے پاس سے نکل آیا۔ اس نے سانپ پر ہاتھ ڈالا۔ سانپ نے ڈنگ مارا زہر اس کا چڑھ گیا۔ جب مرنے کے قریب ہوا۔ حضرت شیخ کو اس کی اطلاع ملی۔ آپ نے بلایا اور سرزنش کر کے فرمایا۔ تو نے سانپ کو کس لئے پکڑا۔ اس نے کہا۔ آپ نے فرمایا۔ کہ سوائے خدا کے اور کوئی نہیں ہے۔ میں نے اس کو غیر خدا نہیں سمجھا۔ فرمایا کہ جب تو نے اس کو صورت قہر اور جلال میں دیکھا تھا۔ تو بچنا چاہئے تھا۔ پھر آپ نے اس پر پھونکا اور دم کیا۔ اسی وقت زہر اتر گیا۔ اس سے بہ تحقیق ثابت ہو گیا۔ کہ سالک کو تجلی جلالی سے بچنا لازمات سے ہے۔ اس لئے کہ اس کو ابھی اس کی تمیز نہیں۔ اس کی نظر بحال ظاہر ہے۔ پس اوّل ان تجلیات جو ظاہراً جلالی ہیں۔ جیسے آگ، سانپ شیر وغیرہ سے بچنا ضروری ہے۔ کہ حفظ مراتب اس میں یہی ہے۔ کہ اس سے بچے۔ اور بعضے تجلیات ایسے ہیں۔ جو ظاہراً جلالی ہیں۔ جو اس کو صورت جمال میں معلوم ہوتے ہیں۔ یعنی بحال ظاہر اس کو تجلی جلالی معلوم نہیں ہوتی۔ مگر دراصل نور تجلی جلالی ہے۔ اس کی تمیز کے لئے ایک پتہ کی بات کہوں۔ ذرا کان لگا کر سنو! اور غور کرو! جن جن امور سے شرعاً ممنوع کیا گیا ہے۔ اور اس سے بچنے کا امر کیا گیا ہے۔ ان سب تجلیات جلالیہ خفیہ ہیں۔ اس کو معلوم نہیں ہوتیں۔ اسی وجہ سے شرع میں ان سے بچنے کا حکم آیا۔ اور سالک کو ان سے بچنا چاہئے۔ ان تجلیات جلالیہ کی بالطبع خاصیت یہ ہے کہ کمال روح انسانی کو فنا کرتی ہے۔

(دیکھو لمعہ اکیسواں لمعات حضرت فخر الدین عراقیؒ)

Marfat.com

مثلاً اگر چہ بچشم ظاہر رنگ اور صورت تجلی اجمالی معلوم ہوتی ہے۔ مگر دراصل روح انسان کیلئے وہ ایک تجلی جلالی خفی ہے۔ جو کمال روح انسانی کا زوال کرتی ہے۔ پس اس سے بچنا ضروریات سے ہوا۔ اور شرع شریف ہم پر ایک موجب رحمت ہوئی۔ جس نے اس تجلی جلالی کو جو خفی تھی۔ اور جس کو ہمارا حال ظاہر معلوم نہیں۔ کرتا تھا۔ اور جو موجب زوال کمال روح انسانی بیماری کا تھا۔ صورت نہی میں بتا دیا۔ یہاں بھی ظاہر ہوا کہ تجلیات جلالیہ دو قسم کی ہیں۔ ایک تجلیات جلالیہ ظاہرہ جو حواس سے معلوم ہوتی ہیں۔ جیسے آگ اور شیر وغیرہ ہیں۔ جن سے جسم کی فنا ہوتی ہے۔ دوسرے تجلیات جلالیہ خفیہ جو حواس سے معلوم نہیں ہوتی ہیں۔ اور جن کو شرع شریف نے صورت نہی سے بتا دیا ہے۔ اور جن سے کمال روح انسانی کا زوال ہوتا ہے۔ تجلیات جلال خفیہ سے ہر حالت میں بچنا لازم ہے۔ الا تجلیات جلال ظاہرہ اسی وقت تک اپنا اثر دکھاتی ہے۔ جب تک کہ سالک فنا فی اللہ نہیں ہوتا۔

اگر کوئی یہ سوال کرے کہ طالب فنا فی اللہ ہو گیا۔ اور اس کا پہلا کام لا الٰہ الا اللہ ختم ہو گیا۔ تو پھر بھی کام محمد رسول اللہ کرنا پڑتا ہے۔ یا نہیں۔ اس کا جواب یہ ہے۔ کہ اس وقت یہ کام بطریق ادنیٰ کیا جاتا ہے۔ کیونکہ پھر دو حال ہوتے ہیں۔ کبھی ہوش ہوتی ہے۔ کبھی بے ہوشی۔ اس بے ہوشی کو اصطلاحاً سکر کہتے ہیں۔ اور ہوش کو صحو۔ سکر اس کا علاقہ نہیں ہے۔ حالت صحو میں چونکہ عاشق خلعت بے یسمع و بے یبصر و بے یمشی سے سرفراز ہوتا ہے۔ اس کام کو بطریق ادنیٰ کرتا ہے۔ اور اس کو ایسا حال ہوتا ہے۔ کہ کبھی خلاف شرع کوئی عمل اس سے ہو ہی نہیں سکتا۔ مثلاً قبل از عشق اور فنا فی اللہ۔ اگر کوئی بات جھوٹ اس کے منہ سے نکل بھی جاتی تھی۔ تو بعد کمال عشق اور فنا فی المعشوق کے پھر جھوٹ بول ہی نہیں سکتا۔ لاکھ من کی زبان ہو جاتی

Marfat.com

ہے۔ اور جھوٹ پر ہرگز ہرگز نہیں اٹھ سکتی۔ سمجھو تو سہی۔ کون بولتا ہے۔ اور اس کی صفات کیا ہیں؟ اور فنائے کلی کے معنی یہی ہیں۔ کہ صفات ذمیمہ کی ایسی جڑ کٹ جائے کہ پھر عود نہ کرسکیں۔

حضرت سعدی علیہ الرحمۃ

دگر سالکے محرمے راز گست

نہ بندد بردے ور باز گشت

جب ایک صفت ذمیمہ جاتی ہے۔ تو اس کی جگہ دوسری صفت حمیدہ قائم ہو جاتی ہے۔ مثلاً جب صفت ذمیمہ کذب کی فنا ہوتی ہے۔ تو صفت حمیدہ صادق کی اس کی جگہ آ گئی۔ وہ صدیق ہو گیا۔ اب جھوٹ کس طرح بول سکے۔ ایسی ہی صفت ذمیمہ غفلت کی جب فنا ہو جاتی ہے۔ تو صفت حمیدہ آگاہی کی اس کی جگہ قائم ہو جاتی ہے۔ پھر کبھی غفلت کو نہیں آنے دیتی۔ یہ حال کاملوں کا ہے۔ جیسے رشحات میں لکھا ہے۔ کہ حضرت شمس الدین محمدی روحی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ تیس (۳۰) سال ہوئے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ ایک لمحہ غفلت آئے۔ اور کچھ قرار ہو۔ مگر غفلت نہیں آتی۔ پس جس قدر اولیاء کاملیں فنافی اللہ بقاء اللہ ہوتے ہیں۔ وہ سراپا مجسم اخلاق ہو جاتے ہیں۔ اور خلعت تخلقوا باخلاق اللہ سے ان سے حالت صحو میں کبھی کوئی فعل خلاف شرع وقوع میں نہیں آتا۔ حالت سکر میں وہ معذور ہیں۔ کہ اس وقت تجلی کا ظہور ہے۔ اور جس کو انکی حالت سکر اور صحو کی تمیز نہیں۔ وہ بڑا نادان ہے۔

Marfat.com

مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ

کار پاکاں را قیاس از خود مگیر

گرچہ باشد در نوشتن شیر و شیر

اب مناسب معلوم ہوتا ہے کہ کچھ ذکر حضرت بلھے شاہ صاحب قصوریؒ کا لکھا جاوے۔ کہ عند ذکر الاولیاء تنزیل الرحمۃ (دیکھو نفحات صفحہ ۴۳) یعنی بوقت ذکر اولیاء اللہ رحمت نازل ہوتی ہے۔ اور اسی پر اس قانون کو ختم کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

ذکر

حضرت بلھے شاہ صاحب قصوری قدس سرہ

آپ حضرت شاہ عنایت قادری لاہوری قدس سرہ کے بڑے خلیفہ تھے۔ قصور میں سکونت رکھتے تھے۔ بڑے شیخ عابد وزاہد صاحب جذب وسکر عشق ومحبت وجد و سماع تھے۔ خوارق اور کرامت آپ سے بہت ظاہر ہوئے

نقل: صاحب نافع السالکین فرماتے ہیں کہ حضرت قبلہ من شاہ سلیمان چشتی تونسوی قدس سرہ نے فرمایا کہ حضرت قبلۂ عالم مہاروی قدس سرہ نے ایک روز میاں محمد بخشؒ سے فرمایا کہ حضرت بلھے شاہ صاحب قدس سرہ، ملک حاجی ہانس کے پاس آئے۔ جو حضرت بلھے شاہ صاحب کا مرید تھا۔ تو اس کی عرض پر محفل سماع ہوئی۔ اور کافیاں پڑھی گئیں۔ درویشان صاحب ذوق وشوق رقص میں آئے۔ اور ان پر حال اور وجد طاری ہوا۔ دوسرے دن حاجی ہانس نے نقالوں کو بلا کر کہا کہ ویسی ہی نقل کرو۔ جیسے کہ رات کو درویشوں کی حالت تھی۔ اس بات کی خبر حضرت بلھے شاہ صاحب قدس سرہ کو بھی لوگوں نے کی۔ کہ آپ کی حالت کی نقل حاجی ہانس کراتا ہے۔ اس سے آپ بہت رنجیدہ ہوئے اور اس رنجیدگی کے باعث تمام مرد مان متعلقین حاجی ہانس خراب اور خوار ہوئے۔ فقط:

(دیکھو صفحہ ۱۱۔ نافع السالکین مطبوعہ)

راقم کہتا ہے کہ میں نے یہ مقام دیکھا ہے۔ جس کو ''کبیر'' کہتے ہیں۔ اور پاک پتن شریف کے پاس ہے۔ یہ اجڑا ہوا قصبہ ہے۔ لوگوں نے کہا کہ یہ قصبہ

Marfat.com

حضرت بلھے شاہ صاحب کی بددعاء سے ویران ہوا ہے۔ وفات آپ کی ۱۱۷۱ھ مقدس میں ہوئی۔ صاحب خزینۃ الاصفیاء نے تاریخ آپ کی یوں لکھی ہے۔
(دیکھو خزینۃ الاصفیاء صفحہ ۲۰۹)

چو بلھے شاہ شیخ ہر دو عالم
مقام خویش اندر خلد مد زید
رقم کن شیخ اکرام ارتحاش
دگر ہادیٔ اکبر مست توحید

خاتمہ

الحمد للہ کہ ۱۳۰۹ھ میں اس عروس مہ جبین نے مشاطگی خیال سے آراستہ و پیراستہ ہوکر بزم عشاق میں جلوہ فرمایا۔ اور اپنے جمال پری تمثال سے ان کو نیم بسمل کی طرح تڑپایا۔ ھو حق کا شور مچایا۔ اور راقم سے یوں فرمایا کہ اے رہتکی! بس کر۔ کہاں تک خیالی پلاؤ پکائے گا۔ لوگوں کو پلاؤ سے حلوے کا مزہ چکھا کر دیوانہ بنائے گا۔ عاشق مزاجوں کی آتش عشق کا نون سینہ میں بھڑکانے کے لئے دل جلوں کے جلانے کے لئے اتنا ہی کافی اور وافی ہے۔ اگر کوئی دوہرا یا کافی رہ گئی ہے۔ تو اس کی شرح کے لئے بھی یہی کافی ہے۔ سرد مزاجوں کے سامنے کتنی ہی آتش عشق بھڑکاؤ وہ مسکوڑا بھی نہیں لیتے۔ کتنی ہی پتے کی بات کہہ کر ان کی چٹکیاں بھرو۔ گدگدی کرو۔ خبر بھی نہیں ہوتی۔ پس

تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو
تیرا بھی عجب حال ہے۔ خود را فضیحت و دیگراں را نصیحت

Marfat.com

کارکن کار بگداز از گفتار
کاندریں کار کار دار و کار

رباعی جامی

ناکردہ طلسم ہستی خویش خراب
از گنج حقیقت نتواں کشف حجاب
دریاست حقیقت و سراب ست سخن
سیراب نشد کسے دریائے سراب

ایضاً

زساخت دل غبار کثرت رفتن
خوشتر کہ بہرزہ در وحدت سفتن
مغرور سخن مشو کہ توحید خدا
واحد ویدن بودند واحد گفتن

ایضاً

توحید خلاصہ آے مخترعات
باللہ بہ سخن یافتن از ممتنعات
رو نفی وجود کن کہ درخود یابی
چیز یکہ نیابی از نصوص و لمعات

الحمد للہ کہ قانون عشق تمام شد

Marfat.com

اگر چہ حلوائے پنجاب ہے۔ مگر خلوہ خوردن را روئے باید۔

یعنی جو صاحب استعداد کامل رکھتے ہیں۔ ان کے لئے یہ حلوا ہے۔ اور جو ناقص الاستعداد ہیں۔ ان کے حق میں زہر ہے۔ اطلاع شرط ہے۔

والسلام۔ رُہتکی

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

Marfat.com

چل بُلھا! چل اوتھے چلئے، جتھے سارے انھے
نہ کوئی ساڈی ذات پچھانے، نہ کوئی سانوں منّے

بھٹھ نمازاں، چکڑ روزے، کلمے پھر گئی سیاہی
بُھلے شاہ! شوہ اندروں ملیا، بُھلی پھرے لوکائی

عاشق ہویوں رب دا، ہوئی ملامت لاکھ
تینوں ''کافر! کافر'' آکھدے، توں آہو آہو، آکھ

بُلھا! شوہ دا عشق بگھیلا، رَت پِیندا گوشت چردا
کوئی پچھو ''دِلبر کی کردا''؟ ایہہ جو کردا سو کردا

Marfat.com